بسم اللہ الرحمن الرحیم

الیواقیت الغالیۃ

فی تحقیق وتخریج

الأحادیث العالیۃ

احادیث نبویہ کی تحقیق وتخریج اور نادر مباحث علمیہ کا قیمتی مجموعہ

جلداول

افادات امام محقق محدث عصر
فضیلۃ الشیخ حضرت مولانا محمد یونس جونپوری
شیخ الحدیث جامعہ مظاہر علوم سہارنپور (الہند)

ترتیب وتہذیب
محمد ایوب سورتی عفا اللہ عنہ
مدیر مجلس دعوۃ الحق لسٹر (انگلینڈ)

تفصیلات

نام کتاب: الیواقیت الغالیۃ فی تحقیق وتخریج الاحادیث العالیۃ

صاحب افادات: محدث عصر حضرت مولانا محمد یونس جونپوری
شیخ الحدیث جامعہ مظاہر علوم سہارنپور

مرتب: محمد ایوب سورتی

نگرانی طباعت: مولانا عبدالغفار بستوی

ناشر: مجلس دعوۃ الحق (انگلینڈ)

ملنے کے پتے

(۱) کتب خانہ عزیزیہ دہلی

(۲) مکتبہ حجاز دیوبند

(۳) کتب خانہ محمودیہ سہارنپور

(۴) مجلس دعوۃ الحق اون، سورت گجرات

(۵) مجلس دعوۃ الحق لسٹر یو کے

126-128 Earl Howe St
Leicester,LE2 0DG
ENGLAND

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قال اللہ تعالیٰ:

مَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ

وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۝

(القرآن الکریم سورۃ الحشر ۷)

وقال النبیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ:

تَرَكْتُ فِيْكُمْ اَمْرَيْنِ لَنْ تَضِلُّوْا مَا تَمَسَّكْتُمْ بِهِمَا

كِتَابُ اللّٰهِ وَسُنَّةُ نَبِيِّهٖ

(رواہ فی المؤطّا)

بسم اللہ الرحمن الرحیم



(القرآن الکریم)

فہرست عناوین کتاب

صفحہ نمبر

فہرست عناوین کتاب ۵تا۱۴

عرض مرتب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔از محمد ایوب سورتی ۱۵

تذکرۂ صاحبِ کتاب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔از مولانا محمد ناظم ندوی ۲۱

ایک خودنوشت مرقع (سوانح حیات)۔۔۔از حضرۃ الاستاذ مدظلہ ۲۷

رواۃ متواتر کی ابتداء کہاں سے ہوتی ہے؟ ۳۹

تواطؤ علی الکذب کا محال ہونا عقلاً مراد ہے یا عادۃً ؟ ۳۹

تخریج حدیث **دخل رجل علی أھلہ فلما رأی ما بھم من الحاجۃ خرج الی البریّۃ** ۴۲

کیا قبرستان کے مردوں کا چالیس روز تک قبر کا عذاب معاف ہوجاتا ہے؟ ۴۲

فضائل گشت میں گشت کے راستے دوسرے راستے پر فخر کرتے ہیں؟ ۴۲

من تمسّک بسنّتی عند فساد أمتی صحیح ہے یا ضعیف؟ ۴۳

جماعت کے رہبر کی فضیلت ۴۳

تفکّر ساعۃ خیر من عبادۃ ستین سنۃ ۴۳

جہادِ حقیقی کی فضیلت تبلیغی جماعت پر منطبق ہوگی؟ ۴۳

بسم اللہ یا کسی آیت قرآنی کے اعداد نکال کر استعمال کرنے کی حقیقت ۵۰

لکل شیء معدن ومعدن التقوی قلوب العارفین ۵۲

میں ذمی کی طرف سے وکیل ہونگا ۵۲

من عادی لی ولیاً ۵۲

مفتاح الصلاۃ الطھور کی سند میں سفیان سے کون مراد ہے؟ ۵۴

من عادیٰ لی ولیّاً کا حوالہ ۵۸

لکل شیئ معدن الخ یہ کنز العمال میں ہے یا نہیں؟ ۵۸

دو پیسہ کے بدلے سات سو نمازیں قبول نہیں ہوتیں ۵۸

کلمہ گو کی تکفیر نہیں کرنی چاہیے	۵۸
حضور اکرم ﷺ کا سایہ تھا یا نہیں؟	٦۲
حدیث پاک کا پہلا راوی کون ہے؟	۷۰
کیا آپ ﷺ یا دیگر اولیاء کرام بیک وقت بہت سے مقامات پر جاسکتے ہیں؟	۷۳
ایک حدیث سے حضور ﷺ کے عدم حیات پر استدلال اور اسکا جواب	۷۵
عورت تورّک کرے یا افتراش؟	۷۹
کیا ایک قربانی تمام گھر والوں بلکہ ساری امت کی طرف سے کافی ہوسکتی ہے؟	۹٦
بھینس کی قربانی	۹۹
قربانی کے کتنے دن ہیں؟	۱۰۱
شعبِ اربع کی تشریح	۱۰۸
أقیمت الصلوٰۃ والنبی ﷺ ینادی رجلاً میں رجل کی تعیین؟	۱۰۹
شقِّ صدر نبوی ﷺ کتنی مرتبہ ہوا؟	۱۰۹
صوفیاء کا روایاتِ حدیث میں اعتبار کیوں نہیں؟	۱۰۹
شق صدر کتنی مرتبہ ہوا اس کی توضیح وتفصیل	۱۱۲
کتبِ ترغیب وترہیب کون کون سی ہیں؟	۱۳۰
برکۃ الوحی کا مصداق کیا ہے؟	۱۳۲
ایک حدیث میں تقسیمِ صدقات کی جگہ کی تعیین	۱۳۳
نبی کریم ﷺ کا بال مونڈنا	۱۳۴
قرأتِ قرآن کا ثواب میت کو پہونچتا ہے یا نہیں؟	۱۳۵
احادیث شفاء کا مقام اور اس کے مصنف کا طبقہ	۱۴۱
حدیث **ترکت فیکم أمرین لن تضلّوا ما تمسّکتم الخ** کی تحقیق	۱۴۵
دعائے اذان میں **الدرجۃ الرفیعۃ** اور **وارزقنا شفاعتہ یوم القیامۃ** کا ثبوت	۱۵۲
حدیث **خیارکم الذین اذا ذکر اللہ الخ** کی تخریج	۱۵۲

حدیث **نهیٰ عن قتل النساء الخ** میں سند کی تحقیق	۱۵۲
فتنۂ انکارِ حدیث	۱۵۷
فرشتوں کا طالب علم کے قدموں کے نیچے پر بچھانے کا مطلب	۱۵۹
کیا وضو سے گناہ صغیرہ ہی معاف ہوتے ہیں؟	۱۵۹
خطبۂ عیدین کا تکبیر سے شروع فرمانا	۱۵۹
حدیث **کان اذا تغدّیٰ لم یتعشّ الخ** کیا ثابت ہے؟	۱۶۳
اذا تغدّی تمدّی الخ کیا یہ حدیث ہے؟	۱۶۳
محدثین کے یہاں رکاکت کا مفہوم کیا ہے؟	۱۶۴
ہاتھوں اور پیروں کی تقبیل کا حکم کیا ہے؟	۱۶۵
نصاب کے بقدر بکریوں کی زکوٰۃ میں ائمہ ثلاثہ کا مسلک	۱۶۷
کیا ذمی دارالحرب میں تجارت کے لئے جاسکتا ہے ؟	۱۶۸
باب الاقتداء بسنن رسول الله ﷺ اور **باب الاقتداء بافعال النبی ﷺ**	
دونوں باب میں کیا کیا فرق ہے؟	۱۶۹
محیّصة بن مسعود کا سلسلۂ نسب کیا ہے؟	۱۷۰
'انها خلقت من ضلع آدم' میں آدم کا اضافہ کہاں ہے؟	۱۷۱
کیا امام ابوحنیفہؒ مرجئہ میں سے ہیں؟	۱۷۲
وفاۃ النبی ﷺ کی ایک طویل حدیث کی تخریج	۱۷۷
وفاۃ النبی ﷺ کی ایک دوسری حدیث کی تخریج	۱۸۱
لعن النائحة والمستمعة الخ ابن ابی حاتم میں کہاں ہے؟	۱۸۳
ان النوائح یجعلن یوم القیامة الخ کہاں ہے؟	۱۸۳
لیس منا من حلق الخ من خرّجه؟	۱۸۴
ایّما رجل تزوج امرأة فنویٰ الخ کہاں ہے؟	۱۸۴
من تمسّک بسنّتی الخ بیہقی میں کہاں ہے؟	۱۸۵

احفظ الله یحفظک الخ نوادرالاصول میں کہاں ہے؟	۱۸۶
خطّ لنا رسول الله ﷺ خطّاً الخ مستدرک حاکم میں کہاں ہے؟	۱۸۶
ذکرت الطیرة الخ ابن ابی شیبہ میں کہاں ہے؟	۱۸۷
اعتکاف کی ابتدا کس سال ہوئی؟	۱۸۷
من امّ قوماً وهم له کارهون پر لعنت کہاں ہے؟	۱۸۸
نزول عیسیٰؑ کس نماز میں ہوگا؟	۱۸۸
رکوع کے بعد **'حتّی استقرّ کل عضو موضعه'** کا لفظ کہاں ہے؟	۱۹۲
ما رأیت منه ولا رأی منّی روایت کہاں ہے؟	۱۹۳
کیا ایک بلی کے بدلے میں مومن کو عذاب دیا جاسکتا ہے؟	۱۹۴
سیّد القوم خادمهم کی تحقیق	۱۹۶
الجمعة واجبة علیٰ کلّ قریة کی تخریج	۱۹۶
الجمعة واجبة علیٰ کلّ محتلم کی تخریج	۱۹۶
چند علمی باتوں کی تحقیق	۱۹۹
النکاح من سنّتی، فمن رغب عن سنّتی دونوں جملے ایک جگہ ملتے ہیں یا نہیں؟	۲۰۲
جو شخص کسی مالدار کی طرف جھکے، کہاں ہے؟	۲۰۳
روایت میں **'کل ضلالة فی النار'** کا اضافہ کہاں ہے؟	۲۰۳
حدیث **من عزّی مصاباً** میں **فله مثل أجره** سے کیا مراد ہے؟	۲۰۳
مخدع اور بیت میں کیا فرق ہے؟	۲۰۳
پردہ کی مشروعیت کس سن میں ہوئی؟	۲۰۵
یوم عاشوراء کی فرضیت	۲۰۶
حدیث التوسعة علی العیال اور استحباب صوم عاشوراء میں بظاہر تعارض ہے	۲۰۷
بسم الله الذی لا یضرّ الخ پڑھ کر زہر کا کھالینا	۲۰۸
'استحبّ کونهما' تثنیہ کی ضمیر ہے یا واحد کی؟	۲۰۹

کیالوگوں کوقیامت کے دن ان کی ماؤں کے ساتھ پکارا جائیگا؟	۲۰۹
کتاب 'امام ابوحنیفہ اور علم حدیث' معتبر ہے یانہیں؟	۲۱۰
مقدمۂ مسلم کے متعلق چند قابل تحقیق امور	۲۱۲
سورۂ فاتحہ کلام اللہ کا جز ہے یانہیں؟	۲۲۰
کلام اللہ اور کلام من اللہ کا فرق	۲۲۰
ان الروح اذا قبض تبعه البصر	۲۲۱
ان الأرواح تتلاقیٰ فی المنام	۲۲۱
ان الله قبض أرواحكم	۲۲۱
ثم سوّاه ونفخ فيه من روحه	۲۲۱
لفظ افطار کی توضیح وتحقیق	۲۲۴
'المؤمن القوی خير الخ' کہاں ہے؟	۲۲۹
کن حدیث بوہریرہ راشار الخ	۲۲۹
'كان إذا ادّهن صبّ الخ' من أخرجه؟	۲۲۹
داڑھی پر تیل لگانے سے پہلے آنکھوں پر لگانا	۲۳۰
'تداووا بالصدقة' کہاں ہے؟	۲۳۰
خطبة الإستسقاء يا خطبة الجمعه ؟	۲۳۱
اللہ کے راستہ میں ایک روپیہ کا ثواب اور سبحان اللہ پڑھنے کا اجر	۲۳۲
ہاتھ گھڑی کا استعمال	۲۳۲
نمازوں کے بعد اجتماعی دعاء	۲۳۲
نماز ظہر ایک مثل یا دو مثل؟	۲۳۶
عدمِ تعدیل ارکان سے سجدہ سہو کا مسئلہ	۲۳۶
الحرب خدعة کا مفہوم	۲۳۸
ہدہد کا حکم	۲۴۰

حدیث ہرقل کے ایک جز کی تحقیق	۲۴۱
من اتّبع الصید فقد غفل کہاں ہے؟	۲۴۱
لا تدخلوا. . . الا ان تکونوا باکین کہاں ہے؟	۲۴۱
تحیۃ الوضوء نام صحیح ہے؟	۲۴۲
فرض کفایہ کی کیا تعریف ہے؟	۲۴۲
مولانا ظہور الحقؒ کے مختصر حالات	۲۴۲
مولانا عبداللطیفؒ کی تاریخ وفات	۲۴۲
ضعیف حدیث کو لفظ قال اور روی سے بیان کرنا	۲۴۶
حضرت شیخ کی ایک عبارت کی تحقیق	۲۴۹
عیدالفطر عیدالاضحیٰ وایام تشریق کے روزوں کی حرمت مع اختلاف ائمہ	۲۴۹
آدمی ساٹھ برس تک نماز پڑھتا ہے الخ اس حدیث کی تحقیق	۲۶۱
پیر دابنے اور پنکھا جھیلنے کی تحقیق	۲۶۲
لا تتمارضوا فتمرضوا الخ کہاں ہے؟	۲۶۲
بئر اریس میں انگوٹھی کا گرنا	۲۶۵
حضرات صحابہؓ کی تعداد کتنی تھی؟	۲۶۵
دو صحابی کا گریبان بند نہ کرنا	۲۶۶
سبق المهاجرون الناس بأربعين خريفا الخ کی تحقیق	۲۶۶
وبالأسماء الثمانية المكتوبة الخ کہاں ہے اور کیا مراد ہے؟	۲۶۸
دردِ سر کے موقع پر حضرت اسماءؓ کا عمل مبارک	۲۶۸
علامہ قسطلانی کی تاریخ پیدائش	۲۶۹
پیارے حبیب ﷺ کے وسیلہ سے حضرت آدمؑ کا دعا کرنا	۲۶۹
حضور اکرم ﷺ کی معراج جسمانی یا منامی؟	۲۷۱
من استطاع منكم ...الّا وعليه امام الخ	۲۷۳

من خرج من بیته مجاهدا الخ	۲۷۳
صلوا خمسکم وصوموا شهرکم الخ	۲۷۳
من أحیا سنتی بعد ما أمیت الخ	۲۷۳
مقدمۂ مسلم اور مقدمۂ حدیث سے متعلق چند سوالات	۲۷۵
'هل ترون قبلتی ههنا الخ' کہاں ہے؟	۲۷۹
بلال حجری ہے یا ہلال حجری؟	۲۸۱
ابن حاتم یا ابن ابی حاتم؟	۲۸۱
دونوں ہاتھوں سے مصافحہ کرنا	۲۸۲
می سے دیلمی مراد ہے؟	۲۸۳
الا! رحیٰ الاسلام دائرة الخ کی تحقیق	۲۸۴
العلماء ورثة الانبیاء کی صحت کس درجہ کی ہے؟	۲۸۶
روایت میں خلید صحیح ہے یا خالد؟	۲۸۶
ہدایہ یا بدایہ؟	۲۸۶
اعمل لدنیاک کأنک تعیش الخ	۲۸۷
النظافة من الایمان	۲۸۷
الدنیا جیفة وطالبها کلاب کہاں ہے؟	۲۸۷
ثم رجع ومحجن فی مجلسه الخ کی تخریج	۲۹۰
حضور ﷺ کا پورے موئے مبارک کا منڈوانا	۲۹۱
شب برأت میں جنت البقیع میں جانا	۲۹۱
عبداللہ بن جابر صحابی کتنے ہیں؟	۲۹۱
کیا حضور اقدس ﷺ کے حضور اعمال کی پیشی ہوتی ہے؟	۲۹۵
لو کنت متخذاً خلیلًا الخ اور حدیث مواخاۃ علیؓ کیسی ہے؟	۲۹۶
امام کو لقمہ دینے سے متعلق کوئی کتاب؟	۲۹۷

کل عشبة نابتة فی الارض الخ حدیث ہے؟	۲۹۷
حضرت ابو ہریرہؓ کے کوہِ طور پر جانے کی حدیث	۲۹۷
انّ لنفسک علیک حقًّا کہاں ہے؟	۲۹۷
انتخاب الترغیب پر تبصرہ	۲۹۷
حدیث **لما عقر ثمود الناقة الخ** مسلم شریف میں ہے یا نہیں؟	۲۹۹
حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ	۳۰۰
افتح الطعام بالملح واختم به کی تحقیق	۳۰۱
یا محمد! قم فادخل الجنة الخ کی تحقیق	۳۰۱
حکایات صحابہ سے متعلق چند دریافت طلب امور	۳۰۳
ظہر کے قبل کی چار رکعتوں کا ثواب	۳۰۴
یا علی لاتنم قبل ان تأتی بخمسة اشیاء الخ کی تخریج	۳۰۴
ثلٰثة لا تردّ دعوتهم الخ کے لفظ کی تحقیق	۳۰۶
مشکوۃ المصابیح کی ایک روایت کی تحقیق	۳۰۷
کیا تنعیم سے عمرہ کرنا بدعت ہے؟	۳۰۸
شہادت اور روایت کا فرق	۳۱۳
الدین النصیحة الخ کی تشریح	۳۱۴
کرجل الجراد کی تشبیہ کا تعلق	۳۱۵
حدیث **لا تغزی بعدالیوم** کا مطلب	۳۱۷
الناس شرکاء فی الثلث الخ کی تخریج	۳۱۷
کل بنی آدم خطّاء میں آدم اور انبیاء داخل ہیں؟	۳۱۷
فاذا سمع تعلیم الصبیان الخ کی تخریج	۳۱۸
یا ابا ذر لان تغدو فتعلم آیة الخ کی تخریج	۳۱۸
طلب العلم فریضة الخ میں مسلمۃ کہاں ہے؟	۳۱۸

احادیث النهی عن الخصاء والترغیب فی تزویج الولود	۳۲۰
حدیث **التوسعة علی العیال** کی تحقیق وتخریج	۳۲۶
متقدمین ومتاخرین کے درمیان حد فاصل کیا ہے؟	۳۲۶
سلف وخلف کا مفہوم	۳۲۶
درود شریف کی فضیلت اور سوتے وقت **ایک ہدایت**	۳۳۷
طحاوی کی **ایک** سند، حبان کا عطف کس پر ہے؟	۳۴۱
حضور اکرم ﷺ کا کفن مبارک؟	۳۴۱
گاؤں میں جمعہ؟	۳۴۱
وتر کی تعریف ثبوت اور عدد کیا ہے؟	۳۴۱
پیشاب کرنے کے بعد پانی یا ڈھیلا؟	۳۴۱
رکوبه أجر وعاریته أجر کی تحقیق	۳۴۴
کیا مصوّر کو نبی کے قاتل کے برابر عذاب ہوگا؟	۳۴۵
ان الله نظیف یحبّ النظافة کی تخریج ومقام	۳۴۶
کیا **النظافة من الایمان** حدیث ہے؟	۳۴۶
کیا امام دعا میں اپنے ساتھ مقتدیوں کو شریک کرے؟	۳۴۶
حدیث میں ۴۰ خصلتیں کونسی ہیں؟	۳۴۹
ایمان کے ۷۰ شعبے کیا کیا ہیں؟	۳۴۹
مشکوۃ میں **سمعت أُبیّاً** ہے یا **سمعت أبِی؟**	۳۵۸
کتاب الفتن میں **باب الفضائل و المناقب** وغیرہ کیسے؟	۳۵۸
اذا سمعتم بجبلٍ زال.. اور تحسینِ اخلاق کے امر میں تعارض	۳۵۸
سند مشکوٰۃ شریف	۳۵۸
حضور ﷺ کا ام حرامؓ کے یہاں آرام کیوں؟	۳۶۶
عمامہ پہن کر نماز پڑھانے کا ثواب	۳۶۷

سفر ہجرت کی ابتداء دو پہر کو ہوئی یا رات کو	۳۷۴
آپریشن کے مریض نماز کس طرح پڑھیں؟	۳۸۰
کیا کوئی جن صحابی یا تابعی جسم انسانی میں حلول کر سکتا ہے؟	۳۸۰
اگر اس کو کسی انسان نے دیکھا اس کی فضیلت کیا ہے؟	۳۸۰
سألتنی زماماً من نار الخ کی تخریج	۳۸۵
عربی زبان کی فضیلت پر کچھ روایتیں	۳۸۷
یبعث اللہ الایّام یوم القیٰمۃ کھیئتھا الخ کی تخریج	۳۹۵
ینزل البلاء فیعالجہ الدعاء کی تخریج	۳۹۵
خلق اللہ العقل فقال لہ الخ کی تخریج	۳۹۵
ان اللہ تعالیٰ یتجلّٰی بصور کثیرۃ الخ کی تخریج	۳۹۵
یؤتیٰ بالدنیا فی صورۃ عجوز شمطاء کی تخریج	۳۹۵
وعلی مصر عقبۃؓ وعلی الجماعۃ فضالۃؓ کا کیا مطلب؟	۴۰۱
مقصوصۃ، مضرّجۃ یا مخضوبۃ کیا صحیح ہے؟	۴۰۱
احسان کی جامع اور عمدہ شرح	۴۰۴
ارشاد اللبیب الی حدیث التحبیب	۴۰۷

دونوں جلدوں کی مرتب فہرست کتاب کے آخر میں ملاحظہ فرمائیں

عرض مرتب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمدلله و کفیٰ وسلام علی عباده الذین اصطفیٰ أما بعد!

حق تعالیٰ شانہ نے اپنے آخری دین متین کو حضرت خاتم النبیین محمد رسول اللہ ﷺ پر نازل فرما کر اسے قیامت تک کیلئے محفوظ فرمانے اور اعداء دین کی شر پسندیوں سے بچانے کا خود ہی وعدہ اور انتظام فرما دیا ہے۔ چنانچہ ارشاد ربانی ہے انّا نحن نزّلنا الذّکر و انّا له لحافظون ○ اور ارشاد ہے یریدون لیطفؤا نور الله بافواههم و الله متمّ نوره ولو کره الکفرون ○ اور اسی دین متین کی تشریح احادیث رسول اللہ ﷺ ہیں جن کے بارے میں فرمایا گیا کہ ثمّ انّ علینا بَیانه ○

البتہ اسباب ظاہری کے طور پر اس کی حفاظت کا کام اپنے بندوں سے لیا۔ چنانچہ قرآن کریم کے الفاظ و حروف اور اس کو صحت سے پڑھنے کا التزام حفاظ و قراءِ کرام سے کروایا اور اس کے معانی کی حفاظت مفسرینِ کرام سے اور احادیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت محدثینِ عظام سے اور دونوں سے معانی و احکام کا استنباط فقہاء کرام سے کروایا۔

اس وقت چونکہ موضوع بحث علم حدیث شریف ہے اس لئے اسی سے متعلق سلسلہ تحریر کو آگے بڑھایا جاتا ہے کہ حفاظت کے دو طریقے ہیں: ایک حفظ، دوسرا کتابت۔

چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے شاگردوں کی پہلی جماعت یعنی صحابہ کرام اور پھر درجہ بدرجہ خیر القرون کے حافظے اس قدر قوی تھے کہ جو سنتے من وعن وہ محفوظ ہو جاتا، اور پھر انھیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس قدر محبت و عشق تھا کہ آپ کی ہر ہر ادا اور کیفیت بیان تک کو محفوظ رکھا، اور پھر اپنے تک ہی محدود نہیں رکھا بلکہ اگلوں تک پہنچا بھی دیا۔ اور اس کے لئے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم اور ترغیب دی۔ چنانچہ ارشاد ہے ألا فلیبلّغ الشاهدُ منکم الغائبَ اور ارشاد نبوی ہے نضّر الله امرأ سمع مقالتی فحفظها ووعاها وادّاها کما سمع فربَّ مبلَّغ اوعیٰ له من سامع۔ پھر جب حفظ میں کمزوری آنی شروع ہوئی تو اسکی جگہ کتابت نے لے لی اور کتابتِ حدیث بھی خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دور سے ثابت ہے اور آج تک اس کا تعامل جاری ہے۔

اب ممکن تھا کہ کوئی فضائل کی تحصیل کے شوق میں ہر رطب و یابس روایت کرنا شروع کر دے جس سے خلل فی الحدیث واقع ہو تو اس کا سدّ باب یاایها الذین آمنوا ان جاء کم فاسق بنباء فتبینوا ،الآیۃ کے عام حکم سے اور مَن کذب علی متعمدا فلیتبوأ مقعده من النار کے خاص حکم سے کر دیا، جس کی وجہ سے ائمہ جرح و تعدیل اور محدثینِ کرام نے وضع حدیث کے تمام راستوں کو بند کر دیا اور چودہ صدی گذرنے کے باوجود آج بھی صحیح و ضعیف اور موضوع و مکذوب روایات میں امتیاز سہل ہو گیا۔

الحمد للہ! ہر صدی میں ایسے اصحاب الجرح والتعدیل اور محقق علماء محدثین موجود رہے اور نہ صرف عرب اور اسلامی ممالک میں بلکہ عجم و ہند میں بھی ایسے علماء کثیر تعداد میں رہے ہیں جنھوں نے محنت کر کے دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی جدا کر دیا۔

ماضی قریب میں فخر المحدثین حضرت علامہ انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے بعض تلامذہ اسی طرح حضرت مولانا حبیب الرحمٰن اعظمی رحمۃ اللہ علیہ اسی شان کے محدثین تھے۔

الحمدللہ! عہد حاضر میں استاذنا المحترم حضرت اقدس مولانا الشیخ محمد یونس صاحب جونپوری ادام اللہ فیوضہم، شیخ الحدیث جامعہ مظاہر علوم سہارنپور اسی سلسلہ کی اہم کڑی ہیں۔ آپ مظاہر علوم میں ۴۰ ربرس سے مسند حدیث کی زینت اور اس بزم کا چراغ روشن کئے ہوئے ہیں۔ اللہ تعالی نے آپ کو علمی وعملی کمالات سے حظ وافر نصیب فرمایا ہے۔ علم حدیث شریف آپ کا اوڑھنا بچھونا ہے۔ ابتداء ہی سے کتابوں پر محنت وجدوجہد، وسعت مطالعہ، یکسوئی اور ورع وتقوی سے متصف ہیں۔ آپ شوال ۱۳۷۷ھ میں مظاہر علوم میں داخل ہوئے اور جلالین شریف، ہدایہ اولین وغیرہ سے اپنی تعلیم کا آغاز فرمایا۔ شعبان ۱۳۸۰ھ میں دورۂ حدیث سے فارغ ہوئے پھر ایک سال فنون پڑھا۔ آپ کے مختصر حالات تاریخ مظاہر جلد ۲ میں اس طرح مرقوم ہیں:

''فراغت شعبان ۱۳۸۰ھ میں ہوئی، آپ نے بخاری شریف حضرت شیخ مدظلہ، ابوداؤد شریف حضرت مولانا اسعد اللہ صاحبؒ، مسلم شریف حضرت مولانا منظور احمد خاں صاحبؒ، ترمذی ونسائی حضرت مولانا امیر احمد صاحبؒ سے پڑھیں۔ ان اکیاون فارغین میں مولانا محمد یونس صاحب نے اول نمبرات سے کامیابی حاصل کر کے مندرجہ ذیل کتب انعام میں حاصل کیں: درر فرائد، بیان القرآن جلد اول، معارف الحدیث جلد اول، تذکرۃ الرشید جلد اول، ماہتاب عرب، حسن النظر، فضائل مسواک، الذکر المیمون''

شوال ۱۳۸۱ھ سے آپ مدرس ہوئے۔ دو تین سال متوسطات پڑھائیں پھر اللہ تعالی نے آپ کی ترقی کے غیبی اسباب اس طرح پیدا فرمادیے کہ چند سالوں میں ہی تدریس کی اوج ثریا پر پہنچ گئے اور بخاری شریف پڑھا کر شیخ الحدیث مقرر ہوئے۔ آپ کی علمی عظمتوں اور تدریسی صلاحیتوں کا تمام اکابر نے اعتراف کیا، بالخصوص آپ کے شیخ ومرشد محدث وقت حضرت مولانا محمد زکریا کاندھلویؒ ثم المہاجر المدنی نے آپ کو اس طرح حدیث شریف کے لئے تیار کیا جس طرح حضرت شیخ کو ان کے شیخ واستاذ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب مہاجر مدنیؒ نے تیار کیا تھا۔ چنانچہ حضرت شیخ کے نام حدیث شریف سے متعلق بہت سے سوالات آتے رہتے تھے جو آپ حضرت استاذ محترم کے پاس بھیج دیتے اور استاذ محترم اس کے تفصیلی جوابات مدلل تحریر فرما کر واپس کرتے جبکہ ابھی آپ نے حدیث شریف کی کوئی کتاب پڑھائی بھی نہیں تھی۔ چنانچہ ۱۳۸۳ھ اور ۱۳۸۴ھ کے لکھے ہوئے جوابات اسی مجموعہ میں شامل ہیں جن سے استاذ محترم کی مناسبت فی الحدیث کا پورا پورا ثبوت ملتا ہے۔

اور وہ غیبی انتظام من جانب اللہ یہ ہوا کہ جن چار اساتذۂ حدیث کے سامنے آپ نے زانوئے تلمذ طے کیا اور دورہ کی تمام کتابیں پڑھیں، اگلے چار برسوں میں دو اساتذہ جوارِ رحمت میں پہنچ گئے یعنی حضرت مولانا امیر احمد صاحبؒ اور حضرت مولانا منظور احمد خاں صاحبؒ اور دو اساتذہ حدیث یعنی حضرت اقدس شیخ زکریاؒ اور حضرت مولانا اسعد اللہ صاحبؒ نے اپنی ضعف وپیری اور عوارض وامراض کی وجہ سے ترک تدریس کا فیصلہ کرلیا، بالخصوص حضرت شیخ زکریاؒ کے قلب میں تو عشق ومحبت کی وہ چنگاریاں دبی ہوئی تھیں جو ان کو حرمین شریفین کے قیام وہجرت پر مجبور کر رہی تھیں، مگر ان دونوں حضرات کے سامنے اپنے اکابر وبزرگوں کے لگائے ہوئے پودے ''مظاہر علوم'' کی فکر تھی کہ کہیں مخالف وتند وتیز ہواؤں میں اس پر کوئی آنچ نہ آئے اس لئے اس کی آبیاری اور بنیاد کے مضبوط رکھنے کی فکر اپنے قیام سے زیادہ تھی۔

میں تو یہی سمجھتا ہوں، حالات وسیاست کا مجھے پتہ نہیں اور میں اس سے قلباً وقالباً ہزاروں میل دور ہوں (والحمد للہ علیٰ ذالک) کہ کسی بھی ادارہ میں دو منصب اہم ہوتے ہیں ایک ناظم ومہتمم کا اور ایک شیخ الحدیث کا۔ اور ان دونوں اکابر کے سامنے یہ منصب اس کے اہل کو سپرد کرنے کی فکر اور اس کا داعیہ تھا اس لئے کہ وعید نبوی بھی ہے اذا وسد الأمر الی غیر أهله فانتظر الساعة ۔ چنانچہ مناسبت واستعداد کو دیکھ کر حضرت اقدس مولانا مفتی مظفر حسین صاحبؒ کو ناظم مدرسہ کیلئے اور حضرت الاستاذ مولانا محمد یونس صاحب کو شیخ الحدیث کے لئے رفتہ رفتہ تیار کیا اور جب جس کا موقع آیا اس کو وہ منصب سپرد کر دیا گیا۔

بہر حال ہمارے استاذ محترم کو تدریس کے چوتھے سال ہی حضرت مولانا امیر احمد صاحبؒ کے انتقال کی وجہ سے مشکوۃ شریف سپرد کی گئی جس کو آپ نے بہت ہی محنت وتحقیق سے پڑھایا۔ پانچویں سال بھی مشکوۃ شریف وغیرہ کتب زیر درس رہیں، چھٹے سال ابوداؤد شریف، ساتویں سال مسلم شریف پڑھائی۔ جب ان تمام کتابوں کو پوری نیک نامی وعلمی شہرت کے ساتھ پڑھانے میں آپ کامیاب ہو گئے تو اس وقت اکابر کے مشورہ سے حضرت اقدس شیخ نے بخاری شریف حضرت الاستاذ کو سپرد کر دی۔

احقر اُن دنوں مظاہر علوم میں متوسطات کا طالبعلم تھا اور اس وقت کا شاہد عینی ہے کہ جب بخاری شریف کے منتقل ہونے کا اعلان کیا گیا تو مظاہر کے دورہ کے طلبہ کی ظاہری نگاہوں میں عجیب کرب واضطراب کی لہریں دوڑ رہی تھیں، اور گو حضرت الاستاذ کتنے ہی قابل ولائق ہوں مگر حضرت شیخ کی عمر اور بزرگی اور نسبت مشائخ اور کثرت تصنیف وتالیف کی وجہ سے جو مقام تھا اُن کی عظیم مسند کو پُر کرنا مشکل ہی معلوم ہو رہا تھا۔ بالخصوص اس سال دورہ میں بعض وہ طلبہ بھی تھے جو حضرت شیخ کے خدام ومخصوصین میں تھے اور انھیں اس کا بڑا قلق تھا کہ ہمیں حضرت شیخ سے پڑھنا نصیب نہیں ہو رہا ہے اور وہ اپنے قلق کا اظہار مختلف طریقوں سے کر رہے تھے۔ غالباً انتظامیہ تک بھی یہ اضطراب پہنچ گیا۔ اس صورت حال سے نمٹنے کے لئے حضرت شیخ نے ایک اعلان لگوایا جو خود میں نے دار الطلبہ قدیم کے لوح الاعلانات پر پڑھا جس کا مختصر مضمون یہ تھا کہ:

''میں نے اپنے ضعف اور اعذار کی بنا پر بخاری شریف پڑھانا موقوف کیا ہے اور مولانا یونس صاحب کو منتقل کیا ہے، جسے پڑھنا منظور ہو وہ پڑھے ورنہ کسی اور مدرسہ میں داخلہ لے لے۔''

اس اعلان کے بعد فضا میں کچھ سکون پیدا ہوا اور تعلیم جاری ہو گئی۔

خوب یاد ہے کہ جیسے ہی حضرت الاستاذ نے بخاری شریف شروع کی اور وہ شور وانتشار موقوف ہوا اور پھر پورے اطمینان اور آب وتاب کے ساتھ درس جاری ہو گیا۔

اب یہ بات حقیقتِ واقعہ بن کر سامنے آرہی ہے کہ حضرت شیخ کی دور بین نگاہیں کیا دیکھ رہی تھیں کہ الحمد للہ چالیس برس سے درس بخاری کا فیض مسلسل جاری ہے۔ اور حدیث پاک میں اس قدر انہماک واشتغال ہے کہ حدیث کی پہچان بن گئے اور مظاہر علوم کی جو شان تھی کہ حدیث شریف کی شرح وتحقیق میں ابتداء ہی سے اس کا بڑا حصہ رہا ہے اس کو درس وتدریس کے ذریعہ پورا فرما دیا، اور خود مظاہر علوم ان آخری ادوار میں حضرت الاستاذ کی برکت سے ہی دورہ حدیث کے پڑھنے پڑھانے کا مرجع ومرکز بنا ہوا ہے۔ ہر سال کتنے طلبہ اپنے اپنے اداروں سے فارغ ہو کر بخاری شریف پڑھنے کے لئے مظاہر علوم آتے ہیں۔

الشئی بالشئی یذکر، بات پر بات یاد آ گئی کہ ہمارے سلف صالحین نے ہمیشہ افراد سازی اور رجال سازی کی فکر

زیادہ کی۔ حضرت اقدس مولانا خلیل احمد صاحبؒ نے حضرت شیخ میں جوہرِ قابل دیکھ کر جوانی میں ہی شیخ الحدیث کا لقب دے کر بٹھایا اور پھر دنیا نے دیکھا کہ شیخ الحدیث واقعۃً شیخ الحدیث ہی ہے وہی کام حضرت شیخ نے اپنے پرائے کا خیال کئے بغیر حضرت الاستاذ کو جوہر قابل پا کر اپنی مسند پر بٹھایا اور دنیائے علم اس کا فائدہ دیکھ رہی ہے۔

دارالعلوم دیوبند میں شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن صاحبؒ، حضرت مولانا حبیب الرحمٰن عثمانی صاحبؒ، حضرت علامہ انور شاہ کشمیریؒ میں یہ وصف تھا کہ افراد سازی کرتے تھے۔ چنانچہ وہ تو چلے گئے لیکن اپنے بعد پچاس سال تک کا انتظام کر گئے۔

کسی شخصیت کی یہ بڑی خوبی ہے کہ اس کے بعد بھی کام یتیم نہ ہو اور نائبین کے ذریعہ سلسلہ جاری رہے مگر افسوس ہے کہ وہ وصف مردم سازی اب ختم ہوتا جا رہا ہے۔ آدمی جا رہا ہے اور مسند بھی خالی ہوتی جا رہی ہے اور یہ کہنا پڑ رہا ہے۔

اب انھیں ڈھونڈ چراغ رخ زیبا لے کر

حال یہ ہو گیا ہے کہ مدارس کا جال ہے مگر رجال نہیں، جامعات ہیں مگر جامع شخصیات نہیں، مدرسین ہیں مگر صدر مدرس نہیں، مہتمم ہیں مگر ادارہ کا فکر و ہم نہیں اور اس کا غم بھی نہیں۔

اللہ تعالیٰ اپنا فضل خاص فرمائیں اور مدارس سے ایسے افراد پیدا فرمائیں جو امت کی صحیح قیادت کر سکیں اور ایسے علماء تیار ہوں جو علم حقیقی حاصل کر کے امت کو روشناس کرائیں۔

کیا بتاؤں صریر قلم رکتا نہیں اور یہ سب کچھ استاذ محترم کو بتائے بغیر لکھ رہا ہوں، ڈر لگتا ہے کہ ناراض نہ ہو جائیں پر مجبور ہوں کہ ہمارے حضرت الاستاذ کے درس حدیث میں ہم نے وہ پایا جو اور جگہوں پر نظر نہیں آیا۔ بخاری شریف کا درس کیا ہوتا ہے! ایک بحر ناپیدا کنار۔ محدثین و متکلمین، مفسرین و شراح کرام اور ائمہ جرح و تعدیل کے ناموں کی ایک فہرست ذہن نارسا میں نقش ہوتی جاتی ہے۔ رواۃ پر سیر حاصل کلام اور کوئی قول بغیر حوالہ کے نہیں اور کوئی حوالہ نقل در نقل نہیں بلکہ اصل تک پہنچنے کی کامیاب کوشش ہوتی تھی۔ شرح حدیث، اقوالِ ائمہ، دلائلِ طرفین اور ان میں موازنہ، وجہِ ترجیح وغیرہ سب کچھ ہی بیان ہوتا گویا فتح الباری و عینی، قسطلانی و کرمانی سب ہی کا خلاصہ اور لبِّ لباب ہمارے سامنے ہوتا۔ اس طرز تدریس کا فائدہ یہ ہوا کہ پڑھنے والوں میں بھی ذوق تحقیق پیدا ہوا، لکھنے پڑھنے کا ایک ڈھنگ آ گیا اس وقت بے شمار مدارس عربیہ میں شیخ الحدیث اور اساتذۂ حدیث حضرت الاستاذ ہی کے شاگرد یا شاگردوں کے شاگرد ہیں جو پورے شرح و بسط اور اطمینان و وثوق کے ساتھ حدیث و علومِ حدیث کے نکات بیان کر رہے ہیں۔

اللہ تعالیٰ حضرت کے وجود مسعود کو خیر و برکت اور حدیث کی نشر و اشاعت کا ذریعہ بنائے اور آپ کے فیوض علمیہ اور عملیہ کو قبول و عالمگیر بنا دے۔ آمین

یہ مجموعہ مکاتیب علمیہ بنام ''**الیواقیت الغالیۃ فی تحقیق وتخریج الاحادیث العالیۃ**'' حضرت الاستاذ کے ان قیمتی و نادر علمی و حدیثی مضامین و علوم کا خزانہ ہے جس کی ترتیب و تہذیب اور نشر و اشاعت کی سعادت اس حقیر کے حصہ میں آ رہی ہے۔

اس کا بہت افسوس ہے کہ یہ خزینہ بہت دیر سے منظر عام پر آ رہا ہے۔ راقم الحروف کو اپنی زمانہ طالبعلمی سے اس کا علم تھا خود استاذ محترم نے بعض جوابات کو اپنی کاپی میں نقل کرنے کا حکم فرمایا تھا۔

یہ وہ کنز مکنون تھا جس کو بہت پہلے منظر عام پر آنا چاہئے تھے مگر حضرت کی طبیعت پر انکسار وتواضع کا غلبہ اور شہرت پسندی سے تنفر نے اب تک اس کو چھپائے رکھا۔

جب گذشتہ سال مارچ ۲۰۰۷ء میں بندہ حضرت الاستاذ کی خدمت میں سہارنپور حاضر ہوا تب پتہ چلا کہ اس مجموعۂ علمیہ کی کتابت ہوچکی ہے۔ اور اس کی ذمہ داری محترم مولانا محمد ناظم ندوی صاحب مہتمم وبانی المعہد الاسلامی مانک مئو سہارنپور نے لی ہے۔ اور عموم نفع کے لئے کئی مضامین کا اردو ترجمہ کروا کر اپنے ماہنامہ ''حرا کا پیغام'' سے شائع بھی کر رہے ہیں۔ مگر پورے مجموعہ پر نظر ثانی اور تصحیح کی ضرورت ہے جس کا انتظار ہے۔ احقر نے اپنی نااہلی کے باوجود اس کی تصحیح ونظر ثانی اور اس کے طبع کروانے کی ذمہ داری لے لی اور پھر اپنے مستقر پر آکر مولانا ناظم صاحب سے کتابت شدہ اوراق کی C.D حاصل کر لی اور اپنے بڑے بیٹے مولوی حذیفہ سلمہ اللہ سے کمپیوٹر پر ہی کتابت کی اغلاط کی اصلاح کروانی شروع کر دی۔ مگر چونکہ اصل کاپی کو جس پر حضرت نے جوابات نقل کروائے ہیں مختلف طلبہ اپنے اپنے وقت میں نقل کرتے رہے اور ان کی نقل میں اغلاط کا احتمال بھی تھا اور بعض الفاظ کا سمجھنا بھی دشوار تھا، اس لئے بسا اوقات اصل کتب ومتون کی طرف مراجعت کرنی پڑتی۔

نیز حضرت کے پاس اور اُس وقت جو کتب وشروح تھیں اب اپنے پاس جو کتب ہیں مطابع کے اختلاف سے صفحات بھی بدل گئے اس لئے بڑی دقت پیش آتی رہی اور کافی وقت گذرنے کے بعد تھوڑا ہی کام ہوسکا، پھر عزیز موصوف دوسری جگہ ملازمت کی وجہ سے چھٹیوں میں جب آتے کام ہوتا، جب جاتے رک جاتا، اسی میں تقریباً ۶ ماہ گذر گئے پھر رمضان المبارک اور اس کے بعد ان کے حج کا مسئلہ آیا اور کام رُک گیا۔

ان سخت حالات میں اللہ تعالی کا کرم بالائے کرم یہ ہوا کہ گذشتہ سال حقیر سے دار العلوم لسٹر میں بخاری شریف پڑھنے والوں میں ایک فارغ عزیزی مولوی محمد بن آدم کرولیہ مجھ سے ملنے آئے اور ان سے اس کام کا تذکرہ کیا اور وہ تیار ہوئے، پہلے تو یہ مرحلہ تھا کہ یہ کام قابو میں آئے گا یا نہیں؟ دوسرے دن وہ تیار ہوکر اپنا دستی کمپیوٹر لیکر آئے، الحمد للہ تھوڑی دیر میں تصحیح کا طریقہ معلوم ہوگیا پھر آج کل کی ٹکنالوجی نے بڑی بڑی کتابوں اور شروح کو ایک C.D میں محفوظ کر دیا ہے جس سے اصل عبارت کا استخراج بھی آسان ہوگیا۔ دو ایک روز کے بعد ایک اور فارغ عزیزی مولوی لقمان بن مولانا داؤد فلاحی ملنے آئے، انھوں نے بھی ڈرتے ڈرتے ہاتھ رکھا مگر جلد ہی ان کو بھی مناسبت ہوگئی پھر تعطیلاتِ دسمبر وعید الاضحیٰ بھی تھیں اور دن رات اس پر لگ گئے اور بفضل اللہ چھ ہفتہ کی جہد مسلسل کے نتیجہ میں نصف کام کو جلد اول کی شکل میں پیش کرنا ممکن ہوگیا۔ اللہ تعالی ان تینوں کو جزائے خیر عطا فرمائے اور دینی ودنیوی ترقیات سے مالا مال فرمائے۔ اور بقیہ حصہ کو بھی جلد از جلد تیار کرنے کی سعادت نصیب فرمائے۔

اب چند گذارشات ہیں:

۱) تصحیح کی حتی الامکان کوشش کی گئی ہے مگر حضرت الاستاذ کے علوم ومقاصد کی تہ تک پہنچنا ہم نااہلوں کیلئے بڑا مشکل ہے۔ جو کچھ غلطی نظر آئے اس کی اصلاح کی درخواست ہے اور مرتب کو بھی مطلع کریں تاکہ آئندہ اشاعت میں اس کی اصلاح ہوسکے۔

۲) حضرت الاستاذ نے جن کتب وشروح کا بقید صفحات وجلد حوالہ دیا ہے اُن صفحات کو اسی طرح لکھا گیا ہے۔ اس کے بعد تو مطابع بدل گئے اور عام طور پر وہ کتب اب ٹائپ پر چھپنے لگی ہیں اس لئے جلد اور صفحات میں تبدیلی ہوچکی ہے۔ ناظرین کرام اس

کا ضرور خیال رکھیں۔

۳) حضرت الاستاذ نے جن کتابوں کا حوالہ دیا ہے، ضرورت پر ان کی مراجعت کی گئی ہے مگر بعض کتابیں پھر بھی نادر ہیں C.D پر بھی نہ مل سکیں وہاں عبارت جوں کی توں نقل کردی ہے۔ انشاء اللہ آئندہ ملنے پر اگر اس کی اصلاح کی ضرورت ہوئی تو اصلاح کردی جائے گی۔

۴) ضرورت اس کی بھی تھی کہ تمام سوالات و جوابات کو بالترتیب عنوانات کے تحت مرتب کیا جاتا تاکہ ناظرین کو دیکھنے میں سہولت ہوتی مگر اس میں ایک مشکل یہ تھی کہ مثلاً ایک سائل نے دو تین سوالات کر لئے جو مختلف نوعیت کے تھے اگر ہر ایک کو مرتب کیا جاتا تو مکتوب کا انداز بالکل بدل جاتا۔

کوشش یہ کی ہے کہ ایک سائل کے جتنے سوالات ہوں ان کو ان کے جوابات کے ساتھ لکھ دیا جائے اور حضرت الاستاذ کا منشا بھی یہی تھا کہ کاپی کی ترتیب پر بعینہ نقل کردیا جائے۔

عنوانات کی ترتیب کی آسان شکل یہ ہے کہ دوسری جلد کی ترتیب کے بعد ایک مرتب فہرست دونوں جلدوں کی بنا کر مستقل شامل کردی جائے گی۔ انشاء اللہ

۵) اس مجموعہ کا نام حضرت الاستاذ نے انتہائی تواضع کی بنا پر یہ فرمایا کہ بس چند علمی خطوط رکھ دیا جائے، کسی طالب علم کو کچھ فائدہ ہوجائے تو بسا غنیمت ہے، مگر نہ صرف احقر بلکہ بہت سے تلامذہ نے یہ چاہا کہ مجموعہ کا مستقل کوئی نام آج کل کے حالات کے اعتبار سے ہونا چاہئے۔ چنانچہ استاذ محترم سے معذرت کے ساتھ اس کا نام ''**الیواقیت الغالیة فی تحقیق وتخریج الأحادیث العالیة**'' رکھا جارہا ہے۔

اللہ تعالی سے دعاء ہے کہ اس مجموعہ کو اہل علم اور باذوق طلبہ کیلئے نافع اور مفید بنائے اور عنداللہ قبولیت نصیب ہو۔

ترتیب کے بعد طباعت کے سخت ترین مرحلہ کی اگر نگرانی نہ ہو تو سال بھر بھی گذر جائے طباعت مکمل نہیں ہوتی اور نہ مرضی کے مطابق ہوتی ہے، اللہ تعالی جزائے خیر دے ہمارے محترم دوست مولانا عبدالغفار صاحب بستوی زید مجدہ کو کہ دہلی کی مصروف ترین زندگی میں بھاگ دوڑ کر کے اس معمہ کو چند ہفتوں میں حل کردیا اور کتاب کو عمدہ ترین شکل وصورت میں لانے کی انتہائی کوشش کی۔

آخر میں دعاء ہے کہ اللہ تعالی حضرت الاستاذ المحترم کی عمر میں پوری پوری صحت وتوانائی کے ساتھ خوب برکت عطا فرمائے تمام امراض سے شفاء کامل عطا فرمائے اور حضرت کے فیوض وبرکات کو پورے عالم میں عام فرمائے۔ آمین

احقر محمد ایوب سورتی عفا اللہ عنہ (ابن قاری بندہ الٰہی)

خادم حدیث نبوی دارالعلوم لسٹر و مدیر مجلس دعوۃ الحق یو کے

۲۲ رمحرم الحرام ۱۴۲۹ھ مطابق ۳۱ رجنوری ۲۰۰۸ء پنج شنبہ

تذکرۂ صاحب کتاب

از حضرت مولانا محمد ناظم ندوی زید مجدہ
مہتمم المعہد الاسلامی مانک مئو سہارنپور

صاحبِ کتاب..... شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد یونس صاحب مدظلہ العالی کی شخصیت کوئی محتاج تعارف نہیں ہے۔ آپ ایشیا کے عظیم الشان مردم گر ادارہ جامعہ مظاہر علوم سہارنپور کی مسندِ حدیث پر تقریباً چالیس سال سے فائز ہیں، اور ہزاروں تشنگانِ علم و معرفت کی پیاس بجھا رہے ہیں۔

قطب العرب والعجم شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب قدّس سرہ مہاجر مدنی نے اپنی حیات ہی میں آپ پر اعتماد فرما کر بخاری شریف کی تدریس کی خدمت آپ کے سپرد فرمادی تھی اور پھر کچھ دن گزرنے کے بعد بیعت وارشاد کی بھی اجازت مرحمت فرمادی۔ آپ کی تعلیم وتزکیہ دونوں پر حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے اعتماد فرمایا۔

ہمارے حلقوں میں بخاری شریف کا درس معیارِ فضل وکمال ہی نہیں، بلکہ علم وفضل اور تقدس وپاکیزگی کا بھی امین سمجھا جاتا ہے۔ آپ کی ذاتِ گرامی یقیناً فضل وکمال، علم وعمل، تقوی وطہارت، صبر وقناعت، توکل ورضا، خوف وخشیت اور انابت الی اللہ کی ایک جامع ومکمل تصویر ہے۔

تمام علوم وفنون میں آپ کو مرجعیت کا مقام حاصل ہے ۔ خصوصاً علم حدیث میں تو آپ ہندوستان وایشیا ہی میں نہیں بلکہ پورے عالم اسلام میں اس وقت سند کا درجہ رکھتے ہیں۔ بہت سے علماء ومحدثین اور اپنے وقت کے رجال کار مختلف مقامات سے حاضر خدمت ہوتے رہتے ہیں اور آنجناب سے حدیث کی سند حاصل کرتے ہیں۔ اور اپنے علمی اشکالات پیش کرکے ان کا حل طلب کرتے ہیں۔ اور یہاں آکر انہیں تشفی ہوجاتی ہے۔

ہم نے مکۃ المکرّمہ اور مدینۃ المنورہ میں دیکھا ہے کہ بہت سے علمائے عرب آپ سے مراجعت کرتے ہیں۔ اور بہت سے حدیث سے شغف رکھنے والے آپ سے سند حاصل کرنے کو اپنے لئے باعثِ فضل وکمال سمجھتے ہیں۔

دیگر علوم وفنون کے مقابلے میں حدیث کا علم غیر معمولی ہے۔ اس میں ان تمام رواۃ کے احوال سے باخبر ہونا ضروری ہے جن کے ذریعہ یہ علم پہونچا ہے۔ پھر ان لکھوکھا افراد کی زندگی کی تفصیلات، ان کا مزاج ومذاق، ان کا کردار،

معاصرین کا ان کے بارے میں خیال کہ وہ ثقہ یا کامل الضبط ہیں یا نہیں وغیرہا یہ خود ایک مستقل فن ہے۔ اس فن پر جگر کاوی اور مسلسل کوششوں کے نتیجے کے ذریعہ حدیث کی حفاظت کا حق تعالیٰ شانہ نے خصوصی انتظام فرمایا ہے۔

اور درحقیقت یہ صیانتِ حدیث تاریخ انسانی کا ایک عظیم الشان کارنامہ ہے، مولانا مناظر احسن گیلانیؒ نے لکھا ہے:

''ڈاکٹر اسپرنگر کا یہ مشہور فقرہ کہ کوئی قوم نہ دنیا میں ایسی گزری نہ آج موجود ہے جس نے مسلمانوں کی طرح اسماء الرجال کا سا عظیم الشان فن ایجاد کیا ہو، جسکی بدولت آج پانچ لاکھ شخصوں کا حال معلوم ہوسکتا ہے۔''

اس فن پر آپ کی گرفت ہے، اور اسوقت آپ اس بارے میں کسوٹی اور **محکّة الحدیث** کی حیثیت رکھتے ہیں۔

یہ فضل الٰہی اور امتیازی خصوصیت ہے جو حق تعالیٰ شانہ کی طرف سے آپ کو ودیعت فرمائی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ جب کسی کو نوازتے ہیں اس کے ساتھ ویسا ہی معاملہ فرماتے ہیں۔ متنِ حدیث، سندِ حدیث، اور حدیث کے مقتضیات ومطالبات اور اس کے معانی ومفاہیم پر نہ یہ کہ آپ کو گرفت ہے بلکہ بفضل ایزدی اس کا القاء ہوتا ہے۔

بارہویں صدی ہجری میں جس طرح قرآنی علوم اللہ تعالیٰ نے حجۃ الاسلام حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلویؒ کو عطا فرمایا تھا جس کو انہوں نے بہت سے مقامات پر بطور تحدیثِ نعمت کے بیان بھی فرمایا ہے۔ اس زمانہ میں حدیث کا علم حق تعالیٰ شانہ نے اسی طرح آپ کو عطا فرمایا ہے جس کا ایک موقعہ پر آپ نے تحدیث بالنعمۃ کے طور پر اظہار بھی فرمایا ہے۔ پھر آپ کی تحقیقات، روایت ودرایت پر نقد، وسعتِ مطالعہ اور متقدمین ومتاخرین کی کتابوں پر بھرپور نقد وتبصرہ اور علامہ ابن حجر العسقلانیؒ جیسے جبل العلم فی الحدیث کے مسامحات کا تذکرہ۔ یہ وہی شخص کرسکتا ہے جس نے پوری بصیرت، انہماک، عشق کے سوز اور مجتہدانہ فراست کے ساتھ پورے ذخیرۂ احادیث کو کھنگال ڈالا ہو۔

دراصل ابتداہی سے آپ نے علمِ حدیث کے ساتھ اشتغال رکھا اور اسے اپنا اوڑھنا بچھونا بنالیا۔ آپ خود فرماتے ہیں کہ اگر مجھے کسی سے کچھ پیسے میسر آجاتے تو ان سے حدیث کی کتابیں خرید لیتا۔ حضرت الاستاد قطب العرب والعجم نے جب بھی ہدیۃً کچھ پیسے عنایت فرمائے تو میں نے ان کی کتابیں خرید لیں۔ اور آپ کی قیام گاہ پر اپنا ذاتی علم حدیث کا اتنا بڑا ذخیرہ ہے کہ شاید ہی برصغیر میں کسی کے پاس ہو، بلکہ بڑے بڑے کتب خانے بھی ان امہاتِ کتب سے خالی ہیں۔ اس کے باوجود حج کے موقع پر کتب خانوں میں نئی نئی کتابیں تلاش کرنے کے لئے جاتے ہیں۔ حالانکہ وہاں کے نشیب وفراز والے راستوں سے گزرتے ہوئے آپ کا سانس پھولنے لگتا ہے، پیشانی عرق آلود ہوجاتی ہے، لیکن ان سب پریشانیوں کے باوجود آپ کے علمی مطالعہ اور ذوق کا اندازہ کچھ وہی حضرات لگا سکتے ہیں جو آپ سے کچھ آشنا ہیں۔

یہ حال اس وقت ہے جبکہ آپ مجموعۃ الامراض ہیں، شروع ہی سے بیماریوں نے آپ کو گھیر رکھا ہے، ابتداہی میں جب

آپ اپنے گھر سے کچھ فاصلہ پر مانی کلاں پڑھنے کیلئے جاتے تب ہی سے آپ بیمار ہیں۔ مظاہر علوم میں داخلہ کے بعد تو آپ مزید بیمار رہنے لگے۔

آپ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت شیخؒ نے خود فرمایا کہ بیماری زیادہ بڑھ گئی ہے گھر چلا جا، منہ کے ذریعہ خون آنے لگا ہے اس وقت میں نے عرض کیا کہ حضرت والا اگر مرنا ہی ہے تو میں یہیں مرجاؤں گا، اس پر حضرت شیخؒ نے فرمایا کہ پھر پڑا رہ۔ آپ اسی وقت سے مظاہر علوم اور علم حدیث کے ہوکر رہ گئے۔

اوڑھنے بچھونے کا محاورہ آپ جیسے حضرات ہی کے چوکھٹے میں فٹ ہوسکتا ہے، اور اس وقت تو کثرتِ امراض کی وجہ سے آپ کلی طور پر مضمحل ہوگئے ہیں، آپ کی مجلس میں بیٹھنے والا آپ کی حالت زار اور پریشانی کی کیفیت دیکھتا ہے تو وہ خود تڑپ اٹھتا ہے، اس کا کلیجہ مسوس کر رہ جاتا ہے، مدت سے سحر جیسی جان کو گھلا پگھلا دینے والی تکالیف نے آپ کی پریشانی کو دوآتشہ کردیا ہے۔ ان سب کے باوجود درس کا سلسلہ اور خلق خدا کا روحانی تزکیہ، یہ صرف حضورِ دوامی اور عشقِ نبوی ﷺ کی بدولت چل رہا ہے اور غایت درجہ حدیث سے اشتغال کا غماز ہے۔

اب آخری دور میں تو آپ نے عوام وخواص سے کچھ ملنا جلنا بھی شروع کردیا ہے اور آپ کی خدمت میں جو حاضر ہوتے ہیں ان کی اصلاح وتربیت، تزکیۂ روحانی اور ان کی اخلاقی حالت پر توجہ فرماتے ہیں، کیونکہ اس وقت عمومی طور خانقاہیں سونی ہونے کی وجہ سے علماء اور خواص کے طبقہ کا رجوع آپ کی طرف بہت زیادہ بڑھ گیا ہے اور اس وقت علاقہ میں علمی تشنگی اور روحانی توجہ کا مرکز آپ ہی کی ذات گرامی ہے، شاید اسی نفع عام وتام کے پیش نظر آپ نے خود کو اپنی افتادِ طبع اور مزاج کے خلاف اس کیلئے آمادہ فرمایا ہے ورنہ اس سے قبل درس ومطالعہ کیلئے خود کو وقف کررکھا تھا۔

آپ کو صرف فن حدیث ہی پر مکمل گرفت نہیں یہ تو آپ کی امتیازی خصوصیت ہے، ورنہ دیگر علوم وفنون، صرف ونحو، عروض ومعانی، نقد وبلاغت، منطق وفلسفہ، کلام وعقائد، زبان وادب، فقہ وتفسیر وغیرہا پر بھی مکمل درک ہے۔

آپ نے ابتدا میں حدیث کے علاوہ بھی بہت سے کتابیں پڑھائی ہیں اور ان فنون کا حق ادا کیا ہے۔ اس کے علاوہ تاریخ وجغرافیہ، سیر وسوانح، اور قوموں وملکوں کے حالات پر بھی آپ کی گہری نظر ہے۔ جب بھی مجلس میں کوئی موضوع زیر بحث آجاتا ہے اس پر سیر حاصل مواد میسر ہوتا ہے۔

ایک مرتبہ سری لنکا کے شیخ الحدیث حدیث کی سند لینے کی غرض سے حاضر ہوئے، آپ نے ایک حدیث کی تلاوت فرما کر سند عطا فرمائی اور پھر وہاں کی شخصیات، وہاں کے حالات، قوموں کے مزاج رہن وسہن، بود وباش پر بھرپور تبصرہ فرمایا، ملیشیا کے ایک محدث بھی حاضر خدمت ہوئے ان کو بھی سند عطا فرما کر وہاں کی تحریکات، مذاق ومعیار، شخصیات،

جغرافیائی کیفیات اور وہاں کے حالات کا اس طرح تجزیہ کیا جیسے وہ نگاہ کے سامنے ہو۔ مجلس میں بیٹھنے والے بھی متحیر تھے کہ اک گوشہ نشین پوری دنیا کے حالات پر کس طرح نظر رکھتا ہے۔ حقیقت ہے کہ آپ کا مطالعہ بڑا متنوع و وسیع ہے۔

برصغیر، مشرق وسطیٰ، عالم اسلام اور دنیا کے حالات پر آپ کی گہری نظر ہے، اور کسی بھی گوشہ میں جو حالات پیش آتے ہیں ان پر اللہ کے اس ولی کا قلب دھڑکتا اور بے چینی محسوس کرتا ہے۔

خنجر چلے کسی پہ تڑپتے ہیں ہم امیر ❖ سارے جہاں کا درد ہمارے جگر میں ہے

کبھی بھی کسی موضوع پر کچھ دقت پیش آتی ہے آپ کے پاس حاضر ہو کر سیرابی حاصل ہو جاتی ہے۔ اس وقت علمی اعتبار سے بھی علماء اپنی پیاس بجھاتے ہیں اور روحانی تشنگی بھی دور کرتے ہیں۔ گھریلو امور میں بھی لوگ مشورہ کرتے ہیں اور ملت کے مسائل کی گتھی بھی آپ سے حل کراتے ہیں۔

کسی بھی چیز کا آپ کا مطالعہ سرسری نہیں بلکہ اس میں ڈوب کر اس کا مغز نکالا ہے۔ حضرت مولانا قاری صدیق احمد صاحب باندویؒ کے انتقال پر آپ بہت مضطرب تھے، فرمانے لگے کہ آج عربی، فارسی، اردو کے تعزیت کے اشعار سبھی یاد آرہے ہیں، آپ نے بہت اشعار پڑھے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ معمولی معمولی چیزیں بھی آپ کے قلب و ذہن کے نہاں خانے میں کس طرح محفوظ ہیں۔

اقبال مرحوم کے اشعار پڑھ کر فرماتے کہ اسے ملت کا درد بے چین کرتا ہے لیکن قرآن و شریعت کا معتد بہ مطالعہ نہ ہونے کی وجہ سے صحیح راہ متعین نہیں کر پاتا۔

آپ کو حق تعالیٰ شانہ نے بے شمار خصائص و امتیازات عطا فرمائے ہیں، ملت کو آپ کی ذات سے نفع کثیر حاصل ہو رہا ہے، اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ حضرت والا کا سایہ صحت و عافیت کے ساتھ ملت پر تا دیر قائم رکھے، کیونکہ ایسے افراد و شخصیات کا وجود ملت کیلئے بہت ضروری ہے جن کے شجر سایہ دار کے سایہ میں تھکے ہاروں کو تسکین ملتی رہے۔

آپ کے مختصر حالات آپ ہی کے دست مبارک سے لکھے ہوئے ہیں (جنہیں بہت سے احباب نے شیخ العرب والعجم حضرت مولانا محمد زکریا صاحب مرحوم کے خلفاء کرام کے تذکرہ کے وقت بہت اصرار سے لکھوائے تھے) بطور تبرک انہیں اس کتاب میں شامل کیا جارہا ہے۔

○○○○○○○○○○○○○○○○○

زیر نظر کتاب آپ کی کوئی مستقل تصنیف نہیں ہے، بلکہ یہ ان سوالات کے جوابات ہیں جو مختلف اوقات میں مختلف علماء و محدثین اور اصحابِ تحقیق نے احادیث کے متعلق آپ سے کئے۔ ان میں بہت سے حضرات نے قطب العرب والعجم حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحبؒ سے سوالات کئے، بہت سے حضرات نے رئیس المتکلمین حضرت مولانا شاہ اسعد

اللہ صاحبؒ ناظم مدرسہ مظاہرعلوم سے کئے، ان شیوخ کبار نے بھی وہ سوالات آپ پر اعتماد فرما کر آپ ہی کے پاس بھیج دیئے کہ ان کے جوابات تحریر فرمادیں۔ کبھی خود حضرت شیخؒ نے آپ سے سوالات کئے اور ان کے جوابات لکھنے کو فرمایا۔ سوالات کرنے والوں میں مقتدر علماء کرام بھی ہیں اور محدثینِ عظام بھی، اساتذۂ کبار بھی ہیں اور قابلِ قدر محققین بھی۔

آپ نے اپنے علمی مشاغل، مصروفیات اور کثرتِ امراض کے باوجود ان کے تحقیقی جوابات عنایت فرمائے۔

سوالات روایات کی سند سے بھی متعلق ہیں، متن سے بھی، حدیث کے الفاظ کی تحقیق سے بھی متعلق ہیں، اور تخریج سے بھی، رواۃ کے ثقہ وعدم ثقہ ہونے کے متعلق بھی ہیں اور احادیث کے مفاہیم ومعانی اور تطبیق سے بھی۔ شخصیات کے متعلق بھی سوالات ہیں اور دیگر مختلف علوم وفنون کے بارے میں بھی۔ آپ نے ان سب کا جواب حدیث کی روشنی میں دیا ہے اور ان راویوں پر بھی بھرپور تبصرہ کیا ہے، وہ جوابات یقیناً محققین اور خصوصاً علم حدیث پر کام کرنے والوں کے لئے بیش قیمت تحفہ ہیں، وہی جوابات اس وقت شائع کئے جارہے ہیں۔

ان سوالات وجوابات کی نقل کبھی آپ نے اپنے کسی شاگرد سے کاپیوں میں محفوظ کرالی اور کبھی از خود آپ نے انہیں محفوظ رکھا، اس طرح وہ تحقیقات کا ایک نادر ذخیرہ جمع ہوگیا۔

بفضل اللہ احقر کو حضرت والا کی علم ومعرفت کی مجلس میں جب بھی حاضری کی توفیق ہوتی تو اپنی طبیعت کے تقاضے کے پیش نظر اس مجلسی گفتگو کو قلمبند کرلیتا اور اس لئے بھی کہ اس میں قوم وملت کے لئے بڑی مفید وکارگر باتیں ہوتیں۔

کیا بعید ان کے ذریعہ کسی کی زندگی بدل جائے اور ''از دل خیزد بر دل ریزد'' کا مصداق بن جائے۔

حضرت والا کی یہ مجلسی گفتگو ماہنامہ ''مظاہرعلوم'' اور پھر ماہنامہ ''حرا کے پیغام'' میں بھی شائع ہوتی رہی۔

ہمارے کرم فرما مولانا محمد ساجد حسن صاحب مظاہری استاذ تفسیر جامعہ مظاہرعلوم سہارنپور اور پھر جناب مولانا محمد یوسف صاحب ٹنکاروی استاذ حدیث فلاح دارین ترکیسر (جو حضرت کے مجاز بھی ہیں) اور خادم خاص مولانا محمد ایوب صاحب پٹیل استاد جامعہ قاسمیہ کھروڈ نے احقر کو اس طرف توجہ دلائی کہ حضرت کے پاس ایک بہت قیمتی تحقیقات کا ذخیرہ ہے اور بہت سی کاپیاں رکھی ہیں جن میں بہت سے سوالات کے تحقیقی جوابات ہیں، وہ اگر سامنے آجائیں تو امت اور خاص طور پر علم حدیث پر کام کرنے والوں کا بہت بڑا فائدہ ہوگا۔ میں نے حضرت والا سے کئی مرتبہ درخواست کی اور بہت اصرار کیا، آپ نے از راہ شفقت وہ کاپیاں عنایت فرمائی **فالحمد لله على احسانه وفضله.**

کافی دنوں تک یہ کاپیاں اسی طرح رکھی رہیں، کچھ مصروفیات اور ہاتھ میں تکلیف کی وجہ سے کام نہ ہوسکا، پھر ماہنامہ ''**حرا کا پیغام**'' کے اجراء سے اس کے صفحات میں ان تحقیقات کا یہ سلسلہ شروع ہوگیا اور اب برابر چل رہا ہے

اور بڑی وقیع نظر سے دیکھا جارہا ہے۔ بہت سے احباب کے خطوط برابر پہونچتے ہیں کہ ہمیں ہر ماہ پرچہ کا شدت سے انتظار رہتا ہے، ان تحقیقات نادرہ کے ذریعہ پرچہ کی اہمیت ووقعت میں برابر اضافہ ہورہا ہے۔

ارادہ یہی تھا کہ یہ سلسلہ اسی طرح چلتا رہے اور پھر اسے کتابی شکل دیدی جائے، لیکن ابھی حال میں حضرت والا کی طبیعت کے بہت زیادہ خراب ہونے کی وجہ سے (جس کی وجہ آپ دہلی ہاسپٹل میں بھی کچھ دن رہے اور مسلسل امراض کی شدت بڑھتی ہی چلی گئی، اللہ کا فضل کہ اس نے کچھ افاقہ فرمایا تاہم صبح کچھ اور حالت ہوتی ہے دوپہر کے وقت کچھ اور، شام کا وقت عجیب گزرتا ہے اور رات بے خوابی کی نذر ہوجاتی ہے، اللہ تعالیٰ آپ کو صحت وعافیت اور سکون واطمینان نصیب فرمائے آمین) خیال بدلنا پڑا اور سوچا کہ کسی طرح بھی آپ کی حیات میں یہ بیش بہا ذخیرہ سامنے آجائے، اسلئے جیسا کچھ ہے حاضر خدمت ہے۔

مناسب سمجھا گیا کہ حضرت والا کے حالاتِ زندگی کا ایک مختصر جائزہ جو آپ ہی کے دستِ مبارک سے لکھے ہوئے حالات ہیں ''حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا مہاجر مدنیؒ اور ان کے خلفاء کرام'' سے کچھ اختصار کے ساتھ پیش کردیں۔

محمد ناظم ندوی

المعہد الاسلامی حامدیہ مئو مہاراشٹر

ایک خودنوشت مرقع

اسم گرامی محمد یونس جامعہ مظاہر علوم سہارنپور

ولادت تاریخ پیدائش: صبح ۷/ بجے بروز شنبہ ۲۵/ رجب ۱۳۵۵ھ ۲/ اکتوبر ۱۹۳۷ء

طفولیت وتعلیم

ابتداءً جب عمر چھ سات سال کے مابین ہوئی اپنے شوق سے ایک مکتب میں جانا شروع کیا جس کی صورت یہ ہوئی کہ والدہ مرحومہ کا تو انتقال ہوگیا تھا جبکہ میری عمر ۵ سال ۱۰ ماہ کی تھی، نانی کے پاس رہتا تھا، وہ چھوٹے ماموں کو مکتب جانے کیلئے مار رہی تھی میرے منہ سے نکل گیا کہ ہم بھی پڑھنے جائیں گے، اسی وقت کھانا پک گیا اور ڈیڑھ میل پر ایک مکتب تھا جہاں بڑے ماموں کے ساتھ بھیج دیئے گئے مگر راستہ میں تھک گئے تو ماموں نے کاندھے پر اٹھایا، تھوڑی دور چل کر اتار دیا اسی طرح کبھی اٹھا لیتے اور کبھی اتار دیتے، سارا راستہ قطع ہوگیا مگر بچپن کی وجہ سے پڑھنا نہیں ہوسکا، صرف کھیل کود کام تھا، پھر ایک اور مکتب میں بیٹھے، وہاں کچھ قاعدہ بغدادی پڑھا، ماموں صاحب نے پڑھنا چھوڑ دیا تو ہمارا پڑھنا بھی چھوٹ گیا۔

پھر کچھ دنوں بعد ایک پرائمری اسکول ہمارے گاؤں میں قائم ہوگیا، اس میں جانے لگے، درجہ دوم تک وہاں پڑھا پھر درجہ سوم کیلئے مانی کلاں کے پرائمری اسکول میں داخلہ لیا، سوم پاس کرنے کے بعد والد صاحب نے یہ کہہ کر چھڑا دیا کہ انگریزی کا دور نہیں اور ہندی میں پڑھانا نہیں چاہتا۔

ایک دلچسپ قصہ پیش آیا کہ میں اپنے طور پر ہندی کی پہلی کتاب پڑھ رہا تھا اس میں لکھا ہوا تھا کہ ''طوطا رام رام کرتا ہے'' والد صاحب نے جب مجھ کو پڑھتے سنا تو فرمایا: ''کتاب رکھ دو، بہت پڑھ لیا''

اس کے بعد تقریباً دو سال تعلیم چھٹی رہی۔

علاقہ کا حال

علاقہ میں عام طور سے جہالت تھی، لیکن عام طور پر لوگ صحیح العقیدہ اور دین کی طرف مائل تھے۔

میرے نانا مرحوم تو میری والدہ کی ولادت سے غالباً پہلے وفات پا گئے تھے، پھر نانی مرحومہ کی دوسری شادی میرے دادا مرحوم کے بڑے بھائی سے ہوئی جن کو ہم ساری عمر اپنا نانا سمجھتے رہے، اور وہ بھی ہمارے ساتھ ایسا ہی برتاؤ کرتے تھے، وہ بچپن سے نمازی اور دین دار تھے، عام طور سے برما رہا کرتے تھے، وہاں کوئی عالم رہتے تھے جو حضرت حاجی صاحب نور اللہ مرقدہٗ کے سلسلہ میں منسلک تھے، ان سے اچھا تعلق تھا، جس کا اثر یہ ہوا کہ ہمارے گاؤں میں تعزیہ بنتا تھا جس میں ہمارے

خاندان کے بعض لوگ شریک ہوتے تھے، سنا ہے کہ دادامرحوم بھی شرکت کرتے تھے مگر نانا مرحوم نے ڈھول وغیرہ توڑ ڈالے اور اس بدعت کا ہمیشہ کے لئے خاتمہ ہوگیا۔

والد صاحب تو ہمیشہ ہی بدعت سے دور رہے، لیکن ایک چیز کوئی بھی بدعت نہیں سمجھتا تھا وہ مولود شریف اور قیام تھا، حضرت اقدس مولانا عبدالحلیم صاحب مدظلہ (یہ بھی اپنے مولائے حقیقی سے جاملے) کی جب آمدورفت شروع ہوئی تو ہمیشہ کے لئے اسکا خاتمہ ہوگیا۔

مجھے اپنے بچپن کا واقعہ یاد ہے جب میری عمر ۹، ۱۰ سال کی ہوگی، میں بچوں کے ساتھ مولود کی مجلس کرتا تھا، ہماری بیل گاڑی تھی اس پر ہم عمر تین چار بچے جمع ہوجاتے اور ہم سب سے بڑے علامہ سمجھے جاتے اور مولود پڑھتے، اور پڑھتے کیا، صرف کھڑے ہوکر درود وسلام پڑھ لیتے اور اس کے بعد گھروں سے جو کھانا وغیرہ لاتے وہ مل کر سب کھالیتے اور مجلس برخواست ہوجاتی۔

اپنے علامہ سمجھے جانے کا ایک دلچسپ قصہ لکھتا ہوں، میں اپنے گاؤں کے پرائمری اسکول میں پڑھتا تھا، نو سال کی عمر ہوگی، ماسٹر صاحب موجود نہیں تھے تھوڑی دیر میں دیکھا ایک جنازہ قریب کے قبرستان میں لایا گیا اور اس کو دفن کیا جانے لگا، ہم نے سب لڑکوں سے کہا کہ ہم نے نماز جنازہ نہیں پڑھی جلدی سب لوگ وضو کرلیں، سب نے وضو کیا اور ہم نے نماز جنازہ پڑھائی، نامعلوم کیا ہوا دوبارہ پڑھائی غالباً سہ بارہ بھی، اور یہ سب مکتب میں ہورہا تھا جو اسوقت گاؤں سے باہر ایک شخص کی ایک عمارت میں تھا جہاں ان کے بیل اور مزدور رہتے تھے۔

بچہ کا خطبہ بڑے کی امامت

ایک اور دلچسپ قصہ لکھ دوں، ہمارے گاؤں میں جمعہ ہوا کرتا تھا، ہم سب سے پہلے غسل کرکے پہنچ جاتے تھے اور خطیب صاحب کی نقل اتارا کرتے تھے، ایک مرتبہ اتفاق سے خطیب صاحب موجود نہ تھے اور گاؤں کے بڑے بوڑھے موجود تھے جن میں میرے نانا بھی تھے، میری عمر ۹، ۱۰ سال سے زیادہ نہ ہوگی، کوئی پڑھا لکھا نہ تھا صرف قرآن شریف پڑھے ہوئے تھے، اس کے علاوہ کچھ پڑھ نہیں سکتے تھے، حضرت عمرو بن سلمہ الجرمیؓ کی طرح ہم ہی اس وقت سب سے بڑے پڑھے لکھے تھے، ایک صاحب نے ہمیں حکم دیا:

''چل منبر پر اور خطبہ پڑھ۔''

ہم بے خوف چڑھ گئے اور خطبہ شروع کردیا، ایک جگہ تو ذرا اٹک سی ہوگئی باقی اور الحمدللہ صاف ہی پڑھا گیا، نماز ایک دوسرے صاحب نے پڑھائی، ہماری نانی صاحبہ اور دوسرے اعزاء اس سے بہت مسرور ہوئے، مگر خیال یہ پڑتا ہے کہ خطبہ

ایک ہی ہوا تھا۔

گاؤں کا حال

ہمارے گاؤں سے تین میل کے فاصلہ پر مانی کلاں میں جامع مسجد میں تو حفظ پڑھایا جاتا تھا اور اتنا بابرکت درس تھا کہ سینکڑوں حفاظ پیدا ہوئے، ہمارے مختصر سے گاؤں میں جس کی اس وقت کی مسلم آبادی زیادہ سے زیادہ پندرہ مکانات پر مشتمل تھی اس میں چھ حفاظ تھے، وہیں مدرسہ ضیاء العلوم تھا جس میں ہماری ابتدائی تعلیم ہوئی، ہمارے گاؤں میں سب سے پہلے اس مدرسہ میں مولوی نور محمد صاحب نے پڑھا جن سے ہم نے تعلیم الاسلام کے کچھ اسباق پڑھے، وہ پھر پاکستان چلے گئے۔

عربی کی تعلیم

پھر تقریباً ۱۳ سال کی عمر میں مدرسہ ضیاء العلوم قصبہ مانی کلاں میں داخلہ ہوا، ابتدائی فارسی سے لیکر سکندر نامہ تک اور پھر ابتدائی عربی سے لیکر مختصر المعانی مقامات وشرح وقایہ ونورالانوار تک وہیں پڑھیں۔

اکثر کتابیں استاذی مولانا ضیاء الحق صاحب سے اور شرح جامی بحث اسم حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب مدظلہ العالی سے، مگر کثرت امراض کی وجہ سے بیچ میں طویل فترات واقع ہوتی رہیں، اسلئے تکمیل کافی مؤخر ہوگئی۔

پھر یہ بھی پیش آیا کہ ہماری جماعت ٹوٹ گئی، ہم نے اولاً شرح جامی، شرح وقایہ، نورالانوار مولانا ضیاء الحق صاحب سے پڑھی تھیں مگر جماعت نہ ہونے کی وجہ سے حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب نے اگلے سال پھر انھیں کتابوں میں داخل کردیا اور خود پڑھایا۔

مظاہر علوم میں داخلہ

اسکے بعد شوال ۱۳۷۷ھ میں مدرسہ مظاہر علوم میں بھیج دیا، یہاں آکر پہلے سال جلالین، ہدایہ اولین، میبذی اور اگلے سال بیضاوی، سلّم، ہدایہ ثالث، مشکوۃ شریف اور تیسرے سال یعنی شوال ۱۳۷۹ھ تا شعبان ۱۳۸۰ھ دورۂ حدیث شریف کی تکمیل کی، اور اس سے اگلے سال کچھ مزید کتابیں ہدایہ رابع، صدرا، شمس بازغہ، اقلیدس، خلاصۃ الحساب، درمختار، پڑھیں۔

مظاہر علوم کی مسند تدریس پر

شوال ۱۳۸۱ھ میں معین المدرس کے عہدہ پر تقرر ہوا، وظیفۂ طالب علمی کے ساتھ سات روپیہ ماہانہ ملتا تھا، شرح وقایہ اور قطبی زیر تعلیم وتدریس تھیں، اگلے سال بھی یہی کتابیں رہیں اور وظیفہ ۱۰ روپے ماہانہ ہوگیا، اس سے اگلے سال تیس

روپے خشک (یعنی بلا طعام) پر تقرر ہوا، اور مقامات وقطبی سپرد ہوئیں، اور اس سے اگلے یعنی چوتھے سال شوال ۱۳۸۴ھ سے ہدایہ اولین، قطبی واصول الشاشی زیر تدریس تھیں۔

درس حدیث

اسی سال ذی الحجہ ۱۳۸۴ھ میں حضرت استاذی مولانا امیر احمد صاحب نور اللہ مرقدہ کا انتقال ہوجانے کی وجہ سے مشکوۃ شریف استاذی مفتی مظفر حسین صاحب حال ناظم اعلیٰ مظاہر علوم کے یہاں سے منتقل ہوکر آئی جو باب الکبائر سے پڑھائی، پھر آئندہ سال شوال ۸۵ھ میں مختصر المعانی، قطبی، شرح وقایہ، مشکوۃ شریف مکمل پڑھائی، اور شوال ۸۶ھ میں ابوداود شریف ونسائی شریف ونور الانوار زیر تعلیم رہیں، اور شوال ۸۷ھ سے مسلم شریف، نسائی وابن ماجہ وموطئین زیر درس رہیں۔

شیخ الحدیث کے منصب پر

اس کے بعد شوال ۱۳۸۸ھ میں بخاری شریف ومسلم شریف وہدایہ ثالث پڑھائی، **وللہ الحمد حمداً کثیراً طیباً مبارکاً فیہ مبارکاً علیہ**، اور اسکے بعد سے **بحمدللہ سبحانہ وتعالیٰ** بخاری شریف اور کوئی دوسری کتاب ہوتی رہتی ہے۔

امراض کے باوجود علمی شغل

میں مسلسل بیمار رہا، مظاہر علوم آنے کے چند دن بعد نزلہ وبخار ہوگیا اور پھر منہ سے خون آگیا، حضرت اقدس ناظم (مولانا اسعد اللہ) صاحب نور اللہ مرقدہ کا مشورہ ہوا کہ میں گھر واپس ہوجاؤں لیکن میں نے انکار کردیا، حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ واعلی اللہ مراتبہ نے بلاکر ارشاد فرمایا کہ: ''جب تو بیمار ہے اور لوگوں کا مشورہ بھی ہے تو مکان چلا جا'' میں نے عرض کیا جواب تک یاد ہے، کہ: ''حضرت! اگر مرنا ہے تو یہیں مرجاؤں گا'' حضرت نے فرمایا کہ: ''بیماری میں کیا پڑھا جائے گا؟'' میں نے عرض کیا، اور اب تک الفاظ یاد ہیں کہ: ''حضرت! جو کان میں پڑے گا وہ دماغ میں اتر ہی جائے گا'' اس پر حضرت قدس سرہ نے ارشاد فرمایا کہ ''پھر پڑا رہ''۔

یہ ہے حضرت قدس سرہ سے پہلی بات چیت، اس کے بعد ہم تو بہت بیمار رہے، اور گاہ بگاہ جب طبیعت ٹھیک ہوجاتی تو اسباق میں بھی جاتے رہتے، انھیں ایام میں حضرت اقدس مولانا عبدالحلیم صاحب مدظلہ کو اپنی بیماری کا خط لکھا، مولانا نے جواباً لکھا کہ یہ کیا یقین ہے کہ ''خون پھیپھڑے سے آیا ہے؟'' اس سے طبیعت کو کچھ سکون ہوگیا، لیکن سینے میں

دردرہا کرتا تھا۔

ایک یہ بات اور بھی لکھ دوں کہ جن ایام میں طبیعت خراب تھی کبھی کبھی دارالحدیث کے شرقی جانب بیٹھ کر حضرت اقدس نوراللہ مرقدہٗ کا درس سنتا تھا اور سوچا کرتا تھا کہ نہ معلوم ہم کو بھی بخاری شریف پڑھنی نصیب ہوگی یا نہیں؟ اور رویا کرتا تھا۔ اس مالک کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے توفیق عطا فرمائی اور پڑھنے کی منزل گزر گئی، اور اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل وکرم سے پڑھانے کی توفیق بخشی، حالات کی ناسازگاری سے جس کی توقع بھی نہیں تھی لیکن سب فضل وکرم ہے۔

کہاں میں اور کہاں یہ نکہتِ گل
نسیمِ صبح تیری مہربانی!

امراض کے تسلسل کی وجہ سے شادی کی ہمت ہی نہ ہوئی اور اب بڑھاپا شروع ہو چکا، حدود خمسین کے آخری سالوں میں چل رہا ہوں، اب اپنی بیماریوں کی وجہ سے ضرورت محسوس ہوتی ہے مگر ہونا کیا ہے، وقت گزر گیا۔

(الحمدللہ اب عمر کا ۷۴واں سال چل رہا ہے، اللہ تعالیٰ صحت وعافیت کے ساتھ عمر میں برکت عطا فرمائے، ازمرتب)

حضرت کی پہلی زیارت

حضرت نوراللہ مرقدہٗ کا نام نامی تو مدرسہ ضیاء العلوم میں اپنے اساتذہ اور خاص طور سے استاذی حضرت اقدس مولانا عبدالحلیم صاحب مدظلہ سے سنا، پھر جب سہارنپور بغرض تکمیل حاضر ہوئے تو حضرت نوراللہ مرقدہٗ کی زیارت ہوئی،

سب سے پہلی زیارت کی شکل یہ ہوئی کہ میں کسی ضرورت سے مدرسہ کے دفتر میں گیا تو حضرت نوراللہ مرقدہٗ کو دیکھا، ایک سادہ کرتا پہنے ہوئے تھے جس کا رنگ زرد تھا غالباً ڈوریا کا ہوگا لیکن بات چیت نہیں ہوئی، بات چیت تو بیماری کے وقت ہوئی، اسکی ابتداء میں تردد ہے کہ پہلے وہ واقعہ پیش آیا جو اولاً لکھا گیا یا دوسرا واقعہ جو لکھ رہا ہوں۔

''وہ تو بہت پکا تھا تو تو بہت کچا ہے''

ہمیں جذبہ پیدا ہوا کہ حضرت نوراللہ مرقدہ سے دعا کروانی چاہئے، حضرت مغرب کے بعد طویل نوافل پڑھتے تھے، ہم بیٹھ گئے، ایک صاحب نے غالباً بیعت کی درخواست دے رکھی تھی، حضرت نوراللہ مرقدہٗ نے سلام پھیرا اور فارغ ہو کر فرمایا:

''آبھائی''

ہم نے سمجھا کہ شاید ہمیں بلا رہے ہیں، ہم آگے بڑھ گئے، حضرت نے فرمایا:

''تو نہیں'' ہم بلبلا کر رو پڑے،

بہرحال پہلے حضرت نوراللہ مرقدہٗ نے ان صاحب کی ضرورت پوری کی اسکے بعد احقر کا ہاتھ پکڑا اور ساتھ لیکر کچے گھر

چلے اور حال پوچھتے رہے اور بیماری کا تذکرہ کرتے رہے، حضرت نے پوچھا کہ: ''تو کہاں سے پڑھ کر آیا؟''

میں نے عرض کیا ''مدرسہ ضیاء العلوم مانی کلاں'' سے، حضرت قدس سرہٗ نے فرمایا: ''کس سے پڑھا''

عرض کیا ''حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب سے'' فرمایا: ''وہ تو بہت پکا تھا تو تو بہت کچا ہے''

اس کے بعد حضرت نے برف کا ٹھنڈا پانی جس میں عرق کیوڑہ ملا ہوا تھا نوش فرمایا اور کچھ بندہ کے لئے بچا دیا، مگر زیادہ آنا جانا نہیں رہا۔

دسترخوان پر اکرام

اصل جان پہچان اس وقت ہوئی جب بندہ کا قیام دفتر میں ہوگیا۔

رمضان شریف میں میں اپنی سحری الگ کھالیتا تھا، ایک رات خواب دیکھا کہ مولانا اکرام الحسن صاحب مرحوم والد ماجد حضرت مولانا انعام الحسن صاحب امیر جماعت تبلیغ نظام الدین دہلی بندہ کی طرف متوجہ ہیں اور کچھ بات کررہے ہیں، اسی رات سحری میں حضرت نے بلوایا اور جب کوئی اکرام کی صورت ہونے والی ہوتی تو مولانا اکرام صاحب کو دیکھا کرتے تھے بہر حال حضرت نوراللہ مرقدہٗ نے بلوا کر فرمایا کہ:

''مجھے معلوم ہوا کہ تو تنہا ہی سحری کھالیتا ہے، دیکھ! سحری ہمارے ساتھ کھالیا کر اور اپنی سحری مولوی نصیر کو دیدیا کر''

اور پھر فرمایا: ''سحری کھالی؟''

میں نے عرض کیا جی ہاں، فرمایا: ''اور کھائے گا؟'' عرض کیا میں کھا چکا ہوں، فرمایا: ''اور کھانے پر بھی تو کھایا جاوے'' ہم بیٹھ گئے، اس کے بعد روزانہ حضرت نوراللہ مرقدہ کے دسترخوان پر سحری میں حاضر ہوجاتے، اس زمانہ میں حضرت کے یہاں سحری میں پلاؤ کے ساتھ گھی لگی ہوئی روٹیوں کا دستور تھا، حضرت نوراللہ مرقدہٗ نے ایک مرتبہ پوچھا: ''گھی چپڑی روٹی مل گئی؟'' میں نے عرض کیا جی ہاں! حضرت نے پوچھا ''کتنی آئی؟'' میں نے عرض کیا ایک، حضرت نے دوسری سرکادی، اس کے بعد سے ہمارے لئے دو کا دستور ہوگیا۔

دلچسپ بحث

ایک مرتبہ دیر سے پہنچا اور حضرت نوراللہ مرقدہٗ سے ایک گستاخانہ بحث بھی کی جس کا افسوس اب تک ہے،

حضرت نے پہنچتے ہی فرمایا کہ ''خالی جگہ نہیں! بیٹھ جا'' میں نے کہا بیٹھ کر کیا کروں گا؟ فرمایا ''قل ھواللہ پڑھ کر ایصال ثواب کر'' میں نے پوچھا کسے؟ فرمایا ''مجھ کو'' عرض کیا زندوں کو؟ فرمایا ''تو نے مشکوۃ شریف نہیں پڑھی؟'' عرض کیا پڑھی تو ہے، فرمایا ''مسجد عشار والی روایت نہیں پڑھی؟'' عرض کیا پڑھی تو ہے، پوچھا کہ ''کہاں ہے؟'' میں نے عرض کیا

مشکوۃ کتاب الفتن میں،

(یہ روایت مشکوۃ کتاب الفتن باب الملاحم کی فصل ثانی میں ہے) حضرت نوراللہ مرقدہٗ بہت خوش ہوئے اور فرمایا مولانا سید سلیمان ندوی اس حدیث پر میرے معتقد ہو گئے، فرمایا ''ایک مرتبہ سید صاحب تشریف لائے انھوں نے یہ حدیث معلوم کی، میں نے کہا ابوداود میں ہے، سید صاحب نے پوچھا کہ کہاں ہے؟ میں نے کہا کتاب الملاحم میں، اور پھر کتاب منگوا کر دکھا بھی دی۔

تزکیہ کی طرف عدم التفات

ابتداءً بالکل بچپن میں تو طبیعت کا رجحان تھا لیکن بعد میں بعض وجوہات سے یہ خیال نکل گیا، اور یہی نہیں بلکہ کچھ اس کی اہمیت ہی نہیں رہی، حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب مرحوم نے بعض خطوط میں ناراضگی کا اظہار بھی کیا اور لکھا:

''تزکیہ ضروری ہے''

لیکن اس وقت کتابوں کی طرف غیر معمولی رجحان تھا ادھر بالکل التفات ہی نہیں ہوا، بلکہ ایک مرتبہ جب حضرت نوراللہ مرقدہٗ اپنے دارالتصنیف میں تشریف فرما تھے اور میں حسب معمول حاضر ہوا تو تھوڑی دیر کے بعد سوال کیا، کیا بیعت ہونا ضروری ہے؟ حضرت نوراللہ مرقدہٗ نے ارشاد فرمایا: ''بالکل نہیں''۔

پھر ایک زمانہ گزر گیا، بہت سے لوگ بیعت کی طرف توجہ دلاتے تھے، جیسے مولانا منور حسین صاحب، مولانا عبدالجبار صاحب، اور بعض اصرار کرتے تھے جیسے صوفی انعام اللہ صاحب، مگر کچھ التفات ہی نہ تھا۔

بیعت میں انقیاد ضروری

اچانک رمضان المبارک ۱۳۸۶ھ کے عشرۂ اخیر میں خیال پیدا ہوا اور بہت زور سے، حضرت نوراللہ مرقدہ سے عرض کیا، حضرت نے فرمایا: ''بیعت میں انقیاد اور عدم تنقید ضروری ہے، استخارہ کرلے''

میں نے عرض کیا حضرت! میں نے دعا کی ہے اس زمانہ میں اپنی دعا پر بڑا اعتماد تھا، مگر حضرت نے فرمایا کہ: ''استخارہ کم از کم تین مرتبہ، اور رات گزارنا اور سونا ضروری نہیں ہے''۔

منامی بشارت

تیسرے استخارہ میں خواب دیکھا مولانا اکرام صاحب فرمارہے ہیں کہ ''مدرسہ قدیم آجاؤ آباد ہوجائے گا''

ہمارا قیام اس زمانہ میں دارالطلبہ قدیم میں ہو چکا تھا، حضرت نے سُنکر فرمایا: ''یہ خواب امید افزا ہے''۔

خصوصی بیعت

۲۹/۱۹ یا ۳۰ کو ظہر کے بعد اپنے خلوت خانہ میں طلب فرما کر بیعت فرمایا۔

میں نے اس سے پہلے عرض کیا تھا کہ حضرت! جب عمومی بیعت ہوتی ہے میں بھی سب کے ساتھ شامل ہو جاؤں گا، مگر حضرت نور اللہ مرقدہ نے انکار فرمایا۔

ایک بات یہ بھی لکھ دوں کہ اس وقت بعض ایسے مشائخ کبار حیات تھے جن سے بندہ کو بہت عقیدت تھی لیکن بیعت میں حضرت نور اللہ مرقدہٗ ہی کی طرف طبعی رجحان تھا اور عقلاً بھی رجحان تھا، نیز یہ بھی کہ حضرت استاذ تھے اور پھر قریب بھی تھے۔

قیمتی نصائح

ہر وقت پاس رہنا تھا اس لئے خط و کتابت تو ہوتی نہیں تھی، بعض اوقات یونہی بعض پرچے مدینہ طیبہ سے بھجوائے ان میں بعض نصائح لکھیں اور بعض اوقات زبانی نصائح کیں:

(۱) ایک گرامی نامہ میں لکھا: ''جہاں تک ہو سکے اکابر کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کرنا اور ظاہر سے زیادہ باطن میں''۔

(۲) تیسرے سال بلڈ پریشر کی تکلیف پر تحریر فرمایا: ''ایک بات کا خیال رکھیو کہ اگر بیماری میں زبانی معمولات نہ ہو سکیں تو قلب کو ضرور اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ رکھیو، اور زبانی معمولات میں درود شریف کو مقدم رکھیو، میں نے درود شریف کے بہت فوائد دیکھے ہیں''۔

(۳) اور یہ تو کئی مرتبہ نصیحت کی: ''کبر سے پورا اجتناب کرنا، اور اپنی نا اہلی پیش نظر رہے، اگر کوئی کہے تو اس پر طبعی اثر غیر اختیاری چیز ہے، لیکن برا نہ ماننا چاہئے۔''

اسکا مطلب یہ ہے کہ عقلاً یہ خیال ہو کہ ہم تو بہت گندے ہیں، نہ معلوم کتنے عیوب ہیں اس لئے عقلاً برا نہ مانے، واللہ اعلم۔

(۴) ایک خط میں نے لکھا تھا کہ ایک طالب علم بہت اصرار کرتا ہے کہ بیعت کرلو، حضرت نور اللہ مرقدہٗ نے تحریر فرمایا: ''ضرور کرلو، سلسلہ چلانے کے لئے بیعت تو ضرور کرنا، مگر اپنی نا اہلیت کا استحضار رہنا چاہئے، اگر نہ کروگے تو یہ سلسلہ بند ہو جائے گا جو سلسلہ حضور پاک ﷺ سے چلا آرہا ہے'' (یہ خط اسٹینگر جنوبی افریقہ سے لکھوایا تھا)

(۵) ایک خط میں لکھوایا تھا: ''مدرسہ کے مال میں بہت احتیاط کرنا''۔

(۶) مرکز نظام الدین دہلی میں جب حضرت نور اللہ مرقدہٗ سے ملاقات ہوئی تو بالکل خلاف توقع معانقہ فرمایا، اور فرمایا کہ: ''اخلاص سے کام کرنا''۔

(۷) آخری خط جو۱۲/اپریل ۸۲ء کا تحریر کردہ ہے، اس میں میرے ایک خط کے جواب میں لکھا، جس میں میں نے اپنے امراض کی شدّت اور خواب میں اموات و مقابر دیکھنے کا تذکرہ کیا تھا لکھا کہ: ''اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے مجھے اور تم کو دونوں کو حسن خاتمہ کی دولت سے مالا مال کرے، ہر وقت اپنے عمل سے ڈرتے رہنا چاہئے، اگر چہ مالک کا کرم بڑا ہے اس کے کرم ہی کا سہارا ہے پھر بھی استغفار کثرت سے کرتے رہنا چاہئے''۔

مقرباں را بیش بود حیرانی

بھائی! ہم تو حضرت نور اللہ مرقدہٗ کے سب سے نالائق شاگرد اور ناکارہ و کم فہم مرید تھے، اور پھر مدرسہ کے متعلق معاملات پڑتے تھے اس میں کثرت سے ڈانٹ پڑتی تھی اور پھر حضرت نور اللہ مرقدہٗ ویسے ہی ہو جاتے تھے جیسے پہلے،

ہاں ایک آدھ مرتبہ بعض حضرات نے حضرت کو بہت ہی مکدر کر دیا لیکن معاملہ کسی اور ذات کے حوالہ تھا اللہ تعالیٰ نے پھر صفائی کرادی،

اور ہمارا مزاج یہ تھا کہ فضول ہم کسی کام میں پڑتے نہیں اس لئے جب اپنا کام بن جاتا تو پیچھے نہیں پڑتے تھے،

ایک عجیب قصہ مجمل لکھتا ہوں لکھنے کے لئے نہیں،

بعض حضرات نے شکایت کر کے حضرت کو مکدر کر دیا، حضرت ایک رمضان میں رنجیدہ رہے، رمضان تو گزر گیا، اس کے بعد ہم نے ایک پرچہ لکھا جس میں معافی مانگی اور یہ لکھ دیا کہ ''اگر کوئی کام ہو تو میرے حجرہ میں بھجوا دیا جائے مجھے سردی بہت لگتی ہے''۔

حضرت بہت خوش ہوئے اور کئی بار دعوت کی، اور رمضان شریف میں جن بعض حضرات نے فقرے کسے اور ستایا وہ آئے اور شرمندہ ہوئے، ہم نے اپنے دل میں کہا کہ ہم حضرت کے شاگرد و خادم ہیں، آپ حضرات کو ان قصوں میں نہ پڑنا چاہیے، اس کے بعد سے وہ صاحب تو ہمیشہ کے لئے بحمد اللہ خاموش ہو گئے۔

عطایا کی بارش

بارہا حضرت نے روپے دئے، ۸۴ھ کے حج میں جاتے ہوئے پچاس روپے دئے تھے اس کی **نصب الرایہ** خرید لی، حج سے آکر پوچھا کہ: ''میں نے چلتے ہوئے تجھے روپے دیئے تھے کچھ تیرے کام آئے؟'' میں نے عرض کیا کہ میں نے **نصب الرایہ** خرید لی، تو فرمایا کہ: ''اس کے لئے تو عمر پڑی تھی''۔

مقصد یہ تھا کہ دوسری ضروریات میں خرچ کرتے، **لامع الدراری** کے ختم پر تین سو روپے دیئے جس کی ہم نے **مرقاۃ المفاتیح** منگوائی اور متفرق اوقات میں دیتے رہے، کبھی تیس، کبھی پچاس، اکثر پچاس، اور گزشتہ سفر میں دو سو اور اس

سفر میں سودیئے، اور **بذل المجهود** مکمل، **لامع الدراری** مکمل، **أوجز المسالک** مکمل، **جزء حجة الوداع والعمرات** اور مختلف رسائل دیے، اور جب بندہ کی حاضری مدینہ طیبہ میں ہوئی تو فرمایا کہ ''میری کتابوں میں جو پسند ہو لے جا'' وہاں اس وقت اردو کتابیں تھیں، ایک کتاب ''**اللؤلؤ والمرجان فیما اتفق علیه الشیخان**'' تھی وہ ہم نے لے لی، حضرت نے اس کے بعد ایک کتاب بھجوائی ''**أبوهريرة فی ضوء مروياته**''، **تالیف ضیاء الرحمن الأعظمی** اس میں حضرت ابوہریرہؓ کی دوسو روایتیں جمع کر کے اس کے طرق وغیرہ پر کلام کیا گیا ہے اور مستشرقین نے جو ابوہریرہؓ کی کثرتِ روایت پر شکوک وشبہات کئے ہیں ان کی تردید کی ہے، اور تصوف سے متعلق حضرت کی جتنی تالیفات ہیں یا صوفی اقبال نے لکھیں تقریباً سبھی عطا فرمائیں، اور بعض تو بار بار بھجوائی۔

ذکر کی تجویز میں توارد

حضرت نوراللہ مرقدہٗ سے بیعت تو ہو گیا لیکن ذکر پوچھنے کی ہمت ہی نہ ہوتی، اپنے امراض کی وجہ سے یہ سمجھتا رہا کہ میرے بس سے باہر ہے اور نہ حضرت نے بیعت کے وقت کچھ فرمایا، ایک مرتبہ رمضان میں ازخود اپنے لئے ایک نصاب مقرر کر کیا یعنی تین تسبیح **لا الہ الا اللہ** کی اور پانچ تسبیحات **اللہ اللہ** کی، اس کے بعد جب چند روز بعد غالباً عشاء کے بعد حاضر ہوا تو حضرت نے فرمایا: ''ذکر کر لیا کرو'' اور مذکورہ بالا نصاب بتایا، بس میں تو سمجھتا ہوں کہ اعتکاف میں حضرت کے ساتھ تھا حضرت کے مبارک قلب کا اثر پڑا جو خود ایک نصاب مقرر کر لیا اور حضرت نوراللہ مرقدہٗ نے وہی بتلایا، پھر معلوم ہوا کہ حضرت مشغول حضرات کو یہی نصاب بتاتے تھے۔

معمولات میں اضافہ

کچھ دنوں کے بعد حضرت کے بعض ارشادات کی بنا پر تھوڑا تھوڑا اسم ذات کا اضافہ شروع کیا، اور سترہ سو تک پہنچا دیا، لیکن حضرت نے کم کرنے کو فرمایا اور فرمایا کہ: ''اسم ذات ایک ہزار رکھو'' یہی اب تک معمول ہے، پاس انفاس کا حکم بار بار دیا اور مراقبہ دعائیہ بھی بتایا، بس جیسے ہم ہیں ویسا ہی ہمارا ذکر، حضرت کے زمانہ میں اور اب بھی نفی واثبات واسم ذات کا تو معمول ہے، الا یہ کہ مرض یا کوئی شدید مانع ہو باقی اور چیزیں کبھی ہو گئیں کبھی نہیں۔

ایک مرتبہ ایک گرامی نامہ میں تحریر فرمایا جبکہ میں بہت بیمار ہو گیا تھا کہ: ''دل سے ہر وقت اللہ کی طرف متوجہ رہے''

یہ بھی لکھ دوں کہ زیادہ مجاہدہ میرے بس کا نہیں تھا اور نہ ہے، ایک مرتبہ رمضان شریف میں حضرت سے عرض کیا کہ: ''حضرت! یہ رات بھر کی بیداری میرے بس کی نہیں'' تو فرمایا: ''سب کو اس کی ضرورت نہیں''

ایک مرتبہ اعتکاف میں خواب دیکھا کہ حضرت لوگوں کو کچھ تقسیم فرما رہے ہیں، میں اگلے روز حاضر ہوا خواب عرض

کیا، اور عرض کیا: ''حضرت! اگر بیداری کرنے والوں کو ملے گا تو ہم محروم ہو جائیں گے'' حضرت نے فرمایا: ''نہیں انشاء اللہ''، ایک مرتبہ اعتکاف میں بہت بیمار ہو گیا، اس زمانہ میں کچھ ذکر وغیرہ نہیں کرتا تھا، حضرت نے غالباً بھائی ابوالحسن صاحب یا کسی اور سے کہلوایا کہ: ''اگر اختیاری مجاہدہ نہیں کرتے تو اضطراری کرایا جاتا ہے'' مگر ہم نے اپنی نالائقی سے کوئی اثر نہیں لیا۔

ناظم صاحبؒ کی طرف سے خلافت

حضرت اقدس مولانا اسعد اللہ صاحب (سابق ناظم اعلیٰ مدرسہ مظاہر علوم) نور اللہ مرقدہٗ نے بروز پنجشنبہ ۵ محرم الحرام ۱۳۹۳ھ میں ظہر کے بعد اجازت مرحمت فرمائی جس کا از خود شہرہ ہو گیا، چونکہ احقر کا بیعت کا تعلق حضرت قطب العالم شیخ الحدیث کاندھلوی ثم المہاجر المدنی نور اللہ مرقدہ سے تھا اس لئے حضرت ناظم صاحب کی اجازت کے بعد بھی اپنے حضرت نور اللہ مرقدہٗ سے ہی تربیت کا تعلق رہا اور بحمد اللہ بالکل کبھی اجازت کا کوئی خیال بھی نہیں آتا تھا گو اہل اللہ کے ارشاد کی دل میں قدر تھی اور ہے۔

حضرتؒ کی طرف سے اجازت

پھر جب حضرت اقدس نور اللہ مرقدہٗ رمضان شریف کے لئے مدینہ منورہ سے سہارنپور تشریف لائے تو حسب معمول اعتکاف کیا، اور رمضان کے بعد شوال میں مجلس شریف میں حسب معمول حاضری ہوتی رہی، غالباً ۵ ذی قعدہ تھی، بروز پنجشنبہ صبح کی مجلسِ ذکر میں حاضر ہوا تو حضرت نور اللہ مرقدہٗ نے ذکر سے فراغت کے بعد بلوایا، اور فرمایا کہ: ''تو جمعہ کے دن حاجی شاہ جاتا ہے؟'' (حاجی شاہ سہارنپور کا مشہور قبرستان ہے)

عرض کیا حضرت! مجھ کو سردی بہت لگتی ہے، حضرت نے فرمایا کہ: ''یہاں آ'' اور چارپائی پر بیٹھنے کے لئے فرمایا، اور فرمایا کہ: ''میرا ارادہ تین چار سال سے تجھے اجازت دینے کا ہے لیکن تیرے اندر تکبر ہے''، میں خاموش رہا اور الحمد للہ حضرت کے کہنے پر طبیعت پر ذرہ برابر اثر نہیں ہوا،

اس کے بعد میں نے عرض کیا کہ حضرت والا کو حضرت ناظم صاحب کی اجازت کا علم ہو گیا ہوگا؟ فرمایا کہ: ''ہاں'' میں نے عرض کیا حضرت میری سمجھ میں بالکل نہیں آیا کہ حضرت ناظم صاحب نے کیوں اجازت دی؟ حضرتؒ نے اس پر کیا ارشاد فرمایا یاد نہیں رہا، پھر فرمایا کہ: ''تجھے میری طرف سے اجازت ہے''

اس کے بعد میں نے عرض کیا کہ حضرت مجھے کچھ دن پیشتر ایک عجیب حالت طاری ہوئی تھی جیسے میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہوں اور نماز سے فراغت پر نقص ہی نقص نظر آتا تھا اور اسی وقت نماز کے بعد استغفار پڑھنے کی حقیقت سمجھ میں آئی،

اورایساہوگیاتھا کہ اگر کوئی مجھے چارپائی کے سرہانے بیٹھنے کو کہتا تو آنکھوں میں آنسو آجاتے، اور ایک مرتبہ ایک جگہ لوگوں نے امامت کے لئے کہہ دیا تو آنسو آگئے، لیکن نادانی سے ایک جملہ کہنے پر ساری حالت جاتی رہی، میں نے کہہ دیا کہ: 'جب آدمی ذکر پر مداومت کرتا ہے تو اس کو ہمہ وقت ایک معیت حاصل ہوجاتی ہے اوراپنی نااہلی کا ہروقت استحضار ہوجاتا ہے''، اس میں عجب نفس شامل تھا، بس ساری حالت کافور ہوگئی۔

حضرتؒ نے فرمایا: ''انشاء اللہ تعالیٰ پھر حاصل ہوجائے گی''، اب تک تو حاصل نہیں ہوئی لیکن حضرت کی برکت سے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس ناکارہ روسیاہ پر نظر کرم فرمادیں اور دوام حضوری عطا فرمائیں، اسکے بعد حضرت کے یہاں کچھ مہمان آگئے حضرت نے فرمایا: ''ان کے ساتھ بیٹھ جا''، ناشتہ سے فراغت کے بعد واپس ہوئے تو مدرسہ قدیم کے دروازہ پر پہونچ کر ایسا معلوم ہوا جیسے سینے میں کوئی چیز داخل ہوگئی، اسکی تعبیر الفاظ میں نہیں ہوسکتی، اور دل میں ذکر کا ایک شدید شوق پیدا ہوگیا اس کے بعد۔

خواب میں حضرت مدنیؒ کی زیارت

ایک مرتبہ خواب دیکھا کہ حضرت معتکف میں ہیں اور حضرت مدنی نوراللہ مرقدہٗ بھی تشریف فرما ہیں، حضرت مدنیؒ کا مصلیٰ بچھا ہوا ہے میں اس پر آکر کھڑا ہوگیا، حضرت سے اگلے سال عرض کیا تو ایک مصلیٰ عنایت فرمایا، میں تو ہمیشہ سہارنپور ہی رہتا تھا، ہاں جب پاکستان حاضری ہوئی تو فرمایا: ''اپنی جگہ کام کرنا چاہئے تھا''۔

(اسکے بعد حضرت شیخؒ کے کچھ حالات ودرس بخاری کی خصوصیات
تحریر فرمائی ہیں جن کو اختصاراً حذف کیا جاتا ہے، ازمرتب)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۱) رواۃِ متواتر کی ابتداء کہاں سے ہوتی ہے؟

(۲) تواطؤ علی الکذب کا محال ہونا عقلاً مراد ہے یا عادۃً ؟

(خط بنامِ حضرت اقدس شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب مدظلہ)

سوال:

اے والد روحانی، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جو مسئلہ زبانی معلوم کرنا چاہتا تھا آپ نے فرمایا تھا خط کے ذریعہ معلوم کرنا زیادہ مناسب ہے کہ اطمینان سے جواب لکھا جائے گا وہ مسئلہ یہ ہے کہ

(۱) تواتر فی السند میں جو تعداد بیان کرتے ہیں کہ اتنی ہو کہ اس تعداد کا تواطؤ علی الکذب مستحیل ہو عادۃً یا عقلاً، اس تعداد میں مدارِ سند یعنی صحابیؓ بھی داخل ہے یا رواۃ کی یہ تعداد صحابیؓ کے بعد سے شمار کی جاتی ہے؟ صراحۃً کسی نے ائمۂ جرح وتعدیل میں سے اسکو ذکر کیا ہے یا نہیں؟ اگر کسی نے صراحۃً ذکر کیا ہو تو اس کتاب اور اس مقام سے مطلع فرمادیں اور اگر نہیں کیا تب بھی فرمادیں کہ رواۃ متواتر کی ابتداء کہاں سے ہوتی ہے؟

(۲) نیز تواطؤ علی الکذب عقلاً مستحیل ہو یا عادۃً، عبارتیں دونوں قسم کی ملتی ہیں، صحیح یا راجح کیا ہے؟

والسلام

راقم فیض الحسن

مدرسِ دارالعلوم دیوبند

جواب: عنایت فرمایم سلمہٗ، بعد سلام مسنون! یہ ناکارہ اپنی آنکھوں کی وجہ سے اب مراجعتِ کتب سے معذور ہے اسلئے تمہارا خط اپنے یہاں کے مدرس مولانا محمد یونس صاحب کو جو میرے بعد سے بخاری پڑھا رہے ہیں دے رہا ہوں کہ جواب لکھ کر بھیج دیں، آئندہ بھی حدیث پاک سے متعلق جو استفسار ہو وہ مولانا محمد یونس صاحب مدرس

مظاہر علوم سہارنپور سے براہ راست پوچھ لیں۔ فقط والسلام

حضرت اقدس شیخ الحدیث (محمد زکریا) صاحب

جواب:

تواتر کے لیے ایسی جماعت جن کا توافق علی الکذب عادۃً محال ہو ہر طبقہ میں شرط ہے، سارے ہی اہل اصول اسکی تصریح فرماتے ہیں:

قال ابن الهمام في التحرير: فالمتواتر خبر جماعة يُفيد العلم، لا بالقرائن المنفصلة، بخلاف مايلزم نفسهٗ أو المخبِر أو المخبَر عنه، وعنه يتفاوت عددهٗ، وشروط المتواتر تعدّد النقلة بحيث يمنع التواطؤ عادةً على الكذب والاستناد إلى الحسّ، ويشترط في كل واحد استواء الطرفين والوسط في ذلك أي التعدّد والاستناد، لأنّ أهل كلّ طبقة لهم حكم أنفسهم فيشترط كل منهما فيهم. انتهىٰ بزيادة من التقرير والتحبير لابن أمير الحاج (ص۲۳۳/۲)۔

محقق ابن ہمام نے استواء الطرفین والوسط کو شرط قرار دیا ہے یہی سارے اہل اصول ذکر فرماتے ہیں۔ اور طرفین سے مراد طرفِ ابتداء یعنی جہاں سے سند شروع ہوتی ہے اور طرف انتہا یعنی جہاں سند منتہی ہوتی ہے۔ اور طرفِ انتہا وہ خود صحابی ہے۔ اسی لیے متواتر کی جتنی بھی مثالیں علماء نے لکھی ہیں ہر جگہ صحابہؓ کی ایک جماعت موجود ہے۔

محقق ابن ہمام آگے چل کر لکھتے ہیں۔

والحنفية قالوا: الخبر متواتر وآحاد ومشهور وهو ما كان آحاد الأصل متواتراً في القرن الثاني والثالث. اه.

اس عبارت میں بھی یہی بات ہے۔ اس لیئے کہ قرونِ ثلاثہ میں قرنِ اول قرنِ صحابہؓ ہے اور قرنِ ثانی قرنِ تابعین اور قرنِ ثالث قرنِ تبع تابعین ہے اور باوجود حدیث کے متواتر فی القرن الثانی ہو جانے کے وہ متواتر نہیں کہلاتی اس لیے کہ قرنِ اول میں تواتر نہ تھا۔ معلوم ہوا کہ تواتر کے لیے قرن صحابہؓ میں بھی ایک جماعت کا ہونا شرط ہے۔

صاحب مسلم الثبوت فرماتے ہیں:

"وعند عامة الحنفية ماليس بمتواتر احاد ومشهور."

علامہ بحر العلوم فواتح الرحموت (ص۴۰۰) میں لکھتے ہیں:

"فالقسمة عندهم مثلثة. وجه الحصر أن الخبر إن رواه جماعة لا يتوهّم تواطؤهم على الكذب ثمّ وثمّ فمتواتر وإلّافإن روى عن صحابيؓ جماعة لا يتوهّم تواطؤهم ثمّ وثمّ وتلقّته الأمّة بالقبول فمشهور" اھ۔

یہ عبارت مصرح ہے کہ طبقۂ صحابہؓ میں جماعت شرط ہے۔

وقال ابن عابدين في حاشية الدرّالمختار (ص۱۷۷/۱): المشهور في أصول الفقه مايكون من الآحاد في العصر الأوّل أي عصر الصحابةؓ ثم ينقله في العصر الثاني وما بعده قوم لايتوهّم تواطؤهم على الكذب. الخ. والله أعلم.

(۲) عامۂ اہلِ اصول محال عادۃً ہی کو شرائط تواتر میں ذکر کرتے ہیں۔

كما قد سبق في كلام ابن الهمام وتبعهٗ تلميذهٗ ابن أمير الحاج، وهكذا قال البيضاوي في المنهاج (ص۲/۳۷) والأسنوي في نهاية السؤل (۲/۷۷) والحافظ في شرح النخبة وتلميذه السخاوي في فتح المغيث (۳۴۸) والسيوطي في التدريب (۳۷۳) والجزائري في توجيه النظر والقاري في شرح شرح النخبة والقسطلاني في مقدمة شرح البخاري (۱۹). قال شارح المقدمة: قوله تحيل العادة، التعويل على العادة في ذلك هو ماصرّح به جمع من المحقّقين، فالقول بالتعويل على العقل وهمٌ أو مؤوّل، قاله شيخ الإسلام أي بأن العقل يحكم بالاستحالة بالنظر إلى العادة لا بالنظر إلى التجويز العقليّ مجرداً عنها فإنه لايرتفع وإن بلغ العدد ما بلغ، لكن ذلك التجويز لا يمنع حصول العلم العادي. انتهىٰ. (لكن القول بالتعويل على العقل مختار بعض أهل الكلام ذكره في الجواهر البهية (ص۱۷۷). والله أعلم.

محمد یونس

وقد عرضته على شيخنا فأقرّه

۱۰/۶/۹۰ھجری یوم الجمعة

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

دخل رجل علی أهله فلما رأی ما بهم من الحاجة... کہاں ہے؟

سوال:

یہاں پر ایک حدیث چل رہی ہے مگر وہ ملتی نہیں ہے کہ ایک صحابیؓ گھر سے تنگی کی وجہ سے نکل گئے اور کسی کی مزدوری نہیں کی مگر نماز پڑھتے رہے شام کو گھر آئے تو چکی گھوم رہی تھی گھر کے برتن بھر گئے پھر چکی اٹھا کر دیکھا کہ آٹا کہاں سے آتا ہے تو چکی چلنا بند ہوگئی۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ اگر چکی نہ اٹھاتے تو قیامت تک چلتی رہتی۔

السائل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جواب:

أخرجه أحمد(ص۱۳ ۵/ ۲) عن أبی هريرةؓ قال: دخل رجل علی أهله، فلمّا رأی مابهم من الحاجة خرج إلی البريّة، فلمّا رأت امرأته قامت إلی الرحیٰ فوضعتها وإلی التنّور فسجرته ثم قالت: أللهم ارزقنا، فنظرت فإذا الجفنة قدامتلئت، قال: وذهبت إلی التنّور فوجدته ممتلئاً، قال: فرجع الزوج، قال: أصبتم بعدی شیئاً ؟ قالت امرأته: نعم من ربّنا، وقام إلی الرحیٰ فرفعها فذکر ذلک للنبیﷺ، فقال: أما أنه لو لم یرفعها لم تزل تدور إلی یوم القیامة. وکذا رواه البزّار والطبرانی فی الأوسط، ورجالهم رجال الصحیح غیر شیخ البزار وشیخ الطبرانی وهما ثقتان. کذا قاله الهیثمی (ص۲۵۷/ ۱۰).

کتبه محمد یونس عفی عنه

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

کیا قبرستان کے مُردوں کا چالیس روز تک قبر کا عذاب معاف ہوجاتا ہے؟

فضائلِ گشت میں گشت کے راستے دوسرے راستے پر فخر کرتے ہیں؟

من تمسّک بسنّتی عند فساد أمّتی صحیح ہے یا ضعیف؟

جماعت کے رہبر کی فضیلت

تفکّر ساعة خیر من عبادة ستّین سنةً

جہادِ حقیقی کی فضیلت تبلیغی جماعت پر منطبق ہوگی؟

سوال:

(۱) بعض تبلیغی بھائیوں کی زبانی سنائی دیتا ہے کہ تبلیغی گشت اور سفر یا فضائل علم کے متعلق فرماتے ہیں کہ یہ جماعت یا طالب علم جس قبرستان کے قریب سے گزرتے ہیں اس قبرستان کے مردوں کا چالیس روز تک قبر کا عذاب معاف ہو جاتا ہے، کیا یہ حدیث میں ثابت ہے؟ اگر ہے تو بحوالہ کتاب براہ کرم رقم فرما کر تشفی خاطر کریں۔

(۲) وہ لوگ فضائل گشت میں یہ بھی فرماتے ہیں کہ جس راستے سے مجاہدین و مبلغین اسلام گذرتے ہیں بزبان حال وہ راستے دوسرے راستوں پر فخر کرتے ہیں، یہ بھی ٹھیک ہے یا نہیں؟

(۳) ایک حدیث جو سب میں مشہور ہے کہ **من تمسّک بسنّتی عند فساد أمّتی فله أجر مأة شهید.** اس حدیث کے بارے میں ہمارے بعض علماء کے درمیان اختلاف پیدا ہو گیا ہے، بعض کہتے ہیں کہ یہ حدیث نہایت ضعیف ہے قابل عمل نہیں ہے، بعض لوگ جو اس کو صحیح جانتے ہیں ان میں بھی اختلاف ہے، بعض کہتے ہیں کہ **بسنّتی** میں پوری سنت مراد ہے یعنی اگر پوری سنتوں پر عمل کرے تو ایک سو شہیدوں کے اجر کا مستحق ہوگا، دو ایک پر عمل کرنے سے نہیں ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ فتنہ و فساد کے زمانے میں کسی ایک سنت پر بھی اگر مضبوطی سے عمل کرلے چاہے کھانے کی سنت یا پینے کی یا نشست و برخواست کی یا لباس و پوشاک کی یا ڈاڑھی وغیرہ کی یعنی جو بھی ایک سنت پر عمل کرے گا تو سو شہیدوں کا ثواب حاصل ہوگا، کیا یہ صحیح ہے؟ اسکے **مالها وماعلیها** سے مطلع فرمادیں۔

(۴) بعض لوگ جماعت کی رہبری کی فضیلت کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص جماعت کا رہبر ہوگا قیامت کے دن اللہ میاں رہبر بنا کر جنت میں لیجائیں گے، یہ روایت ٹھیک ہے یا نہیں؟

(۵) ایک حدیث جو لوگوں کے منہ سے سنائی دیتی ہے کہ **تفکّر ساعة خیرٌ من عبادة ستّین سنةً أو ثمانین**

سنةً أو كما قال عليه السلام. یہ حدیث صحیح ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو یہاں فکر سے کونسی فکر مراد ہے اور کس قسم کی فکر مطلوب ہے؟

(۶) نیز ایک حدیث جو فضیلتِ جہاد حقیقی پر مشتمل ہے یعنی اللہ کے راستے میں ایک ساعت ٹھہرنا شب قدر میں حجر اسود کے سامنے کھڑے ہو کر ساری رات عبادت کرنے سے افضل ہے، یہ حدیث ہماری موجودہ تبلیغی جماعت پر منطبق ہوگی یا نہیں؟ براہِ کرم ان اشکالات کو مضبوط دلیل سے رفع فرمادیں۔

السائل ــــــــــــــ

جواب:

(۱) **قال التفتازانی فی شرح العقائد النسفیة(ص۱۲۳):قال علیه الصلاة والسلام: إن العالم والمتعلّم إذامرّا علی قریةٍ فإن اللہ تعالیٰ یرفع العذاب عن مقبرة تلک القریة أربعین یوماً. انتهیٰ. قال علی القاری فی الموضوعات الکبیر (ص۲۴):قال الحافظ جلال الدین السیوطی: لا أصل له.**

(۲) **أخرج الطبرانی فی الأوسط من طریق صالح المرّی عن جعفر بن زید عن أنس بن مالکؓ قال: قال رسول اللہ ﷺ: مامن صباح ولارواح إلابقاعُ الأرض ینادی بعضُها بعضاً یا جارة! هل مرّبک عبد صالح صلیٰ علیک أو ذکر اللہ؟ فإن قالت: نعم، رأت لها بذلک علیها فضلاً. قال الحافظ الهیثمی فی مجمع الزوائد (ص۲/۶): صالح المرّی ضعیف. قلت: هو صالح بن بشر المرّی الزاهد المشهور معروف عند أهل الحدیث، والرجال ترجم له فی المیزان. ضعّفه ابن معین والدار قطنی، وقال الفلاس والبخاری: منکر الحدیث، وقال النسائی: متروک، وقد روی عباس عن یحیی لیس به بأس. قلت: وأخرجه ابن المبارک فی الزهد(ص۱۱۳)من هذا الوجه موقوفاً علی أنسؓ، وأخرج قول ابن مسعودؓ: إنّ الجبل یقول للجبل: یا فلان! هل مرّ بک الیوم ذاکر اللہ تعالیٰ؟ فإن قال: نعم، سرّ به.**

(۳) **حدیث من تمسّک بسنّتی عند فساد أمّتی فله أجر مأة شهید. أخرجه البیهقی فی کتاب الزهد وابن عدی فی الکامل، وفی إسناده الحسن بن قتیبة. قال ابن عدی: أرجو أنه لا بأس به. قال الذهبی فی المیزان: بل هو هالک. قال الدار قطنی فی روایة البرقانی: متروک الحدیث. وقال أبو حاتم: ضعیف. وقال الأزدی: واهی الحدیث. وقال العقیلی: کثیر الوهم. انتهی. وقال الحافظ ابن**

حجر العسقلانی فی فتح الباری (ص ۶/۳۵۲): والحسن بن قتیبة ضعیف. قلت: ورواه الطبرانی فی الأوسط من حدیث أبی هریرةؓ بلفظ المتمسّک بسنّتی عند فساد أمّتی له أجرشهید. بحذف لفظ مأة، هکذا حکاه المنذری فی الترغیب والهیثمی فی مجمع الزوائد (ص ۱/۱۷۲)، وقال: فیه محمد بن صالح العدوی ولم أر من ترجمه، وبقیة رجاله ثقات. قلت: وذکره القاضی عیاض فی الشفاء عن أبی هریرةؓ بلفظ المتمسّک بسنّتی عند فساد أمّتی له أجر مأة شهید. قال القاری والخفاجی فی شرحهما علی الشفاء (۳/۳۲۸): رواه الطبرانی فی الأوسط. وظنّی أن الصواب ما حکاه المنذری والهیثمی. فإن الحدیث ذکره البغوی فی المصابیح عن أبی هریرةؓ، وبیّض له صاحب المشکوة (ص ۳۰). وذکر الجزری فی تخریجه: أن الحدیث أخرجه البیهقیّ فی کتاب الزهد من حدیث ابن عباسؓ، کذا فی حاشیة المشکوة وکذا ذکره القاری فی المرقاة (ص ۱/۲۵۰) عن میرک شاه. فعلم أن الحدیث بهذا اللفظ لا یوجد من حدیث أبی هریرةؓ إلا أن إیراد البغوی فی المصابیح والقاضی عیاض فی شفائه هذا الحدیث من مسانید أبی هریرةؓ یقتضی أنه مروی عنه فإنهما من کبار الحفاظ وقد ذکرا بزیادةالمأة. وقد عزاه القاری والخفاجی إلی المعجم الأوسط للطبرانی فلعلّه فی الأوسط باللفظین وهذا غیر مستبعد. والله أعلم.

ہمارے کلام سابق سے معلوم ہوگیا ہوگا کہ یہ حدیث بالکل ساقط بھی نہیں ہے اور نہ بالکل صحیح ہے لیکن فضائلِ اعمال میں قابل عمل ہے جیسا کہ محدثین عبدالرحمٰن بن مہدی، احمد بن حنبل، یحییٰ بن معین، عبداللہ بن مبارک، سفیان ثوری نے تصریح فرمائی ہے کہ حدیثِ ضعیف فضائل اعمال میں قابل عمل ہے۔

حافظ خطیب بغدادی نے الکفایہ (ص ۱۳۳) میں ایک باب قائم فرمایا ہے 'باب التشدّد فی أحادیث الأحکام والتجوّز فی فضائل الأعمال' بلکہ امام نووی نے شرح المہذّب (ص ۳/۱۲۲) وغیرہ اپنی تصانیف میں فضائل میں حدیث ضعیف کے مقبول ہونے پر اجماع نقل فرمایا ہے۔ لیکن دیگر علماء نے یہ بھی شرط فرمائی ہے کہ ضعف شدید نہ ہو، کسی اصل عام کے تحت مندرج ہو اور اس کے ممنوع ہونے پر کوئی دلیل خاص قائم نہ ہو، کما حکاه السخاوی (ص ۱۲۱) عن شیخه الحافظ ابن حجر.

ان سب امور کے پیش نظر حدیث قابل عمل بلکہ اس سے بھی زیادہ اہم ہے۔

اب صرف دو باتیں رہ گئیں۔

اول یہ حدیث سنت واحدہ پر صادق آسکتی ہے یا اس سے ساری شریعت مراد ہے؟ ثانی یہ فضیلت کیوں ہے؟

امر اول کا جواب یہ ہے کہ حدیث پاک میں یہ فضیلت اس وقت ذکر فرمائی گئی ہے جبکہ امت میں فساد ہو یعنی عقائد و اعمال بگڑ چکے ہوں۔ سیرت نبویہ **علی صاحبها الصلاة والسلام** پر عمل ترک ہو چکا ہو۔ اب ظاہر ہے کہ جیسا فساد ہوگا اسی اعتبار سے اتباع سنت میں دشواری ہوگی، حتی کہ بسا اوقات **ایک سنت** پر عمل کرنے میں جان و مال عزت و آبرو کی بازی لگانی پڑے گی جیسا کہ بعض رسومات کے ترک پر بسا اوقات فتنہ کی نوبت آجاتی ہے اور اہل سنت و بدعت کے اختلاف میلادِ مروج و فاتحۂ مروجہ کے سلسلے اور ان پر ہنگامے اسکی بیّن دلیل ہے، اگر سنت واحدہ حدیث پاک میں مراد لیجائے تو کچھ مستبعد نہیں ہے اگرچہ بظاہر ساری ہی سنت پر عمل کرنا مراد ہے۔ **کما لا یخفیٰ**.

امر ثانی کا جواب یہ ہے کہ کیوں کہ اس قسم کے مواقع میں جان کی بازی لگا کر ہی عمل ہوسکتا ہے جیسا کہ کفار کے مقابلہ میں جان کو قربان کر کے پھر مقصود حاصل ہوتا ہے اس لیے یہ ثواب عنایت ہوگا، یا اسوجہ سے کہ اس میں اپنے نفس پر جہاد ہوتا ہے جیسا کہ **قتال فی سبیل اللہ** میں کفار سے جہاد ہوتا ہے اس لئے ثوابِ شہادت عنایت فرمایا جائے گا۔

اور سو کا عدد بظاہر تکثیر کے لیے ہے، حضرات شراح نے اسی قسم کی احادیث میں تکثیر پر محمول فرمایا ہے اور اہل عرب کے یہاں یہ عدد تکثیر کے لیے مستعمل ہوتا ہے۔ **واللہ أعلم، هذاما عندی ولعلّ عند غیری أحسن من هذا.**

(۴) یہ حدیث بالفاظ مذکورہ فی السؤال تو نہیں ملی، لیکن بظاہر دو حدیثوں سے یہ مضمون ماخوذ ہے۔

اول حدیث مسلم **'من دلّ علی خیر فله مثل أجر فاعله'**.

ثانی حدیث مسلم ایضاً **'من سلک طریقاً یطلب فیه علماً سلک الله به طریقاً إلی الجنّة'**. اس سے یہ مضمون اس طور پر ماخوذ ہے کہ دال علی الخیر مثلِ فاعلِ خیر کے ہے اور یہ دلالت علم کا ایک طریق ہے جس کے بارے میں دوسری حدیث میں ضمانت لی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو جنت کے راستہ پر چلائیں گے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

(۵) حدیث **'تفکّر ساعة خیرٌ من عبادة ستّین سنةً'**.

هذا الحدیث أخرجه أبو الشیخ فی کتاب العظمة له من طریق عثمان بن عبدالله القرشی عن إسحاق بن نجیح الملطی عن عطاء الخراسانی عن أبی هریرةؓ مرفوعاً 'فکرة ساعة خیرٌ من عبادة ستّین سنةً'.

وأورده ابن الجوزی فی الموضوعات، وتعقّبه السیوطی فی اللآلی (ص ۳۲۷) بأن العراقی اقتصر فی تخریج الإحیاء علی تضعیفه. قلت: هذا عجیب من السیوطی فإن العراقی لما ذکر قول

الغزالی فی الإحیاء (ص ۱ ۴/۳۶) حدیث تفکّر ساعة خیر من عبادة سنة ، قال: أخرجه ابن حیان فی کتاب العظمة من حدیث أبی هریرةؓ بلفظ ستّین سنةً بإسناد ضعیف، ومن طریقه ابن الجوزی فی الموضوعات.

ورواه أبو منصور الدیلمی فی مسند الفردوس من حدیث أنسؓ بلفظ ثمانین سنةً، و إسناده ضعیف جداً. ورواه أبو الشیخ من قول ابن عباسؓ بلفظ خیر من قیام لیلة. انتهیٰ. فهذا قد عقّبه العراقی لکلام ابن الجوزی والعراقی یتجنّب الحکم بالوضع کما علمتُ باستقراء کلامه فلذا حکم بالضعف. ثم عقّبه بإیراد ابن الجوزی له فی الموضوعات ولم یتعقّبه بالردّ.

و ذکر السیوطی فی اللآ لی بعض شواهده. منها ماأخرجه الدیلمی من طریق سعید بن میسرة البکری البصری عن أنسؓ قال: تفکّر ساعةٍ فی اختلاف اللیل والنهار خیرٌ من عبادة ألف سنةٍ.

قلت: وسعید بن میسرة قال البخاری: عنده مناکیر، وقال أیضاً :منکرالحدیث،وقال ابن حبان: یروی الموضوعات، کذا ذکر الذهبی فی المیزان، وأورد فی ترجمته أحادیث، وقال: روی له ابن عندی هذه الأحادیث، وقال: هو مظلم الأمر، قال الحافظ ابن حجر فی اللسان: قال أبو حاتم: لیس یُعجبنی حدیثه وهو منکر الحدیث ضعیفه، یروی عن أنسؓ المناکیر، وقال أبو أحمد الحاکم: منکر الحدیث، وذکره ابن الجارودو الساجی فی الضعفاء، وأخرج أبو الشیخ فی العظمة من طریق عمرو ابن قیس الملائی قال: بلغنی أن تفکّر ساعة خیر من عمل دهر من الدهر.

ان ساری عبارات سے حدیث کا مقام خود متعین ہوجاتا ہے، بظاہر مرفوعاً ثابت ہونا مشکل ہے، اسلیے کہ کوئی طریق علّت قادحہ سے خالی نہیں ہے، اوراگر ثابت ہوجائے تو پھراسکی توجیہ یہ ہوگی کہ جس قدر تدبر وتفکر ہوگا اسی قدر اپنی ذلت اور بے مائیگی اورحق تعالی کی عظمت وکبریائی پیش نظر ہوگی، جس کا ثمرہ خشیت باری تعالی مرتب ہوگا۔

نیز تفکر اگر آلاءاللہ میں ہوتو شکر وشوق پیدا ہوگا اور پھر بڑھتے بڑھتے یہی راسخ ہوکر نسبتِ یادداشت بن جائے گا، جو عین مقصود سالکین ہے، بظاہر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ الفاظ تو ثابت نہیں ہیں لیکن تقریر بالا کے پیش نظر معنی ثابت ہیں، اوراسکا شاہد آیت شریفہ ﴿ إن فی ذلک لآیٰتٍ لأولی الألباب الذین یذکرون الله قیاماً وقعودًا وعلی جنوبهم ویتفکّرون فی خلق السمٰوٰتِ والأرض﴾ اورآیت ﴿ إن فی خلق السمٰوٰتِ والأرضِ واختلاف اللّیل والنّهار لآیٰت لأولی الألباب﴾ اورآیت ﴿إنَّ فی ذلک

لعبرةً لأولی الأبصار﴾ وغیرہ ہیں۔

فکرونظر سے مراد وہی فکرونظر ہے جو معرفت حق کا سبب ہو ورنہ ایسا فکرونظر جو ملحدوں کو ہوتا ہے تو وہ عین بُعد وسبب عذاب ہے۔

قال أبو علی الروذباری: التفکر علی أربعة أوجهٍ. فکرةالله فی آیات الله، وعلامتها تولّد المحبة،وفکرة فی وعدالله بثوابٍ، وعلامتها تولّد الرغبة، وفکرة فی وعیده تعالیٰ، وعلامتها تولّدالرهبة، وفکرة فی جفاء النفس مع إحسان الله، وعلامتها تولّد الحیاءمن الله تعالی. طبقات شافعیہ (ص ۱۰۱/۲)، واللہ اعلم۔

(۶) هذا الحدیث أخرجه ابن حبان فی صحیحه والبیهقی وغیرهما من طریق مجاهد عن أبی هریرةؓ أنه کان فی الرباط ففزعوا إلی الساحل ثم قیل: لابأس، فانصرف الناس وأبوهریرةؓ واقف فمرّبه إنسان، فقال: مایوقفک یا أبا هریرة ؟ فقال: سمعت رسول الله ﷺ یقول: موقف ساعة فی سبیل الله خیرٌ من قیام لیلة القدر عند الحجر الأسود. کذا فی الترغیب (ص ۲۲۶/۱).

فی سبیل اللہ کے دو اطلاق ہیں۔

ایک خاص یعنی جہاد، اور یہی معنی عند الاطلاق متبادر ہوتے ہیں، اسلیے کہ اہل عرف نے عام طور پر اسی میں استعمال کیا ہے۔

ثانی ہر وہ کام جو اللہ کے لیے ہو، حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی شرح مشکوۃ میں لکھتے ہیں: **وفی سبیل الله کنایة عن السعی إلی الجهاد وهو المتعارف فی الشرع، وقد یرادبه السعی إلی الحجّ والرّزق الحلال. کذا فی حاشیة الترمذی(ص ۱۹۶/۱).**

یہ دونوں استعمال حضرات محدثین کرام وفقہاء عظام سبھی نے کیا ہے۔

امام بخاری بخاری شریف کتاب الجمعہ (۱۲۴) میں ترجمہ منعقد فرماتے ہیں **'باب المشی إلی الجمعة'** اور اس میں یہ حدیث ذکر فرماتے ہیں **'من اغبرّت قدماه فی سبیل الله حرّمه الله علی النار'**. بعض شراح نے اثبات ترجمہ میں دور دراز کی تاویلیں کی ہیں، لیکن بندہ کے نزدیک صحیح یہی ہے کہ بخاری نے فی سبیل اللہ ہی کے لفظ سے استدلال کیا ہے **کما صرّح به العینی وغیره**، اور اس سے زیادہ قوی یہ ہے کہ خود صحابی نے فی سبیل

اللہ کے مفہوم کو جہاد سے اعم سمجھا ہے جیسا کہ بخاری شریف کی پوری روایت سے واضح ہے۔

بخاری فرماتے ہیں: **حدثنا علی بن عبداللہ حدثنا الولید بن مسلم قال: حدثنا یزید بن أبی مریم قال: حدثنا عبایۃ بن رفاعۃ قال: أدرکنی أبو عبس وأنا أذھب إلی الجمعۃ، فقال: سمعت رسول اللہ ﷺ یقول: من اغبرّت قدماہ فی سبیل اللہ حرّمہ اللہ علی النار.** حضرت ابوعبس عبدالرحمٰن بن جبر نے فی سبیل اللہ کو جہاد سے اعم مراد لیا ہے، اسی لیے تو مشی فی سبیل للہ کی فضیلت کے مقام میں اس حدیث سے استدلال فرمایا۔

ترمذی شریف میں عبایہ بن رفاعہ تابعی کا اس معنی اعم پر حمل کرنا مذکور ہے، اور کوئی استبعاد نہیں کہ دونوں ہی نے اپنے اپنے وقت پر کیا ہو، ابن بطال اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں: **والمراد من فی سبیل اللہ جمیع طاعاتہ.** حافظ ابن حجر فرماتے ہیں (ص ۲/۲۳): **وھو کما قال، إلّا أن المتبادر عند الإطلاق من لفظ فی سبیل اللہ الجھاد وقد أوردہ المصنف یعنی البخاری فی فضل المشی إلی الجمعۃ استعمالاً للفظ فی عمومہ. الخ.**

اسی طرح فقہاء مصارف زکوۃ میں فی سبیل للہ کے مفہوم میں مختلف ہیں کہ آیا منقطع الحاج مراد ہیں **کما ھو قول محمد أو منقطع الغزاۃ کما ھو قول أبی یوسف، والمسئلۃ مذکورۃ فی الھدایۃ والمبسوط وغیر ھما من کتب المذاھب. وقال الحافظ: الأکثر علی أنّہ یختصّ بالغازی. وعن أحمد و إسحاق الحجّ من فی سبیل اللہ.** جب فی سبیل اللہ کا اطلاق جہاد کے ماسوی پر ہوسکتا ہے تو پھر اس عموم میں تبلیغی اسفار کو داخل ماننے میں بظاہر کوئی استبعاد نہیں ہے، جبکہ دونوں کی غرض اعلاء کلمۃ اللہ ہی ہے یعنی جہاد بالسنان اور تبلیغی اسفار یعنی جہاد باللسان والبیان، البتہ جو فضائل خاص طور سے جان فروشی اور سر کٹانے کے بارے میں وارد ہیں اس میں ان اسفار کو داخل ماننا اشکال سے خالی نہیں ہے۔ واللہ اعلم۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

○○○

بسم اللہ یا کسی آیت قرآنی کے اعداد نکال کر استعمال کرنے کی حقیقت

سوال:

بسم اللہ کو عدد میں ادا کرنے کے متعلق کوئی روایت ہے۔ اور اسی طرح قرآن مجید اور اسکی آیتوں کو عدد میں پیش کرنے کا کیا مطلب ہے؟ یہ کوئی مستند حقیقت ہے؟

مولانا (محمد رضا اجمیری)
شیخ الحدیث مدرسہ اشرفیہ ،راندیر،سورت

جواب:

المخدوم المکرّم زادت معالیکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بسم اللہ اور اسی طرح سور قرآنیہ کے اعداد نکالنے کے بارے میں کوئی حدیث یا اثر باوجود تلاش کے نہیں ملا، البتہ حروف ابجد کے لحاظ سے اعداد نکالنا اسلام کے پہلے سے معلوم ہوتا ہے جیسا کہ ابن اسحاق نے بطریق الکلبی عن ابی صالح عن ابن عباس ؓ نقل کیا ہے کہ یہود نے جب الٓمٓ سنا تو کہا کہ اس امت کی مدت اے سال ہے، حضور ﷺ نے الٓمٓصٓ و الٓرٰ تلاوت فرمائی تو انھیں اشتباہ ہوگیا اور تردد واقع ہوگیا، جیسا کہ ابن کثیر (ص ۶۴/۱) وغیرہ نے تفصیل سے نقل کیا ہے، لیکن کلبی مجروح شخص ہے، خود ابجد ھوز الخ میں اختلاف ہے کہ آیا کسی قوم کا نام ہے یا ملوکِ مدین کا یا ایامِ ستہ کا جس میں دنیا پیدا کی گئی جیسا کہ ابن جریر وغیرہ نے ذکر کیا ہے۔ حافظ ابن تیمیہ نے بھی اپنے فتاوی (ص ۶۲/۱۲) میں تفصیل سے ذکر فرمایا ہے اور انہوں نے یہ ترجیح دی ہے کہ یہ کسی چیز کا نام نہیں ہے بلکہ حروف کے پہچاننے کے بعد الفاظ مرکبہ پہچانے کے لیے انہیں مرکب کرلیا گیا ہے۔

یہاں پر دو باتیں قابل لحاظ ہیں،

اول ان فضائل کا حصول جو احادیث میں حضرت نبی اکرم ﷺ سے بسم اللہ یا دیگر آیات وسور قرآنیہ کے بارے میں وارد ہیں۔

ثانی ان اعداد کے خاص خاص منافع وفوائد کا حاصل ہونا مثلاً غناء ظاہر یا صحتِ مریض کا حصول۔

امر اول تو ان اعداد سے قطعاً حاصل نہ ہوگا کہ وہ ان سور و آیات کے پڑھنے پر وارد ہے نہ کہ ان اعداد پر، لہٰذا اگر کوئی ۷۸۶ پڑھ کر کھانا شروع کرے تو شرعی اعتبار سے اسکا کوئی مقام نہیں ہے۔

امر ثانی چونکہ تجربات پر موقوف ہے اور یہ چیز تجربہ میں آچکی کہ ان اعداد کا استعمال جو بقاعدہ ابجد آیات قرآنی سے نکالے گئے ہوں مفید ہے اسلئے ان میں کوئی اشکال نہیں ہے۔ بلکہ یہاں وہ اشکال بھی پیش نہیں آتا جو بعض علماء مثلاً ابن عبدالسلام رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ کو آیات قرآنی کو لکھ کر دھو کر پینے کے بارے میں پیش آیا کہ اس میں نجاستِ شکم سے ملاقات ہوتی ہے۔لیکن علامہ سیوطی نے الاتقان (ص ۲/۱۶۶) میں ابن عبدالسلام کے قول پر' **فیه نظر**' فرمایا ہے۔

قدیماً وحدیثاً نقوش قرآنی کا استعمال صلحاء وصوفیہ کے یہاں ہوتا رہا ہے، حضرت اقدس حکیم الامت تھانوی **التقی فی أحکام الرقی** میں ردالمختار کی اس عبارت '**وإنما تکره العوذة إذا کانت بغیر لسان العرب ولا یدری هو ولعله یدخله سحر أو کفر أو غیر ذالک، وأما إذاکان من القرآن أو شیئ من الدعوات فلا بأس به**' اھ کے ذیل میں فرماتے ہیں: اس سے معلوم ہوا کہ بعضے الفاظ جنکے معنیٰ معلوم نہ ہوں یا ایسا نقش جس میں ہند سے لکھے ہوں لیکن یہ معلوم نہ ہو کہ کس چیز کے ہند سے ہیں ایسے نقش وتعویذ کا استعمال ناجائز ہے۔ انتہی۔ حضرت کی اس عبارت سے معلوم ہوا کہ ایسا نقش استعمال کرنا جائز ہے جو قرآن شریف یا ادعیہ ماثورہ کا ہو۔ واللہ اعلم۔

باقی رسائل وخطوط کے نواصی پر ۷۸۶ کا استعمال بظاہر بندہ کے نزدیک عاملین کی دیکھا دیکھی اس مصلحت کے پیش نظر شروع ہوا کہ بسم اللہ لکھنے میں اسم سامی کی بے حرمتی ہوتی ہے اسلیے اسی پر اکتفا فرمالیا گیا لیکن ظاہر ہے کہ وہ فضیلت جو بسم اللہ سے افتتاح کی ہے اس کے عدد سے حاصل نہ ہوگی۔ واللہ اعلم۔

محمد یونس

شب ۲۷ شوّال ۱۳۹۰ھ

⋄⋄⋄⋄⋄⋄⋄⋄⋄⋄⋄⋄⋄ ○○○ ⋄⋄⋄⋄⋄⋄⋄⋄⋄⋄⋄⋄⋄

لکلّ شیء معدن ومعدن التقویٰ قلوب العارفین
میں ذمی کی طرف سے وکیل ہونگا
من عادیٰ لی ولیاً

سوال:

بڑی عنایت ہوگی اگر جناب والا مندرجہ ذیل کے مآخذ اور صحت وسقم تحریر فرمادیں۔

(۱) **لکلّ شیء معدن ومعدن التقویٰ قلوب العارفین.**

(۲) حضرت شیخ کے شجرہ میں ذی حق کے حقوق کی رعایت کے سلسلہ میں اردو میں حدیث کا مضمون درج ہے کہ قیامت میں اس ذمی کی طرف سے میں وکیل ہونگا جو کسی ذمی کا حق مارے گا۔ **انتھیٰ مختصرًا.** اسکی اصل حدیث عربی عبارت بحوالہ ماخذ چاہیے، امید ہے کہ تکلیف فرما کر عنایت فرمائیں گے۔

(۳) **'من عادیٰ لی ولیاً فقد آذنته بالحرب'** بخاری میں کس جگہ ہے؟ اوران کے علاوہ کن حضرات نے اپنی کتابوں میں درج کیا ہے؟

مولانا (احمد حسین قاسمی بنارسی)

صدر مدرس مدرسہ عربیہ ناندیر، مہاراشٹر

جواب:

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم وبعد

إلی المخدوم المکرّم زادت معالیه وبورک فیه

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

ابھی ابھی ساڑھے نو بجے شب میں جناب کا جوابی کارڈ موجب مسرت ہوا۔ بندہ کو بھی عدم ملاقات کا قلق تھا لیکن خیال ہوا کہ شاید مشاغل کی وجہ سے فرصت نہ ہوئی ہوگی۔

(۱) امراول صوفیہ کا کلام ہے مرفوعاً اسکا ثبوت نہیں ہے، نورالدین ہیثمی کہتے ہیں (ص ۲۶۸/۱۰): **عن عبد الله ابن عمرؓ قال: قال رسول الله ﷺ: لکلّ شیء معدن ومعدن التقویٰ قلوب العارفین. وفیه محمدبن رجاء وهو ضعیف، انتهیٰ. ولم یذکر من خرّجه وفیه سقوط. والصواب رواه الطبرانی وفیه محمدبن**

رجاء وهو ضعيف. ورواه البيهقي عن عمرؓ وهذا الحديث لايثبت وقد حكم ابن الجوزي وغيره بوضعه كما بسطه المناوي في فيض القدير (ص۲۸۶/۵).

(۲) شجرہ میں ذمی کی رعایت والی حدیث ابوداؤد شریف میں ہے اور ابوداؤد ہی کے حوالہ سے مشکوۃ (ص۴۵۳) میں ہے۔ ولفظه عن صفوان بن سليم عن عِدةمن أبناء أصحاب رسول الله ﷺ عن آبائهم عن رسول الله ﷺ قال: ألا من ظلم معاهداً أو انتقصه أو كلّفه فوق طاقته أوأخذ منه شيأً بغير طيب نفسٍ فأنا حجيجه يوم القيامة. رواه أبو داود (ص۱۵۹/۴).

(۳) حديث من عادىٰ لي ولياً فقد آذنته بالحرب. رواه البخاري في كتاب الرقاق في باب التواضع (ص۹۶۴) عن أبي هريرةؓ مرفوعاً. وكذا أخرجه البيهقي في السّنن الكبرىٰ وكتاب الأسماء والصفات عن أبي هريرةؓ. وأخرجه أحمد في الزهد وابن أبي الدنيا وأبو نعيم في الحلية، والبيهقي في الزهد عن طريق عبد الواحد بن ميمون عن عروة عن عائشةؓ، والطبراني من طريق يعقوب بن مجاهد عن عروة عنها. وأخرجه ابن ماجه عن معاذ بن جبلؓ. وأخرجه أبويعلىٰ والبزار والطبراني عن أنسؓ بسند فيه ضعف. وأخرجه الطبراني والبيهقي في الزهد عن أبي أمامةؓ بسند ضعيف. وأخرجه أبو يعلىٰ عن ميمونةؓ بسند ضعيف. وأخرجه الطبراني عن ابن عباسؓ. وبسط الحافظ ابن حجر في بيان طرقه (ص۳۹۲/۱۱). وبعض ذالك ذكره الحافظ نور الدين الهيثمي في مجمع الزوائد (ص۲۶۹/۱۰). وكذا بسط الكلام على طرقه الحافظ ابن رجب في جامع العلوم والحكم (ص۳۱۴).

تنبیہ ! اس سوال وجواب سے متعلق تفصیل آگے صفحہ ۵۹ پر آرہی ہے۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

مفتاح الصّلاة الطهور کی سند میں سفیان سے کون مراد ہے

سوال:

ترمذی شریف 'باب ماجاء أن مفتاح الصلا ة الطهور' میں ہے۔ **حدثنا هنّاد وقتيبة ومحمد ابن غيلان قالوا: أنا وكيع عن سفيان وحدثنا محمد بن بشّارنا عبد الرحمٰن نا سفيان عن عبد الله بن محمد بن عقيل عن محمد ابن الحنفية عن علیؓ عن النبی ﷺ : مفتاح الصلا ة الطهور.**

اس سند میں سفیان راوی کے تعیین میں ابہام ہورہا ہے **هل هو الثوری أو ابن عيينة ؟**

لہذا گذارش ہے کہ اس ابہام کی وضاحت فرما کر ممنون فرمائیں۔

محمد شاهد بلندشہری

متعلم مدرسہ مظاہر علوم

جواب:

عزیزم سلمکم اللہ وبارک فی علومکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سفیان جن سے وکیع اور عبدالرحمٰن بن مہدی روایت کرتے ہیں کون ہیں؟

صاحب غایۃ المقصود وعلامہ شمس الحق عظیم آبادی فرماتے ہیں: **هل هو الثوری أو ابن عيينة ؟ لم أقف على تعيينه** . اور شارح ترمذی علامہ سراج احمد سرہندی نے عجیب وغریب بات کہی۔ پہلی سند میں **عن وكيع عن سفيان** پر فرماتے ہیں **هو ابن سعيد بن مسروق الثوری** اور دوسری سند میں **عن عبد الرحمٰن بن مهدی عن سفيان** پر فرماتے ہیں **هو ابن عيينة أبی عمران الهلا لی.** یہ تو محدثانہ حیثیت سے وہم ہے۔ اس لیے کہ سفیان ملتقی السندین ہیں اور ایسا شخص ایک ہی ہوا کرتا ہے، اسلئے یا تو ابن عیینہ ہونگے یا ثوری!

علامہ ابن رسلان کی رائے ہے کہ ابن عیینہ ہیں اور صاحب المنہل (ص۲۱۲) فرماتے ہیں: **هو الثوری كما فی التهذيب.**

بندہ کے نزدیک محقق یہی ہے کہ اس حدیث کے راوی سفیان بن سعید الثوری ہیں۔ اور اسکی دو دلیلیں ہیں جن کو میں قدرے تفصیل سے لکھتا ہوں۔

الدليل الأول:

اس حدیث کوسفیان سے روایت کرنے والے بندہ کے تتبع وتلاش میں دس راوی ہیں:

(۱) وكيع بن الجراح (۲)عبد الرحمٰن بن مهدى (۳) محمد بن يوسف الفريابى (۴)محمد بن كثير العبدى (۵)أبوحذيفة موسىٰ بن مسعود النهدى (۶)زيد بن الحباب (۷)عبيد الله بن موسىٰ العبسى(۸)يزيد بن أبى حكيم (۹)سعيد بن سالم (۱۰) أبو نعيم الفضل بن دُكين.

أما حديث وكيع فأخرجه أحمد (ص۱۲۳/۱) وابن أبى شيبة (ص۲۲۹/۱) وأبو داود (ص۳۸/۱) والترمذى (ص۳) وابن ماجه (ص۲۴) والدار قطنى (ص۱۳۸ وص۱۴۵).

وأما حديث عبد الرحمٰن بن مهدى فأخرجه أحمد (ص۱۲۹) والترمذى (ص۳) وأما حديث محمد بن يوسف الفريابى فأخرجه الدارمى (ص۹۳) والطحاوى (ص۱۶۱).

وأما حديث محمد بن كثير وأبى حذيفة فأخرجه البيهقى (ص۱۷۳/۲).

وأما حديث زيد بن الحباب وعبيد الله ابن موسى العبسى ويزيد بن أبى حكيم فأخرجه الدار قطنى (ص۱۳۸ و۱۴۵).

وأما حديث سعيد بن سالم فأخرجه الشافعى (ص۸۷/۱).

وأما حديث أبى نعيم فأخرجه الطبرانى.

وکیع بن الجراح اور عبدالرحمٰن بن مہدی اگرچہ سفیانین سے روایت کرتے ہیں **كما هو معلوم من كتب الرجال** لیکن دونوں ثوری کے مخصوص تلامذہ میں ہیں **كما هو ظاهر من ترجمتهما.** اور یہ اصولی قاعدہ ہے کہ اگر راوی دو یا دو سے زائد مشائخ متفقۃ الاسماء سے روایت کرتا ہو اور پھر کہیں کسی روایت میں ابہام کرے یعنی نسبت یا نسب کا تذکرہ نہ کرے تو وہ استاد مراد ہوگا جس سے راوی کا خاص تعلق ہے۔ اسی بنا پر شیخ المشائخ حضرت مولانا خلیل احمد بذل المجہود (ص۳۸) میں ثوری ہی کو ترجیح دیتے ہیں۔

حافظ ابن حجر العسقلانی نے جو فن حدیث ورجال کا امام ہے اور آج اسکی بات عام طور پر حرف اخیر سمجھی جاتی ہے بعینہ اس قسم کی سند میں اسی قاعدہ پر عمل فرمایا ہے۔ امام بخاری فرماتے ہیں: **حدثنا ابن سلام أنا وكيع عن سفيان. قال الحافظ: هو الثورى لأنّ وكيعاً مشهور بالرواية عنه. وقال أبو مسعود الدمشقى فى الأطراف: ويقال أنه ابن عيينة. قال الحافظ: لو كان ابن عيينة لنسبه، لأن القاعدة فى كلّ من روى عن متفقى الاسم**

أن يحمل من أُهمل نسبته على من يكون له به خصوصية من إكثار ونحوه. وهكذا نقول هنا لأن وكيعاً قليل الرواية عن ابن عيينة بخلاف الثوري. انتهىٰ.

قلت: وهذه القاعدة جارية في مسئلتنا هذه سواء بسواء.

یہی حال عبدالرحمٰن بن مہدی کا ہے کہ ثوری کے مخصوص تلامذہ میں ہیں بلکہ حافظ نے امام احمد سے نقل فرمایا ہے: **الغالب عليه حديث سفيان** اور یہاں تک تعلق ہے کہ ثوری کی وفات بھی انھیں کے گھر میں ہوئی **كما حكاه الحافظ عن الخليلي.**

انکے علاوہ باقی آٹھوں کا بھی یہی حال ہے کہ ثوری سے انکا اختصاص ہے۔ بلکہ امام بخاری نے زُہیر بن الحباب، یزید بن ابی حکیم، ابوحذیفہ النہدی، محمد ابن کثیر وغیرہ کے تراجم میں مشائخ میں صرف ثوری کا ذکر کیا ہے ابن عیینہ کا نہیں۔ اسی طرح حافظ مزّی نے تہذیب الکمال میں اور حافظ ابن حجر نے تہذیب التہذیب میں مذکورین کے علاوہ فریابی، عبیداللہ بن موسیٰ وغیرہ کے تذکرے میں بھی صرف ثوری کو مشائخ میں لکھا ہے۔ اس سے کم از کم یہ بات تو صاف اور واضح طور پر معلوم ہوتی ہے کہ انکا ثوری سے جو خاص تعلق ہے وہ ابن عیینہ سے نہیں۔ اس عبارت سے جو حافظ نے فریابی کے تذکرہ میں لکھی ہے صاف طور سے اختصاص معلوم ہوتا ہے۔

قال ابن خيثمة: سُئل ابن معين عن أصحاب الثوري: أيّهم أثبت؟ فقال: هم خمسة، القطّان ووكيع وابن المبارك وابن مهدي وأبو نعيم. وأمّاالفريابي وأبوحذيفة وقبيصة وعبيد الله بن موسىٰ وأبو أحمد الزبيري وعبد الرزاق وأبو عاصم والطبقة منهم كلّهم في سفيان بعضهم قريب من بعض وهم ثقات كلهم دون أولائك في الضبط و المعرفة. انتهىٰ.

جب یہ چیز ثابت ہوگئی کہ سفیان کہنے والے ثوری کے مخصوص اصحاب وتلامذہ ہیں تو صاف واضح ہے کہ وہ اپنے استاد ہی کو اس طور پر ذکر کریں گے۔ اسلیے کہ وہی انکے نزدیک اس قدر مرکوز فی الذہن ہیں کہ مطلقاً بول کر فوراً ذہن میں آجاتے ہیں۔ جیسے علقمہ یا اسود یا ابراھیم نخعی جب قال عبداللہ کہیں تو عبداللہ بن مسعودؓ ہی مراد ہوتے ہیں، اور جب نافع یا سالم قال عبداللہ کہیں تو ابن عمرؓ مراد ہوتے ہیں، اس لیے کہ ان حضرات کا الگ الگ ان سے خاص تعلق ہے، ایسے ہی یہاں پر بھی مراد ہوگا۔ اس کے بعد مستقل دلیل قائم کرنے کی ضرورت تو نہیں رہی ہے لیکن تحقیق وتثبیت کے لیے دوسری دلیل ذکر کرتا ہوں جس سے انشاءاللہ العزیز اشکال بالکل ختم ہوجائے گا۔

الدليل الثاني:

اس حدیث کے متعدد طرق میں تصریح واقع ہے کہ راوی الحدیث ثوری ہیں۔

(۱) کتاب الامّ (ص ۱/۸۷) میں ہے **أخبرنا الربيع قال: أخبرنا الشافعي قال: أخبرنا سعيد بن سالم عن سفيان بن سعيد الثوري عن عبد الله بن محمد بن عقيل عن محمد بن الحنفية عن أبيه أن رسول الله ﷺ قال: مفتاح الصلاة الوضوء وتحريمها التكبير وتحليلها التسليم. وهكذا رواه الشافعي في كتابه "اختلاف عليؓ وابن مسعودؓ" ولفظه قال الشافعي: أخبرنا سعيد بن سالم عن سفيان الثوري الخ.**

(۲) امام بیہقی اس حدیث کی سند ذکر کرتے ہیں اور پھر حدیث کی سند میں واقع ہوا ہے **عن محمد بن كثير عن الثوري الخ.**

(۳) علامہ عینی کے نسخۂ طحاوی میں ہے **حدثنا الحسين بن نصر قال: حدثنا الفريابي قال: حدثنا سفيان الثوري عن عبد الله بن محمد بن عقيل الخ.**

(۴) امام ابن دقیق العید کتاب الامام میں فرماتے ہیں: **ورواه الطبراني ثم البيهقي من جهة أبي نعيم عن سفيان الثوري عن عبد الله بن محمد بن عقيل الخ.**

(۵) **قال الخطيب (ص ۱۹۶/۱۰): أخبرنا أبو الحسين محمد بن محمد بن المظفّر الدقاق أخبرنا علي بن عمر السُكري قال: حدثنا عبد الله بن أبي فروة حدثنا يزيد بن محمد بن سنان الرهاوي حدثنا أبو عثمان سعيد بن عبد الرحمٰن الحراني حدثنا مخلد بن يزيد القرشي الحراني أبو بكر حدثنا سفيان بن سعيد الثوري عن عبد الله بن محمد بن عقيل بن أبي طالب عن محمد بن الحنفية عن أبيه علي بن أبي طالبؓ رفعه إلى رسول الله ﷺ قال: مفتاح الصلاة الطهور وتحريمها التكبير وتحليلها التسليم.**

ان تصریحات کے بعد ابن عیینہ ہونے کا احتمال **هباءاً منثوراً** ہوگیا اور حق صراحۃً ثابت ہوگیا **ولا يُنكره من كان الحديث النبوي فنُّه. ولله الحمد والمنّة.**

كتبه العبد الأحقر محمد يونس عفى عنه

ليلة الثلاثاء ۵ من ذي الحجة ۱۳۹۰ھ

من عادیٰ لی ولیّاً کا حوالہ
لکل شئ معدن الخ یہ کنز العمال میں ہے یا نہیں؟
دو پیسے کے بدلے سات سو نمازیں قبول نہیں ہوتیں
کلمہ گو کی تکفیر نہیں کرنی چاہیے

سوال:

(۱) حضرت والا نے اپنی عادت شریفہ کے مطابق **من عادیٰ لی ولیّاً** والی حدیث شریف کا حوالہ مشکوۃ سے نہیں دیا، اگر تحریر فرمائیں تو بہتر ہوگا، نیز یہ فرمائیں کہ امام مسلم نے اس حدیث کی تخریج کی یا نہیں کی؟ اگر کی ہے تو تحریر فرمائیں۔

(۲) **لکلّ شئ معدن و معدن التقویٰ قلوب العارفین** والی روایت کے بارے میں حضرت مفتی محمود صاحب نے کنز العمال کا حوالہ دیا تھا، اگر تکلیف نہ ہو تو اسکا حوالہ بھی تحریر فرمائیں، نیز یہ کہ کسی نے اسکی تحسین یا تصحیح بھی کی ہے یا نہیں؟ ہمارے اکابر اسکو بڑی قوت سے بیان کرتے ہیں۔

(۳) حضرت شیخ نے فرمایا کہ دو پیسے کے بدلے میں سات سو نمازیں قبول نہیں ہوتیں۔ اسکا حوالہ لکھیں۔

(۴) شامی میں کہاں لکھا ہوا ہے کہ مسلمان یا کلمہ گو کی تکفیر نہیں کرنی چاہیے اگرچہ ۹۹ احتمالات کفر کے ہوں اور ایک احتمال اسلام کا ہو۔

سائل (مولانا) حسین احمد بنارسی۔ از بنارس

جواب:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلّی علی رسولہ الکریم وعلی آلہ وصحبہ أجمعین ، أما بعد

المخدوم المکرّم، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

(۱) حدیث 'من عادیٰ لی ولیّاً' مشکوۃ (ص ۱۹۷) **باب ذکر اللہ عزّ وجلّ والتقرّب إلیہ** میں نمبر ۶

پر مذکور ہے، یہ حدیث افرادِ بخاری میں ہے، بقیہ ائمہ ستہ نے اسکی تخریج نہیں کی ہے۔

(۲) حدیث 'لكلّ شئ معدن ومعدن التقوٰى قلوب العارفين'. ذكره السيوطى فى الجامع الصغير وعزاه إلى الطبرانى فى الكبير عن ابن عمرؓ وإلى البيهقى عن عمرؓ. وعلّم له بالضعف.

قال الطبرانى: حدثنا أبو عقيل أنس بن مسلم الخولانى حدثنا محمد بن رجاء السختيانى حدثنا منبه بن عثمان حدثنى عمر بن محمد بن زيد عن سالم بن عبد الله عن أبيه قال: قال رسول الله ﷺ: لكلّ شئ معدن ومعدن التقوٰى قلوب العارفين. قال الهيثمى : محمد بن رجاء ضعيف، وقال الخطيب فى تاريخه (ص ۱۱/۴): حدثنا أبو الحسن محمد بن أحمد بن رزق إملاءً فى سنة ست وأربع مأة حدثنا عثمان بن أحمد الدقاق قال: حدثنا أحمد بن إبراهيم بن ملحان قال: حدثنا وثيمة بن موسى بن فرات قال: حدثنا سلمة بن الفضل عن ابن سمعان عن الزهرى عن سالم عن أبيه عن عمر بن الخطابؓ عن النبى ﷺ قال: إن لكلّ شئ معدناً ومعدن التقوٰى قلوب العاملين. كذا فى تاريخ الخطيب ولكن فى اللآلى (ص۱۲۴/۱) من طريق الخطيب بهذا الإسناد بلفظ قلوب العاقلين.

وأخبرجه الشهاب القضاعى فى مسنده من طريق أحمد بن إبراهيم بن ملحان بلفظ قلوب العارفين. كذا نقله الذهبى فى الميزان فى ترجمة عبد الله بن زياد بن سمعان الكلابى المدنى وفى ترجمة وثيمة بن موسىٰ.

وأخرجه البيهقى فى شعب الإيمان قال: أنبأنا على بن أحمد بن عبدان قال أنبأنا أحمد بن عبيد حدثنا أحمد بن إبراهيم بن ملحان حدثنا وثيمة بن موسىٰ حدثنا سلمة بن الفضل عن رجل ذكره عن ابن شهاب الزهرى به وقال: هذا منكر و لعل البلاء وقع من الرجل الذى لم يسمّ. انتهىٰ.

قلت: والرجل الذى لم يسمّ هو ابن سمعان ولعل بعض الرواة أبهمه لأن ابن سمعان كذّبه سالك وهشام بن عروة ويحيىٰ بن معين وأبو داود، وقال أحمد والنسائى: متروك الحديث، وقال أبو داود: متروك الحديث كا ن من الكذابين، قال ابن عبد الهادى فى التنقيح: متّهم بالكذب مجمع على ضعفه. والحديث أورده ابن الجوزى فى الموضوعات من طريق الخطيب وقال: لا يصحّ، ابن سمعان كذّبه مالك ويحيى ووثيمة. قال ابن أبى حاتم: حدّث عن سلمة

بموضوعات. قال الذهبی فی المیزان فی ترجمة وثیمة منها: عن سلمة عن ابن سمعان الخ، فذکر هذا الحدیث. وحمل الحافظ ابن حجر فی اللسان علی عبد الله بن زیاد بن سمعان وقال: إنه تألّف. وهذا اللفظ من ألفاظ التجریح فی المرتبة الثالثة کما بسطها السخاوی (ص ۱۲۱).

وأما وثیمة فلفظ ابن أبی حاتم کتب إلیّ أحمد بن إبراهیم عن وثیمة عن سلمة بن الفضل بأحادیث موضوعة. وقال العقیلی: فارسیّ، سکن مصر، صاحب أغالیط روی عن کلّ. وقال ابن یونس: یکنیٰ أبا حذیفة، وکان قد ثقل سمعه ولم یذکر فیه جرحاً. وقال مسلمة بن القاسم الأندلسی: کان راویةً لأخبار الدهور، وهو لا بأس به، وله کتاب فی الردّة أجاد فیه وأکثر الروایة لکن فیه مناکیر کثیرة، ووقفت له علی تصنیف کبیر فی المبتدأ وقصص الأنبیاء، وفی کتابه أحادیث کثیرة موضوعة وشر منها عنه الأشباه والنظائر، ویظهر لی أنه من أصلح ما صنّف فی ذلک الفنّ. انتهیٰ کلام الحافظ. کذا فی اللسان (ص ۲۸۶/۲).

ان سب عبارتوں سے حدیث کا مقام خود معلوم ہوگیا ہوگا، سلمہ بن الفضل الابرش خود مضعف راوی ہے، البتہ طبرانی کے شیخ اور منبہ بن عثمان کی تحقیق بندہ کے پاس موجودہ کتابوں سے نہ ہوسکی بہت ممکن ہے کہ منبہ بن عثمان کے بجائے صواب منبہ ہو اور یہ نسبت الی الجد ہو اور یہ منبہ بن وہب بن عثمان ہو اور یہ ثقہ راوی ہیں، صرف محمد بن رجاء کو ہیثمی نے ضعیف کہا ہے تو کم از کم وہ طریق ضعیف ہوگیا۔

جہاں تک بندہ کا خیال ہے یہ متن صاحب رسالت ﷺ سے ثابت نہیں ہے، علامہ عبدالرؤف مناوی جو خود کبار صوفیہ میں ہیں اخیر میں ابن الجوزی ہی کے کلام پر شرح حدیث ختم فرماتے ہیں، تصحیح وتحسین تو بہت دور ہے، باقی بظاہر معنی صحیح ہیں، اسلیے کہ عارفین کے قلوب انوار معرفت سے منور ہوتے ہیں جس سے وہ حقائق کا مشاہدہ کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی صفات عظمت وجلال کا ہر وقت عکس پڑتا ہے، اسلیے تقویٰ ہمہ وقت انکے دلوں کا مونس ومکین بنا رہتا ہے۔ واللہ اعلم۔

(۳) قال صاحب الدر المختار: الصلاة لإرضاء الخصوم لا تفید بل یصلی لله تعالیٰ، فان لم یعف خصمه أخذ من حسناته، جاء أنه یوخذ لدانق ثواب سبع مأة صلاة بالجماعة. اه. قال ابن عابدین (ص ۲۹۴/۱): قوله جاء أی فی بعض الکتب أشباه عن البزازیة، ولعل المراد بها الکتب السماویة أو یکون ذالک حدیثاً نقله العلماء فی کتبهم، والدانق بفتح النون وکسرها سدس الدرهم، وقوله ثواب سبع مأة صلاة بالجماعة أی من الفرائض لأن الجماعة فیها والذی فی

المواهب عن القشيري سبع مأة صلاة مقبولة ولم يقيّد بالجماعة، قال شارح المواهب ما حاصله: هذا لا ينافي أن الله تعالى يعفو عن الظالم ويدخله الجنّة برحمته ط ملخّصا.

(۴) علامہ حصکفی امامت کے بیان میں فرماتے ہیں: و مبتدع أي صاحب بدعة وهي اعتقاد خلاف المعروف عن الرسول ﷺ لا بمعاندة بل بنوع شبهة وكل من كان من أهل قبلتنا لا يكفّر بها. اھ۔ یہ مسئلہ تکفیر اہل قبلہ کا ہے، اس باب میں امام اعظم سے التقریر والتحبیر (ص۳۱۸ر۳) میں فقہ اکبر کے حوالہ سے یہ عبارت منقول ہے: ولا نكفّر أحدا بذنب من الذنوب وإن كان كبيرة إذا لم يستحلّها. اھ۔

اہل قبلہ سے کیا مراد ہے؟ صاحب نبراس (ص۴۴۲) فرماتے ہیں: أهل القبلة في اصطلاح المتكلّمين من يصدق بضروريات الدين أي الأمور التي علم ثبوتها في الشرع واشتهر، فمن أنكر شيئاً من الضروريات كحدوث العالم وحشر الأجساد وعلم الله سبحانه بالجزئيات وفرضية الصلاة والصوم لم يكن من أهل القبلة ولو كان مجاهداً بالطاعات، وكذالك من باشر شيئاً من إمارات التكذيب كالسجود للصنم و الإهانة بأمر شرعي والاستهزاء عليه فليس من أهل القبلة، ومعنى عدم تكفير أهل القبلة أن لا يكفّر بارتكاب المعاصي ولا بإنكار الأمور الخفيّة غير المشهورة، هذا ما حقّقه المحقّقون فاحفظه. انتهىٰ.

اس سے صاف معلوم ہوگیا کہ عدم تکفیر اہل قبلہ کا یہ مطلب ہے کہ جو ضروریات دین کا مقر ہو اور اسکے افعال وغیرہ سے اسلام کی انتفاء لازم نہ آتی ہو پھر کوئی معصیت ہو جائے تو محض گناہ کی وجہ سے اسکی تکفیر نہ کی جائے گی۔

بظاہر امام صاحب معتزلہ وخوارج پر رد فرمارہے ہیں جو عصاۃ کو ارتکاب معاصی کے سبب دائرہ اسلام سے خارج قرار دیتے ہیں، چنانچہ علامہ شامی منحة الخالق على البحر الرائق میں فرماتے ہیں: وحرّر العلامة نوح آفندي: إن مراد الإمام بما نقل عنه ماذكره في الفقه الأكبر من عدم التكفير بالذنب الذي هو مذهب أهل السنّة والجماعة. فتأمّل.

حافظ ابن تیمیہ فرماتے ہیں: ونحن إذا قلنا أهل السنّة متفقون على أنه لا يكفّر بالذنب فإنما يريد به المعاصي كالزنا وشرب الخمر. وقال الترمذي (ص۲۷ر۲): هذا قول أهل العلم لانعلم أحداً أكفر أحداً بالزنا والسرقة وشرب الخمر. اھ۔

امام صاحب نوراللہ مرقدہ تکفیر کے باب میں بہت محتاط ہیں، اسی لیے علماء حنفیہ سے علی وجہ الشہرۃ منقول ہے کہ اگر کسی

میں ۹۹ وجوہ موجب کفر ہوں اور ایک ایمان کی، تو اسکی تکفیر نہیں کی جائے گی، سردست یہ عبارت مجھے شامی میں نہیں ملی اسکے بعد نبراس کے حاشیہ پر یہ عبارت ملی۔ **قال علیّ القاری: وقد ذکروا أنّ المسئلة المتعلّقة بالکفر إذا کان لها تسع وتسعون احتمالاً للکفر واحتمال واحد فی نفیه فالأولیٰ للمفتی والقاضی أن یعمل بالاحتمال النافی لأن الخطأ فی إبقاء ألف کافر أهون من الخطأ فی إفناء مسلم واحد.** اھ۔

اگر توفیق ہوئی تو پھر کسی وقت نقل کر کے خدمت میں ارسال کروں گا۔ والسلام۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

۱۲/۱۴/ ۱۳۹۰ھ

**************○○○**************

سوال: حضور اکرم ﷺ کا سایہ تھا یا نہیں؟

جواب:

عزیزم سلمہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

تمہارا طویل وعریض خط پہنچا، تم نے بے سود کاوش کی جبکہ تم مجھ سے یہ سوالات زبانی بھی پوچھ چکے تھے، تاہم قدرے تفصیل کیساتھ جوابات لکھتا ہوں، خدا کرے کافی وشافی ثابت ہوں۔

(۱) حضور اقدس ﷺ کے متعلق مشہور یہ ہے کہ قد مبارک کا سایہ نہیں تھا۔

اسکی مختلف وجہیں ہوسکتی ہیں۔

اول تو مشہور عند الناس یہ ہے کہ حضور اقدس ﷺ نور سے پیدا ہوئے تھے، قاضی عیاض فرماتے ہیں (ص۳۰۶): **ذکر أنه ﷺ لا یری ظلّ شخصه فی شمس ولا قمر لأ نه کان نوراً. انتهیٰ. قال القاری: نقله الحلبی عن ابن سبع.** صاحب مواہب وغیرہ نے اسے ذکر کیا ہے، **قال السیوطی فی الخصائص (ص۶۸/۱): قال ابن سبع: من خصائصه أن ظلّه کان لا یقع علی الأرض وأنه کا ن نوراً، فکان إذا مشیٰ فی الشمس والقمر لا ینظر له ظلّ.** چنانچہ حدیث میں وارد ہے **'أوّل ما خلق الله نوری'.**

مگر یہ حدیث جو بھی نقل کرتا بے سند نقل کرتا ہے جیسے مثال کے طور پر ملاعلی قاری نے مرقات (ص ۱۴۰/۱) میں یوں نقل فرمایا ہے: **روی أن أول ما خلق الله نوری وأن أول ماخلق الله روحی.** مگر یہ حدیث بایں لفظ پایہ ثبوت کو نہیں پہنچتی ہے اور محض کسی ایک کا نقل کر دینا کافی نہیں جب تک کہ حدیث کی کسی معتبر کتاب کا حوالہ نہ دے یا اپنی سند معتبر سے پیش کرے۔ علامہ قسطلانی نے مواہب میں نقل فرمایا ہے: **وروی عبد الرزاق بسنده عن جابر بن عبد اللهؓ قال: قلت: یا رسول الله! بأبی أنت وأمی أخبرنی عن أول شیء خلقه الله تعالیٰ قبل أشیاء؟ قال: یا جابر! إن الله تعالیٰ قد خلق قبل الأشیاء نور نبیک من نوره، فجعل ذلک النور یدور بالقدرة حیث شاء الله، ولم یکن فی ذلک الوقت لوح ولا قلم ولا جنّة ولا نار ولا ملک ولا سماء ولا أرض ولا شمس ولا قمر ولا جنّی ولا إنسیّ، فلما أراد الله تعالیٰ أن یخلق الخلق قسم ذلک النور أربعة أجزاء، فخلق من الجزء الأول القلم ومن الثانی اللوح ومن الثالث العرش، ثم قسم الرابع أربعة أجزاء، فخلق من الأول حملة العرش ومن الثانی الکرسی ومن الثالث باقی الملائکة، ثم قسم الرابع أربعة أجزاء، فخلق من الأول السماوات ومن الثانی الأرضین ومن الثالث الجنّة والنار، ثم قسم الرابع أربعة أجزاء، فخلق من الأول نورأبصار المؤمنین ومن الثانی نور قلوبهم وهی المعرفة بالله ومن الثالث نورأنسهم وهو التوحید لا إله إلا الله محمّد رسول الله. الحدیث.** یہیں تک قسطلانی نے یہ حدیث نقل کی ہے، علامہ زرقانی لکھتے ہیں کہ: **ولم یذکر الرابع من هذا الجزء فلیراجع من مصنّف عبد الرزاق مع تمام الحدیث. وقد رواه البیهقی ببعض مخالفة. انتهیٰ.**

قسطلانی نے صرف حدیث نقل کر دی اور عبدالرزاق کا حوالہ دیا، نہ معلوم عبدالرزاق کی کس تصنیف میں ہے، پھر اسکی سند ذکر نہیں کی، روایت کا طرز بتلاتا ہے کہ یہ حدیث مشکوۃ نبوت سے نہیں نکلی ہے۔

ہم کو باوجود تتبع کے اس حدیث کی سند نہیں ملی، علامہ سیوطی جن کو اس قسم کی روایات ذکر کرنے میں انہماک ہے انکی بھی کتاب خصائص میں تلاش سے نہ مل سکی۔

ظن غالب یہ ہے کہ یہ الفاظ سید الرسل ﷺ کے نہیں ہیں بلکہ معمول ومصنوع ہے، دور متاخر کے مشہور عالم الشیخ عبدالفتاح ابوغدہ نے **التعلیقات الحافلة علی الأجوبة الفاضلة** (ص ۱۲۹) میں تصریح فرمائی ہے کہ یہ حدیث موضوع ہے، اور اگر مان بھی لیا جائے کہ نور محمدی ﷺ اول مخلوقات ہے تو اس سے یہ کہاں لازم آتا ہے کہ آپ نور مجرد ہیں بلکہ آپ انسان تھے، تمام اوصاف انسانیت آپ میں موجود تھے، آپ خواجہ عبداللہ و بی بی آمنہ کے صلب وشکم سے پیدا

ہوئے، آپ سوتے وجاگتے بھی تھے، کھاتے وپیتے بھی تھے اور آپ کو بول وبراز کی بھی حاجت ہوتی تھی، آپ نے نکاح بھی فرمائے اور اپنی ازواج سے جماع بھی فرماتے تھے، جیسا کہ روایات صحیحہ میں یہ ساری چیزیں موجود ہیں۔

بلکہ قرآن عزیز اور احادیث صحیحہ میں بشر ہونے کی تصریحات موجود ہیں۔ **قال تعالیٰ: قل إنما أنا بشر مثلكم.** حدیث پاک میں جگہ جگہ وارد ہوا ہے: **إنما أنا بشر فإذا نسيت فذكّروني أو كما قال عليه السلام** . بلکہ قرآن پاک تو ببانگ دہل فرماتا ہے کہ اگر پیغمبر آئے گا تو وہ بشکل انسان ہوگا۔ **قال تعالیٰ: وقالوا لولا أنزل عليه ملك ولو أنزلنا ملكاً لقضى الأمر ثمّ لا يُنظرون ولو جعلناه ملكاً لجعلناه رجلاً. الآية.**

اور بات بھی یہی ہے، اسلئے کہ حضرات رسل علیہم السلام مربی واستاذ بنا کر بھیجے گئے ہیں اور ظاہر ہے کہ استفادہ اور افادہ اسی وقت ہوسکتا ہے جبکہ مفید ومستفید میں مناسبت ہو۔

اور یہ گمان کرنا کہ **إنما أنا بشر مثلكم** میں مانافیہ ہے، یہ نحوی غلطی ہے، اہل فن نے بالاتفاق تصریح فرمائی ہے کہ ایسے مقامات میں ما کافہ ہوتا ہے۔ اور بعض اہل اصول کا یہ خیال کہ یہ **إنّما** إنّ حرف مشبہ بالفعل اور مانافیہ سے مرکب ہے، اول تو محققین نے اسے تسلیم ہی نہیں کیا ہے۔ ثانیاً اگر تسلیم بھی کرلیا جائے تو یہ مقصد نہیں ہے کہ آیت کا مقصد بشریت کی نفی کرنا ہے، بلکہ جن حضرات نے **إنّما** کو إن اور مانافیہ سے مرکب مانا ہے، خود انکے یہاں بھی یہ حرف ما اور الّا کے معنی میں ہے جو بالاتفاق مفید حصر ہے۔

اہل اصول کا باہمی اختلاف صرف اس حرف کی حقیقت میں ہے کہ بسیط ہے یا مرکب، برصورت ثانیہ إنّ اور ما کافہ سے مرکب ہے؟ **كما عليه النحاة**، یا إنّ اور مانافیہ سے مرکب ہے؟ **كما ذهب إليه بعض الأصوليين** . لیکن جمہور اس پر متفق ہیں کہ یہ حرف مفید حصر ہے، تو اس صورت میں مقصود یہ ہوگا کہ آنحضرت ﷺ بشر ہی ہیں یعنی غیر بشر نہیں ہیں، اسلئے کہ جملہ حصریہ دو مضمون کے لیے مفید ہے، اول اثباتِ مذکور، دوم نفی غیر مذکور، یہ بحث ضمنی طور پر آگئی ہے، اس مسئلہ میں لوگوں نے طویل وعریض کلام کیا ہے، کتب تفسیر وغیرہ سے مراجعت کرلیں۔

اور اگر ہم حدیث **'أول ماخلق الله نور نبيك'** ثابت بھی مان لیں تو مقصود یہ ہے کہ حضور اقدس ﷺ کا نور نبوت عالم غیب میں سب سے پہلے جلوہ گر ہوا۔

(۲) بعض حضرات کا استدلال یہ ہے کہ احادیث صحیحہ میں حضور اقدس ﷺ کا **'اللّٰهم اجعلني نورا'** فرمانا وارد ہوا ہے، مگر یہ استدلال بھی کمزور ہے، اس لیے کہ ظاہر ہے کہ اس دعا کا یہ مطلب تو نہیں ہے کہ حضور اقدس ﷺ قلب حقیقت کی دعا فرماتے ہیں، بلکہ ساری دعاد یکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور ﷺ کچھ اور ہی دعا فرماتے ہیں، مختلف الفاظ

میں وارد ہوا ہے کہ حضور ﷺ نے یہ دعا پڑھی ہے . **أللهم اجعل فی بصری نوراً وفی سمعی نوراً وعن یمینی نوراً وعن یساری نوراً ومن خلفی نوراً ومن أمامی نوراً ومن فوقی نوراً ومن تحتی نوراً**، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور کی غرض یہ ہے کہ حضرت ﷺ سارے متعلقات واحوال میں نورالٰہی وربانی تجلّی کی دعا فرمارہے ہیں اور ہمہ وقت اور ہرآن کدورات بشریت سے صفائی حاصل ہو، اسی کا ایک اثر یہ تھا جو حضور ﷺ نے دوسری حدیث میں ارشاد فرمایا: **إن اللہ قد أعاننی علیه فأسلم.** یہ شیطان کے بارے میں ارشاد ہے یعنی قرین جو حضور ﷺ کے ساتھ مقرر ہے وہ مسلمان ہوگیا ہے، اگر نور حقیقی ہوتے اور بشری اوصاف بالکل نہ ہوتے تو متعلقات بشریت کے کیوں محتاج ہوتے؟ اکل وشرب، صحت وسقم، مرض والم، رنج وغم، دیگر متعلقات بشریت اور لوازم سبھی آپ میں پائے جاتے ہیں۔

(۳) بعض حضرات نے استدلال میں ایک حدیث نقل فرمائی، علامہ سیوطی خصائص کبریٰ (ص ۶۸ وص ۷۱) میں لکھتے ہیں: **أخرج الحکیم الترمذی من طریق عبد الرحمٰن بن قیس الزعفرانی عن عبد الملک بن عبد اللہ بن الولید عن ذکوانؓ أن رسول اللہ ﷺ لم یکن یُری له ظلّ فی شمس ولا قمر ولا أثر قضاء حاجة. انتهیٰ.**

قلت :عبد الرحمٰن بن قیس لا یقبل عنه هذا الحدیث فقد قال الذهبی فی المیزان: کذّبه ابن مهدی وأبوزرعة، وقال البخاری: ذهب حدیثه، وقال أحمد: لم یکن بشیء. انتهیٰ. وذکر الجمال المزّی فی تهذیب الکمال والحافظ ابن حجر فی تهذیب التهذیب کلام الحفاظ فیه وجرحهم إیاه، وقال الحافظ صالح بن محمد المعروف بجزره :کان یضع الحدیث، وقال الحافظ ابن حجر فی التقریب: متروک ،کذّبه أبو زرعة وغیره. انتهیٰ. فکیف یُقبل حدیثه هذا ؟ وأما عبد الملک بن عبد الله بن الولید فلم أعرفه وکذا ذکوان ینظر من هو؟ ففی الصحابةؓ جماعة بهذا الاسم.

بعض حضرات ایک دوسری حدیث نقل کرتے ہیں **قال القاضی عیاض** (ص ۳۰۶): **ذُکر أنه لاظلّ شخصه فی شمس ولا قمر لأنه کان نوراً. قال الخفاجی** (ص ۳/۲۸۲): **هذا رواه صاحب الوفاء عن ابن عباسؓ قال: لم یکن لرسول اللہ ﷺ ظلّ ولم یکن مع شمس إلّاغلب ضوئه ضوئها ولامع سراج إلّاغلب ضوئه ضوئه. انتهیٰ.**

اس حدیث کی کوئی سند نہ تو خفاجی نے ذکر کی اور نہ ہی ہمیں اور کہیں اسکی سند ملی۔

ہمارا خیال یہ ہے کہ یہ بھی من جملہ روایات ضعیفہ کے ایک روایت ہے، علامہ سیوطی نے خصائص میں اس روایت کا

کوئی تذکرہ نہیں کیا ہے، حالانکہ علامہ سیوطی نے خصائص میں روایات کے سلسلے میں بہت ہی تساہل سے کام لیا ہے، کہ اگر یہ کہا جائے کہ سینکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں روایات ایسی ہیں جو تحقیق کے بعد کھری ثابت نہ ہوں گی تو بیجا نہ ہوگا۔

اب ہم ایسی روایات پیش کریں گے جن سے انشاء اللہ یہ بات ثابت ہوجائے گی کہ قد انور کے لیے عام انسانوں کی طرح سایہ تھا اور اس میں عقلی طور پر بھی کوئی استغراب واستعجاب نہیں ہے، اسلئے کہ آپ بشر تھے اور نہ ہی سایہ ہونا شان نبوت کے منافی ہے جیسے دیگر لوازمات بشریت منافی مقام نبوت نہیں ہیں۔

(۱) قال الإمام أحمد (ص ۱۳۱/۶ رقم الحديث ۲۵۰۵۵) وابن سعد (ص ۱۲۶/۸) حدثنا عفّان حدثنا حمّاد عن ثابت عن شميسة عن عائشةؓ أن رسول الله ﷺ كان فى سفره فاعتلّ بعير لصفيةؓ وفى إبل زينبؓ فضل، فقال لها رسول الله ﷺ : إن بعيراً لصفية اعتلّ فلو اعطيتِها بعيرًا من إبلك؟ فقالت: أنا أعطى تلك اليهودية؟ قال فتركها رسول الله ﷺ ذاالحجة والمحرم شهرين أو ثلاثة لا يأتيها، قالت: حتّى يئست منه وحوّلت سريرى، قالت: فبينما أنا يوماً بنصف النهار إذا أنا بظلّ رسول الله ﷺ مقبل. زاد أحمد قال: عفان حدثنيه حماد عن شميسة عن النبى ﷺ ثمّ سمعته بعد يحدثه عن شميسة عن عائشةؓ عن النبى ﷺ. وقال بعد فى حج أو عمرة، قال: ولاأظنّه إلّاقال فى حجة الوداع. انتهىٰ.

وخرّجه فى موضع آخر (ص ۲۶۱/۶) قال: حدثنا يونس حدثنا حماد يعنى ابن سلمة عن ثابت عن شميسة عن عائشةؓ أن بعيراً لصفيةؓ اعتلّ وعند زينبؓ فضل ظهر من الإبل، فقال رسول الله ﷺ لزينب: أن بعير صفية قد اعتلّ فلو اَنك أعطيتِها بعيراً؟ قالت: أنا أعطى تلك اليهودية؟ فتركها، فغضب رسول الله ﷺ شهرين أو ثلاثا حتى رفعت سريرها وظنّت أنه لايرضىٰ عنها، قالت: فإذاأنا بظلّه يوماً بنصف النهار، فدخل رسول الله ﷺ فأعادت سريرها.

ورجال الإسنادين ثقات، أمّا عفان فهو ابن مسلم من رجال الستّة ثقة ثبت، وأمّا حماد بن سلمة فهو من الثقات الأعلام، أثبت الناس فى ثابت، وأما ثابت فهو ثقة ثبت من رجال الستة.

ثم اعلم أن هذه السلسلة أعنى عفان عن حماد عن ثابت أخرج بها مسلم فى صحيحه أحاديث (ص ۱۰۵/۱، ص ۱۱۴/۱، ص ۱۱۵/۱).

وأما يونس فهو يونس بن بُكير بن وصل الشيبانى أحدالأعلام وأئمة الأثر صدوق وقد يخطىء،

روى له الترمذى وأبو داود والنسائى وابن ماجه، قال الذهبى: وقد أخرج مسلم ليونس فى الشواهد لا الأصول، وكذالک ذكره البخارى مستشهداً به وهو حسن الحديث، مات سنة تسع وتسعين ومأة. انتهىٰ.

وأما شميسة فهى شميسة بالتصغير بنت عزيز العتكية البصرية مقبولة من الثالثة كذا فى التقريب، قال الذهبى فى الميزان: وما علمت فى النساء من اتّهمت ولا من تركوها. انتهىٰ. فلذا قال الحافظ ابن حجر :إنها مقبولة فالإسناد إذن حسن.

وهذا الحديث أخرجه الطبرانى فى الأوسط (ص ٣٢٣/٣) كما فى مجمع الزوائد(ص ٣٢٢/٤)عن عائشةؓ قالت: كان رسول الله ﷺ فى سفر ونحن معه فاعتلّ بعير لصفية وكا ن مع زينب فضل، فقال لها رسول الله ﷺ: إن بعير صفية قد اعتلّ، فلو أعطيتِها بعيراً لک؟ قالت: أنا أعطى هذه اليهودية؟ فغضب رسول الله ﷺ وهجر ها بقية ذى الحجة والمحرم وصفرو أياماً من ربيع الأول حتّى رفعت متاعها وسريرها، وظنّت أنه لاحاجة له فيها، فبينا هى ذات يوم قاعدة بنصف النهار إذ رأت ظلّه قد أقبل فأعادت سريرها ومتاعها. قال الهيثمى: رواه الطبرانى فى الأوسط وفيه سمية روى لها أبو داود وغيره ولم يجرحها أحد وبقية رجاله ثقات.

(٢) قال الإمام أحمد (ص٣٣٧/٦ رقم الحديث٢٦٩٢٤) :حدثنا عبد الرزاق قال: حدثنا جعفر بن سليمان عن ثابت قال: حدثتنى شميسة أو سمينة، قال عبد الرزاق هو فى كتابى سمية عن صفية بنت حيىّ أنّ النبى ﷺ حج بنسائه فلما كان فى بعض الطريق نزل رجل فساق بهنّ فأسرع، فقال النبى ﷺ :كذاک سوقک بالقوارير يعنى النساء، فبينا هم يسيرون برک بصفية بنت حيىّ جملها، وكانت من أحسنهنّ ظهراً فبكت وجاء رسول الله ﷺ حين أخبر بذالک، فجعل يمسح دموعها بيده وجعلت تزداد بكاء وهو ينهاها، فلما أكثرت زبرها وانتهرها وأمر الناس بالنزول فنزلوا ولم يكن يريد أن ينزل، قالت: فنزلوا وكان يومى، فلما نزلوا ضرب خباء النبى ﷺ ودخل فيه، قالت: فلم أدر على ما أهجم من رسول الله ﷺ وخشيت أن يكون فى نفسه شئ منى، فانطلقت إلى عائشةؓ فقلت لها: تعلمين أنى لم أكن أبيع يومى من رسول الله ﷺ بشئ أبداً وأنى قد وهبت يومى لک على أن ترضىٰ رسول الله ﷺ عنى، قالت: نعم، قال: فأخذت عائشةؓ خماراً

لها قدثردته بزعفران فرشّته بالماء ليذكيٰ ريحه ثم لبست ثيابها، ثم انطلقت إلى رسول الله ﷺ فرفعت طرف الخباء، فقال لها :مالكِ؟ يا عائشة ! إن هذا ليس بيومك، قالت: ذلك فضل الله يؤتيه من يشاء، فقال مع أهله فلما كان عند الرواج قال لزينب بنت جحش: يا زينب! افقرى أختك صفية جملاً وكانت من أكثرهن ظهراً، فقالت: أناأفقر يهوديّتك؟ فغضب النبى ﷺ حين سمع ذلك منها، فهجرها فلم يكلّمها حتى قدم مكة وأيام منىٰ فى سفره حتى رجع إلى المدينة والمحرم وصفرفلم يأتها ولم يقسم لها ويئست منه، فلما كان فى شهر ربيع الأول دخل عليها فرأت ظلّه، فقالت: إن هذا لظلّ رجل ما يدخل علىّ النبى ﷺ فمن هذا ؟ فدخل النبى ﷺ فلما رأته قالت: يا رسول الله ! ما أدرى ماأصنع حين دخلت علىّ، قالت: وكانت لها جارية وكانت تخبؤها من النبى ﷺ، فقالت: فلانة لك، فمشى النبى ﷺ إلى سرير زينبؓ وكان قد رفع، فوضعه بيده ثم أصاب أهله ورضى عنهم.

رجال الإسناد ثقات، وشميسة وكذا سميسة قد ذكرنا فى الحديث الذى قبله، وأما سمنية فالظاهر أنها هى سميّة، وجعفر بن سليمان عن ثابت أخرج مسلم عن هذه الترجمة (ص۱۸۸).

(۳) قال عبدالله بن وهب: أنبأنا معاوية بن الصالح عن عيسى بن عاصم عن زرّ بن حبيش عن أنس بن مالكؓ قال: صلّى بنا رسول الله ﷺ ذات يوم صلاةالصبح ثم مدّ يده ثم أخّرها، فلما سلّم قيل له: يا رسول الله ! لقد صنعت فى صلاتك شيئاً لم تصنعه فى غيرها، قال: إنى رأيت الجنّة فرأيت فيها داليةً قطوفها دانية حبّها كالدبّاء. فأردت أن أتناول منها فأوحى إلىّ أن استأخر، فاستأخرت، ثم رأيت النار فيمابينى وبينكم حتى لقد رأيت ظلّى وظلّكم، فأومأت إليكم أن استأخروا فأوحى إلىّ أن أقرّهم فإنك أسلمت وأسلموا وهاجرت وهاجروا وجاهدت وجاهدوا فلم أرلى عليكم فضلاً إلّا بالنبوّة. كذا فى حادى الأرواح للحافظ ابن القيم.

والحديث أخرجه الحكيم الترمذى فى نوادر الأصول(ص۱۶۸) وابن خزيمة فى صحيحه (ص ۲/۵۱) والحاكم فى المستدرک (ص۴/۴۵۶) والضياء فى المختارة(ص۷/۱۳۸) من طريق ابن وهب س صحّحوه، وهذا الإسناد حسن صحيح.

وابن وهب ثقة إمام، ومعاوية بن صالح الحمصى قاضى الأندلس روى له مسلم والأربعة

والطحاوی، وثّقه أحمد وابن مهدی والعجلی والنسائی وأبو زرعة وابن سعد وغیرهم، وقد ینفرد بأشیاء، وقال ابن معین: ثقة، وقال مرّةً :صالح، وقال: مرّةً لیس بمرضی، وقال یحیی القطان: ما کنا نأخذ عنه، وقال ابن خراش: صدوق، وقال ابن عدی: له حدیث صالح وما أری بحدیثه بأساً، وهو عندی صدوق إلا أنه یقع فی حدیثه إفرادات.

وأما عیسی بن عاصم الأسدی الکوفی فأخرج له أبو داود والترمذی وابن ماجه والبخاری فی الأدب، قال أبو طالب عن أحمد: ثقة، وقال أبو حاتم : صالح، وقال النسائی: ثقة، وذکره ابن حبان فی الثقات، وقال الحاکم: کوفی ثقة، ووقع فی النسخة المطبوعة من أعلام الموقعین عیسیٰ عن عاصم وهو غلط.

وأما زرّبن حبیش فهو ثقة ثبت من رجال السنّة.

یہ احادیث ثلاثہ یعنی حدیث ام المومنین حضرت عائشہؓ اور حدیث ام المومنین حضرت صفیہؓ، وحدیث انس بن مالکؓ اسانید معتبرہ حسنہ سے مروی ہیں، جیسا کہ تفصیلی تحقیق سے معلوم ہو چکا اور ہر ایک میں رسول اللہ ﷺ کے قدمبارک کے لئے سایہ وظل ہونا مذکور ہے، بلکہ حضرت انسؓ کی حدیث میں تو حضور اقدس ﷺ کا فرمان: **رأیت ظلّی وظلّکم**، صاف وارد ہوا ہے، پھر اسکے خلاف کی کیا گنجائش باقی رہتی ہے؟

اور ہر کسی کو یہ خیال بھی نہیں ہوسکتا ہے کہ اثباتِ ظل منافی مقام نبوت ہے۔

اگر یہ بات ہوتی تو خود اللہ تعالی اس کا ضمان لیتے اور صاف فرماتے کہ ہمارے رسول کے قد انور کا سایہ نہیں ہے۔

نیز اگر جسد انور کا سایہ نہ ہوتا تو جس طرح اور شمائل نبویہ بیان کئے جاتے ہیں اور روایات صحیحہ معتبرہ میں وارد ہوئے ہیں اسکا بھی ذکر ہوتا بلکہ یہ تو خلاف عادت ہونے کی وجہ سے اور بھی زیادہ قابل اہتمام ہوتا، اور صحابہؓ جیسے شق قمر، نبع ماء تسلیم حجر وغیرہ ذکر فرماتے ہیں اسے بھی ذکر فرماتے، خاتم نبوت کا تذکرہ جس طرح احادیث صحیحہ میں وارد ہوا ہے اس کا تذکرہ بھی ہوتا۔

حالانکہ تحقیقی طور پر ایک روایت بھی نفی ظل نبوی میں پایہ ثبوت کو نہیں پہونچتی ہے، اصل فضائل وہ ہیں جو احادیث صحیحہ میں وارد ہوئے ہیں، ان کمالات واوصاف کیلئے شمائل ترمذی وغیرہ دیکھی جائے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

حدیث پاک کا پہلا راوی کون ہے؟

جواب (۲):

تم نے عجیب وغریب سوال کیا کہ حدیث پاک کا سب سے پہلا راوی کون ہے؟

اس پر نہ تو کوئی عقیدہ کا مسئلہ مبنی ہے، اور نہ اعمال کا مدار ہے، اور نہ ہی اخلاقیات وروحانیات کا موقوف علیہ ہے، اس میں اپنا اور دوسروں کا وقت ضائع کرنے سے کیا فائدہ ہے!

ہاں یہ سوال کہ اول مدون حدیث کون ہے؟ اسلئے قابل اہتمام ہے کہ اس سے اس فن شریف کی ابتدائی تاریخ متعلق ہے، نیز اس سے فن شریف کی قوت معلوم ہوتی ہے کہ فلاں وقت سے تدوین شروع ہوئی اور فلاں فلاں نے اس میں سب سے پہلے قدم بڑھایا ہے۔

نقل احادیث عہد نبوی میں بھی ہوتی تھی اور بعد میں بھی، الا یہ کہ تمہاری مراد اول مدوّن کو پوچھنا ہے تو ضرور بیان کروں گا مگر استعجاب یہ ہے کہ مقدمہ بخاری میں تفصیل سے اس پر کلام سن لیا پھر اس کے بعد کیا ضرورت رہتی ہے!

تاہم مختصراً یہ ہے کہ اس فن شریف کے اول مدون امام محمد بن مسلم بن شہاب الزہری (المتوفی ۱۲۴ھ علی **نقل** الحافظ الذہبی یا ۱۲۵ھ علی **نقل** الحافظ ابن حجر) ہیں، اور بعض حضرات کے کلام میں ابوبکر بن حزم کا نام ملتا ہے، لیکن اول ہی مشہور ہے۔ ابونعیم نے حلیۃ الاولیاء میں اپنی سند سے امام مالک سے روایت کیا ہے: **أول من دوّن العلم ابن شهاب**، اسی طرح ابن عبدالبر نے جامع بیان العلم میں امام مالک اور عبدالعزیز بن محمد الدراوردی سے **نقل** فرمایا کہ: **أول من دوّن العلم ابن شهاب**، اس علم سے مراد علم حدیث شریف ہے، یہی ان کے یہاں علم تھا۔ اس لئے کہ اس زمانہ میں فلسفہ ومنطق وغیرہ کا چرچا ہی نہیں تھا اور چونکہ تفسیر وفقہ بھی حدیث ہی کے تابع ہیں، اس لئے کہ وہی تفسیر معتبر ہے جو حدیث میں ہو یا پھر اصولی طور سے ماخوذ ہو، اور فقہ تو حدیث پاک سے اصلاً واستنباطاً ماخوذ ہے ہی۔

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ: **أول من دوّن الحديث ابن شهاب الزهري على رأس المأة بأمر عمر بن عبدالعزيز ثم كثر التدوين ثم التصنيف وحصل بذالك خير كثير، ولله الحمد.**

اسی طرح علامہ سخاوی، شیخ الاسلام زکریا انصاری، علامہ سیوطی وغیرہ نے تصریح فرمائی ہے۔ علامہ سیوطی فرماتے ہیں:

أول جامع الحديث والأثر ابن شهاب آمرله عمر

اور اگر اس سوال سے تمہاری غرض یہ ہے کہ سب سے پہلے حضور اقدس ﷺ سے حدیث پاک کی روایت کس نے کی ہے؟ تو اس صورت کی تصریح مجھے علماء کرام کے کلام میں یاد نہیں۔

البتہ میرا خیال یہ ہے کہ حدیث پاک کے حضور اقدس ﷺ کی وفات کے بعد پہلے راوی خلیفۂ برحق خلیفۂ اول **ثانی اثنین فی الغار** حضرت ابوبکر صدیقؓ ہیں، اس لئے کہ حضور اقدس ﷺ کی وفات کے بعد سب سے پہلا اختلاف یہ ہوا تھا کہ خلیفہ کون ہو؟ انصار سعد بن عبادہؓ کو بنانا چاہتے تھے اور سقیفہ بنی ساعدہ میں جمع تھے، حضرت صدیق اکبرؓ نے ان کے خطیب کا خطبہ سننے کے بعد فرمایا:

ما ذکرتم فیکم من خیر فأنتم له أهل ولن یعرف هذاالأمر إلا لهذاالحیّ من قریش، هم أوسط العرب نسباً وداراً . الحدیث(بخاری ص ۱۰۱۰).

یہ امر صدیق اکبرؓ نے ظاہر ہے کہ اپنی طرف سے نہ کہا ہوگا بلکہ حضرت اقدس ﷺ سے سنا ہوگا جب ہی تو اس پر کوئی نہ بولا، بلکہ بعض روایات میں حضرت صدیق اکبرؓ کا اس کو حضور اقدس ﷺ سے نقل کرنا بالتصریح وارد ہے۔

قال الإمام أحمد (ص۵/ ۱ رقم الحدیث ۱۹): حدثنا عفّان حدثنا أبو عوانة عن داود بن عبدالله الأودی عن حمید بن عبد الرحمٰن قال: توفّی رسول الله ﷺ وأبو بکرؓ فی طائفة من المدینة قال: فجاء فکشف عن وجهه وقبّله وقال: فداک أبی وأمی ماأطیبک حیّاً ومیّتاً، مات محمد ﷺ وربّ الکعبة فذکر الحدیث. قال: فانطلق أبو بکرؓ وعمرؓ یتقاودان حتّی أتوهم فتکلّم أبو بکرؓ ولم یترک شیئاً أُنزل فی الأنصار ولا ذکره رسول الله ﷺ من شأنهم إلا وذکره، وقال: ولقدعلمتم أن رسول الله ﷺ قال: لو سلک الناس وادیاً وسلکت الأنصار وادیاً سلکت وادی الأنصار، ولقد علمت یا سعد! أن رسول الله ﷺ قال وأنت قاعد: "قریش ولاة هذاالأمر، فبرّالناس تبع لبرّهم وفاجرهم تبع لفاجرهم"، قال: فقال له سعد: صدقت، نحن الوزراء وأنتم الأمراء. والحدیث رجاله ثقات إلا أن حمید بن عبد الرحمٰن قال الهیثمی (ص ۱۹۱/۵): لم یدرک أبا بکرؓ. انتهیٰ. قلت: و مثل هذاالانقطاع لا یضرّ لما له من الشواهد.

اس کے بعد پہلا اختلاف یہ ہوا کہ حضور ﷺ کو کہاں دفن کیا جائے؟ اور اس باب میں ان کے پاس کوئی تحقیقی علم نہیں تھا۔ صدیق اکبرؓ نے اس اختلاف کو رفع فرمایا اور حضور اقدس ﷺ کا ارشاد نقل فرمایا:

لم یُقبر نبیّ إلا حیث یموت. فأخرج الترمذی فی الجامع (ص ۱۲۱/۱) والشمائل، والنسائی

فی الکبریٰ، وابو یعلیٰ فی مسندہ عن عائشۃؓ قالت: لما قبض رسول اللہ اختلفوا فی دفنہ فقال ابو بکرؓ :سمعت من رسول اللہ شیئاً، قال: ما قبض اللہ نبیاً إلا فی الموضع الذی یحب أن یدفن فیہ، إدفنوہ فی موضع فراشہ.

قال الترمذی: ھذا حدیث غریب، وعبد الرحمٰن بن ابی بکر الملیکی یضعف من قبل حفظہ.

وقد روی ھذا الحدیث من غیروجہ رواہ ابن عباسؓ عن ابی بکر الصدیقؓ عن النبی ﷺ . انتھیٰ، وعزاہ العلامۃ السمھودی فی وفاء الوفاء إلی السنن الکبریٰ للنسائی وقال: إسنادہ صحیح.

وقال الإمام أحمد (ص۷۰ ۱ رقم الحدیث۲۸): حدثنا عبدالرزاق قال: أخبرنی ابن جریج قال: أخبرنی أبی أن أصحاب النبی ﷺ لم یدروا أین یقبرون النبی ﷺ حتیٰ قال ابو بکرؓ : سمعت رسول اللہ ﷺ یقول: لن یُقبر نبیّ إلا حیث یموت فاحفروا فراشہ واحفروا لہ تحت فراشہ.

وھذا الحدیث ذکرہ السیوطی فی الجامع الصغیر فی لم ورمز لحسنہ.

یہ جو کچھ میں نے لکھا ہے میرا اپنا خیال ہے، اور اللہ تعالیٰ کی ذات کریم سے امید کرتا ہوں کہ صواب و درست ہوگا۔

اور حافظ ابن عبدالبر نے الاستیعاب میں (ص۳۴۴ ۱/) جو ابن مسعودؓ سے نقل فرمایا قال: کان رجوع الانصار یوم سقیفۃ بنی ساعدۃ بکلام ، قال عمر بن الخطابؓ: أنشدتکم اللہ ھل تعلمون أن رسول اللہ ﷺ امر أبا بکر أن یصلّی بالناس؟ قالوا: اللھم نعم، قال: فأیکم تطیب نفسہ أن یزیلہ عن مقام أقامہ فیہ رسول اللہ ﷺ ؟ فقالوا: کلّنا لاتطیب نفسہ ونستغفر اللہ. تو اس سے یہ شبہ نہ کیا جائے کہ حضرت عمرؓ نے سب سے پہلے حضور اقدس ﷺ کی حدیث ابوبکر صدیقؓ کے امام بنانے کی نقل کی ہے، اس لیے کہ یہ تو سقیفہ بنی ساعدہ سے لوٹنے کی بات ہے، اور بخاری وغیرہ میں مصرح ہے کہ حضرت عمرؓ نے اپنے دل میں ایک مضمون مرتب کیا تھا کہ سقیفہ بنی ساعدہ میں بیان فرمائیں گے لیکن ابوبکر صدیقؓ نے انہیں روک لیا اور خود ہی کلام فرمایا۔

فرماتے ہیں: فلمّا سکت أی خطیب الأنصار أردت أن أتکلّم، وکنت زوّرت مقالۃً أعجبتنی أرید أن أقدمھا بین یدی أبی بکرؓ وکنت أداری منہ بعض الحد، فلما أردت أن أتکلّم وکنت زوّرت مقالۃً فکرھت أن أغضبہ فتکلّم ابوبکرؓ وکان ھو أحلم منی وأوقر، واللہ مارک من کلمۃ أعجبتنی فی تزویری إلا قال فی بدیھتہ مثلھا أو أفضل حتی سکت وقال: ماذکرتم، إلی آخر ماتقدم. واللہ اعلم بالصواب.

کیا آپ ﷺ یا دیگر اولیاء کرام بیک وقت بہت سے مقامات پر جاسکتے ہیں؟

جواب (۳):

تم نے یہ لکھا کہ حضرات اولیاء اللہ مختلف مقامات میں بیک وقت بسا اوقات نظر آتے ہیں پھر اگر حضور ﷺ بھی مختلف مقامات میں بیک وقت مختلف مجالس میں تشریف لائیں تو کیا استبعاد ہے؟ جبکہ حضور ﷺ اپنی قبر کے اندر زندہ اور باحیات ہیں۔

عزیز من ! مسئلہ حیاۃ الانبیاء خود ایک معرکۃ الآراء مسئلہ ہے، کہ آیا حضرات انبیاءؑ اپنی قبور میں باحیات ہیں یا نہیں؟ اگر چہ راجح یہی ہے کہ اپنی قبور مطہرہ میں زندہ ہیں، اور احادیث میں وہی وارد ہے۔

ایک حدیث میں ہے کہ: **إنّ اللـه حرّم على الأرض أن تأكل أجساد الأنبياء. أخرجه أحمد وأبوداود والنسائي وابن ماجه وابن أبي شيبة والبيهقي، وصحّحه ابن خزيمة وابن حبان والحاكم والدارقطني والنووي، وحسّنه عبدالغني، وقال الحافظ أبو الخطاب ابن دحية : إنه صحيح بنقل العدل عن العدل.**

ابن ماجہ کی بعض روایات میں 'فنبیّ الله حیّ یرزق' بھی وارد ہے، ایک حدیث میں ہے ' **الأنبياء أحياء في قبورهم'. رواه أبو يعلى والبيهقي وصحّحه.**

مگر حیات تسلیم کر لینے کے بعد یہ لازم نہیں آتا ہے کہ وہ حضرات دنیا میں سفر کرتے پھرتے ہوں، جیسے سلاطین اپنے محلوں اور حرم سراؤں میں ہوا کرتے ہیں ایسے ہی اپنے اپنے مقامات مقدسہ میں حضرات انبیاء علیہم السلام بھی زندہ ہیں اور رونق افروز ہیں۔

اگر ہر میلاد خواں یہ خیال کرے کہ حضور ﷺ تشریف لاتے ہیں تو اگر ہم یہ تسلیم بھی کر لیں کہ مختلف اوقات میں کبار اولیاء اللہ ابدان مثالیہ کے ساتھ حاضر ہو سکتے ہیں جیسا کہ علامہ سیوطی نے اپنے بعض رسائل میں اس کو ثابت فرمایا ہے تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ انبیاءؑ اس قدرت کے حاصل ہونے پر ہر جگہ حاضر ہوں، کتنی بڑی گستاخی ہے۔

ایک شیخ و مرشد تو ہر جگہ جاتا ہی نہیں جہاں جہاں اس کا ذکر ہے، پھر ایک نبی بلکہ سید الانبیاء ﷺ کے بارے میں یہ

خیال کیسے صحیح ہوگا؟ یہ تو بذات خود تعظیم کے خلاف ہے، اس لئے کہ دنیا کا کوئی گوشہ ایسا نہیں ہے جس میں کوئی نہ کوئی ذکر رسول اللہ ﷺ کرنے والا نہ ہو، تو پھر یہ لازم آئے گا کہ حضور اقدس ﷺ ہمہ وقت ادھر ادھر اپنے ابدان مثالی کے ساتھ پھرتے رہتے ہیں، کیسی گستاخی ہے۔

نیز مجالسِ میلاد کے خود مروّج طریقے نہ تو قرنِ صحابہ میں ثابت ہیں اور نہ اُن کے بعد کے قرون مشہود لھا بالخیر میں۔

نیز یہ بھی بتلانا ہوگا کہ کس آیت یا حدیث سے یہ ثابت ہے کہ حضرت ﷺ اپنے ذکر کی مجلس میں تشریف لاتے ہیں، محض یہ احتمال عقلی کہ تشریف لاتے ہی ہوں گے کافی نہیں۔

اور اگر یہی کہا جائے کہ کشوف اولیاء اللہ سے تشریف آوری ثابت ہے تو پہلی بات تو یہ ہے کہ کشف حجت شرعیہ نہیں ہے جس سے استدلال کیا جاسکے۔

دوسری بات یہ ہے کہ اگر اتفاق سے کسی ولی کو کشف ہوگیا کہ حضور اکرم ﷺ تشریف لاتے ہیں تو کیا ضروری ہے کہ وہ کشف مطابق واقعہ اور صحیح بھی ہو؟ غلط بھی ہوسکتا ہے، چنانچہ خود صوفیہ کے کلام میں مصرح ہے کہ کشف میں بھی غلطی ہوتی ہے، اور یہ کوئی عجیب بات نہیں ہے، اس لئے کہ جیسے اور ذرائع علم ہیں کشف بھی ایک ذریعہ ہے، اور وہ بھی ظنی ہے، تو جس طرح اور ذرائع علم کے حاصل شدہ علوم میں غلطی ہوتی ہے یہاں بھی ہوجائے تو کیا عجب ہے، مثلاً مدرکاتِ بصر میں بعض وقت خطاء ہو جاتی ہے، نظر آتا ہے حیوان اور ہوتا ہے تو دہ ریگ، نظر آتا ہے انسان اور ہوتی ہے بکری، مسموعات میں بھی قوۃِ سمع کو غلطی ہوجاتی ہے، ذہن مدرکاتِ عقلیہ میں غلطی کر جاتا ہے، تو بہت ممکن ہے کہ کشف خلاف واقعہ ہو۔

اور اگر اتفاق سے کہیں تشریف آوری ہو بھی گئی اور کسی عارف کو کشف ہوگیا اور وہ اتفاق سے مطابق واقعہ ہو تو اس سے یہ کہاں لازم آیا کہ ہر جگہ تشریف لاتے ہی ہوں گے۔

کیا حضرت اقدس روحی فداہ ﷺ اپنی حیاۃ دنیویہ میں ہر مجلس خیر میں ہمیشہ تشریف لے جاتے تھے، کسی آیت یا حدیث سے ثابت ہے؟ بلکہ بعض سے تو اس کے خلاف ہی ثابت ہوگا، بلکہ اکثری احوال ہی یہی ہیں، اس لئے کہ حضرات صحابہ حضور اکرم ﷺ کے جان نثار آپ کا ذکر شریف اپنی مجالس میں کرتے ہی تھے، اور وہ اپنے اپنے اوطان اور اماکن بعیدہ میں ہوتے تھے، اور حضرت کہیں بھی تشریف نہیں لے جاتے تھے، تو پھر اس دار دنیا سے رحلت فرمانے کے بعد کیا ضروری ہے کہ ہر مجلس میں تشریف لے جائیں۔ واللہ اعلم۔

ایک حدیث سے حضور ﷺ کے عدم حیات پر استدلال اور اسکا جواب

جواب (۴):

تم نے ابوداؤد شریف کی روایت لکھی ہے کہ اس میں ارشادنبوی ہے ' **ما من أحد يسلّم عليّ إلا ردّ الله عليّ روحي حتى أردّ عليه السلام**' اوراس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضوراقدس ﷺ اپنی قبر میں باحیات نہیں ہیں، بلکہ جب کسی وقت کوئی سلام کرتا ہے تو حضور پاک ﷺ کی روح مبارک آپ کے بدن شریف میں آتی ہے اور آپ جواب مرحمت فرماتے ہیں۔

عزیزم! تم کو بالکل ہی یاد نہ رہا کہ میں نے بخاری شریف کے درس میں اس اشکال کے پانچ جواب دیئے تھے، میں ذرا وضاحت وتفصیل سے حدیث کے متعلق کلام کرنا چاہتا ہوں، سنو!

اولاً حدیث کی تخریج **هذا الحديث أخرجه أحمد (ص۲/۵۲۷) وأبو داود (ص۳/۲۰۷) والبيهقي في السنن الكبرىٰ (ص۵/۲۴۵) والدعوات الكبير من طريق أبي صخر حميد بن زياد عن يزيد بن عبد الله بن قسيط عن أبي هريرةؓ عن النبي ﷺ به.**

قال النووي في شرح المهذب (ص۸/۲۷۲): رواه أبو داود بإسناد صحيح، وكذا قال التقي السبكي في شفاء الأسقام (ص۳۸) وتكلّم على جميع السند تفصيلاً، إلا أن الحافظ أباعبد الله محمد بن أحمد بن عبد الهادي الحنبلي ناقشه في الصارم المنكي (ص۱۷۵) وتكلّم في إسناده من جهة تفرّد أبي صخر به عن ابن قسيط عن أبي هريرةؓ، ولم يتابع ابن قسيط أحد في روايته عن أبي هريرةؓ، ولايتابع أبا صخر أحد في روايته عن ابن قسيط.

ثم ذكر اختلاف المحدّثين في اسم أبي صخر، أهو حميد بن زياد أو حميد بن صخر؟ وفي كنّيته، هل هو أبو صخر كما قاله الأكثر أوأبو مودود حميد بن صخر كما قاله أبو مسعود الدمشقي؟ والراجح هو الأول أي أنه حميد بن زياد أبو صخر، وهو رجل واحد لا اثنان كما زعم بعضهم كابن عدي، وقال: اختلف الأئمة في عدالته، فوثّقه بعضهم وتكلّم فيه آخرون، واختلفت الرواية عن يحيى بن معين فقال مرةً: ضعيف الحديث، وقال مرةً: ثقة، وقال مرةً: ليس به بأس. وكذا قال أحمد، وقال: في روايته ضعف، وكذا قال النسائي في ماحكاه الدولابي، وفي الضعفاء للنسائي: ليس بالقوي، وكذا قال في الكنىٰ، وقال ابن عبدالبر: ليس به بأس عند جميعهم، وقال

ابن عدی: حمید بن زیاد أبو صخر مدینی، روی عنه حیوة أحادیث وهو عندی صالح الحدیث، وإنما أنکر علیه هذان الحدیثان "المؤمن مألف" وفی القدریة یعنی حدیثه "سیکون فی أمتی مسخ وقذف" یعنی فی الزنادقة والقدریة، وسائر حدیثه أرجو أن یکون مستقیماً. (الکامل لابن عدی ص ۳/۷۰).

ثم ذکر حمید بن صخر، قال النسائی: ضعیف، ثم ذکر له ثلاثة أحادیث، من طریق القاسم بن مهدی عن أبی مصعب عن حاتم عنه حدیثین عنه عن المقبری عن أبی هریرةؓ، وحدیثاً عنه عن یزید الرقاشی عن أنسؓ، ثم قال لحاتم بن إسماعیل عن حمید بن صخر أحادیث غیر ما ذکرته، وفی بعض هذه الأحادیث عن المقبری ویزید الرقاشی مالا یتابع علیه، قال ابن عبد الهادی هکذا فرّق بینهما ابن عدی و جعلهما رجلین، والصحیح أنهما رجل واحد، وهو أبو صخر حمید بن زیاد، لکن حاتم بن إسماعیل کان یسمّیه حمید بن صخر وسمّاه بعضهم حماداً.

وقد روی له الجماعة کلّهم، أما البخاری ففی کتاب الأدب، وأما النسائی ففی مسند علیؓ، وقد عرف اختلاف الأئمة فی عدالته، والاختلاف فی خبره مع الاضطراب فی اسمه وکنیته واسم أبیه، فما تفرّد به من الحدیث ولم یتابعه علیه أحد لا ینهض إلی درجة الصحیح ولا ینتهی إلی درجة الصحة بل یستشهد به ویعتبر به. انتهیٰ.

قلت: هذا الرجل روی له مسلم فی صحیحه وأبوداود والترمذی وابن ماجه فی سننهم. قال أبو حاتم: لابأس به، وقد نقل ابن عبد الهادی عن ابن عبد البر:أنه لا بأس به عندجمیعهم، فلولم یثبت الإجماع علی ذالک کما هو مقتضی التصریحات السابقة فلا أقلّ أن یکون هذا أرجح من الجانب الآخر، وأبو حاتم معروف فی التعنّت فی الرجال، صرّح بذلک الذهبی فی مواضع من المیزان والحافظ ابن حجر فی مقدمة الفتح، فقوله "لا بأس به بعد غایة التحرّی" وقد وافقه غیره فعدالته أرجح، ولذا رجّحها التقی السبکی فی شفاء الأسقام، والذی أنکر علیه حدیثان، لیس هذا الحدیث منهما، فلا أقلّ أن یکو ن حدیثه هذا حسناً.

ثم أطال ابن عبد الهادی فی نقل عبارات المحدّثین فی ترجمة ابن قسیط وقد روی له الشیخان، وثّقه النسائی وابن سعد، وقال ابن معین: هو صالح لیس به بأس، وقال ابن اسحاق: کان فقیهاً ثقة،

قال أبوحاتم: ليس بالقوى،وقال ابن حبان فى كتاب الثقات: يروى عن ابن عمرؓ وأبى هريرةؓ وربما أخطأ، وذكره فى كتاب التاريخ فى مشاهير التابعين فى المدينة، فقال: يزيد بن عبد الله بن قسيط الليثى أبو عبد الله مات اثنتين وعشرين ومأة وكان ردئ الحفظ، وذكره أيضاً فى كتاب التاريخ فى مشاهير أتباع التابعين بالمدينة، وقال: يزيد بن عبدالله بن قسيط من بنى ليث من جلّة أهل المدينة وقدماء شيوخهم ومات سنة اثنين وعشرين ومأة، هكذا قال فى التابعين: ردئ الحفظ، وفى أتباع التابعين: من جلّة أهل المدينة.

ثم ذكر ابن عبد الهادى حديث يزيد بن عبدالله بن قسيط عن ابن المسيب عن عمرؓ وعثمانؓ أنهما قضيا فى الملطاة وهى السمحاق بنصف ما فى الموضحة فلما قيل لمالك: ألا تحدّثه؟ فقال: العمل عندنا على غير هذا الحديث. (كذا فى الكامل ۱۳۱/۹).

والرجل عندنا ليس هناك يعنى يزيد بن عبدالله بن قسيط نقله عن كتاب ابن أبى حاتم وكتاب ابن عدى، وقال ابن عدى: هو مدينى مشهور عندهم قد روى عنه مالك غير حديث وهو صالح الروايات، وذكر ابن عبدالهادى: أن ابن قسيط لم يخرج له فى الصحيح شئ من روايته عن أبى هريرةؓ بل هو قليل الحديث عن أبى هريرةؓ، روى له أبو داود فى سننه حديثين من روايته عنه، ثم قال ابن عبد الهادى (ص۲۵۶) بعد ذكر مانقلنا عنه ملخّصاً :فقد تبيّن أن هذا الحديث الذى تفرّد به أبو صخر عن ابن قسيط عن أبى هريرةؓ لايخلو من مقال فى إسناده وأنه لاينتهى إلى درجة الصحيح. وقد ذكر بعض الأئمة أنه على شرط مسلم، وفى ذلك نظر، فان ابن قسيط وإن كان مسلم قد روى فى صحيحه من رواية أبى صخرعنه لكنه لم يخرج من روايته عن أبى هريرةؓ شيئاً، فلوكان قد أخرج فى الأصول حديثاً من رواية أبى صخر عن ابن قسيط عن أبى هريرةؓ أمكن أن يقال فى هذا الحديث: أنه على شرطه. فعلم أن هذا الحديث لا ينبغى أن يقال: أنه على شرط مسلم ، و إنما هو حديث إسناده مقارب، وهو صالح أن يكون متابعاً بغير وعاضداً له. انتهىٰ ملخّصاً.

قلت: هذا الحديث وإن سلّمنا أنه ليس على رسم الصحيح فلا أقلّ أن يكون حسناً، فإنّ الرجلين الذين ذكرهما ابن عبد الهادى الغالب عليهما التوثيق، وأحاديث أمثال هذين أقلّ مراتبه أن يكون حسناً . وقال الحافظ فى فتح البارى(ص۳۵۲/۶) : أخرجه أبو داود ورواته ثقات، وذكره

المنذری فی الترغیب ولم یتکلّم علی إسناده وسکت عنه وکذا سکت عنه أبو داود. والله أعلم.

ثم رأیت المرقاة (ص۲/۶) **وفیها وقال ابن حجر : رواه الطبرانی وابن عساکر وسنده حسن بل صحّحه النووی فی الأذکار وغیره.**

اس حدیث پر اسنادی حیثیت سے کلام ہوجانے کے بعد اصل اشکال کا جواب سنئے اور حافظ ابن حجر کی زبانی سنئے!

ثانیاً حدیث کے جوابات حافظ اولاً مسئلہ حیاۃ انبیاء پر کلام فرماتے ہیں اور متعدد وجوہ سے انکی حیات ثابت فرمائی ہے، اوران سے قبل امام بیہقی نے مستقل ایک رسالہ حیاۃ الانبیاء کے نام سے لکھا، اسی طرح علامہ سیوطی کا ایک رسالہ **أنباء الأذکیاء فی حیاة الأنبیاء** ہے، بندہ نے بعض روایات اس سے پہلے نمبر میں ذکر بھی کردی ہیں۔

حضرت موسیٰؑ سے لیلۃ المعراج میں ملاقات اور اسی طرح دیگر انبیاء کرامؑ سے، نیز انبیاءؑ کی امامت فرمانا، حضرت ابراہیمؑ وموسیٰؑ وعیسیٰؑ کا نماز پڑھنا روایات معتبرہ میں وارد ہے، جو سارے حیات کے لوازمات میں سے ہیں بلکہ روایات میں حیاۃ الانبیاء مصرّح ہے۔ کماتقدم۔

حافظ فرماتے ہیں (ص۶/۳۵۲): **ومما یشکل علی ما تقدّم ما أخرجه أبو داود عن أبی هریرةؓ رفعه ما من أحد یسلّم علیّ إلّا ردّالله علیّ روحی حتی أردّ علیه السلام، ورواته ثقات.**

وجه الإشکال فیه أن ظاهره أن عود الروح إلی الجسد یقتضی انفصالها عنه وهوالموت، وقد أجاب العلماء عن ذلک بأجوبة .

أحدها: أن المراد بقوله ردّ الله علیّ روحی أن ردّ روحه کانت سابقةً عقب دفنه لاأنّها تعاد، ثمّ تنزع، ثمّ تعاد.

الثانی: سلّمنا، لکن لیس هونزع موت بل لا مشقة فیه.

الثالث: أن المراد بالروح الملک المؤکل بذلک.

الرابع: المراد بالزوح النطق فتجوّزفیه من جهة خطابنا مما نفهمه.

الخامس: أنه یستغرق فی أمورالملأ الأعلیٰ فإذا سلّم علیه رجع إلیه فهمه لیجیب من سلّم علیه.

وقد استشکل ذلک من جهة أخریٰ وهو أنه یستلزم استغراق الزمان کلّه فی ذلک لاتّصال الصلاة والسلام علیه فی أقطار الأرض ممّن لایحصٰی کثرة.

وأجيب بأن أمور الآخرة لا تدرک بالعقل، وأحوال البرزخ أشبه بأحوال الآخرة. انتهیٰ.

علامہ سیوطی نے **أنباء الأذكياء بحياة الأنبياء** میں اس حدیث کے تیرہ جوابات دیئے ہیں، اور حافظ ابن حجر کے جواب نمبر پانچ کے بارے میں فرماتے ہیں: **وهذا الجواب عندی أقویٰ مایجاب به عن لفظة الردّ.** قاضی بیضاوی نے یہی معنی شرح مصابیح میں بیان فرمائے ہیں کمافی المرقاۃ، اسی طرح شیخ عبدالحق محدث دہلوی سے حاشیہ مشکوۃ میں بھی نقل کیا گیا ہے، علامہ عبدالرؤف مناوی نے یہ جواب علامہ طیبی سے نقل کیا ہے اور اسی کو مناوی نے ارجح الاجوبۃ قرار دیا ہے، اور جواب اول امام بیہقی سے منقول ہے، **قال البيهقي: إنما أراد والله أعلم إلا وقد ردّ الله علیّ روحي حتّى أردّ عليه السلام، ونقله السبكي في شفاء الأسقام، وأوضحه السيوطي في رسالته ولتراجع لمزيد التفصيل، والله الهادي إلى سواء السبيل.**

الاحقر محمد یونس عفی عنہ

۱۳۹۰/۱۲/۲۲ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

عورت تورّک کرے یا افتراش؟

سوال:

باب سنّة الجلوس في التشهّد، وكانت أم الدرداء تجلس في صلاتها جِلسة الرجل وكانت فقيهةً. (ص ۱۱۴/۱) بخاری شریف۔

قال العيني: فدلّ هذا أن المستحب للمرأة أن تجلس كما يجلس الرجل وهو أن تنصب اليمنىٰ وتفترش اليسرىٰ، وبه قال النخعي وأبوحنيفة ومالک. انتهیٰ. ولا يخفىٰ أن هذا خلاف ما في كتب الحنفية المتداولة من أنّ المرأة تتورّک لأنه أستر لها. والله أعلم بالصواب، (حاشیۂ بخاری نمبر ۸، پ۴، ص ۱۱۴/۱)۔

مندرجہ بالا عبارت سے چند چیزیں آشکارا ہوتی ہیں:

(۱) بخاری کی روایت سے نماز میں عورتوں کا بیٹھنا مردوں کی طرح ثابت ہوتا ہے، اور صحیحین کی روایت پر غیر صحیحین کی روایت کو ترجیح نہیں دی جاسکتی جیسا کہ مشہور و معروف ہے۔

(۲) حنفیہ نے عورتوں کے مسائل میں، مثلا استحاضہ وحیض وغیرہ میں **أمهات المؤمنين أزواج مطهرات** کی روایات کو اسلیے ترجیح دیا ہے کہ عورتوں کے مسائل ومعاملات سے عورت زیادہ واقف کار ہوسکتی ہے، یہاں بھی عورتوں کا سوال ہے، لہذا عورتوں کی روایت کو بالخصوص جبکہ فقیہہ ہوتو ترجیح ہوگی، لہذا فقیہہ ام الدرداء کے فعل کو ترجیح ہوگی، اور عورتوں کو مثل مردوں کے بیٹھنا لازم ہوگا۔

(۳) بالخصوص جبکہ امام ابوحنیفہ اور انکے استاد امام نخعی اور امام دارالہجرۃ امام مالک کا بھی یہی مسلک ہے تو پھر انکار کی قطعاً گنجائش ہی باقی نہیں رہتی، اب اسکے بعد حنفیہ اپنی اپنی عورتوں کی نمازیں مثل مردوں کے نہیں پڑھائے تو اسکی دوصورتیں ہیں، یا تو تقلید امام کے انکار کا اعلان کرے اور حنفیت سے دست بردار ہوجائے یا صاف اعلان کرے کہ یہ مسئلہ حدیث پاک کے خلاف ہے۔

(۴) اگر اسکا یعنی حدیث پاک کا کوئی صحیح جواب ہوتا تو بخاری کے حاشیہ میں محدث سہارنپوری اسکا جواب دیتے، لیکن محدث سہارنپوری کی خاموشی اسکی واضح دلیل ہے کہ حنفیہ کا یہ مسئلہ حدیث پاک کے خلاف ہے۔ مزید برآں یہ کہ محدث سہارنپوری نے فقط خاموشی اختیار کرنے پر ہی بس نہیں کیا، بلکہ اس بات کی صراحت کردی کہ حنفیہ کا مسلک اس مسئلہ میں اس حدیث پاک کے خلاف ہے، جیسا کہ مندرجہ ذیل عبارت **ولا يخفى أن هذا خلاف ما في كتب الحنفية المتداولة الخ** (حاشیہ بخاری ۸ص ۴۱۱) سے واضح ہے۔

(۵) اگر حنفیہ انصاف کے ساتھ مطالعہ کریں گے تو معلوم ہوجائے گا کہ علامہ عینی جیسے حنفی متبحر عالم اور حنفیت کے غایت درجہ حمایت کرنے والے نے اس حدیث کی شرح کی تو وہ بھی خاموشی سے گذر گئے، تو اسکا صاف مطلب یہ ہے کہ اس مسئلہ میں حنفیہ کے پاس کوئی صریح مرفوع روایت نہیں ہے، اگر ہوتی تو معرض استدلال میں ضرور پیش کرتے، استدلال کے وقت دلیل پیش نہ کرنا دلیل نہ ہونیکی دلیل ہے۔

(نوٹ) یہ ایک مخالف کے دلائل ہیں، آپ براہ کرم اسکے مدلل ومسکت جوابات بحوالہ کتب معتبرہ ونصوص صحیحہ مرفوعہ پیش فرمائیں، آج کل ہمارے دیار میں منجملہ اور مختلف امور کے اس مسئلہ کا بھی کافی زور ہے۔

فقط السائل (مولانا حسین احمد بنارسی)

جواب: مخدومی ومکرمی زادت عنایاتکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عنایت نامہ موجب سرفرازی ہوا، اول اول میں سوچ میں پڑ گیا کہ کس کا خط ہے؟ اسلیے کہ جناب کا نام ہی نہیں تھا،

لیکن جوابی لفافے سے معلوم ہوا کہ مولانا حسین احمد بنارسی کا ہے۔

محترم! آپ نے مسئلہ اول میں زبانی گفتگو بھی کرلی تھی، تاہم بندہ باوجود عدم حضور ذہن کے ماحضر پیش کرے گا، خدا کرے تشفی بخش ثابت ہو۔

اولاً یہ بات ذہن نشیں فرمالیں کہ نماز کی دو رکعت میں ائمہ اربعہ میں صدہا اختلافات ہیں، اگر کوئی خلافیات ائمہ پر نظر رکھتا ہو تو اسے کوئی استعجاب نہ ہوگا، حضرت الشیخ مدظلہ العالی کا اس پر ایک قلمی رسالہ بھی ہے لیکن مکمل نہ ہوسکا، اور یہ اختلافات صرف ذاتی آراء پر مبنی نہیں ہیں، بلکہ احادیث اور روایات کی روشنی میں یہ اختلافات رونما ہوئے ہیں، اور احادیث کا اختلاف کوئی ایسا اختلاف نہیں ہے جیسا کہ دو امرین متباینین میں ہوا کرتا ہے۔

بلکہ یہ اختلاف ایسا ہی ہے جیسا کہ طبیب کے نسخہ میں اختلاف ہوتا ہے کہ مرض تو ایک ہے مگر معالجوں نے الگ الگ نسخے تجویز کردیئے، ایک معالج ایک دوا لکھتا ہے، دوسرا اسکے بجائے دوسری دوا لکھتا ہے مگر کام دونوں ہی ایک کرتی ہیں، مثلاً دق کے مریض کے لیے طب ڈاکٹری میں کبھی تو امسٹرین لکھتے ہیں اور کبھی اسٹیٹو مائسین اور کبھی کچھ اور، حالانکہ دونوں ایک ہی غرض کے لئے ہیں، لیکن یہ اختلاف صرف اولیٰ واصلح کے اعتبار سے ہے، ایک ڈاکٹر ایک کو اصلح واولیٰ قرار دیتا ہے تو اسے تجویز کرتا ہے، دوسرا دوسرے کو بہتر واولیٰ سمجھتا ہے وہ اسے لکھتا ہے، تو گویا نفس استعمال کی تو دونوں ہی اجازت دیتے ہیں صرف ترجیح میں اختلاف ہے۔

ایسا ہی عام طور پر احادیث کا اختلاف ہے، جسکو اختلاف فی الامر المباح سے تعبیر کرتے ہیں، جیسے اذان واقامت کے اختلاف کو امام ابن عبدالبر فرماتے ہیں کہ: **ذهب أحمد و إسحاق وداود وابن جرير إلى أن ذلك من الاختلاف في المباح.** اسی طرح تشہد، اعداد تکبیرات جنائز، تکبیرات عیدین، رفع یدین عند الرکوع وغیرہ کو حافظ ابن عبدالبرؒ اختلاف فی المباح فرماتے ہیں۔

وأصل عبارته كما في نيل الفرقدين(ص۱۲۳) الاختلاف في التشهّد وفي الأذان وفي الإقامة وعدد التكبير على الجنائز وعدد التكبير في العيدين ورفع الأيدى عند الركوع والرفع في الصلاة ونحوذالك كله من الاختلاف في المباح. اه. قال في نيل الفرقدين ومثله في أحكام القرآن للجصاص منا والحافظ ابن تيمية في فتاواه ومنهاج السنة وابن القيم في الهدىٰ. اھ۔

اسی طرح طریق قعود فی الصلاۃ میں روایات میں اختلاف ہے کہ افتراش ہے **كما في حديث عائشةؓ عند مسلم وحديث وائل بن حجرؓ عند سعيد بن منصور والترمذى والطحاوى بإسناد صحيح وحديث**

ابن عمرؓ عند النسائی بإسناد صحیح، یاتورک ہے کما فی حدیث أبی حمید الساعدیؓ فی البخاری وغیرہ.

پھراس میں اختلاف ہے کہ اولی افتراش ہے **کما قالت الحنفیة، یاتورک کما قالت المالکیة، یاتورک فی القعدۃ الأخیرۃ کما تقولہ الشافعیة، یاتورک فی القعدۃ الثانیة من الرباعیة والثلاثیة** اور باقی میں افتراش **کما قالہ أحمد.**

لیکن یہ سارا اختلاف اولی وارجح کا اختلاف ہے، بعض نے ایک کو ترجیح دی اور دوسرے کو حالت عذر پر حمل کیا، اور بعض نے دوسرے کو ترجیح دی اسہل ہونے کے سبب یا اور کسی وجہ سے، اور بعض نے دونوں پر عمل کرنے کی کوشش کی۔

اور تورک کی مختلف صورتیں ہیں اوجز (ص ۲۵۸) وغیرہ کو ملاحظہ کریں۔

اب اسکے بعد علماء کا اختلاف ہے کہ آیا مرد وعورت کے جلوس میں فرق ہے یا دونوں کا طریق جلوس ایک ہی ہوگا؟

امام مالک وشافعی کے یہاں **علی اختلاف الأقوال عندھما فی کیفیة الجلوس جلسة المرأة کجلسة الرجل فتتورّک عند مالک کالرجل کما صرّح فی المدوّنة، وتفترش فی أولی القعدتین من الرباعیة والثلاثیة وتتورّک فی البواقی عند الشافعی کالرجل، قال النووی جلوس المرأة کجلوس الرجل.**

فأماأبو حنیفة وأحمد وأصحا بھما ففرّقوا بین جلسة الرجل والمرأة، فأما أبوحنیفة وأصحابہ فقالوا: یفترش الرجل فی الجلسات کلّھا وتتورّک المرأة فی الجلسات کلّھا، وأمّا الإمام أحمد وأصحابہ فمذھبہ ما قال الخرقی فی مختصرہ: وتجلس متربّعةً وتسدل رجلیھا فتجعلھا فی جانب یمینھا. قال الموفق (ص ۲۰۴/۱): قال أحمد: والسدل أعجب إلیّ واختارہ الخلّال.

اس سے یہ معلوم ہوگیا کہ امام احمد کے یہاں عورت کے بیٹھنے کی دوصورتیں ہیں، اول تربع، ثانی سدل جسکا مطلب یہ ہے کہ عورت اپنی سرین پر بیٹھے گی اور دونوں پیروں کو دائیں جانب نکال لے گی، یہ بھی تورک کی ایک صورت ہے۔

اور تربع سے کیا مراد ہے؟ ایک صورت چار زانو بیٹھنے کی مشہور صورت ہے کہ آدمی دائیں پیر کو بائیں گھٹنے کے نیچے کرلے اور بائیں پیر کو دائیں پیر کے گھٹنے کے نیچے کرلے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ آدمی اپنے دونوں پیروں کو ایک طرف موڑلے اس طور پر کہ بایاں پیر دائیں پیر کی ران اور ساق کے نیچے آجائے اور دائیں پیر کو اس طرح موڑلے کہ وہ ورک یمنیٰ کے پاس ہوجائے۔

قال الباجی (ص۱۶۵/۱): **التربّع علی ضربین، أحدهما أن یخالف بین رجلیه فیضع رجله الیمنیٰ تحت رکبته الیسریٰ ورجله الیسریٰ تحت رکبته الیمنیٰ. والثانی أن یتربّع ویثنی رجلیه من جانب واحد فتکون رجله الیسریٰ تحت فخذه وساقه الیمنیٰ ویثنی رجله الیمنیٰ فتکون عندالیته الیمنیٰ.**

یہ دوسری شکل تقریبا عبداللہ بن الزبیرؓ کی حدیث میں بھی مسلم شریف (ص۲۱۶/۱) میں وارد ہے۔ **ولفظه کان رسول اللهﷺ إذاقعد فی الصلاة جعل قدمه الیسریٰ بین فخذه وساقه وفرّش قدمه الیمنیٰ.** اورابوداود میں **تحت فخذه وساقه** ہے، یہی تفسیر تورک کی حنابلہ میں سے ابوالقاسم الخرقی اور قاضی ابویعلیٰ نے کی ہے **کما فی المغنی (ص۵۷۷/۱)**، لیکن ان دونوں حضرات نے نصب یمنیٰ اختیار کیا جیسا کہ عبداللہ بن زبیرؓ کی حدیث میں فرش سے مراد اسکو بچھا کر بیٹھنا مراد نہ لیا جائے، بلکہ ورک ایمن کے پاس ملا کر ایسا کردیا جائے کہ انگلیاں تو قبلہ کی جانب ہوں اور پاؤں پیچھے کو جھک جانے کی وجہ سے بچھے سے معلوم ہوں۔

ممکن ہے کہ تربع کی شکل اول مراد ہو یا شکل ثانی جو حقیقۃً تورک ہی کی ایک شکل ہے۔

اور دوسری شکل تورک کی یہ ہے کہ **ینصب الیمنیٰ ویخرج رجله الیسریٰ من تحت ساقه الأیمن ویجلس علی الورک کما هو المنقول عن مالک وهو المذکور فی المدوّنة، ورواه الأثرم عن أحمد کما فی المغنی (ص۵۷۸/۱) وهو ظاهر من حدیث أبی حمیدؓ فی البخاری (ص۱۱۴).**

اور ایک صورت تورک کی یہ بھی ہے کہ دونوں پیروں کو دائیں جانب سے نکال لے اور ورکین پر بیٹھے **کما ورد ذلک فی حدیث أبی حمید عند أبی داود، فإذا کان فی الرابعة أفضیٰ بورکه الیسریٰ إلی الأرض، وأخرج قدمه من ناحیة واحدة وهذا هو المعمول به عند الحنفیة للمرأة، وذکره أبو عمر بن عبد البر عن الشافعی وهو الذی ذکره النووی فی شرح المهذب (ص۴۵۰/۳).**

ان سب مقدمات کے بعد سمجھئے کہ عورت ومرد کے جلوس میں احناف اور حنابلہ فرق کرتے ہیں، مالکیہ اور شافعیہ نہیں کرتے ہیں **کما قدّمنا**، لیکن مالکیہ کے یہاں تو صورت جلوس تورک ہی ہے اور شافعیہ کے یہاں اگرچہ افتراش بھی ہے مگر صرف رباعیہ اور ثلاثیہ کے قعدہ اولیٰ میں اور باقی سب میں تورک ہے، اور حنابلہ کا ارجح مذہب سدل ہے جو تورک کی وہی صورت ہے جس کو حنفیہ نے اختیار کیا ہے۔

تو حاصل یہ ہوا کہ حنفیہ مالکیہ وحنابلہ سارے ہی عورت کے لیے تورک فی الجلوس اختیار فرماتے ہیں اور یہی شافعیہ بھی کہتے ہیں، سوائے رباعیہ اور ثلاثیہ کے قعدہ اولیٰ کے، تو بحیثیت نفس جلوس کے تو کوئی اختلاف نہیں ہے کہ تورک عورت

کے لیے اولی ہے، **إلّافی بعض الصور عند الشافعية.**

اب صرف اختلاف یہ ہے کہ آیا جلوس الرجل والمرأۃ میں کوئی فرق ہے یا نہیں؟

سوحنفیہ ہی اس تفریق میں منفرد نہیں ہیں بلکہ امام احمد بھی اسی کے قائل ہیں جنکی حدیث دانی مسلّمات میں سے ہے۔

بلکہ امام شافعی سے بھی ایک جماعت کی رائے میں امام احمد کا مرتبہ حدیث میں بڑھا ہوا ہے۔

حضرت امام شافعی سے منقول ہے، فرماتے ہیں: **يا أبا عبدالله (يعنى أحمد بن حنبل)! إذاصحّ عندكم الحديث فأعلمني به أذهب إليه، حجازيًّا كان أوشاميًّا أو عراقيًّا أو يمنيًّا. قال ابن كثير (ص۳۲۷/۱۰): قول الشافعي له هذه المقالة تعظيم لأحمد وإجلال له وأنه عنده بهذه المثابة إذاصحّح أوضعّف يرجع إليه وقد كان الإمام أحمد بهذه المثابة عند الأئمة والعلماء. انتهىٰ.**

بلکہ مجھ کوتو یہاں تک یاد ہے کہ حضرت امام شافعی نے امام احمد سے ارشاد فرمایا : **أنتم أعلم بالحديث منّا فإذا صحّ الحديث عندكم الخ** لیکن اتفاق سے تلاش کے بعد بھی نہ ملا، پھر اسکے بعد فتاوی ابن تیمیہ (ص۲۰/۳۱۷) میں مل گیا، **ولفظه قال لأحمد بن حنبل: أنتم أعلم بالحديث منا، فإذا صحّ الحديث فأخبرني به حتى أذهب إليه شاميّاً كان أو بصرياً أو كوفيّاً. انتهىٰ.**

حافظ عبدالرحمٰن بن ابی حاتم مقدمۂ جرح وتعدیل میں لکھتے ہیں (ص۳۰۲) : **سمعت أبي يقول: كان أحمد بن حنبل بارع الفهم لمعرفة الحديث بصحيحه وسقيمه، وتعلّم الشافعي أشياء من معرفة الحديث منه، وكان الشافعي يقول لأحمد: حديث كذاوكذا قوى الإسناد محفوظ؟ فإذاقال أحمد: نعم! جعله أصلاً وبنى عليه. انتهىٰ.**

نیز ہم یہ بتا چکے ہیں کہ امام مالک وغیرہ کے یہاں جلوس کی مسنون صورت مطلقاً تورک ہے، تو بہت ممکن ہے کہ اُم الدرداء کا طریقۂ جلوس **على وجه التورک** ہو اور اس صورت کو بھی **جلسة الرجل** کہنا مناسب ہے، ممکن ہے کہ یہ کہہ کر تربع کی مشہور صورت کی نفی کرنی ہو اور ام الدرداء نیز مکحول تربع کے قائل نہ ہوں، گو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ صورت تربع منع یا مکروہ ہو اس لیے کہ صحابہؓ سے تربع کی صورت بھی منقول ہے۔

موفق صاحب مغنی لکھتے ہیں **عن ابن عمرؓ أنه كان يأمر النساء أن يتربّعن فى الصلاة، وفى مصنف ابن أبى شيبة (ص۱/۲۷۰) بإسناده عن نافع أن صفيّة كانت تصلّى وهى متربّعة. انتهىٰ، وصفيّة هى بنت أبى عبيد امرأة عبدالله بن عمرؓ.**

رہ گیا یہ کہ عورت ومرد میں احناف تفریق کے کیوں قائل ہیں؟ تو اسکا جواب یہ ہے کہ عورت عورۃ (ستر) ہے، لہذا اسکے احوال میں ہر قسم کے تستر کا لحاظ رکھا جائے، اور افتراش کی بنسبت تورک اقرب الی الستر ہے۔ اور یہ قاعدہ کسی حنفی کا خانہ زاد نہیں ہے بلکہ حضرت اقدس روحی فداہ ﷺ کے ارشادات وفرمودات سے ماخوذ ہے۔ آخر کیا وجہ ہے کہ ارشاد فرماتے ہیں: **المرأة عورة فإذا خرجت استشرفها الشيطان. رواه الترمذى.** یہ تو ایک عام قاعدہ معلوم ہوا، خاص نماز کے بارے میں ارشاد نبوی ہے: **صلاة المرأة فى بيتها أفضل من صلاتها فى حجرتها وصلاتها فى مخدعها أفضل من صلاتها فى بيتها. رواه أبوداود (ص ۳۲۰/۱ بذل)، والحاكم فى المستدرك (ص ۲۰۹/۱) من حديث ابن مسعودؓ وصحّحه على شرط الشيخين وأقرّه الذهبى، وفى الباب عن أم حميد رواه أحمد وابن عبد البر فى ترجمتها من الاستيعاب.**

اب خاص طور سے نماز کے بارے میں اگر آپ حدیث مرفوع تلاش کریں گے تو جلوس المرأۃ کے باب میں کوئی روایت مرفوعاً قولی یا تقریری نہیں ملے گی، زیادہ سے زیادہ اس میں صحابہؓ کا عمل مل سکتا ہے، سو اگر ام الدرداء سے **جلوس كجلسة الرجل** منقول ہے تو یہ کہاں لازم آتا ہے کہ سارے صحابہؓ کا عمل اسی کے موافق ہے۔

علامہ موفق صاحب المغنی **جلوس المرأة سادلة** کی دلیل میں فرماتے ہیں کہ: **قال على كرم الله وجهه: إذا صلّت المرأة فالتحفز ولتضم فخذيها.**

قلت: أخرجه ابن أبى شيبة (ص ۲۷۰/۱) عن الحارث عن علىؓ قال: إذا سجدت المرأة فلتحتفز ولتضمّ فخذيها. والحارث مكشوف الحال.

وأخرج ابن أبى شيبة (ص ۲۷۰/۱) قال: حدثنا أبو عبدالرحمٰن المقرى عن سعيد بن أيوب عن يزيد بن حبيب عن بكير بن عبدالله الأشجّ عن ابن عباسؓ أنه سُئل عن صلاة المرأة، قال: تجتمع وتحتفز.

پھر مسند امام ابی حنیفہ بروایۃ الحصکفی میں ایک روایت ملی جو بظاہر مرفوع بلکہ مرفوع ہی ہے، **وهى مارواه الإمام أبو حنيفة عن نافع عن ابن عمرؓ أنه سُئل كيف كان النساء يصلّين على عهد رسول الله ﷺ؟ قال: كنّ يتربّعن ثم أمرن أن يحتفزن. قال القارى: أى يضممن من أعضائهنّ بأن يتوركن (سعايه ص ۲۳۵/۲).**

یہ اجتماع اور فخذین کا ملانا تورک کی صورت میں زیادہ ہوگا بنسبت صورتِ افتراش کے، اور ہم بتلا چکے ہیں کہ تورک بھی

جلوس الرجل ہی کی ایک صورت ہے، اور ممکن ہے کہ یہی صورت ام الدرداء کے جلوس کی ہو۔

پھر ہم پوچھتے ہیں کہ اگر آپ کے نزدیک تورک کے علاوہ صورت ہے تو وہ کونسی صورت ہے؟ اور کیا دلیل ہے؟

آپ اگر افتراش کہتے ہیں تو پوچھنا یہ ہے کہ پھر مردوں کے حق میں آپ کیا کہتے ہیں؟ کیا مرد افتراش کریں گے کسی غیر مقلد سے پوچھئے۔

ام الدرداء کون ہیں؟ صحابیہ یا تابعیہ

اب تک تو ہماری گفتگو صرف اس بناء پر تھی کہ یہ ام الدرداء کبریٰ ؓ ہیں جن کا نام خیرہ ہے جو صحابیہ ہیں، جیسا کہ بعض شراح بخاری مثلاً مغلطای کی رائے ہے اور انھیں کا اتباع سراج الدین ابن الملقن نے کیا ہے، عینی کا میلان بھی اسی طرف ہے (ص۳/۱۶۴)۔

ورنہ تحقیقی بات یہ ہے کہ یہ ام الدرداء صغریٰ ہے جن کا نام ہجیمہ ہے اور تابعیہ ہیں۔

اسکی دلیل یہ ہے کہ اس روایت کو ام الدرداء سے نقل کرنے والے مکحول ہیں، اور مکحول نے صرف ام الدرداء صغریٰ کو پایا ہے نہ کہ ام الدرداء کبریٰ کو، اسی دلیل کی وجہ سے محقق ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے فتح الباری میں اسی کو اختیار کیا ہے کہ یہ ہجیمہ صغریٰ ہیں، قسطلانی (ص۴۹۲) بھی اسی طرف مائل ہیں، اور یہ بالاتفاق تابعیہ ہیں اور تابعیہ کا قول خصم کے نزدیک حجت نہیں ہے، پھر استدلال میں کیا پیش کریں گے ؟

امام صاحب خود تحقیقی طور پر تابعی رویۃً ہیں جیسے امام اعمش گو روایۃً نہ سہی، اور تابعی کے اقوال کے امام صاحب بالکل پابند نہیں ہیں۔ امام صاحب کا مشہور مقولہ ہے: **إذاجاء عن رسول الله ﷺ فعلى الرأس والعين وإذا جاء عن الصحابةؓ نختار وإذا جاء عن التابعين فهم رجال ونحن رجال زاحمناهم.**

اور باقی یہ گمان کہ صحیحین کی روایت غیر صحیحین پر مقدم ہوگی؟ اول تو بعض محققین مثلاً ابن الہمام نے اسے تسلیم ہی نہیں کیا ہے، اور اگر مان بھی لیا جائے تو یہ روایاتِ مسندہ کے بارے میں ہے نہ کہ معلقات کے بارے میں، ورنہ تو لازم آئے گا کہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے جو حدیث بھی نقل فرمائی ہو وہ دوسری روایات پر راجح ہو، تو پھر وہ روایات جو امام بخاری نے بصیغہ قیل، یقال، ذُکر یعنی بصیغہ مجہول ذکر کیا ہو یا یوں کہو کہ بصیغہ تضعیف نقل کیا ہے اسکو دیگر روایات صحیحہ پر ترجیح دینا لازم آئے گا اور یہ کسی کا بھی مذہب نہیں ہے، اور جب تخصیص ہوگئی تو معلقات کا جو حکم ہے کہ وہ عند التحقیق الی من یُعلّق عنہ صحیح ہوتی ہیں، تو زیادہ سے زیادہ صحیح ہوگی اور آثار صحیحہ کا جو حکم ہے اس پر عمل کیا جائے گا۔

اب دوسرے آثار جو متقاضی تستر ہیں وہ بظاہر اثرِ ام الدرداء پر راجح ہونگے **فإنه أوفق بالقواعد.**

اور تابعی کا قول کسی کے یہاں بھی حجت نہیں اور جو بھی نقل کرتا ہے بطور تائید واستیناس نقل کرتا ہے، اور امام بخاری نے بھی اسی مقصد سے نقل فرمایا ہے۔ کماصرّح بہ الحافظ ابن حجر (ص ۲/۲۵۲)۔

اور صحابہؓ کا قول آیا فی نفسہ حجت ہے یا نہیں؟ خود اختلافی مسئلہ ہے۔

فقال مالک: هو حجّة وهو قول جماعة من الحنفية كأبى بكر الرازى وأبى سعيد البردعى وفخر الإسلام البزدوى وشمس الأئمة السرخسى، وهو قول الشافعى فى القديم، وهو رواية عن أحمد، وقال الشافعى فى الجديد الذى صحّحه أصحابه: ليس بحجّة، واختاره أبو الخطاب من الحنابلة، قال ابن بدران (ص ۱۳۵): وعن أحمد مايدلّ عليه وهو قول أبى الحسن الكرخى من الحنفية فى المدرک بالقياس، بل قال ابن بدران: ولايخفىٰ أن الكلام فى قول الصحابىؓ إذا كان ماقاله من مسائل الاجتهاد، وأما إذا لم يكن منها ودلّ دليل على التوقيف فليس ممانحن بصدده. اھ.

اور تحقیقی طور پر یہ معلوم ہوگیا کہ یہ ام الدرداء بجیمیہ تابعیہ ہیں، تو اسکو دلیل بنا کر دوسروں پر اعتراض کرنا سراسر جہالت یا تجاہل ہے، افسوس یہ ہے کہ فی زمانہ جس چیز کی ضرورت ہے اس سے تغافل کرلیا گیا اور فروعی مسائل میں الجھے ہوئے ہیں۔

حالانکہ سلف صالحین میں یہ سب صورتیں تھیں، کوئی کسی پر عمل کرتا تھا اور کوئی کسی پر، پھر ایک دوسرے کی تعظیم وتکریم ہوتی تھی۔

یحییٰ القطان اور وکیع اور یحییٰ بن معین وغیرہ کے سلسلے میں مشہور ہے کہ امام ابوحنیفہ کی طرف مائل ہیں، **قال ابن تيمية فى فتاواه (ص ۲۰/۴۰): ومنهم من يميل إلى مذهب العراقيّين كأبى حنيفة والثورى ونحوهما كوكيع ويحيى بن سعيد. اھ.** اور مائل ہی نہیں بلکہ انکے قول پر فتوی دیتے تھے۔

قال الذهبى فى تذكرة الحفاظ فى ترجمة وكيع (ص ۲/۲۸۲) ناقلاً عن ابن معين: وكان يعنى وكيعاً يُفتى بقول أبى حنيفة، قال: وكان يحيى القطان يُفتى بقول أبى حنيفة أيضاً، وقال الذهبى فى رسالته فى الرواة المتكلّم فيهم بمالايوجب ردّهم (ص ۷): ابن معين كان من الحنفية الغلاة فى مذهبه وإن كان محدّثاً. اھ. وفى ميزان الاعتدال فى ترجمة حماد بن سلمة عن هُدبة قال: كان شعبة رأيه رأى الكوفيين. اھ.

عبدالرحمٰن بن مہدی وغیرہ امام مالک کے مذہب کی طرف مائل ہی نہیں بلکہ اسکے قائل ہیں۔

امام شافعی کے مسلک پر ترمذی ونسائی ومسلم وغیرہ کو ذکر کرتے ہیں گواس میں تحقیقی طور پر نزاع ہے، اسی طرح امام ابوداود ونسائی کے بارے میں علامہ انور شاہ نے حافظ ابن تیمیہ سے نقل کیا ہے کہ یہ دونوں حنبلی ہیں، مگران حضرات نے ایک دوسرے کی تکریم میں کوئی کمی نہیں کی ہے جیسا کہ کتب تواریخ بھرپور ہیں، اور کہیں کسی نے کسی پر کوئی کلام کردیا ہے تو وہ معاصرانہ چشمک یا کسی اور امر پر محمول ہے۔

افسوس ہے کہ اس زمانہ میں ہر طرف سے انکارِ حدیث کا فتنہ ہورہا ہے جو اصلِ دین اور سرمایۂ ملت ہے کہ جس کے بغیر قرآن کا سمجھنا اور دین پر باقی رہنا محال ہے، اسکی طرف توجہ نہیں، حالانکہ سب سے زیادہ ضرورت اس طرف توجہ کرنے کی ہے، مگر نہ معلوم لوگ کیوں اس قسم کے فروعی اختلافات میں پڑے ہوئے ہیں جو اختلاف فی المباح سے زیادہ درجہ نہیں رکھتے ہیں۔

اب ان سب امور کے بعد آپ کے نمبرات کے جواب کی ضرورت باقی نہیں رہتی ہے لیکن بعض امور کے متعلق مختصراً عرض ہے۔

(۱) سوالِ اول کا خلاصہ یہ ہے کہ صحیحین کی روایت غیر صحیحین پر راجح ہوگی۔

اول تو یہ دعویٰ خود قابل نظر ہے اور بعض محققین علماء نے اسکو تسلیم کرنے کے لیے پس وپیش کیا ہے، مثلاً محقق ابن الہمام اس کو نہیں مانتے ہیں، اس لیے کہ صحت کا مدار ثقہ رجال واتصال سند پر ہے، اور دونوں چیزیں صحیحین کے اندر محصور نہیں۔

بلکہ خود امام بخاری فرماتے ہیں: **ما أدخلت فی کتابی الجامع إلّا ماصحّ، وترکت من الصحاح لحال الطول. کذا رواه الخطیب فی تاریخه. وروی الإسماعیلی عنه قال: لم أخرّج فی هذاالکتاب إلّا صحیحاً وما ترکت من الصحیح أکثر، قال الإسماعیلی: لأنه لو أخرج کل صحیح عنده لجُمع فی الباب الواحد حدیث جماعة من الصحابةؓ ولذکو طریق کل واحد منهم إذاصحّت فیصیر کتاباً کبیراً.**

امام مسلم (ص۱۷۴) فرماتے ہیں: **ولیس کل شئ عندی صحیح وضعته هاهنا، إنّما وضعت هاهنا ما أجمعوا علیه. انتهیٰ. قال البلقینی: قیل: أراد مسلم إجماع أربعة، أحمد بن حنبل ویحیی بن معین وعثمان ابن أبی شیبة وسعید بن منصور الخراسانی. کذا فی التدریب (ص۴۷). وهذا الإجماع جاء ذکره فی مناقب الإمام أحمد لابن الجوزی، فروی بسنده إلی أحمد بن سلمة النیسابوری قال: سمعت إسحاق بن راهویه یقول: کنت أجالس بالعراق أحمد بن حنبل ویحیی بن معین وأصحابنا،**

فكنا نتذاكر الحديث من طريق وطريقين وثلاثة، فيقول يحيى بن معين من بينهم: وطريق كذا، فأقول: أليس هذا قد صحّ بإجماع منا ؟ فيقولون: نعم ! فأقول ما مراده، ما تفسيره، ما فقهه فيقون كلّهم إلا أحمد بن حنبل. انتهىٰ.

جب امام مسلم کی کتاب محمد بن مسلم بن وارہ اورابو زرعہ رازی کے پاس پہونچی تو دونوں نے مسلم پر بعض رجال کی احادیث ذکر کرنے پر اعتراض کیا کہ ان کی روایت صحیح کیسے ہوسکتی ہے؟ جیسے اسباط بن نصر، قطن بن نسیر وغیرہ۔ نیز یہ کہ اہل بدعت کو موقع ملے گا کہ جو حدیث کتاب مسلم میں نہ ملے گی تو وہ یہ کہیں گے کہ یہ تو کتاب صحیح میں نہیں ہے۔

امام مسلم نے تو اول کا جواب یہ دیا کہ علوّ سند کے لیے گاہے بعض مجروح ومتکلم فیہ رواۃ کی حدیث لے لیتے ہیں، اسلیے کہ اصل حدیث دوسرے ثقات اثبات کے طریق سے منقول اور مشہور ہوتی ہے۔

دوسرے اعتراض کا جواب یہ دیا کہ: **إنّما أخرجت هذا من الحديث الصحيح ليكون مجموعاً عندى وعند من يكتبه عنّى فلا يرتاب فى صحّتها، ولم أقل: أنّ ما سواه ضعيف أو نحو ذلك. أخرجه الخطيب فى تاريخه فى ترجمة أحمد بن عيسى بن حسان(ص ۴/۲۷۴) مفصلاً.**

حضرات شیخین کی تصریح سے معلوم ہوگیا کہ انہوں نے جمیع صحاح کے روایت کرنے کا اہتمام نہیں کیا ہے، تو لامحالہ بہت سی وہ روایات باقی ہیں جو خود شیخین کے نزدیک صحیح ہیں، اسی لیئے علماء نے **مستدركات على الصحيحين** لکھیں، تاکہ وہ روایات ذکر فرمائیں جو شرط شیخین پر ہیں اور پھر ان کو کسی وجہ سے ذکر نہیں کیا ہے۔

اور چونکہ تصحیح وتضعیف کا مدار قواعد ظنیہ پر ہے، ایک محدث کے نزدیک ایک راوی قابل قبول ہے، دوسرا کسی وجہ سے اس میں کلام کرتا ہے تو پھر خارج صحیح احادیث کی تصحیح کی جاسکتی ہے، چنانچہ علماء نے ہمیشہ کی ہے، شرح المہذب بلکہ جملہ تالیفاتِ امام نووی وحافظ ابن حجر وغیرہ اس سے بھری پڑی ہیں۔

اور بعض روایاتِ صحیحین پر علماء نے سلفاً وخلفاً کلام کیا ہے، دارقطنی نے مستقل کتاب الاستدراکات لکھی جس میں صحیحین کی روایات پر نقد کیا، شراح نے اکثر کا جواب دیا ہے لیکن بعض جگہ اعتراض عقیم الجواب ہے، حافظ ابن حجر نے بھی اسکا اعتراف کیا ہے، فرماتے ہیں (ص ۵۰۱، **طبع بيروت دار الكتب العلمية**):

قال يعنى النووى فى مقدمة شرح البخارى: فصل. قد استدرك الدّار قطنى على البخارى ومسلم فطعن فى بعضها، وذالك الطعن مبنى على قواعد لبعض المحدثين ضعيفة جداً مخالفة لما عليه الجمهور من أهل الفقه والأصول وغيرهم فلا يغترّ بذلك. انتهىٰ. وقوله فى شرح مسلم: وقد

أجيب عن ذالک أو أكثره هو الصواب، فإن منها ما الجواب عنه غير منتهض كما سيأتي، ولو لم يكن في ذلک إلا الأحاديث المعلّقة التي لم تتّصل في كتاب البخاري من وجه آخر ، ولا سيّما أن كان في بعض الرجال الذين أبرزهم فيه من فيه مقال، فقد قال ابن الصلاح: إن حديث بهز بن حكيم المذكور وأمثاله ليس من شرط البخاري قطعاً، وكذا ما في مسلم من ذلک، إلا أن الجواب مما يتعلّق بالمعلّق سهل، لأن موضوع الكتابين إنما هو المسندات، والمعلّق ليس بمسند، ولهذا لم يتعرّض الدار قطني في ما تتبعه على الصحيحين إلى الأحاديث المعلّقة التي لم توصل في موضع آخر لعلمه بأنها ليست من موضوع الكتاب، و إنما ذُكرت استيناساً واستشهاداً وأن يكون الكتاب جامعاً لأكثر الأحاديث التي يحتجّ بها، إلا أن منها ما هو على شرطه فساقه سياق أصل الكتاب، ومنها ما هو على غيرشرطه فغاير السياق في إيراده ليمتاز، فانتفى إيرادالمعلّقات وبقي الكلام فيما علّل من الأحاديث المسندات. انتهىٰ.

حافظ کی اس عبارت سے یہ صاف معلوم ہوگیا ہے کہ بعض روایات جن پر دار قطنی وغیرہ نے نقد کیا ہے عقیمۃ الجواب ہیں۔ مثلاً منتقدات کی حدیث ۱۸ کے بارے میں حافظ فرماتے ہیں: ولم أره إلى الآن من حديث عبدالله بن بريدة إلا بالعنعنة فعلّته باقية، إلا أن يعتذر للبخاري عن تخريجه بأن اعتماده في الباب إنما هو على حديث عبد العزيز بن صهيب عن أنسؓ، و قد وافقه مسلم على تخريجه، وأخرج البخاري حديث أبي الأسود كالمتابعة لحديث عبدالعزيزبن صهيب، فلم يستوف نفي العلّة عنه كما يستوفيها فيما يخرجه في الأصول. انتهىٰ.

اسی طرح حدیث نمبر ۲۵ دیکھئے، اسی طرح حدیث ۵۷ و ۸۱ دیکھئے۔

امام بخاری نے بطريق ابن جريج قال: قال عطاء عن ابن عباسؓ دو روایتیں نقل کی ہیں، قال أبو مسعود الدمشقي في حديث ۸۱: ثبت هذا الحديث والذي قبله يعني بهذا الإسناد سوى الحديث المتقدّم في التفسير من تفسير ابن جريج عن عطاء الخراساني عن ابن عباسؓ. وابن جريج لم يسمع التفسير من عطاء الخراساني و إنما أخذ الكتاب من ابنه عثمان ونظر فيه. قال علي بن المديني: وسألت يحيى القطان عن حديث ابن جريج عن عطاء الخراساني، فقال: ضعيف، فقلت ليحيىٰ: إنه يقول: أخبرنا، قال: لاشيء، كلّه ضعيف، إنما هومن كتاب دفعه إليه.

قال الحافظ فی المقدمة : ففیه نوع اتصال ولذلک استجاز ابن جریج أن یقول فیه: أخبرنا، لکنّ البخاری ما أخرجه إلا علی أنه من روایة عطاء بن أبی رباح، وأما الخراسانی فلیس من شرطه لأنه لم یسمع من ابن عباسؓ، لکن لقائل أن یقول: هذا لیس بقاطع فی أن عطاء المذکور هو الخراسانی فإن ثبوتهما فی تفسیره لایمنع أن یکونا عند عطاء بن أبی رباح أیضاً فیحتمل أن یکون هذان الحدیثان عن عطاء بن أبی رباح وعطاء الخراسانی جمیعاً . والله أعلم. فهذا جواب إقناعیّ، وهذا عندی من المواضع العقیمة عن الجواب السدید ولا بدّ للجواد من کبوة .اه. (مقدمة الفتح ص ۵۳۴).

اسکے علاوہ اور بھی روایات ہیں، یہاں ان کا استقصاء مقصود نہیں ہے، لہذا معلوم ہوگیا کہ یہ کلّیہ کہ صحیحین کی روایات غیر صحیحین پر مقدم ہیں یہ اکثری ہے، زیادہ سے زیادہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ غیر منتقد روایات کے حق میں ہے۔

نیز یہ بھی ضروری نہیں ہے کہ ہمیشہ روایاتِ صحیحین کو ترجیح حاصل ہو، بلکہ بعض اوقات غیر صحیحین کی روایت بعض وجوہ کی بناء پر قابل ترجیح ہوگی مثلاً بخاری شریف (ص ۱۰۰۷) میں حضرت ماعزؓ کے قصہ میں ہے، **فقال له النبی ﷺ خیراً وصلّی علیه.** لیکن مسند احمد (ص ۲/۳۲۳) وابوداؤد وترمذی ونسائی وغیرہ میں 'لم یُصلّ علیه' ہے، **قال ابن عبدالهادی فی تنقیح التحقیق: وقد قدّم جماعة من الحذّاق منهم البیهقی النفی علی الإثبات فی حدیث ماعزؓ، وهو الصواب، کذا فی تخریج الزیلعی (ص ۱/۳۰۱).** اگرچہ ایک جماعت نے بخاری کی روایت کی توجیہ کی ہے، جس کا حاصل یہ ہے کہ **صلّی علیه** سے مراد **دعا له** ہے، یا یہ کہا جائے کہ پہلے دن نہیں پڑھی دوسرے دن پڑھی۔

اب اس کے بعد یہ سنئے کہ یہ جو ضابطہ مشہور فیما بین المحدثین ہے کہ **ما فی الصحیحین أولٰی مما فی غیره،** یہ ان روایات کے بارے میں ہے جن پر نقد نہ کیا گیا ہو، نیز اس قاعدہ سے وہ روایات مستثنیٰ ہیں جو امام بخاری وغیرہ نے تعلیقاً ذکر فرمائی ہیں، جیسا کہ حافظ ابن حجر کی تفصیلی عبارت سے معلوم ہو چکا کہ موضوع الکتاب بین احادیث مسندہ ہیں، البتہ وہ تعلیقات جو بخاری شریف میں دوسری جگہ موصول ہوں ان کے متعلق یہ بحث نہیں ہے، نیز تعلیقات مجزومہ اس راوی تک صحیح ہیں جس کو بخاری نے ذکر فرمایا ہے، پھر اس راوی کی اور اسکے بعد کے رواۃ کی تحقیق کی جائے گی، بعض وقت تو بعض تعلیقات شرطِ بخاری کے مطابق ہوں گی اور بعض کا درجہ اس سے کم ہوگا، جیسا کہ تفصیل سے سخاوی نے فتح المغیث (ص ۲۰) میں اور سیوطی نے تدریب (ص ۶۰) میں اور ان سے پہلے حافظ ابن حجر نے مقدمہ فتح الباری (ص ۱۱/۱) میں

بیان فرمایا ہے، بلکہ فتح الباری کے بعض مقامات میں بھی حافظ نے تعلیقات بخاری کے بارے میں کلام فرمایا ہے، لیکن چونکہ ان سے یہاں تعرض مقصود نہیں ہے اسلئے صرف نظر کیا گیا۔

البتہ اتنا ضرور بتا دینا چاہتا ہوں کہ ام الدرداء کا یہ اثر ابن ابی شیبہ نے المصنف میں روایت کیا ہے۔

فرماتے ہیں : **حدثنا وكيع عن برد عن مكحول أن أمّ الدرداء كانت تجلس في الصلاة كجلسة الرجل .** مکحول سے اگرچہ مسلم اور اصحاب السنن الاربعہ نے روایت کیا ہے لیکن یہ بخاری شریف کے رواۃ میں نہیں ہے، نہ اصول میں اور نہ ہی شواہد ومتابعات وتعلیقات میں، بلکہ ان کا نام میرے علم میں بخاری شریف میں نہیں ہے، کہیں بھی رواۃ بخاری میں نہیں دیکھا، البتہ امام بخاری خارج الصحیح ان سے روایت کرتے ہیں، تو یہ راوی شرط بخاری کے مطابق نہیں ہے، نیز أنّ ام الدرداء کہہ کر روایت کرتے ہیں۔

اور حدیث معنعن میں اختلاف ہے کہ آیا منقطع ہے ؟ **كما يقول بذلك أحمد بن حنبل** یا **معنعن** کے حکم میں ہے ؟ **كما يقول بذلك الجمهور في ماحكاه ابن عبد البرّ وغيره وهو الراجح عندهم.** اگر اول ہے تو کوئی سوال نہیں ہے، اور اگر مذہب ثانی لیا جائے اور یہی راجح ہے تو پھر یہ حدیث معنعن ہوئی اور مکحول مدلس ہیں۔ **كما صرّح به الذهبي، وأيضاً كثير ا لإرسال** ہیں، **كما صرّح به الحافظ ابن حجر في التقريب،** اور **عنعنة المدلس** محدثین کے یہاں مقبول نہیں ہے۔ **لا عند من يشترط المعاصرة ولا عند من يشترط اللقيّ كالبخاري وشيخه علي بن المديني إلا أن يصرّح الراوي من شيخه بسماعه.**

لیکن یہ علت مدفوع ہے، **كما وقع في بعض طرقه من تصريحه برؤيته أمّ الدرداء، قال البخاري في تاريخه الصغير (ص ۹۵): حدثنا أبو نعيم قال: حدثنا سفيان عن ثور عن مكحول كانت أمّ الدرداء تجلس في صلاتها جلسة الرجل وكانت فقيهةً ، حدثني أحمد بن عبد الله قال: حدثنا يحيى بن سعيد عن ثور عن مكحول قال: رأيت أم الدرداء تجلس. انتهىٰ.**

اسی طرح اس روایت کے راوی ثور بن یزید بن زیاد الکلاعی الحمصی الشامی ہیں **وهو من رواة الستّة، اتفقوا على تثبّته في الحديث مع قوله بالقدر وكان يرمي بالنصب أيضاً، قال يحيى بن معين: كان يجالس قوماً ينالون من عليؓ، لكنّه هو كان لا يسبّ.** لہذا یہ اثر علی شرط مسلم ہے البتہ بخاری کی شرط پر نہیں ہے۔

لیکن یہ ام الدرداء ام الدرداء الصغری ہجیمیہ ہے **ويقال في اسمها: جهيمة، كما قال البخاري في الكنىٰ المفردة.** اور یہ تابعیہ ہیں، **قال الحافظ ابن حجر في فتح الباري (ص ۲/۲۵۲): إنه يعني مكحولاً**

أدرک الصغریٰ ولم یدرک الکبریٰ. انتهیٰ. الغرض تابعی کا قول ہونے کی وجہ سے قابل استدلال نہ رہا کیونکہ تابعی کا قول کسی کے یہاں بھی حجت نہیں ہے، **وقد قال الإمام الأعظم : هم رجال ونحن رجال ، كما تقدّم.**

(۲) سوال دوم

اب یہ کہنا کہ حنفیہ حیض واستحاضہ میں عورتوں کی روایت پر ان کے اعرف بحال النساء ہونے کی وجہ سے اعتماد کرتے ہیں، لہذا یہاں بھی عن ام الدرداء کے اثر پر اعتماد کرنا چاہئے، یہ بے سود ہے، اس لیے کہ تابعی کا قول حجت نہیں ہے، **بل قال الحافظ ابن حجر(ص ۲۵۲ / ۲) :لم یورد البخاری أثر أم الدرداء لیحتجّ به بل للتقویة. اه.**

نیز ہم یہ کہتے ہیں کہ جلسۃ الرجل سے کیا مراد ہے؟ آیا افتراش یا تورک؟ ظاہر ہے کہ قواعد شرعیہ کے مطابق تورک ہی ہے **كما تقدّم مفصلاً، فإذن يكون هو المراد، والتورّک جلسة الرجل عند المالكية مطلقاً، وعند الشافعية في أكثر الأحوال، وعند الحنابلة في بعض الأحوال، وعندنا أيضاً، لأنه أحد الأمور الجائزة الثابتة عن السيّد المصطفیٰ ﷺ. بل قال أصحابنا: أن التورّک المرویّ في الأحاديث محمول على حال العذر، فإذن يكون التورّک سنّة المعذور، فهو عندنا أيضاً من جلسة الرجل و إن كان في حال العذر. والله أعلم. والظاهر عندي أن مكحولاً إنما أراد به الردّ على من قال: تجلس المرأة متربّعةً، إذا كان المراد بالتربّع هو المعنى المعروف. والله أعلم.**

اب اسکے بعد یہ بھی سن لیجیے کہ امام ابوحنیفہ کا مذہب تو علامہ عینی نے وہی نقل کیا ہے جو سوال میں مذکور ہے لیکن مشہور من حیث المذہب وہی ہے جو حضرت اقدس مولانا احمد علی المحدث سہارنپوری نے لکھا ہے کہ عورت کے لیے تورک مستحب ہے، یہی قدوری، کنز الدقائق وشروحہ اور وقایہ وشروحھا وہدایہ وشروحھا وردالمحتار وغیرہ میں مصرح ہے، خود عینی نے بھی شرح ہدایہ میں امام ابوحنیفہ کا مذہب نخعی وغیرہ کے موافق نہیں لکھا ہے بلکہ ہدایہ کی پابندی کی ہے، اسلیئے ظاہر ہے کہ عینی کو شرح بخاری میں سہو ہو گیا ہے، یا ممکن ہے کہ کوئی روایت انھیں ملی ہو، لیکن پہلے یہ تو ثابت ہو جائے کہ امام ابوحنیفہ سے مروی ہے بھی یا نہیں، ممکن ہے کہ عینی کی مراد بھی یہی ہو، چونکہ تورک احد جلسات الرجل ہے کما قدمناہ تو اس لحاظ سے ابوحنیفہ کی طرف انتساب کی توجیہ ہو سکتی ہے، ورنہ اصح بلکہ صحیح عند الحنفیہ یہی ہے کہ عورت کے لیے تورک مسنون ہے، اسکے بعد سعایہ لمولانا عبدالحی دیکھی تو اسمیں علامہ عینی پر نقد فرمایا ہے، فرماتے ہیں (ص ۲۳۵/۲) **:ولا يخفیٰ أن ما نسبه أي العيني إلى أبي حنيفة خلاف مع عليه أصحابنا.**

(۳) سوال سوم

اب اسکے بعد یہ کہنا کہ امام صاحب اور نخعی و مالک سے ثبوت کے بعد گنجائشِ انکار نہیں رہتی ہے بے سود ہے، اسلئے کہ امام صاحب سے ثابت نہیں، اور امام مالک ونخعی کے احناف پابند نہیں ہیں، اور اس پر یہ گھروندہ جو تعمیر کیا گیا تھا کہ احناف یا تو تقلیدِ امام سے انکار کا اعلان کریں یا حدیثِ پاک کے خلاف ہونے کا اعلان کریں ٹوٹ گیا، اسلئے کہ امام صاحب سے خلافِ تورک ثابت نہیں ہے اور احناف بھی تورک کے قائل ہیں لہذا اعلان کی کوئی ضرورت نہیں، اور خلاف حدیث ہونے کا قول ہوس اور وہم ہے۔ تابعیہ کی اگر ایک تابعی (امام صاحب) مخالفت کریں تو کوئی حرج نہیں ہے۔ **ھم رجال ونحن رجال.** آخر حضرت امام احمد بن حنبلؒ بھی تو تورک کے قائل ہیں!

(**ایقاظ**) آپ کے اس کلام (سوال) میں ایک بات قابل تنبیہ تھی، وہ یہ کہ اگر کوئی اس صورتِ جلوس کا قائل نہیں ہوتا ہے تو ترکِ تقلید کا اعلان کرے۔

محترم! یہ عجیب بات کہہ دی، اگر کوئی کسی کی ہر بات میں موافقت کرتا ہو اور اتفاق سے ایک یا دو باتوں میں جو اسکے نزدیک اولیٰ وارجح ہیں اگر موافقت نہ کرے، تو کیا ایسے شخص کو اسکا مخالف قرار دینگے؟ ہرگز نہیں، اس قسم کا اختلاف تو باپ اور بیٹوں میں ہوا کرتا ہے، استاد اور شاگرد میں ہوتا ہے، مگر اس کو مخالفت سے تعبیر نہیں کرتے ہیں۔

اگر اتفاق سے اَتباعِ امام نے امام صاحب سے بعض مسائل میں دلائل کی وجہ سے مخالفت کی ہے تو یہ متابعت کے خلاف نہیں ہے، آخر حضرات صاحبین نے حضرت امام ابوحنیفہ کی کتنے مسائل میں مخالفت کی ہے، پھر کوئی ان کے بارے میں یہ خیال رکھتا ہے کہ وہ امام صاحب کے خلاف ہیں۔

میرے کہنے کا حاصل یہ ہے کہ ایک دو نہیں بلکہ اس سے بھی زیادہ مسائل میں اگر کوئی مخالفت کرے اور دلیل کے تابع ہوکر کرے، تو یہ مخالفتِ امام نہیں ہے۔

آخر سجدۂ شکر کے امام صاحب قائل نہیں ہیں لیکن صاحبین اسکے قائل ہیں، **کما فی شرح السیر الکبیر (ص۱۴۸/۱) قال صاحب الدر المختار: سجدة الشكر مستحبّة، به يفتىٰ. قال شيخ مشائخنا مولانا الگنگوهي في الكوكب (ص۱۸۴/۱): لم يقل بجوازها الإمام الهمام ولعله لم يجد الرواية، والمذهب جوازها وهو قول صاحبيه. انتهىٰ. قال في شرح المنية: والمعتمد أن الخلاف في سنّيّتها لا في الجواز. قال في الحلية: والأظهر أنها مستحبّة كما نصّ عليه محمد لأنها قد جاء فيها غير ما حديث، وفعلها أبوبكرؓ وعمرؓ وعليؓ، فلا يصحّ الجواب عن فعله ﷺ بالنسخ. اه.**

اسی طرح امام صاحب سے اِشعار کی کراہت منقول ہے لیکن صاحبین اسکے قائل ہیں، اگر چہ ظاہر یہی ہے کہ امام صاحب نے اپنے زمانہ کے اِشعار کومکروہ سمجھا ہے کہ بہت مبالغہ کرتے تھے حتیٰ کہ سرایت زخم کا خطرہ ہوتا تھا، **كما قاله الطحاوي والشيخ أبو منصور الماتريدي.**

یہاں مقصد یہ ہے کہ بعض مسائل بظاہر امام صاحب سے منقول ہیں اور صاحبین اسکے خلاف کے قائل ہیں بلکہ بعض میں تو صاحبین ہی کے قول پرفتوی ہے اور ۱۷ یا ۲۰ مسائل تو ایسے ہیں کہ امام زفر کے قول پرفتوی دیا گیا ہے لیکن کوئی بھی اس سبب سے حنفیت سے خارج نہیں ہوا، بلکہ بعض محققین کی تو یہ رائے ہے کہ اگر محقق کو کوئی بات دلائل کی روشنی میں احادیث کے مطابق معلوم ہو اور وہ امام صاحب کے قول کو چھوڑ دے تو یہ خلافِ تقلیدِ امام نہیں ہے اسلئے کہ خود امام صاحب کا ارشاد ہے: **إذا صحّ الحديث فهو مذهبي.**

قال ابن عابدين (ص ۱/۴۶) ناقلاً عن العلامة البيري في أول شرحه على الأشباه عن شرح الهداية لابن الشحنة و نصّه: إذا صحّ الحديث وكان على خلاف المذهب عمل بالحديث ويكون ذلك مذهبه، ولا يخرج مقلّده عن كونه حنفياً بالعمل به، فقد صحّ عنه أنه قال: إذا صحّ الحديث فهو مذهبي. وقد حكى ذالك ابن عبد البر عن أبي حنيفة وغيره من الأئمة. اه. ونقله أيضاً الإمام الشعراني عن الأئمة الأربعة. ولا يخفىٰ أن ذلك لمن كان أهلاً للنظر في النصوص و معرفة محكمها من منسوخها، فإذا نظر أهل المذهب في الدليل وعملوا به صحّ نسبته إلى المذهب لكونه صادراً بإذن صاحب المذهب إذلاشك أنه لو علم ضعف دليله رجع عنه واتبع الدليل الأقوىٰ. اه.

اب اس کے بعد اطالت کی ضرورت نہیں۔ واللہ الموفق۔

(۴) سوال چہارم

محدث سہارنپوری کا سکوت اسلئے ہے کہ ام الدرداتابعیہ ہیں، اور تابعیہ کا قول حجت نہیں ہے۔

(۵) سوال پنجم

علامہ عینی کا سکوت عن الجواب اسلئے تھا کہ انکے نزدیک امام صاحب کا مذہب اثر مذکور کے موافق تھا گو اس میں کلام ہے، اور مذہب وہی ہے جو محدث سہارنپوری نے نقل کیا ہے اور اس کا جواب ہو چکا، حنفیہ کا استدلال بھی ذکر کیا جاچکا ہے۔ واللہ اعلم۔

محمد یونس عفی عنہ

کیا ایک قربانی تمام گھر والوں بلکہ ساری امت کی طرف سے کافی ہوسکتی ہے؟

سوال(۲):

(۱) عن جابر بن عبد اللہؓ قال: ضحّی رسول اللہ ﷺ بکبشین فی یوم العید فقال حین وجّههما: ﴿إنی وجّهت وجهی للذی فطر السمٰوات والأرض حنیفاً وما أنا من المشرکین﴾ إلی قوله : أللّٰهم منک ولک عن محمّد وأمّته الخ. رواه الدارمی.

(۲) وعن جابربن عبداللہؓ إلی قوله: أللّٰهم منک ولک عن محمّدوأمّته الخ.رواه أبو داود.

(۳) وابن ماجه (۴) والحاکم فی المستدرک (۵) والترمذی.

علامہ شمس الدین عظیم آبادی نے غنیۃ الالمعی میں جو طبرانی کے ساتھ ملحق ہے اس میں متعدد طرق سے احادیث اس بارے میں نقل کی ہیں کہ ایک جانور سارے اہل بیت بلکہ جمیع امت کی طرف سے قربانی کے لیے کافی ووافی ہے، اور اسکی دلیل میں مذکورہ احادیث پیش کی ہیں، جن میں سے پانچ کتابوں کے حوالہ سے بندہ نے تفصیل کے ساتھ نقل کردیا ہے۔

عظیم آبادی صاحب فرماتے ہیں: **حاصل الکلام أن حدیث أضحیّة النبی ﷺ عن أمّته روی من طرق متعددة، و إسناد بعض طرقه صحیح جیّد وبعض طرقه حسن قوی وبعض طرقه ضعیف، لکن لایضرّ ضعف بعض الطرق فإن الطرق الضعیفة حینئذ بمنزلة الشواهد والمتابعات.**

کچھ دور چلنے کے بعد لکھتے ہیں **قال النووی فی شرح مسلم: أی قوله هو مذهبنا ومذهب الجمهور، وکرهه الثوری وأبوحنیفة وأصحابه. انتهیٰ کلامه.**

چند سطروں کے بعد لکھتے ہیں : **وقول من منعها لیس فیه حجة فلا یقبل کلامه إلا بدلیل أقویٰ منه ولا دلیل علیه.**

ان عبارتوں سے یہ معلوم ہوا کہ حنفیہ کے پاس منع کے لیے کوئی قوی دلیل اور نص صریح نہیں ہے نیز جمہور کے خلاف ہے، اگر ہوتو جناب والا مفصل مدلل بحوالہ کتب معتبرہ تحریر فرمائیں۔

جواب:

اضحیہ کے حکم میں ائمہ مختلف ہیں، بعض تو وجوب کے قائل ہیں جیسے امام صاحب اور امام مالک فی روایۃٍ و محمد بن الحسن، اور اکثر سنّیت کے قائل ہیں **کالشافعی وأحمد ومالک فی روایۃٍ وأبی یوسف وھو روایۃٌ عن محمد.** پھر شاۃ ایک کی طرف سے اور ابل و بقر وغیرہ جمہور کے نزدیک سات کی طرف سے، اور بعض تابعین وائمہ مثلاً سعید بن المسیب واسحاق وغیرہ کے یہاں ابل دس کی طرف سے اور بقر سات کی طرف سے کافی ہے کما فی المغنی۔ امام مالک کے یہاں اشتراک فی الاضحیۃ جائز ہی نہیں ہے یعنی ثمن میں اشتراک ہو، جمہور کے یہاں اشتراک فی الثمن جائز ہے۔

پھر امام مالک واحمد وغیرہ کے یہاں اگر کوئی ابل یا بقر یا غنم میں اپنے سارے گھر والوں کو شریک کرے تو جائز ہے، یہی شافعیہ کا مسلک ہے، ایک شاۃ اہل بیت کی طرف سے کافی ہے، لیکن یہ تشریک فی الثواب ہے اور مقصد یہ ہے کہ اگر ایک آدمی اپنی قربانی کرے اور اپنے اہل وعیال کو شریک کرے تو قربانی تو ایک ہی کی طرف سے ہوگی البتہ ثواب میں سارے شریک ہو جائیں گے، اس صورت کا احناف بھی انکار نہیں کرتے ہیں۔

ففی ردّ المحتار قد صحّ أن رسول الله ﷺ ضحّیٰ بکبشین أحدهما عن نفسه والآخر عمن لم یذبح من أمّته وإن کان منهم من قد مات قبل أن یذبح. اھ. قال فی الفتاوی الإمدادیة (ص۴۹۴/۴) :قلت: قد دلّ الحدیث علی جواز التضحیة عن الحیّ تبرّعًا وعلی جواز الواحدة عن الکثیرین. اھ.

قلت: والحدیث الذی ذکره فی ردّالمحتار أخرجه أحمد وابن ماجه والحاکم من طریق الثوری عن عبد الله بن محمد بن عقیل عن أبی سلمة عن عائشةؓ و أبی هریرةؓ أن النبی ﷺ کان إذا أراد أن یضحّی اشتریٰ کبشین عظیمین سمینین أقرنین أملحین موجوئین فذبح أحدهما عن أمّته ممّن شهد له بالتوحید وشهد له بالبلاغ وذبح الآخر عن محمد وآل محمد.

ورواه ابن أبی شیبة وإسحاق وأبو یعلیٰ من حدیث حماد بن سلمة عن ابن عقیل عن عبدالرحمٰن بن جابر عن أبیه جابر بن عبداللهؓ به مرفوعاً.

ورواه أحمد وإسحاق والطبرانی من حدیث شریک

ورواه أحمد والبزّار والحاکم من حدیث زهیربن محمد کلاهما عن ابن عقیل عن علی بن حسین عن أبی رافعؓ به، کماذکره ابن أبی حاتم فی العلل.

قال أبو زرعة: هذا كله من ابن عقيل فإنه لايضبط حديثه والذين رووا عنه هذا الحديث كلّهم ثقات. وقال البخاری: لعله سمعه من هؤلاء. انتهیٰ ملخّصًا من تخريج الزيلعی (ص ۱۵۱/۳).

وفی الباب عن أبی طلحةؓ أخرجه ابن أبی شيبة وأبو يعلیٰ والطبرانی، وأنسؓ أخرجه ابن أبی شيبة والدار قطنی، وحذيفة بن أسيدؓ أخرجه الحاكم فی المستدرک.

و محمل الحديث هو التشريک فی الثواب، وهكذا هومحمل الحديث الذی أخرجه مسلم (ص۱۵۶/۲) عن عائشةؓ أن رسول الله ﷺ أمر بكبش أقرن يطأ فی سواد وينظر فی سواد فأتی به ليضحّی به، قال: يا عائشة! هلُمّی المدية، ثم قال: اشحذيها بحجر ففعلت، ثم أخذها وأخذ الكبش فأضجعه ثم ذبحه ثم قال: بسم الله، أللّهم تقبّل من محمد وآل محمد ومن أمّة محمد، ثم ضحّیٰ به. قال الطيبی: المراد المشاركة فی الثواب مع الأمة لأن الغنم الواحد لايكفیٰ عن اثنين فصاعدًا. اه.

یہی چیز ہم حضرت اقدس حکیم الامت تھانوی کی کتاب امداد الفتاوی سے نقل کر آئے ہیں۔

اس حدیث کو مشارکت فی الثواب پر شوافع میں سے صاحب العدہ اور شیخ ابراہیم المروزی نے بھی حمل کیا ہے، نیز جمہور کے یہاں ایک بکری ایک ہی آدمی کی طرف سے قربانی کی جاسکتی ہے بلکہ بندہ کے علم میں اس میں کسی کا اختلاف نہیں، ہاں ابل و بقر میں اختلاف ہے جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا۔

ایک خاص بات قابل توجہ یہ ہے کہ اگر ایک جانور مطلقاً سارے اہل بیت کے لیے قربانی کی ادائیگی میں کافی ہوتا تو **فاشترکنا فی البعير سبعة وغيره** صحابہؓ کا فرمانا بظاہر بے سود ہے، اسلیے کہ پھر تو کسی ایک خاص عدد کی قید بے کار ہے۔ ہاں البتہ ایک بات قابل توجہ ہے وہ یہ کہ بعض اکابر کے یہاں اضحیۃ سنت علی الکفایہ ہے، لہذا ایک قربانی سب کی طرف سے کافی ہوگی، یہی نووی وغیرہ نے ترجیح دی ہے۔

قال فی شرح المهذب (ص۳۹۷/۸) : تجزئ الشاة عن واحد ولا تجزئ عن أكثر من واحد، لكن إذا ضحّیٰ بها واحد من أهل البيت تتأدّی الشعار فی حقّ جميعهم، وتكون التضحية فی حقّهم سنة كفاية.

وقال فی موضع آخر (ص۴۸۳/۸) : قال أصحابنا: التضحية سنّة على الكفاية فی حقّ أهل البيت الواحد، فإذا ضحّیٰ أحدهم حصل سنّة التضحية فی حقّهم. قال الرافعی: الشاة الواحدة لا يضحّی بها إلا عن واحد لكن إذا ضحّیٰ بها واحد من أهل البيت تأتی الشعار والسنّة لجميعهم، قال:

وعلى هذا حمل ماروى أن النبی ﷺ ضحّیٰ بکبشین قال: أللهم تقبّل من محمد ﷺ وآل محمد. قال النووی: وقد حمل جماعة الحدیث المذکور علی الاشتراک فی الثواب.اھ.

ہم بھی یہی کہتے ہیں کہ یہ احادیث تشریک فی الثواب پر محمول ہیں اور اس حمل کے لیے کوئی دلیل صریح نافی موجود نہیں ہے۔

وأما قول النووی فی شرح مسلم (ص۱۵۶/۲) تحت حدیث عائشةؓ الماضی : واستدلّ بهذا من جواز تضحیة الرجل عنه وعن أهل بیته واشتراکهم فی الثواب وهو مذهبنا ومذهب الجمهور، وکرهه الثوری وأبوحنیفة وأصحابه، وزعم الطحاوی أن هذا الحدیث منسوخ أو مخصوص،وغلّطه العلماء فی ذالک،فإن النسخ والتخصیص لا یثبتان بمجرد الدعویٰ. انتهیٰ. فکلام غیر محرّر.

فإن النووی قد صرّح فی شرح المهذّب بأن الشاةالواحدة لا تجزئ إلا عن واحد، وهذا هوالذی یقوله أصحابنا. وأما أن الشاة الواحدة تجزئ عن أهل البیت فهذا یقوله النووی وغیره ممن قال: إن التضحیة سنّة علی الکفایة وحمل الحدیث علی هذا. وأما نحن فنحمل الحدیث علی التشریک فی الثواب، وقد حمله علیه جماعة من أصحاب الشافعی کالشیخ إبراهیم المروزی وصاحب العُدة والعلامة الطیبی وغیرهم ولا دافع لهذا المعنیٰ. واللّٰه أعلم.

أماالذی أنکره أصحابنا فهو کفایة شاة واحدة عن أهل بیت فی إقامة واجب التضحیة، وهذا لم یأت به دلیل وما قامت بذلک حجة، لأنا قدّمنا أن الحدیث محتمل بمعنی آخر وهو التشریک فی الثواب.

وقضایا الأحوال إذا تطرّق إلیها الاحتمال سلبت الاستدلال لما یبقی فیها من الإجمال.

واللّٰه أعلم وعلمه أتمّ وأحکم.

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

بھینس کی قربانی

سوال (۳):

رسول اکرم ﷺ سے بھینس کی قربانی ثابت نہیں ہے۔ لہذا بھینس کی قربانی جائز نہیں ہے، اگر ثابت ہو تو تحریر

فرمائیں تا کہ ہم سب بھی اس پر عمل کریں۔

ایک مسلمان کے لیئے ضروری ہے کہ وہی عمل کرے جس کو **فداہ روحی وأبی وأمی** ﷺ نے فرمایا ہو یا خود کیا ہو یا کسی شخص کو کرتے دیکھا ہو اور اسکو منع نہ کیا ہو، لہذا حنفیہ حضرات اس مسئلہ پر **ما أنا علیه وأصحابی** کے مطابق کوئی سنتِ رسول یا کم از کم سنتِ صحابہؓ ہو تو دکھلا دیں تو ہم لوگ تسلیم کرنے کو تیار ہیں، ورنہ اسکا اقرار کریں کہ یہ یعنی بھینس کی قربانی کا مسئلہ حدیث پاک کے خلاف ہے، اور حنفیہ اس مسئلہ میں یتیم فی الحدیث ہیں۔

جواب:

یہ صحیح ہے کہ سوائے ابل و بقر و غنم کے اور جانوروں کی قربانی ثابت نہیں ہے۔

قال فی الهداية : ولم ينقل عن النبی ﷺ ولا الصحابةؓ التضحية بغير الإبل والبقر والغنم. انتهىٰ.

أما التضحية بالإبل ففی مسلم فی حديث جابرؓ الطويل.

وأما البقر ففی حديث عائشةؓ وجابرؓ فی الصحيحين.

وأما الغنم ففی حديث أنسؓ فی الصحيحين.

لیکن جاموس بقر ہی کی ایک نوع ہے۔ ہندی میں اسے بھینس کہتے ہیں اور فارسی میں گاومیش، اور عربی میں جاموس۔

قال صاحب القاموس: الجاموس معرب گاوميش. اس کا نام فارسی خود صراحت کے ساتھ اس پر دال ہے۔

وقد صرّح بذالک الفقهاء وغيرهم، قال النووی فی شرح المهذب (ص۳۹۳/۸) : شرط المجزئ فی الأضحية أن يكون من الأنعام وهی الإبل والبقر والغنم، وسواء فی ذلک جميع أنواع الإبل من البخاتی والعراب، وجميع أنواع البقر من الجواميس والعراب والدربانية، وجميع أنواع الغنم من الضأن والمعز وأنواعهما. اه . والله أعلم.

علامة أبو الوليد بن رشد الحفيد بداية المجتهد (ص۲۵۳/۱) میں لکھتے ہیں: **أجمع العلماء على جواز الضحايا من جميع بهيمة الأنعام.اه.** اور بھینس کا بہائم انعام سے ہونا **أظهر من الشمس** ہے۔

تو قربانیِ گاومیش کے جواز کے قائل صرف حنفیہ ہی نہیں ہیں بلکہ حضرات شافعیہ بھی ہیں بلکہ جمیع امت کا یہی مذہب ہے، **كما علم ذالک من كلام ابن رشد . وقال ابن المنذر فيما حكاه صاحب المغنی (ص۵۹۴/۲) : والجواميس صنف من البقر بالإجماع.**

اور اگر کوئی یہ کہے کہ امام نووی نے شرح مسلم میں (ص ۲/۱۵۵) لکھا ہے : **أجمع العلماء على أنه لا تجزئ التضحية بغير الإبل والبقر والغنم إلا ما حكاه ابن المنذر عن الحسن بن صالح أنه قال: يجوز التضحية ببقر الوحش عن سبعة وبالظبي عن واحد، وبه قال داؤد في بقرة الوحش. انتهى.** تو اس سے معلوم ہوا کہ صرف ابل و بقر و غنم ہی کی قربانی جائز ہے۔

اسکا جواب یہ ہے کہ خود سیاق کلام بتا رہا ہے کہ حیوانات وحشیہ کی نفی مقصود ہے، **وقال النووي في شرح المهذب** (ص ۸/۳۹۴): **نقل جماعة إجماع العلماء أن التضحية لا تصحّ إلا بالإبل والبقر والغنم فلا يجزئ شئ من الحيوان غير ذلك. وحكى ابن المنذر عن الحسن بن صالح أنه يجوز أن يضحّى ببقر الوحش عن سبعة وبالظبي عن واحد وبه قال داود في بقرة الوحش. انتهى.**

اس عبارت کا بھی حاصل وہی ہے کہ حیوانات وحشیہ کی نفی کرنی مقصود ہے، خود امام نووی تصریح فرما چکے ہیں کہ بقر میں جاموس بھی داخل ہے۔ **كما تقدّم. والله اعلم.**

محمد یونس عفی عنہ

۲۵ محرم ۱۳۹۱ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

قربانی کے کتنے دن ہیں؟

بخدمت جناب حضرت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امابعد! عرض یہ ہے کہ مندرجہ ذیل سوالات کا جواب تحریری عنایت فرما کر شکریہ کا موقع دیں۔

سوال (۱):

إنّ أعظم الأيّام عندالله يوم النّحرثم يوم القرّ . مشكوة (ص ۲۳۲)۔

جب قربانی کرنے کے تین دن ہیں تو لفظ یوم القرّ کا کیا مطلب؟ کیا حاجیوں کے لیئے قربانی کے تین دن نہیں ہیں؟ اگر ہیں تو لفظ یوم القرّ کیوں فرمایا؟ اس حدیث سے تو یہ بیان صاف ظاہر ہوتا ہے کہ قربانی کرنے کا صرف ایک ہی دن ہے دوسرا دن آرام کرنے کا !

سوال (۲):

قد روی ابن أبی شیبة من وجه آخر عن ابن عباسؓ أن المعلومات یوم النحر وثلاثة أیام بعده، ورجّح الطحاوی هذا لقوله تعالیٰ ﴿ویذکروا اسم الله فی أیام معلومات علی مارزقهم﴾ الخ . (فتح الباری ص ۲۶۶ ج ۲). ابن ابی شیبہ کی مکمل سند مطلوب ہے، پوری سند تحریر فرمادیں۔

امام طحاوی کا بیان طحاوی میں نہیں ملتا، امام طحاوی نے جو چار دن کی قربانی کو قرآن کی آیت سے ترجیح فرمائی ہے یہ بیان امام طحاوی کی کونسی کتاب میں ہے، اس کتاب کا نام اور صفحہ تحریر فرمادیں۔

سوال (۳):

عینی جو شرح ہے بخاری شریف کی، (ص ۹۰ ج ۱۰) پر حضرت ابن عباسؓ کا فرمان ہے کہ قربانی کے تین دن ہیں، امام طحاوی نے بسند جید نقل فرمایا ہے، حضرت ابن عباسؓ کا یہ قول طحاوی میں نہیں ملتا، یہ قول امام طحاوی کی کونسی کتاب میں ہے؟ اس کتاب سے پوری سند تحریر فرمادیں، یہ بڑا زبردست اشکال ہے۔

صاحبِ فتح الباری طحاوی کے حوالہ سے حضرت ابن عباسؓ کی قربانی چار دن ثابت کرتے ہیں اور علامہ عینی حضرت ابن عباسؓ کے قول سے بحوالۂ طحاوی تین دن کی قربانی ثابت کرتے ہیں اور کتاب طحاوی میں دونوں قول نہیں ملتے۔

مہربانی فرما کر اپنا قیمتی وقت اس بات پر خرچ کریں اور معمہ کو حل فرمادیں کہ فتح الباری کی بات صحیح ہے یا علامہ عینی کی؟ ابن عباسؓ کے دونوں قول کی سند مطلوب ہے۔

یہ تین سوالات جناب کی خدمت عالیہ میں ارسال ہیں، امید کہ آپ ان تینوں سوالوں کا جواب مدلل عنایت فرما کر شکریہ کا موقع عنایت فرمائیں گے۔ سائل عبداللہ خطیب سی بلاک ڈیرہ غازی خان

جواب (۱):

حدیث **إنّ أعظم الأیام عندالله یوم النّحر ثم یوم القرّ. أخرجه أبوداود والطحاوی فی مشکله (ص ۲۱۳ ج ۲) والحاکم فی مستدرکه (ص ۴۳۳ ج ۱) والنسائی فی الکبریٰ وابن حبان والطبرانی وأبونعیم من طریق ثور بن یزید عن راشد بن سعد عن عبدالله بن عامر بن لحی عن عبدالله بن قرطؓ عن النبی ﷺ. قال الطبرانی: تفرّد به ثور بن یزید وصحّحه الحاکم وأقرّه الذهبی. وفی أبی داود وقال ثور: هوالیوم الثانی أی یوم القرّ.**

یوم النحر کی وجہ تسمیہ تو ظاہر ہے کہ اس دن قربانی ہوتی ہے اور اس سے پہلے جائز ہی نہیں ہے، اب رہا یہ کہ دوسرے دن

کو یوم القرّ کیوں کہتے ہیں، اسکی وجہ اس عبارت سے معلوم ہوگی جو ابن عبدالبر نے (ص۱/۳۹۲) اس حدیث کے آخر میں ذکر فرمائی ہے، وہ یہ ہے۔ **قال: هو يوم يستقرّ فيه الناس بمنىٰ.** بظاہر یہ عبارت کسی راوی کی ہے، ابن عبدالبر کا روایت کے آخر میں **قال: هو يوم الخ** لکھنا اسی کو مقتضی ہے، اور ظن غالب یہ ہے کہ یہ ثور کا کلام ہے جنہوں نے یوم القرّ کی شرح فرمائی ہے کہ وہ یوم ثانی ہے تو آگے وجہ تسمیہ بھی بیان فرمادی۔

وقال محيّ السنّة في شرح السنّة: سمّي به لأن أهل الموسم يوم التروية وعرفة والنحر في تعب من الحجّ، فإذا كان الغد من يوم النحر قرّوا بمنىٰ، قال ثور: هذا أحد الرواية. كذا في الطيبي (ص ۳/۴۳۴).

وقال ابن منظور الأفريقي في لسان العرب (ص۶/۳۹۶): يوم القرّ اليوم الذي يلي عيد النحر لأن الناس يقرّون في منازلهم، وقيل: لأنهم يقرّون بمنىٰ عن كراع أي يسكنون و يقيمون.

وقال أبو عبيد: أراد بيوم القرّ الغد من يوم النحر وهو حادي عشر ذي الحجّة، سمّي يوم القرّ لأن أهل الموسم يوم التروية ويوم عرفة ويوم النحر في تعب من الحجّ فإذا كان الغد من يوم النحر قرّوا بمنىٰ فسمّي يوم القرّ. انتهىٰ.

وهكذا ذكره الزبيدي في تاج العروس شرح القاموس (ص۳/۴۸۷)، قال في الحديث: أفضل الأيام عند الله يوم النّحر ثم يوم القرّ وهو الذي يلي يوم النّحر لأنهم يقرّون فيه بمنىٰ عن كراع، وقال غيره: لأنهم يقرّون في منازلهم، وقال أبوعبيد: هو حادي عشر إلى آخر ما تقدّم في كلام اللسان.

وقال القاري في المرقاة (ص۳/۲۳۷): يوم القرّ بفتح القاف وتشديد الراء أي يوم القرار بخلاف ما قبله وما بعده من حيث الانتشار.

وقال بعض الشراح: هو اليوم الأول من أيام التشريق، سمّي بذالك لأن الناس يقرّون يومئذ في منازلهم بمنىٰ ولاينفرون عنه بخلاف اليومين الأخيرين. انتهىٰ.

ان ساری عبارات سے اس کو یوم القرّ کہنے کی دو وجہ معلوم ہوتی ہے۔

اول یہ کہ اس دن حجاج اعمال حج سے فراغت پا کر منیٰ میں قیام کرتے ہیں جبکہ اس سے پہلے یوم الترویۃ یوم عرفہ اور یوم النحر میں اعمال حج میں مشغولی ہوتی ہے، کہیں ادھر آرہے ہیں تو کہیں ادھر جارہے ہیں، یہی ابوعبید اور محی السنہ وغیرہ نے

بیان فرمایا ہے۔

ابن عبدالبر نے جوعبارت **نقل** فرمائی ہے اس کا بھی یہی مطلب ہوسکتا ہے کہ اس دن منیٰ میں قرار ہوتا ہے ورنہ اس سے قبل انتشار یعنی آمد ورفت لگی رہتی ہے۔

اور یہی مطلب ابن الاثیر جزری اور صاحب مجمع البحار وغیرہ کی عبارت **لأنهم يقرّون فيه بمنىٰ أى يسكنون ويقيمون. انتهى.** کا بھی ہوسکتا ہے۔

اور باقی جن حضرات نے **يقيمون بمنازلهم** فرمایا ہے، اس کا مطلب وہ منازل ہیں جو منیٰ میں عارضی طور پر حجاج خیمہ وغیرہ نصب کر کے بنا لیتے ہیں۔

وعلى هذا تسقط العبارات كلها على مسقط واحد ولا يكون بينها اختلاف إلا فى التعبير.

دوسری وجہ وہ ہے جو ملا علی قاری نے **نقل** فرمائی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ چونکہ اس دن منیٰ میں قیام ضروری ہے، نفر جائز نہیں ہے اس لئے اس کو یوم القرّ کہتے ہیں، بخلاف باقی بارہ تیرہ تاریخوں کے کہ بارہ میں تو تعجیل کی اجازت ہے، اور تیرہ کو تو نفر ہوتا ہی ہے۔

ممکن ہے کہ جس نے **لأن الناس يقيمون فيه بمنىٰ** سے تفسیر کی ہے اس کا بھی یہی مطلب ہو، اس صورت میں ابن عبدالبر، ابن الاثیر وصاحبِ مجمع البحار کے کلام کا مطلب یہ ہو جائے گا، اور یہی اقرب بھی معلوم ہوتا ہے کہ ان حضرات نے یہی مراد لیا ہے۔ واللہ اعلم۔

بہر حال ان دونوں وجوہ پر غور کرنے سے کہیں بھی قربانی فی یوم الحادی عشر کی نفی ہرگز ہرگز معلوم نہیں ہوتی ہے، اور اگر یہ خیال ہو کہ جب قربانی باقی ہے تو پھر اعمال حج سے قرار کہاں ہوا؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ اعمال سے فراغ تو ہو ہی جاتا ہے البتہ یہ ایام گنجائش کے ایام ہیں۔

حاصل یہ ہے کہ اصل تو یہی ہے کہ یوم اول میں قربانی ہو جائے، لیکن اگر اتفاق سے کوئی نہ کر سکا تو اس کے لیے بعد کے ایام میں اجازت ہے، بلکہ ایک روایت علامہ سیوطی نے خصائص کبریٰ میں **نقل** کی ہے جس سے یوم القرّ میں قربانی ثابت ہوتی ہے۔

قال السيوطى (ص۲/۳۹): **أخرج الطبرانى وأبو نعيم والحاكم وصحّحه عن عبدالله بن قرطؓ قال: قُدّم لرسول الله ﷺ فى يوم القرّ بدنات خمس أوستّ فطفقن يزدلفن إليه بأيّتهنّ يبدأ. انتهى.**

اس کے الفاظ صاف دلالت کرتے ہیں کہ یوم القرّ میں آنحضرت ﷺ نے قربانی فرمائی ہے، اگرچہ بندہ کو بایں

صراحت تو کہیں یہ روایت معلوم نہیں ہے، لیکن سوقِ روایت سے یہ معنی اخذ ہوسکتے ہیں، **وسیاق حدیث عبد الله بن قرطؓ عن النبیﷺ قال: إن أعظم الأیام عند الله یوم النّحرثم یوم القرّ، قال: وقُرّب لرسول الله ﷺ بدنات خمس أو ست فطفقن یزدلفن إلیه بأیّتهنّ یبدأ، قال: فلما وجبت جنوبها، قال: فتکلّم بکلمة خفیة لم أفهمها، فقلت ما قال؟ قال: من شاء اقطع. رواه أبو داود والحاکم والطحاوی فی مشکله، فذکر قوله: وقُرّب لرسول الله ﷺ بدنات الخ بعد قوله: ثم یوم القرّ: قد یؤخذ منه ماذکره السیوطی. والظاهرأن السیوطی اطّلع علی بعض الألفاظ التی ورد فیها کما نقله. والله أعلم.**

بہرصورت اگرمصرح ہوتو کیا کہنا، اوراگرنہ ہوتو بھی یہ لفظ نفی پر دال نہیں ہے۔

جواب (۲):

ابن ابی شیبہ کی سند باوجود تتبع بالغ کے نہیں مل سکی، اس لئے کہ جس قدر مطبوعہ نسخے ہیں اس میں نہیں ہے، اور جو نسخہ قلمیہ ہے اس میں بھی نہیں ملی، لیکن ابن کثیر نے سورۃ الحج کی تفسیر (ص ۳/۲۱۷) میں اس کی سند کا کچھ حصہ نقل کیا ہے۔

قال الحکم عن مقسم عن ابن عباسؓ: الأیام المعلومات یوم النّحر وثلاثة أیام بعده، قال أبو بکر الرازی فی أحکام القرآن: وقد روی ابن أبی یعلیٰ عن الحکم عن مقسم عن ابن عباسؓ الأیام المعلومات یوم النّحر وثلاثة أیام بعده أیّام التشریق. یہ مذہب ابن عباسؓ سے متعدد علماء نے نقل کیا ہے کہ قربانی یوم النحر کے بعد تین دن تک ہے۔

فأخرج البیهقی (ص ۹/۲۹۶) من طریق طلحة بن عمرو الحضرمی عن عطاء عن ابن عباسؓ قال: الأضحیٰ ثلاثة أیام بعدیوم النحر. لکن طلحة الحضرمی ضعیف، ضعّفه ابن معین وأبو زرعة وغیرهما، وقال أحمد والنسائی: متروک.

لیکن امام نووی نے شرح مہذب (ص ۸/۳۹) میں یہ مذہب علی بن ابی طالبؓ، جبیر بن مطعمؓ اور ابن عباسؓ سے نقل فرمایا ہے، اس کے برخلاف ایک جماعت نے حضرت ابن عباسؓ سے تین دن نقل کیا ہے، یوم النحر اور دو دن اسکے بعد۔

قال ابن الترکمانی فی الجوهر النقی (ص ۹/۲۹۶): أخرج الطحاوی فی أحکام القرآن بسند جید عن ابن عباسؓ قال: الأضحیٰ یومان بعد یوم النحر.اه.

اسی طرح یہ مذہب ابن عباسؓ سے حافظ ابن عبدالبر اور علامہ موفق صاحب المغنی (ص ۱۱/۱۱۴)، ابوالحسن کرخی، صاحب ہدایہ (ص ۴۴۶) وغیرہ فقہاء نے نقل فرمایا ہے۔

وهذا المذهب رواه مالک عن ابن عمرؓ وعلیؓ. ورواه البیهقی (ص۲۹۷/۹)عنهما وعن أنسؓ.
وقال الطحاوی فی أحکام القرآن: لم یرو عن أحد من الصحابةؓ خلافهم فتعیّن اتباعهم إذ لا یوجد ذالک إلا توقیفاً.

وقال ابن عبد البر فی الاستذکار: روی ذالک عن علیؓ وابن عباسؓ وابن عمرؓ ولم یختلف فیه عن أبی هریرةؓ و أنسؓ وهوالأصح عن عمرؓ، وهو مذهب أبی حنیفة والثوری ومالک.

وفی نوادر الفقهاء لابن بنت نعیم أجمع الفقهاء علی أن التضحیة فی الیوم الثالث عشر غیر جائزة إلا الشافعی فإنه أجاز فیه. کذا فی الجوهر (ص۲۹۷/۹).

قلت: ومذهب أحمد کالجمهور کما فی المغنی. وقد ورد فی حدیث جبیر بن مطعمؓ عن النبی صلی الله علیه وسلم کلّ أیام التشریق ذبح. رواه أحمد وابن حبان والبزار من طریق عبد الرحمٰن بن أبی حسین عنه وأعلّه البزار بالانقطاع، وأخرجه أحمد والبیهقی من طریق سلیمان بن موسی عن جبیر بن مطعمؓ، وأعلّه البیهقی بالانقطاع، ولو ثبت هذا لکان القول به واجباً لکن قال النووی فی شرح المهذب (ص۳۹۰/۸): الأصحّ أنه موقوف. والله أعلم.

جواب (۳):

حافظ ابن حجر نے طحاوی کی کس کتاب سے **نقل** کیا ہے، معلوم نہیں ہوسکا، طحاوی کی کتاب شرح معانی الآثار شرح مشکل الآثار میں یہ مسئلہ سردست نہیں ملا۔

علامہ عینی نے جو کچھ **نقل** کیا ہے وہ تو احکام القرآن تصنیفِ امام طحاوی سے **نقل** کیا ہے جیسا کہ جواب نمبر دو سے معلوم ہوگیا ہوگا۔ علامہ ابن الترکمانی نے جوہر **نقی** میں احکام القرآن ہی سے **نقل** کیا ہے، اور بظاہر عینی کی شرح ہدایہ (ص۱۷۷/۴) کی عبارت سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے ابن الترکمانی کا اقتداء کیا ہے۔

اس کے بعد قابل تنبیہ امر یہ ہے کہ حافظ ابن حجر نے **ایام** معلومات کی شرح میں ابن عباسؓ کا اثرِ مذکور فی السوال **نقل** فرمایا ہے اگرچہ فتح الباری کے سیاق (ص۳۸۱/۲) سے تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ ایام اضحیہ امام طحاوی نے بیان فرمائے ہیں۔ لیکن یہاں ایک اختلاف اور بھی ہے کہ ایام معلومات اور ایام معدودات کا کیا مصداق ہے؟

بعض حضرات نے **ایام** معلومات کی تفسیر ایام **عشر** سے کی ہے **کما رواه عبد بن حمید**، اور بعض نے ایام معلومات کی تفسیر یوم نحر اور ثلاثۃ ایام بعدہ یعنی ایام التشریق سے کی ہے، ممکن ہے کہ طحاوی نے یہاں پر ایام معلومات کی تفسیر ثانی کو

ترجیح دی ہو، اس صورت کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ ماقبل میں خود طحاوی کا ایام النحر کا صرف تین دن اختیار کرنا منقول ہو چکا ہے، نیز ابوبکر الرازی احکام القرآن میں فرماتے ہیں۔

ذكر الطحاوى عن شيخه أحمد بن أبى عمران عن بشربن الوليد قال: كتب أبو العباس الطوسى إلى أبى يوسف يسأله عن الأيام المعلومات فأملىٰ عليه أبو يوسف جواب كتابه:

"اختلف أصحاب رسول الله ﷺ فروى عن علىؓ وابن عمرؓ أنها أيام النحر وإلى ذلك أذهب، لأنه قال: على ما رزقهم من بهيمة الأنعام. الخ".

وقال العينى (ص ۳۷۹/۳): اختلف السلف فى الأيام المعلومات والمعدودات، فالمعلومات العشر، والمعدودات أيام التشريق وهى ثلاثة أيام بعد يوم النّحر عند أبى حنيفة، رواه عنه الكرخى وهو قول الحسن وقتادة.

وروى عن علىؓ وابن عمرؓ أن المعلومات هى ثلاثة أيام النحر والمعدودات أيام التشريق وهو قول أبى يوسف ومحمد، وقال الشافعى من الأيام المعلومات النّحر، وروى عن علىؓ وعمرؓ يوم النّحر ويومان بعده وبه قال مالك، وقال الطحاوى وإليه أذهب.اه.

اس عبارت سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ مقصود ایام معلومات کی تفسیر ذکر کرنی ہے نہ کہ ایام ذبح بیان کرنا ہے۔

نیز اس تفصیلی عبارت سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ طحاوی کے نزدیک ایام معلومات صرف تین دن ہیں۔

ظن غالب یہ ہے کہ حافظ ابن حجر نے تسامح سے کام لیا ہے، کوئی بھی تو طحاوی سے حافظ کے موافق نقل نہیں کرتا ہے، اور احناف کا بیان اس باب میں زیادہ قابل اطمینان ہے۔ **فإن صاحب البيت أدرىٰ بما فيه.**

حافظ ابن حجر بسا اوقات دوسرے کے اتباع میں طحاوی سے کچھ نقل کر جاتے ہیں لیکن وہ خلاف تحقیق ہوتا ہے۔

مثلاً حافظ ابن حجر نے وطیِ حائض میں طحاوی کا مذہب امام احمد کے موافق **تبعاً للكرمانى** لکھا ہے، حالانکہ طحاوی کی ساری بحث پڑھنے سے صاف معلوم ہو جاتا ہے کہ انہوں نے جمہور کا مذہب یعنی **ما فوق السرّة وما تحت الركبة** سے جواز استمتاع اختیار کیا ہے۔

اسی طرح حافظ نے **نهىٰ عن الشرب قائماً** کے ذیل میں لکھا ہے **جنح الطحاوى إلى تأويل آخر وهو حمل النهى على من لم يسمّ عند شربه** اور پھر اس پر اعتراض کیا ہے، حالانکہ طحاوی نے نہ معانی الآثار میں لکھا ہے اور نہ ہی مشکل الآثار میں، بلکہ دونوں جگہ نہی اشفاقی وارشادی قرار دیتے ہیں اور یہی عینی نے نقل کیا ہے۔

مزید تفصیل کے لئے فتح الباری، تفسیر ابن کثیر، اوجز المسالک جلد ثالث کا ملاحظہ فرمالیں۔ والسلام

بندہ محمد یونس عفی عنہ

۱۰ ربیع الاول ۱۳۹۰ھ لیلۃ الجمعۃ المبارکۃ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

شعبِ اربع کی تشریح

سوال:

حضرت شیخ مدظلہ نے رمضان کی آخری تاریخ چاندرات میں ایک حدیث بیان فرمائی تھی اور بیوی سے ہمبستری کا طریقہ بیان فرمایا تھا، اسکی تفصیل کیا ہے؟ اور وہ حدیث شریف کیا ہے؟

جواب:

مکرم ومحترم زید مجدکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حضور اقدس ﷺ کا پاک ارشاد ہے: **إذا جلس بين شعبها الأربع ثم جهدها فقد وجب الغسل.**

یہ حدیث بخاری شریف اور اسی طرح دیگر کتبِ حدیث میں مروی ہے۔

جسکا مطلب یہ ہے کہ جب خاوند اپنی بیوی کی شعبِ اربع کے درمیان بیٹھ کر اس کو مشقت میں ڈالے یعنی اس سے ہمبستری کرے تو غسل واجب ہو جائے گا۔

اصل غرض حدیثِ پاک کی تو یہ ہے کہ اگر **إدخال الذكر في الفرج** پایا گیا تو غسل واجب ہو جائے گا خواہ انزال ہو یا نہ ہو۔ چنانچہ مسلم شریف میں **وإن لم يُنزل** یعنی اگرچہ انزال نہ ہو بھی اس حدیث کے آخر میں موجود ہے۔

شعبِ اربع کی تفسیر میں شراح حدیث نے مختلف اقوال بیان فرمائے ہیں۔

بعض کہتے ہیں کہ دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں مراد ہیں۔

بعض کہتے ہیں کہ دونوں ٹانگیں اور دونوں رانیں مراد ہیں۔

اور بعض کہتے ہیں کہ فرج یعنی شرمگاہ کے اطراف اربع مراد ہیں۔

اور حضرت شیخ مدظلہ العالی کے والد حضرت مولانا محمد یحیی صاحب نور اللہ مرقدہ کی رائے یہ ہے کہ اس سے دونوں ٹانگیں اور دونوں سرین مراد ہیں۔

حضرت شیخ مدظلہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ جوامع الکلم کے ساتھ مبعوث ہوئے تھے، یعنی بات تو بہت مختصر مگر بہت سے معانی کیلئے جامع ہوتی تھی، تو اگرچہ اس حدیث کی غرض اصلی تو مسئلہ اولی ہی کو بیان کرنا ہے، مگر آپ ﷺ نے بطور اشارہ اس حدیث پاک میں وطی کا طریقہ تعلیم فرمادیا کہ وطی عورت کی دونوں ٹانگوں اور دونوں سرین کے بیچ میں بیٹھ کر ہوتی ہے، اور جب آدمی اس طرح وطی کرے گا تو بالضرور اسکی ٹانگوں کو اٹھا کر وطی کریگا، اس میں ایک فائدہ تو یہ ہوگا کہ جانبین کو لذت آئے گی، نہ صرف خاوند کو۔

دوسرا فائدہ یہ ہوگا کہ اگر اتفاق سے کسی کا آلۂ تناسل کچھ چھوٹا بھی ہوا تو کام چل جائے گا، اسلئے کہ جب ٹانگیں اٹھائیگا تو عورت کی بچہ دانی اوپر کو ہو جائے گی۔

اور تیسرا بڑا اہم فائدہ یہ ہے کہ عورت کی بچہ دانی منکوس ہے یعنی نیچے کی جانب الٹی جھکی ہوتی ہے، تو جب ٹانگیں اٹھا کر مباشرت کرے گا تو اس کا منہ سامنے ہو جائے گا اور آلۂ تناسل سیدھا اس میں داخل ہو جائے گا تو انزال اندر ہوگا اور منی ضائع نہ ہوگی اور استقرار حمل میں سہولت ہوگی۔

بارہا حضرت سے یہ مضمون مختلف مجالسِ درس وغیرہ میں سننے کا اتفاق ہوا ہے جس کا ماحصل جس قدر یاد تھا پیش کر دیا گیا۔ والسلام بندہ محمد یونس عفی عنہ

۱۴ ربیع الاول ۱۳۹۱ھ

*************OOO*************

أقیمت الصلاۃ والنبی ﷺ یناجی رجلاً میں رجل کی تعیین؟

شقّ صدر نبوی ﷺ کتنی مرتبہ ہوا؟

صوفیاء کا روایاتِ حدیث میں اعتبار کیوں نہیں؟

بخدمت گرامی حضرت استاذی المکرّم دام ظلکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گذارش خدمت ایں کہ بندہ کو چند اشکالات پیش ہیں، امید ہے کہ جوابات شافیہ عنایت فرمائینگے۔

سوال (۱):

بخاری شریف (ص۸۹ سطر۱۳) 'باب الكلام إذا أقيمت الصلاة' میں **فعرض للنبی ﷺ رجل فحبسه بعد ماأقيمت الصلاة.** میں رجل کی تعیین وتشخیص میں حافظین (ابن حجر والعینی) کے انکار کے باوجود حضرت علامہ کشمیریؒ نے فیض الباری (ص۱۸۹/۲) میں اپنی تحقیق انیق سے الادب المفرد للبخاری کا حوالہ دیا ہے، وہ روایت بسند دیگر بندہ کو غایت تتبع سے الادب المفرد (ص۴۳) پر ملی ہے، لیکن اس میں رجل کی کوئی تشخیص نہیں ہے۔

سوال (۲):

شق صدر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا کتنی مرتبہ ہوا؟ تین مرتبہ کی عمومی روایات ملتی ہیں، بعض صحیحین میں اور بعض غیر صحیحین میں ہیں، آیا چوتھی مرتبہ اس کا ثبوت ہے یا نہیں؟

سوال (۳):

صوفیاء کرام وصول وقرب الی اللہ میں اتنے باسیر وسفر ہیں کہ محدثین کرام ان کے اثر (پیچھے) ہیں، اس کے باوجود محدثین عظام فن حدیث میں صوفیاء کا عموماً کیوں اعتبار نہیں کرتے ہیں؟ حالانکہ یہ اعلیٰ منزلۃً یوم القیامۃ ہوں گے۔

دعاء عافیت وصحت کا داعی ومستدعی ہوں۔ والسلام۔ احقر محمد ایوب سورتی

متعلم جامعہ اسلامیہ ڈابھیل

۲۹ ربیع الاول ۱۳۹۱ھ

جواب (۱):

حدیث **أقيمت الصلاة والنبی ﷺ يناجي رجلاً الخ.**

هكذا أخرجه البخاری فی ثلاثة مواضع، بإبهام الرجل فی الصلاة فی موضعين، فی باب الإمام تعرض له الحاجة بعد الإقامة وفی باب الكلام إذا أقيمت الصلاة (ص ۸۹)، وفی الاستيذان فی باب طول النجوىٰ (ص ۹۳۱) ومسلم فی الوضوء (۱/ ۱۶۳) وأبوداود (۱/۳۰۸ بذل).

قال الحافظ ابن حجر فی مقدمة فتح البارى (ص ۱۳/ ۲): لم يسمّ هذا الرجل، وتبعه غيره كالقسطلانی والقاضی زكريا الأنصاری (ص ۳۵۹/ ۲). وقال الحافظ ابن حجر فی الفتح(ص ۱۰۳/ ۲): لم أقف على اسم هذا الرجل.

قلت: وقد كنت تتبعته فی الزمن السالف فلم أقف عليه.

قال الحافظ: وذكر بعض الشراح أنه كان كبيراً في قومه فأراد أن يتألّفه على الإسلام، ولم أقف على مستند ذلك.

قيل: ويحتمل أن يكون ملكاً من الملائكة جاء بوحي من الله عزّوجلّ، ولا يخفىٰ بُعد هذا الاحتمال. انتهىٰ.

وأما العلامة العيني (ص ٦٨١ / ٢) فتتبّع الحافظ ابن حجر فقال: قيل لم يعرف اسم هذا الرجل، وقيل: كان كبيراً في قومه فأراد أن يتألّفه، وليس لهذا دليل. ثم قال العيني: ولا يبعد أن يكون هذاالرجل ملكاً، وأنس رضي الله تعالى عنه رأه في صورة رجل. انتهىٰ.

قلت: فانظر أيّ النظرين أرجح؟ استبعاد الحافظ أو تقريب العيني، والظاهر عندي ماقال إمام الفن ابن حجر العسقلاني.

وقال العلامة الكشميري (١٨٩ / ٢): أما الرجل فلم يدركه الشارحان من هو؟ وقد وجدت اسمه وهو مذكور في الأدب المفرد للبخاري. انتهىٰ.

قلت: لم أجد في الأدب المفرد إلا ماذكره في باب سخاوة النفس (ص٢٤) قال: حدثنا ابن أبي الأسود قال: ثنا عبد الملك بن عمرو قال: ثنا سحامة بن عبد الرحمن بن الأصم قال: سمعت أنس بن مالكؓ يقول: كان النبي ﷺ رحيماً وكان لا يأتيه أحد إلا وعنده وأنجزله إن كان عنده، وأقيمت الصلاة وجاء أعرابي فأخذ بثوبه فقال: إنما بقي من حاجتي يسيرة وأخاف أنساها فقام معه حتى فرغ من حاجته ثم أقبل فصلّىٰ.

وسحّامة بمهملتين مفتوحين وتثقيل الثانية البصري أو الواسطي، تفرّد بالرواية عنه البخاري في الأدب، لم يرو له أحد من أصحاب الكتب الستّة، ولم أعرف فيه جرحاً ولا تعديلاً، ثم وجدت ابن حبان قد ذكره في كتاب الثقات (ص١٠٧) وقال: يروى عن أنسؓ روى عنه محمد بن ربيعة. انتهىٰ. وقال ابن حجر في التقريب: مقبول.

وهذاالحديث ليس فيه تصريح باسم الرجل، ويحتمل مع ذلك أن تكون قصة أخرىٰ.

ولم أجد في جميع الأدب المفرد غير هذه الرواية إلا أن يكون البصر قد زاغ.

وهذا الحديث قد أخرجه ابن أبي شيبة (ص ٤١٢ / ١) وأحمد (ص ١٠١ / ٣) ومسلم (ص

۱۶۳/۱) وأبو عوانة (۲/۳۳) من طريق عبد العزيز بن صهيب عن أنسؓ، وأحمد (ص ۲۶۸/۳ وص ۱۶۰/۳) ومسلم (ص ۱۶۳/۱) من طريق حماد بن سلمة عن ثابت كلاهما عن أنسؓ، وأخرجه أحمد (۲۳۹/۳) من طريق عمارة بن زاذان عن ثابت عن أنسؓ، ومن طريق الزهرى (۱۶۱/۳) عن ثابت عن أنسؓ، ومن طريق يحيىٰ عن حميد عن أنسؓ (ص ۱۱۴/۳)، ومن طريق عبد الواحد عن حميد عن أنسؓ (ص ۲۰۵/۳)، ولم يقع فى واحد من هذه الطرق تسمية هذا الرجل السائل.

نعم! وقع تعيين الصلاة فيما أخرجه أحمد (ص ۱۶۰/۳) حدثنا أبو كامل وعفان قالا: ثنا حماد عن ثابت عن أنس بن مالكؓ قال: أقيمت صلاة العشاء، قال عفان: أو أخرت ذات ليلة فقام رجل فقال: يا رسول الله! إن لى إليك حاجة، فقام معه يناجيه حتى نعس القوم أوقال بعض القوم ثم صلّىٰ ولم يذكر وضوء. انتهىٰ.

وهكذا وقع تسمية الصلاة بالعشاء عند مسلم من طريق حبان عن حماد به.

والحديث أخرجه البخارى كما تقدّم فى ثلاثة مواضع، فى موضعين من الصلاة من طريق عبد العزيز بن صهيب عن أنسؓ، ومن طريق حميد عن ثابت عن أنسؓ، وفى الاستيذان من طريق عبد العزيز بن صهيب عن أنسؓ. والله أعلم.

شق صدر کتنی مرتبہ ہوا اس کی توضیح وتفصیل

جواب (۱):

شق صدر نبوی ﷺ کے سلسلے میں مختلف روایات مروی ہیں۔

شق صدری فی سن الصبا

سب سے اول تو بچپن میں ہوا، قال مسلم (ص ۹۲/۱) حدثنا شيبان بن فروخ قال: ثنا حماد بن سلمة قال: ثنا ثابت البنانى عن أنس بن مالكؓ أن رسول الله ﷺ أتاه جبريل وهو يلعب مع الغلمان فأخذه فصرعه فشقّ عن قلبه فاستخرج منه علقةً فقال: هذا حظّ الشيطان منك، ثم غسله فى طست من ذهب بماء زمزم ثم لأمه ثم أعاده فى مكانه، وجاء الغلمان يسعون إلى أمه يعنى ظئره، فقالوا: إن محمداً قد قتل، فاستقبلوه وهو منتقع اللون، قال أنسؓ: وكنت أرى أثر المخيط فى

صدره. وأخرجه الإمام أحمد فی مسنده.

وأخرج الإمام الدارمی (ص٦ و٨/ ١) قال: أخبرنا نعیم بن حماد ثنا بقیة عن بحیر عن خالد بن معدان قال: ثنا عبد الرحمن بن عمرو السلمی عن عتبة بن عبد السلمی أنه حدثهم وکان من أصحاب رسول اللهﷺ أن رسول الله ﷺ قال له رجل: کیف کان أوّل شأنک یا رسول الله ؟ قال کانت حاضنتی فی بنی سعد بن بکر، فانطلقت أنا وابن لها فی بهم لنا و لم نأخذ معنا زاداً، فقلت: یا أخی ! اذهب فأتنا بزاد من عند أمّنا، فانطلق أخی ومکثت عند البهم، فأقبل طائران أبیضان کأنهما نسران فقال أحدهما لصاحبه: هو هو؟ قال الآخر: نعم، فأقبلا یبتدرانی فأخذانی فبطحانی للقفا فشقّابطنی ثم استخرجا قلبی فشقّاه فأخرجا منه علقتین سوداوین، فقال أحدهما لصاحبه : ائتنی بماء ثلج فغسل به جوفی، ثم قال ائتنی بماء برد فغسل به قلبی، ثم قال ائتنی بالسکینة فذرّه فی قلبی، ثم قال أحدهما لصاحبه: حِصْه، فحاصه وختم علیه بخاتم النبوة، ثم قال أحدهما لصاحبه: اجعله فی کفّة واجعل ألفاً عن أمّته فی کفّة، قال رسول الله ﷺ فإذا أنا أنظر إلی الألف فوقی أشفق أن یخرّ بعضهم، فقال: لو أن أمّة وزنت به لمال بهم، ثم انطلقا وترکانی، قال رسول الله ﷺ وفرقتُ فرقاً شدیداً، ثم انطلقتُ إلی أمی فأخبرتُها بالذی لقیتهُ، فأشفقتْ علیّ أن یکون قد ألبس بی، فقالت: أعیذک بالله، فرحلتُ بعیراً لها فجعلتنی علی الرحل ورکبتُ خلفی حتی بلغنا إلی أمّی، فقالت: أدّیت أمانتی وذمّتی وحدثتها بالذی لقیتُ، فلم یرُعها ذالک وقالت: إنی رأیت خرج منی یعنی نوراً أضاء ت منه قصور الشام.

وهذا الحدیث أخرجه الإمام أحمد (ص ۱۸۴ /۴) والحاکم (ص٦٠٦ /٢) وأبو نعیم من حدیث بقیة بن الولید.

وهکذا رواه عبد الله بن المبارک وغیره عن بقیة بن الولید به کما ذکره الحافظ ابن کثیر (ص ٢٧٦/٢) فی تاریخه، وقال الهیثمی فی مجمع الزوائد (ص٢٢٢/٨): إسناد أحمد حسن، قلت: وبإسناد أحمد وهو بقیة رواه الباقون.

وذکر الحافظ السیوطی فی الخصائص (ص ٦٤/ ١) أنه رواه أیضاً الطبرانی والبیهقی والحاکم وصحّحه علی شرط مسلم وأقرّه الذهبی لأنّ مدار إسنادهم هو بقیة بن الولید وهو مدلّس، ولکنه

صرّح بالحديث عند البيهقي في الدلائل (ص ۲۹۴) وأحمد بن حنبل في مسنده (ص ۱۸۴/۴) والحاكم في مستدركه (ص ۶۱۶/۲).

قوله فحِصْه فحاصه معناه فخِطْه فخاطه كما وقع في رواية أبي نعيم.

وقال ابن إسحٰق: حدثني ثور بن يزيد عن بعض أهل العلم ولا أحسبه إلا عن خالد بن معدان الكلاعي أن نفراً من أصحاب رسو ل الله ﷺ قالوا له: يا رسول الله ! أخبرنا عن نفسك؟ قال: نعم، أنا دعوة أبي إبراهيم وبشرىٰ عيسىٰ، ورأت أمي حين حملت بي منها نوراً أضاء لها قصورا لشام، واستُرضِعتُ في بني سعد بن بكر، فبينا أنا مع أخٍ لي خلف بيوتا نرعىٰ بهماً لنا، إذ أتاني رجلان عليهما ثياب بيض بطست من ذهب مملوء ة ثلجاً، فأخذاني فشقّا بطني واستخرجا قلبي فاستخرجا منه علقة سوداء فطرحاها، ثم غسلا قلبي وبطني بذلك الثلج حتى أنقياه، قال: ثم قال أحدهما لصاحبه: زنه بعشرة من أمّته، فوزنني بهم فوزنتهم، ثم قال: زنه بمائة من أمته، فوزنني بهم فوزنتهم، ثم قال: زنه بألف من أمته، فوزنني بهم فوزنتهم، فقال: دعه عنك فوالله لو وزنته بأمته لوزنها.

هكذا أنا رأيت هذا الحديث في سيرة ابن إسحٰق برواية ابن هشام (۸۹/۱)، ونقله الحافظ ابن كثير (۲۷۵/۲) أيضاً عن ابن إسحٰق ولكنه ذكر الإسنا د هكذا، وقال ابن إسحٰق: حدثني ثور بن يزيد عن خالد بن معدان عن أصحاب رسول الله ﷺ أنهم قالوا له: أخبِرنا. الحديث.

والفرق بينهما بوجهين، الأول: الشك في شيخ ثور بن يزيد في رواية ابن هشام بخلاف ما ذكره ابن كثير. والثاني: الظاهر عما في ابن هشام الإرسال في الإسناد، فإنه قال: أن نفراً الخ. والظاهر عما في تاريخ ابن كثير الا تصال، فإنه ذكره بلفظ عن أصحاب رسول الله ﷺ، ولذا قال ابن كثير، وهذا إسناد جيّد قويّ.

وما وقع في رواية عتبة بن عبد السلمي كأنهما نسران، وفي رواية خالد بن معدان رجلان، لاتخالف بينهما، فلعلهما كانا على صورة طيرين إلا أنه عبّر عنهما برجلين لكونهما فعلا فعل الإنسان، أوكانا على صورة إنسانين لكن كان فيهما بعض صفات الطيور من الجناح وغيره. والله أعلم.

وقد أخرج ابن إسحٰق قصّة إتیان حلیمة السعدیةؓ ثم رجوعها بالنبی ﷺ وهو رضیع، وفیه أیضاً قصّة شقّ صدره ﷺ وهو صغیر. قال ابن اسحٰق: وحدثنی جهم بن أبی جهم مولی الحارث بن الحاطب الجمحی عن عبد الله بن جعفر بن أبی طالبؓ أو عمّن حدّثه عنه، قال: کانت حلیمة بنت أبی ذویب السعدیةؓ أمّ رسول الله ﷺ التی أرضعته تحدّث أنها خرجت من بلدها مع زوجها وابن لها ترضعه فی نسوة من بنی سعد بن بکر تلتمس الرضعاء، قالت: وهی فی سنة شهباء لم تبق لنا شیئاً. فخرجتُ علی أتان لی قمراء معنا شارف لنا، والله ما تبضّ بقطرة ومانام لیلنا أجمع من صبینا الذی معنا من بکائه من الجوع، ما فی ثدیی ما یغنیه وما فی شارفنا ما یغذیه، ولکنا کنا نرجو الغیث والفرج، فخرجت علیٰ أتانی تلک فلقد أذمت بالرکب حتیٰ شقّ ذلک علیهم ضعفاً وعجفاً حتیٰ قدمنا مکة نلتمس الرضعاء، فما منا امرأة إلا وقد عرض علیها رسول الله ﷺ فتأباه إذا قیل له: أنه یتیم، وذلک أنا إنما کنا نرجو المعروف من أبی الصبی فکنا نقول "یتیم، وما عسی أن تصنع أمّه وجدّه" فکنا نکرهه، فما بقیت امرأة قدمت معی إلا أخذت رضیعاً غیری، فلما أجمعنا الانطلاق قلت لصاحبی: والله إنی لأکره أن أرجع من بین صواحبی ولم آخذ رضیعاً، والله لأذهبنّ إلی ذلک الیتیم فلآخذنّه، قال: لا علیک أن تفعلی، عسی الله أن یجعل لنا فیه برکةً، قالت: فذهبت إلیه فأخذته، وماحملنی علی أخذه إلا أنی لم أجد غیره، قالت: فلما أخذته رجعت به إلی رحلی، فلما وضعته فی حجری أقبل علیه ثدیای بما شاء من لبن فشربه حتی روی وشرب معه أخوه حتی روی ثم ناما وما کنا ننام قبل ذلک، وقام زوجی إلی شارفنا تلک فإذا إنها لحافل، فحلب منها ماشرب وشربت معه حتی انتهینا ریّاً وشبعاً فبتنا بخیر لیلةٍ، قالت: یقول صاحبی حین أصبحنا: تعلمی والله یا حلیمة! لقد أخذتِ نسمةً مبارکةً، قالت: والله إنی أرجو ذلک، قالت: ثم خرجنا ورکبت أتانی وحملته علیها معی، فوالله لقطعت بالرکب ما یقدر علیها شئ من حمرهم حتی أن صواحبی لیقلن لی: یاابنة أبی ذویب! ویحک اربعی علینا، ألیست هذه أتانک التی کنت خرجت علیها؟ فأقول لهن: بلیٰ! والله إنها لهی هی، فیقلن: والله إن لها لشأناً. ثم قد منامنازلنا من بلاد بنی سعد، وما أعلم أرضاً من أرض الله أجدب منها، فکانت غنمی تروح علیّ حین قدمنا به معنا شباعاً لبناً، فنحلب ونشرب ومایحل إنسان قطرة لبن ولایجدها فی ضرع، حتی قال الحاضرون من قومنا:

يقولون لرعيانهم : ويلكم ! اسرحوا حين يسرح راعي بنت أبي ذويب، فتروح أغنامهم جياعاً ماتبضّ بقطرة لبن وتروح غنمي شباعاً لبناً، فلم نزل نتعرّف من الله الزيادة والخير حتى مضت سنتاه وفصلته، وكان يشبّ شباباً لا يشبّه الغلمان، فلم يبلغ سنتيه حتى كان غلاماً جفراً، قالت: فقدمنا به على أمّه ونحن أحرص شئ على مكثه لما كنا نرى من بركته، فكلّمنا أمه وقلت لها : لو تركت ابني حتى يغلظ فإني أخشىٰ عليه وباء مكة، قالت: فلم نزل بها حتى ردّته معنا، قالت: فرجعنا به، فوالله إنه بعد مقدمنا بأشهر مع أخيه لفي بهم لنا خلف بيوتنا إذ أتانا أخوه يشتدّ، فقال لي ولأبيه : ذالك أخي القرشي قد أخذه رجلان عليهما ثياب بيض فاضجعاه فشقّا بطنه فهما يسوطانه، قالت: فخرجت أنا وأبوه فوجدناه قائما منتقعا وجهه، قالت: فالتزمته ولزمه أبوه، فقلنا له: مالك؟ يابنيّ! قال: جاء ني رجلان عليهما ثياب بيض فاضجعاني وشقّا بطني فالتمسا شيئاً لا أدري ما هو، قالت: فرجعنا إلى خبائنا وقال لي أبوه: يا حليمة ! لقد خشيت أن يكون هذا الغلام قد أصيب فالحقيه بأهله قبل أن يظهر ذالك به، قالت: فاحتملناه فقدمنا به على أمه، فقالت: ما أقدمك به يا ظئر؟ وقد كنت حريصةً عليه وعلى مكثه عندك ! قالت: فقلت: نعم ! قد بلغ الله بابني وقضيت الذي عليّ وتخوّفت الأحداث عليه فأدّيته عليك كما تحبّين، قالت: ما هذا شأنك فاصدقيني خبرك، قالت: فلم تدعني حتى أخبرتها، قالت: أفتخوّفت عليه الشيطان؟ قالت: فقلت: نعم، قالت: كلاّ ! والله ما للشيطان عليه من سبيلٍ و إن لبنيّ لشأناً، أفلا أخبرك خبره ؟ قالت : بلىٰ ! قالت: رأيت حين حملت به أنه خرج مني نور أضاء لي به قصور بصرىٰ من أرض الشام، ثم حملت به فوالله مارأيت كان أخف ولا أيسر منه، ووقع حين ولدته وإنه لواضع يديه بالأرض رافع رأسه إلى السماء، دعيه عنك وانطلقي راشدة.

قال الحافظ ابن كثير (ص۲۷۵/۲): هذا الحديث قد روى من طرق آخر، وهو من الأحاديث المشهورة المتداولة بين أهل السير والمغازي.

قلت: أخرجه أبو نعيم في دلائل النبوة (ص۴۷) عن محمد بن إسحاق بإسناده مختصراً.

ورواه أبو يعلىٰ والطبراني بنحوه ورجالهما ثقات كما قاله الحافظ نورالدين الهيثمي (ص۲۲۱/۸)، وقال السيوطي (ص۵۴/۱): أخرجه إسحٰق بن راهويه وأبو يعلىٰ والطبراني

والبيهقي وأبو نعيم وابن عساكر من طريق عبد الله بن جعفر بن أبي طالبؓ قال: حدثت عن حليمة بنت الحارثؓ أم رسول الله ﷺ التي أرضعته، قالت: قدمت مكة في نسوةٍ من بني سعد بن بكر نلتمس الرضعاء. الحديث.

والقصّة أخرجها الواقدي بنحوه وفيها قصة شقّ صدره ﷺ من طريق عبد الصمد بن محمد السعدي عن أبيه عن جدّه عن بعض ماكان يرعى غنم حليمةؓ، وفي آخر القصّة قال ابن عباسؓ: رجع إلى أمّه وهو ابن خمس سنين، وكان غيره يقول: ردّ إلى أمه وهو ابن أربع سنين، وكان معها إلى أن بلغ ستّ سنين. كذا في دلائل أبي نعيم (ص ۴۹).

ان سب روایات میں حضور اقدس ﷺ کا شقِ صدر زمانۂ طفولیت میں جبکہ حضور ﷺ حضرت حلیمہ السعدیہؓ کے یہاں بغرض رضاعت تھے صاف مصرح ہے۔

بعض حضرات نے اس کے علاوہ شق صدر ہونا تسلیم نہیں کیا ہے، لیکن جیسا کہ آگے آرہا ہے کہ شق صدر شریف اس کے علاوہ بھی ثابت ہے، چنانچہ متعدد روایات میں شق صدرِ نبوی شریف واقعۂ معراج کے وقت بھی صحاح ومسانید میں وارد ہے۔

شق صدر عند المعراج

فأخرج البخاري (ص ۵۰) ومسلم (ص ۹۲) من طريق يونس عن الزهري عن أنس بن مالكؓ قال: كان أبو ذرؓ يحدث أن رسول الله ﷺ قال: فرّج سقف بيتي وأنا بمكة، فنزل جبرئيل عليه السلام ففرّج صدري ثم غسله بماء زمزم ثم جاء بطست مملوء ة من ذهب ممتلئ حكمةً و إيماناً فأفرغه في صدري ثم أطبقه ثم أخذ بيدي فعرج بي إلى السماء فذكر حديث المعراج.

وأخرج أحمد (ص۲۰۷/۴) و البخاري (ص۵۴۸) ومسلم (ص۹۳/۱) والنسائي (ص۷۶/۱) من طريق قتادة عن أنس بن مالكؓ عن مالك بن صعصعةؓ أن النبي ﷺ قال: بينما أنا عند البيت بين النائم واليقظان إذ أقبل أحد الثلاثة بين الرجلين فأتيت بطستٍ من ذهب ملأه حكمةً وإيماناً فشقّ من النّحر إلى مراق البطن فغسل القلب بماء زمزم، ثم ملئ حكمةً وإيماناً، ثم أتيت بدابّةٍ دون البغل وفوق الحمار، ثم انطلقت مع جبرئيل عليه السلام حتى أتينا السماء الدنيا فذكر حديث المعراج.

وقد أخرجه الترمذي (ص۱۰۷/۲) مختصراً وانتهت روايته على قوله حكمةً وإيماناً، وقال: في

الحديث قصّة طويلة، أشار إلى باقى القصّة المتعلقة بالمعراج والإسراء.

وقوله: إذ أقبل أحد الثلاثة بين الرجلين، هكذا فى المسند والنسائى، والظاهر منه أنه أتى النبى ﷺ ثلاثة من الملائكة فى صورة الرجال، فأقبل أحدهم حال كونه بين الرجلين أى ملكين فى صورة الرجلين. ولفظ مسلم بينا أنا عند البيت بين النائم واليقظان إذ سمعت قائلاً يقول: أحد الثلاثة بين الرجلين. وهذا صريح فى أن النبى ﷺ كان بين رجلين.

والذى يظهر لى أن هذا السياق هوالصواب، ولفظ البخارى فى بدء الخلق (ص۴۵۵) بينا أنا عند البيت بين النائم واليقظان فذكر رجلاً بين الرجلين. وهذا اللفظ مختصر يحتمل معنى لفظى أحمد ومسلم.

وقد شرحه الكرمانى وصاحب الخير الجارى موافقاً لما فى المسند والنسائى فقالا (كما فى حاشية البخارى): أى ذكر النبى ﷺ ثلاث رجال وهم الملائكة تصوّروا بصورة الإنس.

وأما الحافظ ابن حجر فحملها على رواية مسلم قال (ص۱۵۶ ۷/): وهو أى لفظ البخارى مختصر، وقد أوضحته رواية مسلم من طريق سعيد عن قتادة إذ سمعت قائلاً يقول: أحد الثلاثة بين الرجلين فأتيت فانطلق به. قال الحافظ: والمراد بالرجلين حمزةؓ وجعفرؓ فإن النبى ﷺ كان نائماً بينهما. انتهىٰ.

ويحتمل الجمع بأن يكون الذين أتوه ثلاثة، والحال أنه ﷺ كان بين رجلين.

وأوّل العلامة السندى حديث النسائى إلى ما يفيده حديث مسلم.

قال السندى (ص۷۶ ۱/): إذ أقبل أحد الثلاثة ظاهر النسخة إذ بلا ألف وأن الألف التالية متعلقة بما بعده وهو من الإقبال، والمعنى أنه جاء ثلاثة فأقبل منهم واحد إليه، بين رجلين حال من مقدّر أى أقبل إلىّ واحد من الثلاثة والحال أنى كنت بين رجلين، قالوا: هما حمزةؓ وجعفرؓ، ويحتمل أن يقوأ إذا، قيل على أن الألف جزء من إذا، وقيل من القول أى سمعت قائلاً يقول فى شأنى هو أحد الثلاثة بين الرجلين أى هو أوسطهم، ولا منافاة بين الروايتين، فالوجهان فى كلام المصنف صحيحان لفظاً ومعنىً. انتهىٰ.

والحديث أخرجه أحمد (ص۲۰۸ ۴/) من طريق همام بن يحيىٰ عن قتادة عن أنس بن مالكؓ

عن مالک بن صعصعةؓ أن النبی ﷺ حدّثهم عن لیلة أسری به، قال: بینا أنا فی الحطیم، وربما قال قتادة: فی الحجر مضطجع، إذ أتانی آتٍ فجعل یقول لصاحبه : الأوسط بین الثلاثة، قال: فأتانی فقدّ وسمعت قتادة یقول: فشقّ مابین هذهإلی هذه، قال قتادة: فقلت للجارود وهو إلی جنبی: ما یعنی ؟ قال: من ثغرة نحره إلی شعرته، قال: فاستخرج قلبی فأتیت بطست مملوء ة إیماناً وحکمةً فغسل قلبی ثم حشی ثم أعید ثم أتیت بدابّة دون البغل. الحدیث.

وأخرجه البخاری ولم یذکر قوله یقول لصاحبه الأوسط بین الثلاثة قال فأتانی. انتهیٰ.

وقد ثبت شقّ الصدر الشریف فی حدیث أبی هریرةؓ أخرجه ابن جریر من طریق أبی جعفر الرازی عن الربیع بن أنس عن أبی العالیة الریاحی عن أبی هریرةؓ أو غیره، شکّ أبو جعفر، ثم رواه من وجه آخر عن أبی جعفر الرازی عن الربیع بن أنس عن أبی العالیة أو غیره شکّ أبو جعفر عن أبی هریرةؓ عن النبیﷺ۔

وهذا الحدیث قد رواه ابن أبی حاتم والحاکم والبیهقی من هذا الوجه، وأبوجعفر الرازی صدوق بهم کثیراً.

وقد ورد الشقّ فی الإسراء من روایة أنس بن مالکؓ عن أبیّ بن کعب الأنصاریؓ، أخرجه عبد الله بن الإمام أحمد فی زیادات المسند (ص۱۴۳/۵) حدثنا محمد بن إسحٰق بن محمد المسیّبی ثنا أنس بن عیاض عن یونس بن یزید قال: قال ابن شهاب: قال أنس بن مالکؓ: کان أبیّ بن کعبؓ یحدث أن رسول الله ﷺ قال: فُرّح سقف بیتی وأنا بمکة، فنزل جبرئیل علیه السلام ففرّح صدری ثم غسله من ماء زمزم ثم جاء بطست من ذهب ممتلئ حکمةً وإیماناً فأفرغها فی صدری ثم أطبقه ثم أخذ بیدی فعرج بی إلی السماء. فذکر الحدیث بطوله مثل سیاق أبی ذرؓ فی الصحیحین سواء بسواء.

وظنّی أن هذا السند وقع فیه خطأ، فکان أبو ذر وسقط ذر، فصار أبی، فتصرف فیه الرواة.

وقد تأوّل نحو ذلک الإمام أبو عبد الرحمٰن النسائی فی حدیث آخر،فإنه أخرج (ص۳۲۹/۱ و ص۲۲۹/۱) أولاً حدیث أبی ذرؓ من طریق موسی بن طلحة عن ابن الحوتکیة عن أبی ذرؓ عن النبی ﷺ أمر رجلاً بصیام ثلاث عشرة وأربع عشرة وخمس عشرة. ثم أخرج من وجه آخر عن موسی

بن طلحة عن ابن الحوتكية قال: قال أبى: جاء أعرابى إلى رسول الله ﷺ ومعه أرنب قد شوّاها وخبز فوضعها بين يدى النبى ﷺ ثم قال: إنى قد وجدتها تدمى، فقال رسول الله ﷺ لأصحابه لا يضرّ، كلوا، وقال للأعرابى: كل! قال: إنى صائم، ثم قال: صوم ماذا ؟ قال: صوم ثلاثة أيام من الشهر، قال: إن كنت صائماً فعليك بالغرّالبيض ثلاث عشرة وأربع عشرة وخمس عشرة. قال النسائى: الصواب عن أبى ذرؓ، ويشبه أن يكون وقع من الكتاب ذر فقيل أبى. انتهىٰ.

والله أعلم بحقيقة الأمر.

وقد أظهر الحافظ ابن كثير فى تفسيره (ص ۱۰ / ۳) التردد أيضاً فى هذه الرواية، فإنه قال: هكذا رواه عبد الله بن أحمد فى مسند أبيه وليس هو فى شئى من الكتب الستّة، وقد تقدّم فى الصحيحين عن طريق يونس عن الزهرى عن أنسؓ عن أبى ذرؓ مثل هذا السياق. والله أعلم.

قلت : ويحتمل أن يكون سمع أنسؓ من أبىّ بن كعبؓ كما سمع من أبى ذرؓ واتّحد سياقهما، لأنهما لعلهما سمعاه من النبى ﷺ فى وقت واحد، وأنسؓ قد يروى هذا الحديث بنفسه وقد يروى بواسطة غيره.

قال الحاكم أبو عبد الله فى المستدرک (ص ۱ / ۸۱): وليعلم طالب هذا العلم أن حديث المعراج قد سمع أنسؓ بعضه من النبى ﷺ وبعضه من أبى ذرّ الغفارىؓ وبعضه من مالک بن صعصعةؓ وبعضه من أبى هريرةؓ. انتهىٰ.

وقد وقع شق الصدر الشريف فى حديث أنسؓ نفسه عند البخارى فى التوحيد (ص ۱۱۲۰) من طريق شريک ابن أبى نمر عن أنس بن مالکؓ وأشار إليه مسلم أيضاً.

ان سب روایات میں شق صدر نبوی شریف ﷺ کا واقعہ اسراء ومعراج کے اندر ہونا مصرح ہے۔

بعض حضرات نے دعوی کیا ہے کہ شق صدر صرف بزمانہ طفولیت پیش آیا ہے، معراج کے واقعہ میں اسکا ذکر بعض رواۃ کی تخلیط ہے۔

قال القاضى عياض فى الشفاء (بعد ما ذكر حديث المعراج من طريق ثابت عن أنسؓ الذى أخرجه مسلم وأشرت إليه فيما تقدّم): جوّد ثابت هذاالحديث عن أنس رضى الله تعالى عنه ماشاء وخلط فيه غيره، لا سيما من رواية شريک ابن أبى نمر، فقد ذكر فى أول مجيئه الملک له وشقّ

صدره وغسله بماء زمزم وهذا إنما كان وهو صبى وقبل الوحى. انتهىٰ. وقد سبقه إلى إنكار ذلك أبو محمد بن حزم الظاهرى معلّلاً بهذه العلة.

لیکن سابق تفصیلات سے معلوم ہو چکا کہ تنہا شریک ہی شق صدر نہیں نقل کر رہے ہیں، بلکہ ایک جماعت ان کے ساتھ ہے، اور عقلاً بھی کوئی مانع نہیں، بلکہ بوقت اسراء بھی ہونا عین مقتضائے حکمت ہے جیسا کہ حکم کے بیان میں اس پر کلام آرہا ہے، علماء نے قدیماً وحدیثاً قاضی عیاض کے انکار پر انکار کیا ہے۔

ابوالقاسم سہیلی الروض الانف میں فرماتے ہیں (ص۱۱۰/۱): وذكر بعض من ألّف فى شرح الحديث أنه تعارض فى الروايتين وجعل يأخذ فى ترجيح الرواة تغليط بعضهم، وليس الأمر كذلك، بل كان هذا التقديس والتطهير مرّتين، الأولىٰ فى حال الطفولية لينقىٰ قلبه من مغمز الشيطان وليطهّر ويقدّس عن كل خلق ذميم حتّىٰ لا يتلبّس بشئ مما يعاب على الرجال حتى لايكون فى قلبه شئ إلاالتوحيد، ولذلك قال أى فى رواية أبى ذرؓ الذى رواه ابن أبى الدنيا : فولّيا عنى يعنى الملكين وكأنّى أعاين الأمر. والثانية فى حال الاكتهال بعد ما نبّى، وعند ما أراد الله أن يرفعه إلى الحضرة المقدّسة التى لا يصعدإليها إلامقدّس، وعرج به هناك لتفرض عليه الصلاة وليصلّى بملائكة السمٰوٰت ومن شأن الصلاة الطهورفقدّس ظاهراً و باطناً وغسل بماء زمزم ، وفى المرّة الأولىٰ بالثلج لما يشعرالثلج من ثلج اليقين وبرده على الفؤاد، وكذلك هناك حصل له اليقين بالأمر الذى يراد به وبوحدانية ربه. وأما فى الثانية فقدكان موقناً منبّأفإنما طهّر لمعنى آخر وهوماذكرنا من وصول حضرة القدس والصلاة فيها ولقاء الملك القدّوس، فغسله روح القدس بماء زمزم التى هى هزمة روح القدس وهمزة عقبه لأبيه إسماعيل عليه الصلاة والسلام. انتهىٰ.

وقال الحافظ العراقى: وقد أنكر وقوع الشقّ ليلة ا لإسراء ابن حزم والقاضى عياض، وادّعيا أنه تخليط من شريك، وليس كذلك، فقد ثبت من غير طريق شريك فى الصحيحين.

وقال القرطبى: لا يلتفت لإنكاره لأنه رواية ثقات مشاهير. كذافى شرح الشفاء لعلى القارى(ص ۲۸۱/۲علىٰ هامش النسيم) والزرقانى فى شرح المواهب (ص۲۳/۶). وهكذا أنكر على القاضى عياض غير واحد، منهم الحافظ ابن حجر وسيأتى كلامه، والحافظ برهان الدين الحلبى، وتبعهما القسطلانى والقاضى شهاب الدين الخفاجى والزرقانى وعلى القارى وغيرهم.

وقال البيهقي في الدلائل (ص ۱۱۹ / ۱): ويحتمل أن ذلک كان مرّتين، مرةً عند مرضعته حليمةؓ ومرةً حين كان بمكة بعد مابعث ليلة المعراج . اه.

شق صدر بعمر دس سال

ان دونوں کے علاوہ بھی شق صدر دوسرے اوقات میں بعض روایات میں وارد ہے۔

بعض روایات میں یہ ہے کہ جب عمر شریف دس سال کی تھی اس وقت شق صدر شریف واقع ہوا۔

قال الإمام أبو عبد الرحمٰن عبد الله بن الإمام أحمد في زيادات مسند أبيه (ص ۱۳۹ / ۵): حدثنا محمد بن عبدالرحيم أبويحيىٰ البزاز ثنا يونس بن محمد ثنا معاذ بن محمد بن أبيّ بن كعبؓ حدثني أبي محمد بن معاذعن معاذ عن محمد عن أبيّ بن كعبؓ أن أبا هريرةؓ كان جريّاً علىٰ أن يسأل رسول الله ﷺ أشياء لا يسأله عنها غيره، فقال: يارسول الله ! ما أوّل مارأيت من أمرالنبوة ؟ فاستوىٰ رسول الله ﷺ جالساً وقال: لقد سألت أبا هريرة ! إني لفي صحراء ابن عشر سنين وأشهر، و إذا بكلام فوق رأسي و إذا رجل يقول لرجل: أهو هو؟ قال: نعم ! فاستقبلاني بوجوه لم أرها لخلق قطّ وأرواح لم أجدها من خلق قطّ وثياب لم أرها على خلق قطّ، فأقبلا إليّ يمشيان حتّى أخذكل واحد منهما بعضدي لا أجد لأحدهما مسّاً، فقال أحدهما لصاحبه: أضجعه، فأضجعاني بلا قصر ولا هصر، وقال أحدهما لصاحبه: افلق صدره، فهوىٰ أحدهما إلى صدري ففلقها فيما أرىٰ بلادم ولاوجع، فقال له: أخرج الغلّ والحسد، فأخرج شيأً كهيئة العلقة ثم نبذها فطرحها، فقال له: أدخل الرأفة والرحمة، فإذا مثل الذي أخرج يشبه الفضة، ثم هزّ إبهام رجلي اليمنىٰ فقال: اغد واسلم، فرجعت أغدو رقةً على الصغير ورحمةً للكبير.

وهكذا أخرجه ابن حبان والحاكم وأبونعيم (ص ۱۷) وابن عساكر والضياء المقدسي في المختارة من هذا الوجه، وأشارأبو نعيم إلى إعلال ذكرالسّنّ، فقال: هذاالحديث مما تفرّدبه معاذ بن محمد وتفرّد بذكرالسّنّ الذي شقّ فيه عن قلبه، والذي رواه عبد الله بن جعفر عن حليمة السعديةؓ ورواه عبد الرحمن بن عمر عن عتبة بن عبد اتفقا علىٰ أنه كان مسترضعاً في بني سعد وقد تقدّم ذكره. انتهىٰ.

قلت: قال نورالدين الهيثمي (ص۲۲۳): رواه عبد الله بن أحمد ورجاله ثقات وثّقهم ابن حبان. انتهىٰ.

قلت: محمد بن معاذ بن محمد بن أبيّ بن كعب عن أبيه عن جدّه قال ابن المديني: لا يعرف محمد هذا ولا أبوه ولا جدّه في الرواية، وهذا إسناد مجهول، كذا في الميزان.

وقال في اللسان: وذكره ابن حبان في الثقات وكذا ذكر أباه وأما محمد بن أبيّ فله رواية وقتل يوم الحرّة. انتهىٰ.

وهذا لوثبت لكانت الحكمة على مانقل الزرقاني (ص۱۵۳) عن الشافعي أن العشر قريب من سنّ التكليف فشقّ قلبه حتى لا يتلبّس بشئ مما يعاب على الرجال. اه.

قلت: قد تقدّم نحو هذه الحكمة في كلام السهيلي في وجه شق المرّة الثانية.

شق صدر عند نزول الوحی

اس کے علاوہ چوتھی مرتبہ بھی شقِ صدرِ نبوی شریف بوقتِ نزولِ وحی بعض روایات میں وارد ہے۔

وأخرج الحارث بن أبي أسامة في مسنده ومن طريقه أبو نعيم في الدلائل (ص۶۹) قال: حدثنا داود بن المحبّر قال: حدثنا حماد عن أبي عمران الجوني عن يزيد بن بابنوس عن عائشة رضي الله عنها أن رسول الله ﷺ نذر أن يعتكف شهراً هو وخديجة بحراء فوافق ذلك شهر رمضان، فخرج النبيﷺ ذات ليلة فسمع "السلام عليك" فظننتها فجاءة الجنّ، فجئت مسرعاً حتّى دخلت على خديجة فسجّتني ثوباً وقالت: ماشأنك يا ابن عبد الله ؟ فقلت: سمعت 'السلام عليك' فظننتها فجاءة الجنّ، فقالت: أبشر يا ابن عبد الله ! فإن السلام خير، قال: ثم خرجت مرّة أخرىٰ فإذا بجبرئيل على الشمس جاج له بالمشرق وجاح له بالمغرب، قال: فهلّلت منه فجئت مسرعاً، فإذا هو بيني وبين الباب فكلّمني حتى أنست به، ثم وعدني موعداً فجئت له فأبطأ عليّ، فأردت أن أرجع فإذا أنابه وميكائيل قد سدّ الأفق، فهبط جبرئيل وبقي ميكائيل بين السماء والأرض، فأخذني جبرئيل فصلقني لحلاوة القفا، ثم شقّ عن قلبي فاستخرجه ثم استخرج منه ماشاء الله أن يستخرج، ثم غسله في طست من ذهب بماء زمزم ثم أعاده مكانه ثم لآمه ثم أكفأني كما يكفاء الأديم ثم ختم

فی ظهری حتی وجدت مسّ الخاتم فی قلبی. ثم قال: اقرأ ولم أک قرأت کتاباً قط، فلم أجد ما أقرأ، ثم قال: اقرأ، قلت: ماأقرا؟ قال: اقرأ باسم ربک الذی خلق حتی انتهی إلی خمس آیات منها. فما نسیت شیئاً بعد، ثم وزننی برجل فوزنته ثم وزننی بآخر فوزنته حتی وزننی بمائة رجل، فقال میکائیل: تبعته أمته ورب الکعبة، فجعلت لا یلقانی شجر ولا حجر إلا قال: السلام علیک یا رسول الله! حتی دخلت علی خدیجة، قالت: السلام علیک یا رسول الله! انتهیٰ.

وهذا الحدیث فیه مقال ظاهر، لأن الحارث وشیخه ضعیفان، لکن رواه الطیالسی (ص۲۱۶) عن حماد بن سلمة عن أبی عمران الجونی عن رجل عن عائشةؓ. وله شاهد من حدیث أبی ذرؓ أخرجه الدارمی (ص۶) إلی قوله من کفّة المیزان، وابن جریر الطبری فی تاریخه (ص۲۰۹/۴) والبزار فی مسنده والعقیلی فی الضعفاء، وأبو نعیم (ص۱۷ و ص۱۷۶ جدید)، وابن عساکر من طریق جعفر بن عبد الله بن عثمان بن حمید القرشی ثنا عثمان بن عروة بن الزبیر عن أبیه عن أبی ذرّ الغفاریؓ قال: قلت: یارسول الله! کیف علمت أنک نبی وبما علمت؟ حتی استیقنت، قال: أتانی آتیان وأنا ببطحاء مکة، فوقع أحدهما بالأرض وکان الآخر بین السماء والأرض. فقال أحدهما لصاحبه: أهو هو؟ قال: نعم! هو هو، قال: فزنه برجل، فوزننی برجل فرجحته، قال: زنه بعشرة، فوزننی فرجحتهم، قال: زنه بمأة، فوزننی فرجحتهم، قال: زنه بألف، فوزننی فرجحتهم، ثم جعلوا یتساقطون علیّ من کفة المیزان، ثم قال أحدهما لصاحبه: شقّ بطنه، فشقّ بطنی فأخرج منه مغمز الشیطان وعلق الدم فطرحهما. فقال أحدهما لصاحبه: اغسل بطنه غسل الإناء واغسل قلبه غسل الملاء، ثم قال أحدهما لصاحبه: خِط بطنه، فخاط بطنی وجعل الخاتم بین کتفی کما هو الآن وولّیا عنی وکأنی أری الأمر معاینةً.

وجعفر بن عبد الله بن عثمان وثقّه أحمد وابن حبان، وتکلّم فیه العقیلی فقال: فی حدیثه وهم واضطراب، وذکر هذا الحدیث فی ترجمته وقال: لامتابع علیه. وهذا الحدیث تقدّمت الإشارة إلیه فی کلام السهیلی ودلّ کلامه علی أنه حمله علی شقّ الصدر فی حال الطفولیة، بل قد صرح به قبل ذلک الکلام الذی حکیته بأسطر (ص۱۱۰).

لکن الذی یظهر لی هو الذی ذکرته من أنه یحمل علی شق الصدر عند البعث. وهو الذی مشیٰ

علیه الهیثمی فی مجمع الزوائد (ص۸/۲۵۵) فإنه ترجمه علیه ماجاء فی بعثته ﷺ ونزول الوحی. وکذالک مال إلیه قبله أبو نعیم فی دلائل النبوة فإنه ترجم بذکر بدء الوحی وکیفیة ترأی الملک وإلقائه الوحی إلیه وتقریره عنده أنه یأتیه من عند الله وماکان شقّ صدره ﷺ، ثم أخرج فیه حدیثی عائشةؓ وأبی ذرؓ هذین. والله أعلم.

ولکن مع هذا یحتمل کلامه العموم، فانه قد ذکر فیه حدیث أنسؓ فی شقّ صدره ﷺ فی صباه. وقد ورد فی أحادیث مرسلة شق الصدر الشریف عند البعث، فأخرج البیهقی وأبو نعیم من طریق موسی بن عقبة عن ابن شهاب قال: بلغنا أول ما رأی ﷺ أن الله أراه رؤیاً فی المنام، فشقّ ذالک علیه فذکرها لخدیجةؓ، فقالت: أبشر! فإن الله لن یصنع بک إلا خیراً. ثم إنه خرج من عندها ثم رجع إلیها فأخبرها أنه رأی بطنه شقّ ثم طهر وغسل ثم أعید کما کان. قالت: هذا والله خیر فأبشر. ثم استعلن له جبرئیل وهو بأعلی مکة فأجلسه علی مجلس کریم معجب، کان النبی ﷺ یقول أجلسنی علی بساط کهیئة الدرنوک فیه الیاقوت واللؤلؤ، فبشّره برسالة الله حتی اطمأنّ النبی ﷺ. ثم قال له: اقرأ، فقال: کیف أقرأ؟ قال: اقرأ باسم ربک الذی خلق الی قوله ما لم یعلم. فقبل رسول الله ﷺ رسالة ربه وانصرف. فجعل لا یمرّ علی شجر ولاحجر إلاسلّم علیه، فرجع مسروراً إلی أهله موقناً قد رأی أمراً عظیماً. فلما دخل علی خدیجةؓ قال أرأیتک الذی کنت أخرتک أنی رأیته فی المنام فإنه جبرئیل أرسله إلی ربّی، فأخبرها بالذی جاءه من الله وما سمع منه، فقالت: فوالله لا یفعل الله بک إلا خیراً، فأقبل الذی جاءک من الله فإنه حقّ، وأبشر فإنک رسول الله. ثم انطلقت حتی أتت غلاماً لعتبة بن ربیعة بن عبد شمس نصرانیاً من أهل نینوا یقال له عداس، فقالت له: یا عداس! أذکرک بالله إلا ما أخبرتنی، هل عندکم علم من جبریل؟ فقال عداس: قدّوس قدّوس، ما شأن جبرئیل یذکر بهذه الأرض؟ أهلها أهل الأوثان، فقالت: أخبرنی بعلمک فیه، قال: فإنه أمین الله بینه وبین النبیینؑ، وهو صاحب موسیٰؑ وعیسیٰؑ. فرجعت خدیجة من عنده فجاءت ورقة بن نوفل فأخبرته، فقال: لعل صاحبک النبیّ الذی ینتظر اهل الکتاب الذی یجدونه مکتوباً عندهم فی التوراة والإنجیل، ثم أقسم لئن ظهر دعاءه وأنا حیّ لأبلینّ الله فی طاعة رسوله وحسن موازرته، فمات ورقة.

لیکن اس روایت سے شق صدر کا بحالت خواب ہونا معلوم ہوتا ہے، مگر یہ چیز قابل اشکال نہیں، اسلئے کہ ممکن ہے کہ اولاً خواب میں یہ صورت دکھلائی گئی ہو اور پھر بیداری میں یہی معاملہ پیش آیا ہو جیسا کہ روایت سابقہ سے معلوم ہوتا ہے۔

قال السيوطى فى كفاية اللبيب (ص ۹۴/۱): قال البيهقى: وماذكر فيه من شقّ بطنه يحتمل أن يكون حكاية منه لما صنع به فى صباه، ويحتمل أن يكون شقّ مرّة أخرىٰ ثم مرّة ثالثة حين عرج به إلى السماء. انتهىٰ.

قال السيوطى (ص ۶۵/۱): والتحقيق فى الجمع بينهما الحمل على التعدد ووقوع ذلك ثلاث مرّات. وممن صرّح بوقوعه مرّتين السهيلى وابن دحية وابن المنير. وممن صرّح بالثلاث أى المذكور البيهقى وابن حجر، وأبدى لذلك معنى لطيفاً وهو المبالغة فى الإسباغ والتطهير بالتثليث كما هو فى شرعه ﷺ فى الطهارة، واختصّت الأوقات الثلاثة بذلك لينشأ من الطفولية على أكمل الأحوال من العصمة من الشيطان، وليتلقّىٰ عند البعث ما يوحىٰ إليه بقلب قوى وليتأهّب عند الإسراء للمناجاة، انتهى.

اور جو شق صدر بعمر دہ سالگی وارد ہوا ہے، اگر ثابت ہو جائے تو اس کی حکمت بھی ظاہر ہے کہ یہ عمر بلوغ کے ابتدائی مراحل یا مقدمات کی ہوتی ہے، لہٰذا بشری مقتضیات کی بے اعتدالیوں سے تحفظ کیلئے اس عمر میں شق صدر فرما کر صفائی فرمائی گئی۔

وقال الشهاب الخفاجى فى نسيم الرياض (ص ۲۴۴/۲): إن الشقّ وقع مراراً، مرةً وهو ﷺ يلعب مع الصبيان لإزالة حظّ الشيطان معه كما مرّ، ومرةً وهو ﷺ ابن عشر سنين لإزالة الطفولية عنه، ومرةً عند البعثة ليتثبّت قلبه بالوحى، وليلة الإسراء ليقوىٰ عليه.

وزيد خامسة ضعّفها ابن حجر فى شرح البخارى، وصحّح هو والبرهان الحلبى الأربعة الأُول. انتهىٰ.

قلت: وما يظهر من التخالف بين ما نقله السيوطى عن الحافظ ابن حجر وما نقله الخفاجى عنه هو مبنى على كلامين مختلفين للحافظ ابن حجر، فإنه ذكر فى الصلاة كما ذكره الخفاجى. قال الحافظ فى الصلاة فى شرح حديث المعراج تحت قوله: ففرج صدرى (ص ۳۸۹/۱)، ورجح عياض أن شقّ الصدر كان وهو صغير عند مرضعته حليمةؓ، وتعقّبه السهيلى بأن ذلك وقع مرّتين وهو الصواب.

وقد روى الطيالسي والحارث في مسنديهما أن الشقّ وقع مرةً أخرىٰ عند مجيء جبرئيلؑ بالوحي في غار حراء، وروى الشقّ أيضا وهو ابن عشر أو نحوها في قصّته مع عبد المطلب أخرجها أبو نعيم في الدلائل، وروى مرة أخرىٰ خامسة لا تثبت. انتهىٰ.

وقال في السيرة النبوية في شرح حديث المعراج أيضاً (ص ۱۵۶/۷): وقد استنكر بعضهم وقوع شقّ الصدر في ليلة الإسراء وقال: وإنما كان ذلك وهو صغير في بني سعد، ولا إنكار في ذلك، فقد تواردت الروايات به، وثبت شقّ الصدر أيضاً عند البعثة كما أخرجه أبو نعيم في الدلائل، ولكل منها حكمة، فالأول وقع فيه من الزيادة عند مسلم في حديث أنسؓ فأخرج علقة فقال: هذا حظّ الشيطان منك، وكان هذا في زمن الطفولية فنشأ على أكمل الأحوال من التطهير، ثم وقع شقّ الصدر عند إرادة العروج إلى السماء ليتأهّب للمناجاة، ويحتمل أن تكون الحكمة في هذا الغسل لتقع المبالغة في الإسباغ بحصول المرّة الثالثة في شرعه ﷺ. انتهى.

ان ساری تفصیلات کو سامنے رکھنے کے بعد یہ بات بالکل واضح ہوجاتی ہے کہ بحالتِ طفولیت شق صدر کا ہونا جبکہ عمر شریف چار پانچ سال کے مابین تھی مسلّم ہے، البتہ بوقت اسراء شق صدر کے ابن حزم اور قاضی عیاض قائل نہیں ہیں اور شریک کا وہم قرار دیتے ہیں، مگر حقیقت یہ ہے کہ شریک تنہا اسکو نقل نہیں کرتے ہیں بلکہ دوسرے بھی اس نقل میں ان کے شریک ہیں اور ان دونوں کا ذکر صحیحین میں وارد ہے، بحالتِ طفولیت کا ذکر صحیح مسلم میں اور بوقت اسراء ومعراج کا ذکر صحیحین میں۔

اس کے بعد دومرتبہ کا اور بھی ذکر احادیث میں ملتا ہے، مگر وہ صحیحین کی روایات نہیں ہیں اور انکی اسانید بھی کلام سے خالی نہیں ہیں، ایک تو بوقت بعثت اور دوسرا بعمر دہ سالگی، اور بعثت کے وقت شق صدر کی روایت بہ نسبت دس سال والی روایت کے زیادہ قوی ہے، اور اس کے بعض مؤیدات بھی ہیں، اور دس سال والی روایت صرف ایک روایت ہے جس میں علماء نے رجال کی حیثیت سے کلام بھی کیا ہے اور امام ابونعیم اصبہانی نے اس کے معلول ہونے کی جانب اشارہ فرمایا ہے جیسا کہ اوپر معلوم ہو چکا۔

راجح یہی معلوم ہوتا ہے کہ دس سال کا ذکر بظاہر وہم ہے، اور صرف تین مرتبہ کی روایات ہی قابل اعتماد ہیں جس میں خاص طور سے بچپن اور معراج کے وقت کی روایات صحیح اور ثابت ہیں، اور اگر بعمر دہ سالگی ثابت بھی ہوجائے تو بظاہر کچھ مستبعد نہیں، اس لئے کہ انسانی زندگی میں دو گھاٹیاں ایسی ہیں کہ ان میں بتقاضائے بشریت بعض بے اعتدالیاں ہوجاتی

ہیں، ایک بچپن دوسری جوانی، بچپن میں تو لہو ولعب کھیل وتماشے کی طرف میلان ہوتا ہے اور بعض بری عادات پڑ کر آئندہ کے لئے راستہ خراب ہوتا ہے، اور جوانی میں انسان پر شہوت کا غلبہ ہوتا ہے اور بشری تقاضوں کی طرف غیر معمولی انجذاب ہوتا ہے اور بہت سی اخلاقی خرابیاں انسان میں پیدا ہو جاتی ہیں، اور جوانی کا ابتدائی مرحلہ یہی مراہقت کا زمانہ ہوتا ہے جس کی ابتدائی منزل دس سال سے شروع ہونے لگتی ہے، اسی لئے دس سال کی عمر میں ترک صلوۃ پر مارنے کا حکم ہوا۔

کما ورد فی الحدیث مروا أولادکم بالصلاۃ وھم أبناء سبع سنین واضربوھم علیھا وھم أبناء عشر سنین، رواہ أحمد (ص ۱۸۰ / ۲) وأبوداود (ص ۲۷۷ / ۱) وغیرھما وإسنادہ حسن.

لہٰذا بچپن میں مغمز شیطان سے صفائی فرمادی گئی اور پھر فطری طور پر عمر کے تقاضے سے جو طبعی رجحان جوانی کی بے اعتدالیوں کی طرف ہوتا ہے اس کا ابتداء ہی سے خاتمہ فرمادیا گیا۔

اور پھر جبکہ خلعت نبوت سے نوازنا ہوا تو ضرورت پیش آئی کہ اس کے لئے استعداد پیدا فرمائی جائے اس لئے پھر شق صدر ہوا اور صفات ملکیت سے نواز دیا گیا۔

اور پھر جبکہ اپنی حریم قدس میں بلا کر قرب خاص سے نوازنا چاہا تو پھر شق صدر فرما کر اعلیٰ درجہ کی استعداد عطا فرمائی گئی، اسلئے کہ عالم شہادت واجسام سے گذر کر عالم غیب وعالم ارواح کا سفر کرنا تھا اور اس کے لئے زیادہ سے زیادہ استعداد خاص کی ضرورت تھی تا کہ وہاں پہونچ کر شرف ہم کلامی کی دولت سے مالا مال ہوں۔

فائدہ: اگر چہ تم نے یہ نہیں پوچھا جس کو میں آئندہ لکھنا چاہتا ہوں مگر میرا خود طبعی تقاضہ ہے کہ اسے لکھدوں، اس لئے مختصراً یہ لکھتا ہوں کہ حضرت اقدس شیخ المشائخ مسند عصرہ الشاہ عبدالعزیز المحدث الدہلوی نور اللہ مرقدہ نے تفسیر عزیزی میں سورۂ الم نشرح کی تفسیر میں یہ لکھا ہے کہ

" شرح صدر کی دو صورتیں ہیں، ایک شرح صدر ظاہری جس کی تفصیل اوپر بیان ہو چکی، دوسری شرح صدر باطنی جو کنایہ ہے اس بات سے کہ حق تعالیٰ نے صدر محمدی ﷺ کو تمام کمالاتِ انسانیت وروحانیت کا مرکز بنایا ہے اور جہاں بھی کوئی فیض کسی نوع کمال کا ہوتا ہے وہ اسی مشکوٰۃِ صدر نبوی ﷺ ہی سے پہونچتا ہے۔ "

اور حضرت شاہ صاحب نے اس کو ایک مثال سے واضح فرمایا ہے کہ "صدرِ محمد ﷺ کی مثال ایک لق ودق میدان کی ہے جس میں بارہ مجالس لگی ہیں، ایک میں بادشاہ، دوسری میں حکیمِ دانا، اور تیسری میں قاضی، اور چوتھی میں مفتی، اور پانچویں میں محتسب، اور چھٹی میں قاریٔ خوش الحان، اور ساتویں میں عابد، اور آٹھویں میں ایک عارف کامل، اور نویں میں ایک واعظِ خوش بیان، اور دسویں میں ایک نبی مرسل، اور گیارہویں میں ایک مرشدِ کامل، اور بارہویں میں ایک محبوبِ نازنین

بیٹھا ہوا ہے، اور ہر ایک اپنے کام انجام دے رہا ہے، تو وہیں سے سارے عالم میں فیض جاری ہے۔ ''

حضرت شاہ عبدالعزیز صاحبؒ نے بہت تفصیل سے لکھا ہے، اس وقت جتنا مستحضر تھا لکھ دیا گیا، اگر تفسیر عزیزی میسّر آجائے تو ضرور دیکھ لیں۔

جواب (۳) :

صوفیاء کی روایت کا علماء نے اسلئے اعتبار نہیں کیا کہ یہ حضرات عبادات میں مشغول ہوکر پھر علم کی طرف پوری طور پر متوجہ نہیں ہو سکتے ہیں، اور اسی وجہ سے ان کی روایات میں اوہام وغیرہ بکثرت پائے جاتے ہیں، نیز ان کا حسنِ ظن اتنا بڑھ جاتا ہے کہ نقد وتبصرہ تو کرتے نہیں، اور ہر کہہ ومہ کی روایت بغیر تفتیش کے لیتے ہیں، اسی وجہ سے ان کی روایات میں ضعاف ومناکیر وموضوعات بکثرت موجود ہیں۔

ابو طالب مکی کی قوت القلوب اور تصانیف امام غزالی اور ابوعبدالرحمٰن سلمی وغیرہ دیکھنے سے یہ بات صاف معلوم ہوتی ہے۔

علامہ تاج الدین السبکی نے تو وہ ساری روایات یکجا جمع کردی ہیں جو امام غزالی نے احیاء العلوم میں ذکر فرمائی ہیں اور وہ کہیں ملتی ہی نہیں، اور سینکڑوں کی تعداد میں ہیں، اگرچہ بہت سی ایسی بھی روایات ہیں جو لفظاً یا معنیً موجود ہیں۔

اور بات تو یہ ہے کہ ''**لکل فنّ رجال**'' صوفیاء کا قابل احترام ہونا سر آنکھوں پر، لیکن اس سے کہاں لازم آتا ہے کہ جو فن انکا نہیں ہے اس میں بھی ان کی بات تسلیم کی جائے۔

یحییٰ القطان فرماتے ہیں : **لم نر الصالحین فی شئ أکذب منهم فی الحدیث، وفی لفظ لم نر أهل الخیر فی شئ أکذب منهم فی الحدیث.** امام مسلم (ص ۱۴) اس کی شرح فرماتے ہیں : **یجری الکذب علی لسانهم ولا یتعمّدون الکذب.** امام نووی فرماتے ہیں: **وذلک لکونهم لا یعانون صناعة أهل الحدیث فیقع الخطأ فی روایاتهم ولا یعرفونه ویروون الکذب ولایرون أنه کذب. انتهیٰ.**

لیکن جن صوفیاء نے اس فن کو بھی اپنایا ہے کسی نے بھی ان کی روایت رد نہیں فرمائی۔

مثلاً حضرت امام ابواسماعیل الانصاری الہروی المتوفی ۴۸۱ھ صاحبِ منازل السائرین صوفیہ میں بھی ہیں اور محدث بھی ہیں، ان کی تالیف ''منازل السائرین'' تصوف کی مشہور تالیف ہے، جس کی حافظ ابن القیم نے نہایت مبسوط شرح مدارج السالکین کے نام سے لکھی ہے۔

اسی طرح امام مسلم کے تلمیذ ابراھیم بن محمد بن سفیان اور ان کے تلمیذ ابواحمد الجلودی وغیرہ سارے ہی صوفیہ زاہدین میں

سے ہیں اورلوگوں نے ان کی روایات لی ہیں۔

ابوعبداللہ یونینی محدّث کبار صوفیہ میں سے ہیں، حضرت شیخ عبداللہ ابطائحی سے خرقۂ تصوف حاصل کیا جو حضرت شیخ عبد القادر الجیلانی کے لوگوں میں ہیں، اور یونینی مشہور حافظ حدیث بھی ہیں، حافظ ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں مستقل طور پر ان کا ذکر کیا ہے (ص ۴/۲۲۳)۔

اسی طرح عبدالرحمٰن بن محمد الداودی المتوفی ۴۶۷ھ مشہور صوفی ہیں، حافظ سمعانی الانساب میں فرماتے ہیں کہ: **له قدم راسخة في التصوف.** اور یہ بخاری شریف کے رواۃ میں ہیں۔

علامہ ابن دقیق العید اور ابن ہمام وغیرہما کا صوفی ہونا تو اظہر من الشمس ہے۔

اور الحمدللہ ہمارے مشائخ سلسلۂ ولی اللہی تو اکثر ہی صوفی ہیں اور پھر ساتھ ہی حدیث کے امام، **وذلک فضل الله يؤتيه من يشاء، والله أعلم.**

بندہ محمد یونس عفی عنہ

لیلۃ الاحد ۱۱ ربیع الثانی ۱۳۹۱ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

کتبِ ترغیب وترہیب کون کون سی ہیں؟

نحمده ونصلي على رسوله الكريم اما بعد

(۱) مکرم! آپ نے جن کتابوں کا ترغیب وترہیب کے باب میں نام ذکر فرمایا ہے وہی عام طور پر طبقات والے لکھتے ہیں، خصوصاً جن کا مقصد کتابوں کے متعلق کچھ تحقیق ہے، چنانچہ صاحب کشف الظنون نے اس میں سے اکثر کا تذکرہ کیا ہے، مقدمۃ اللامع میں بھی حضرت الشیخ مدظلہ العالی نے ابن زنجویہ، اصبہانی، ابوموسیٰ المدینی، بیہقی، اور منذری کی کتب کا ذکر کیا ہے، صاحب رسالہ مستطرفہ نے ابن شاہین کی تالیف کا ذکر کیا ہے، صاحب رسالہ مذکورہ نے سلیم الرازی کی ایک تصنیف الترغیب ذکر فرمائی ہے، بندہ نے بہت کوشش کی کہ کوئی اور نام معلوم ہوجائے لیکن اس نوع کی کتابوں کی قلت اور جستجو کے نقص کی وجہ سے کوئی اور نام معلوم نہ ہوسکا۔

(۲) برہان الدین الناجی کا ذکر صاحب الرسالۃ المستطرفۃ نے مختصراً کیا ہے۔

انواعِ کتب لکھتے ہوئے فرماتے ہیں: **ومنها كتب مجردة أو منتقاة من كتب الأحاديث المسندة خصوصاً أو عموماً.** اسکے بعد مختلف کتابوں کا ذکر فرمایا ہے جس میں تجرید صریح، مصابیح ومشکوۃ واحکام عبدالحق وعمدہ

لعبدالغنی ومنتقی لابی البرکات ابن تیمیہ وغیرہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں (ص ۱۸۱):

وكالترغيب والترهيب للحافظ ذكي الدين أبي محمد عبد العظيم بن عبدالقوى بن عبد الله بن سلامة بن سعد المنذرى الشامي المصرى المتوفىٰ سنة ست وخمسين وست مأة، وهي سنة فتنة التتار، وهو في مجلدين متوسطين، وقد لخصه الحافظ ابن حجر، وعليه تعليقة لبرهان الدين أبي إسحاق إبراهيم بن محمد بن محمود المحدث الشافعي الدمشقي المشهور بالناجي المتوفى سنة تسع مأة، انتهى.

اسکے بعد ایک دو اور شروح کا تذکرہ کیا ہے، **ولفظه: وشرح للفاضل الفيومي وهو في خزانة جامع القرويين بفاس، وآخر للشيخ محمد حيوة بن إبراهيم السندى الأصل والمولد المدنى الحنفى حامل لواء السنة بالمدينة المنورة المتوفى سنة ثلث وستين ومأة وألف ودفن بالبقيع وهو في مجلدين ضخيمين، انتهى.**

(۳) شیخ الاسلام عزالدین ابن عبدالسلام کے متعلق علامہ تاج الدین السبکی نے جو کچھ لکھا ہے اور علامہ منذری کی مجلس تحدیث میں شرکت قابل انکار امر نہیں ہے، اسلئے کہ ادھر حافظ منذری نے بھی فتوی دینا بند کر دیا تھا جیسا کہ خود التاج السبکی ہی نے لکھا ہے۔

میرے خیال میں یہ چیز قابل اشکال نہیں ہے اسلئے کہ حضرت حافظ منذری فن حدیث میں اپنے زمانے کے فارس المیادین ہیں۔ حافظ ذہبی فرماتے ہیں : **ماكان في زمانه أحفظ منه.** اور حضرت شیخ عزالدین بن عبدالسلام کا تفقہ اپنی نظیر آپ ہے جسکو مخالف وموالف سبھی نے تسلیم کیا ہے، لہذا اگر ابن عبدالسلام نے تحدیث اور منذری نے فتوی دینا چھوڑ دیا ہو تو کوئی استعجاب نہیں۔

(۴) حدیث کے الفاظ یہ ہیں: **إذا عظّمت أمتي الدنيا نزعت منها هيبة الإسلام، وإذا تركت الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر حرمت بركة الوحي، وإذا تسابّت أمتي سقطت من عين الله.**

أخرجه الحكيم الترمذى في نوادر الأصول (ص۷) عن أبي هريرةؓ مرفوعاً، ولكنه حديث ضعيف فإن فيه البختري ابن عبيد روى له ابن ماجه وهو ضعيف. قال الذهبي في الميزان: ضعّفه أبو حاتم، وغيره تركه. فأما أبو حاتم فأنصف فيه، وأما أبو نعيم الحافظ فقال: روى عن أبيه الموضوعات، اه.

وقال الزمخشری فی الکشاف: قال الفضیل بن عیاض : ذکر لنا أن رسول الله ﷺ قال: إذا عظّمت أمتی الدنیا نزع عنها هیبة الإسلام وإذا ترکوا الأمر بالمعروف والنهی عن المنکر حرموا برکة الوحی. قال الحافظ ابن حجر فی تخریج الکشاف (ص ٦٥) تبعاً للزیلعی فی الإسعاف: لم أجده من هذا الوجه.

قلت: قال الحافظ العراقی فی تخریج أحادیث الإحیاء (ص ٢٥٦/١): رواه ابن أبی الدنیا فی کتاب الأمر بالمعروف مفصلاً . اه.

جملۂ اولیٰ کا مطلب یہ ہے کہ دنیا دار کے دل میں اسلام کی عظمت و ہیبت باقی نہ رہے گی۔ اور برکۃ الوحی سے محرومی کا مطلب یہ ہے کہ فہم القرآن سے محروم ہو جائیں گے۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

برکۃ الوحی کا مصداق کیا ہے؟

سوال: (اوپر کی حدیث میں برکۃ الوحی کا مصداق کیا ہے؟
اس پر ایک اور سوال کے جواب میں حسب ذیل مضمون تحریر فرمایا۔)

جواب:

آپ نے تحریر فرمایا ہے کہ برکۃ الوحی کے مصادیق کیا ہیں؟ ظاہر ہے کہ جس کو شریعت کی زبان میں وحی کہا جاتا ہے اسی کی برکت مراد ہوگی، اور وہ قرآن کریم اور حدیث پاک ہے۔

وفسّره العزیزی فی شرح الجامع الصغیر (٢٣٩/١) بالقرآن فقط، وفی الإحیاء(ص٢٥٦/١) قال الفضیل: یعنی حرموا فهم القرآن. اه.

حکیم ترمذی نوادر الاصول (ص ۷) میں تحریر فرماتے ہیں: **أما قوله إذا ترکت الأمر بالمعروف والنهی عن المنکر حرمت برکة الوحی فان فی ترکهما خذلاناً للحق وجفوةً للدین، وفی خذ لان الحق ذهاب البصیرة،وفی جفاء الدین فقد النور، فیصیر القلب محجوباً عن فهم حقائق القرآن والحدیث ولطائفه وغوامضه و إن کان القاری من أعلم الناس باللغة وأبصرهم تفسیره، لأن فی خذلان الحق صار**

الصدر مظلماً والقلب محجوباً، والذی أشرق صدره بالنور فعلی قلبه تنزل ینابیع الفهم فیلتذّ بلطائف الأوامر والنواهی ویفرح بالوعد ویتحذر الوعید، انتهی.

کتبہ العبد محمد یونس عفی عنہ

بامر شیخنا الاستاذ المولیٰ محمد زکریا، شیخ الحدیث بمظاہر العلوم

۱۰ ربیع الثانی ۱۳۸۴ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

ایک حدیث میں تقسیم صدقات کی جگہ کی تعیین

عزیزم مولوی یونس سلمہ بعد سلام مسنون

ابوداود میں (ص۱۶۹/۸ بذل) عن رجلین أتیا رسول اللہ ﷺ فی حجة الوداع وهو یقسم الصدقة، الحدیث.

اگر یہ تعیین ہو سکے کہ یہ دونوں حضور ﷺ کی خدمت میں کس جگہ آئے تو حجۃ الوداع رسالہ میں جوڑ دیں، صاحبِ منہل نے اس روایت کو دار قطنی ونسائی وطحاوی کی طرف منسوب کیا ہے۔

حضرت شیخ الحدیث مولانا (محمد زکریا) صاحب مدظلہ العالی

جواب:

مخدومی وسیدی مدظلکم العالی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

هذا الحدیث أخرجه أحمد (ص۲۲۴/۵) عن وکیع وأبو داود (ص۱۶۹/۸ بذل) ومن طریقه البیهقی (ص۱۴/۷) من طریق عیسی بن یونس وأبو عبید من طریق اللیث بن سعد والدار قطنی (ص۲۱۱) من طریق ابن نمیر کلهم عن هشام بن عروة عن أبیه عن عبید الله بن عدی بن الخیار قال: أخبرنی رجلان أنهما أتیا النبی ﷺ فی حجة الوداع وهو یقسم الصدقة، فسألاه عنها، فرفع البصر وخفضه، فرآنا جلدین، فقال: إن شئتما أعطیتکما ولا حظّ فیها لغنی ولا لقوی مکتسب.

وأخرجه ابن أبی شیبة (ص۲۰۸/۳) عن عبد الرحیم وابن نمیر والنسائی (ص۳۶۳/۱) واحمد (ص۲۲۴/۴) من طریق القطان والطحاوی (ص۳۰۳) من طریق جعفر بن عون أو حفص

بن عمر على اختلاف النسخ ومن طريق عمرو بن الحارث والليث بن سعد وحماد بن سلمة وهمام كلهم عن هشام بن عروة، وليس فيه ذكر حجة الوداع بل ذكر مطلق الإتيان إلى النبي ﷺ.

وكذا ذكره ابن الأثير في أسد الغابة، وليس فيه ذكر حجة الوداع، وذكر أن أبا نعيم وابن منده أخرجاه، ولفظه روى هشام بن عروة عن أبيه عن عبيد الله بن عدى بن الخيار عن رجلين أتيا النبي ﷺ وهو يعطي من الصدقة، قالا فزاحمنا حتى خلصنا إليه فرفع إلينا طرفه ثم خفضه فرآنا جلدين، فقال: لاحظّ لغني ولا مكتسب، انتهىٰ.

اصل اختلاف تو یہ ہے کہ بعض روات حجۃ الوداع ذکر کرتے ہیں اور بعض نہیں کرتے ہیں، اور بظاہر یہی معلوم بھی ہوتا ہے، اس لئے کہ اہل سیر نے حجۃ الوداع میں تقسیم صدقات کا کوئی ذکر نہیں کیا ہے، اور اگر حجۃ الوداع میں ثابت ہو جائے تو پھر شاید حضور ﷺ نے مکہ میں صدقہ فرمایا ہو جبکہ آپ وہاں تشریف لے گئے تھے۔

لیکن اس حدیث کے طرق میں جیسا کہ معلوم ہو چکا یہ تعیین نہ مل سکی کہ کہاں اور کس موقع پر یہ واقعہ پیش آیا۔

واللہ اعلم۔ بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا بال مونڈنا

سوال:

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے بدن مبارک کے بال **عانة و إبطين** (زیر ناف اور بغل) کے علاوہ مونڈنے کا ذکر کہیں ملا ہو یا تلاش سے مل جائے تو مطلع کریں؟

از سیدی حضرت اقدس مولانا (محمد زکریا) صاحب

۱۷ صفر ۱۳۸۷ھ

جواب:

إبطين اور **عانة** (موئے زیر ناف) کے علاوہ دوسرے حصہ بدن میں **إطلاء بالنوره** سنن ابن ماجہ (ص ۲۷۴) میں وارد ہے **"عن أم سلمةؓ أن النبي صلى الله عليه وسلم كان إذا أطلىٰ بدأ بعورته فطلّاها بالنورة وسائر جسده أهله" قال ابن كثير: إسناده جيّد.**

اور حاوی للسیوطی (۳۴۰) بروایۃ خرائطی فی مساوی الأخلاق بایں الفاظ روایت ہے **"عن أم سلمةؓ أن النبي**

صلى الله عليه وسلم كان ينوره الرجل فإذا بلغ تولىٰ هو ذٰلك." وأخرج ابن أبي شيبة و سعيد بن منصور في سننه عن إبراهيم " قال: كان رسول الله صل الله عليه وسلم إذا أطلى ولى عانته بيده." قال ابن كثير: و هومرسل يتقوّى بالموصول الذى أخرجه ابن ماجه.

العبد محمد یونس عفی عنہ

۱۷ر صفر ۱۳۸۷ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

قرأتِ قرآن کا ثواب میت کو پہونچتا ہے یا نہیں؟

الحمدلله و كفىٰ و الصلاة و السلام على سيدنا المصطفٰى

و على آله المجتبٰى و صحبه نجوم الهدٰى، أما بعد.

قراءت کا ثواب میت کو پہنچتا ہے یا نہیں؟ اس میں علماء کا اختلاف ہے۔

امام مالک و امام شافعی انکار فرماتے ہیں، حضرات حنفیہ فرماتے ہیں کہ قرأت کا ثواب میت کو پہنچتا ہے، اور یہی حضرت امام احمد بن محمد بن حنبل کا مذہب ہے، اور یہی متاخرینِ مالکیہ و متاخرینِ شافعیہ کے نزدیک مختار ہے، بلکہ علامہ ابن القیم اور علامہ سیوطی نے جمہور سلف سے یہی نقل فرمایا ہے کہ قراءت کا ثواب پہنچتا ہے۔

جو حضرات عدم وصول ثواب کے قائل ہیں، وہ آیت کریمہ ﴿**وأن ليس للإنسان إلا ما سعٰى**﴾ سے استدلال کرتے ہیں کہ نص قرآنی ہے کہ انسان کو صرف اسکی سعی و عمل کا ثواب حاصل ہوتا ہے۔

اسی طرح حدیث ابی ہریرہؓ **قال : قال رسول الله ﷺ: إذامات الإنسان انقطع عمله إلا من ثلثة، إلا من صدقة جارية أو علم ينتفع به أو ولد صالح يدعو له. رواه مسلم وأبوداود والترمذي والنسائى والبخاري في الأدب المفرد والدارمي وابن الجارود والبيهقى** سے استدلال کرتے ہیں۔

حافظ ابن کثیر فرماتے ہیں:

هذه الثلاثة في الحقيقة هي من سعده وكدّه وعمله، كما جاء في الحديث : إن أطيب ما أكل الرجل من كسبه، وإن ولده من كسبه .

قلت: أخرجه أبو داود والدارمي والبخاري في التاريخ والإمام أحمد وغيرهم من حديث عائشةؓ، والصدقة الجارية كالوقف ونحوه من آثار عمله ووقفه، وقد قال تعالى: ﴿إنا نحن نحيي الموتىٰ ونكتب ما قدموا وآثارهم﴾ الآية. والعلم الذي نشره في الناس فاقتدىٰ به الناس بعده هو أيضًا من سعيه وعمله، وثبت في الصحيح "من دعا إلى هدىً كان له من الأجر مثل أجور من تبعه من غير أن ينقص من أجورهم شيئاً". قلت: رواه مسلم (ص ا ۲/۳۴)، وغيره كما في الترغيب (ص ۱۰/۳۶) من حديث أبي هريرةؓ.

ترجمہ: یہ تینوں (صدقۂ جاریہ، علم نافع، ولد صالح) فی الحقیقت اسکی کوشش اور مشقت اور اسکے عمل کا نتیجہ ہیں، جیسا کہ حدیث پاک میں ہے ''سب سے پاک چیز جس کو آدمی کھائے وہ اسکی کمائی ہے اور اسکی اولاد اسکی کمائی میں سے ہے۔'' اور صدقۂ جاریہ جیسے وقف اور اسکے مثل، یہ اسکے عمل ووقف کے آثار ہیں، حق تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: ''یقیناً ہم مُردوں کو زندہ کریں گے اور لکھتے ہیں ان کے اگلے اعمال اور انکے آثار (پچھلے اعمال) کو'' **الآیة**، اور وہ علم جسکی اس نے لوگوں میں نشر واشاعت کی ہے پھر لوگوں نے اس کے بعد اسکی اقتداء کی وہ بھی اسکی سعی وعمل میں سے ہے۔ صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ جس نے ہدایت کی باتوں کی طرف دعوت دی اسکو ان لوگوں کے ثواب کے برابر ثواب دیا جائے گا جنہوں نے اسکا اتباع کیا اور ان کے اجور میں سے کچھ کم نہ کریں گے۔

حافظ ابن کثیر شافعی ہیں، انھوں نے اپنے مذہب کے موافق یہ ثابت فرمایا ہے کہ آیت کریمہ ﴿**وأن ليس للإنسان إلا ما سعى**﴾ اپنے عموم پر ہے، اور حدیث آیت کے عموم کے منافی نہیں ہے، بلکہ تینوں امور مذکورہ فی الحدیث سعی انسان میں داخل ہیں۔ جمہور نے آیت کریمہ کے محامل کثیرہ بیان فرمائے ہیں اور متعدد جوابات دیئے ہیں جیسا کہ شراح حدیث وفقہاء رحمہم اللہ نے **بالتفصیل** بیان فرمایا ہے۔

پہلا جواب: یہ ہے کہ آیت کریمہ میں سعی کا لفظ وارد ہے، اور یہ اپنے اطلاق کی وجہ سے سعی بلاواسطہ اور سعی بالواسطہ دونوں کو شامل ہے۔ لہٰذا جس طرح سعی بلاواسطہ اسکو نافع ہوگی، اسی طرح سعی بالواسطہ بھی اسکو نافع ہوگی۔ سعی بلاواسطہ کا مطلب یہ ہے کہ وہ شخص خود اعمال خیر کرے، اور سعی بالواسطہ کا مطلب یہ ہے کہ خود تو براہ راست نہیں کیا مگر وہ شخص ان اعمال صالحہ کے وجود کا سبب بن گیا، جیسے لڑکے کے اعمال صالحہ لڑکے سے صادر ہوتے ہیں اور لڑکا باپ کی وجہ سے وجود میں آیا، اسی طرح کوئی شخص اسکے لئے قرآن پڑھتا ہے، یا دعا کرتا ہے اسوجہ سے کہ دونوں میں دوستی تھی، تو یہ دعا وغیرہ دوستی کے سبب سے ہوئی، اور دوستی اس شخص کا فعل ہے جس کے لئے قراءت ودعا کی جاتی

ہے۔اسی طرح کوئی شخص جملہ مومنین کے لئے دعا کرتا ہے یا ان کے لے ایصال ثوابِ قرآن کرتا ہے اس لئے کہ وہ مومن ہیں،تو یہاں یہ قرأت ودعا اسکی سعی بالواسطہ میں داخل ہوگئیں، کیونکہ یہ دعاوقرأت اسکے ایمان کی وجہ سے وجود میں آئیں اور ایمان اس مومن کا عمل ہے۔لہٰذا جتنے اعمال بھی اس کے لئے کئے جائیں وہ ساری اسکی سعی سے سمجھے جائیں گے، کیونکہ وہ شخص ان اعمال کا سبب بنا،لہٰذا کوئی قراءت ودعا بھی آیت کریمہ کے عموم سے خارج نہ ہوگی، اور آیت کریمہ عین موافقِ مذہب ہوگی۔

دوسرا جواب: یہ ہے کہ قرآن کریم نے انتفاع کی نفی نہیں فرمائی ہے، کہ کوئی شخص کسی کے عمل سے نفع حاصل نہیں کرسکتا ہے، بلکہ ملکیت کی نفی فرمائی ہے کہ کسی کا عمل دوسرے کا مملوک نہیں ہوسکتا ہے، اور دونوں میں بون بعید ہے، یہ ممکن ہے کہ ایک شئے مملوک کسی اور کی ہو اور اس سے دوسرا شخص نفع حاصل کرتا ہو، جیسا کہ کوئی شخص کسی کو عاریۃً دے دے، تو اصل مالک عاریت دینے والا ہوگا اور نفع حاصل کرنے والا وہ ہوگا جس نے عاریت لی ہے۔ حافظ ابن القیم فرماتے ہیں کہ ہمارے شیخ شیخ الاسلام ابن تیمیہ اس جواب کو پسند فرماتے تھے اور ترجیح دیتے تھے۔

تیسرا جواب: یہ ہے کہ یہ آیت کریمہ ﴿**والذین آمنوا واتبعتهم ذرّیّتهم بإیمان ألحقنا بهم**﴾ سے منسوخ ہے۔

حضرت گنگوہی لطائف رشیدیہ (ص۹) میں تحریر فرماتے ہیں: آیت ﴿**وأن لیس للإنسان إلا ماسعی**﴾ **الآیة**. نے مطلقاً نفع غیر کی نفی کی ہے، خواہ ہبۃً ہو خواہ تسبباً، اور دیگر آیات قطعیات اسکے خلاف معلوم ہوتی ہیں، مثلاً: ﴿**والذین آمنوا واتبعتهم ذرّیّتهم بإیمان ألحقنا بهم**﴾ **الآیة**. سورۂ طور کی آیت کہ آباء کے اعمال صالحہ کی وجہ سے ترقیٔ درجاتِ اولاد کی منصوص ہے، اور ﴿**واستغفر لذنبک**﴾ سے بسبب استغفار کسی کے رفع سیئات اور رفع درجات منصوص ہے، پس قطعی کو قطعی سے یہاں مقید کرنا ہے، اور وصولِ ثوابِ عبادتِ مالیہ تمام امتِ مقبولہ کا مجمع علیہ فیصلہ ہے، اور اسکے اثبات میں احادیث کثیرہ کہ حد تواتر معنوی کو پہونچ گئی ہیں موجود ہیں۔

اور وصولِ ثوابِ عباداتِ بدنیہ میں بھی روایات کثیرہ ہیں کہ جمع کی جائیں تو تواتر کو پہنچ جاویں، سو ایسے موقع پر قطعی کو قطعی سے تخصیص یا نسخ کیا گیا ہے، چاہے وہ آیت ہو یا حدیث متواتر ومشہور۔

مع ہذا ﴿**وأن لیس للإنسان إلا ما سعی**﴾ کا ایسا ترجمہ ہوسکتا ہے کہ حاجت تقیید کی نہ ہو، کہ **ما سعی** مطلق ہے اس سے کہ خود سعی ہو یا باعث نفع عمل غیر کا ہو، یعنی اسلام وایمان کہ اگر سعی ایمانی اسلامی ہو تو دوسرے کے

عمل سے نفع ہوگا، ورنہ حالت کفر میں نفع نہ ہوگا۔

چنانچہ یہ ترجمہ بعض مفسرین نے لکھا ہے اور آیت ﴿**یوم لا ینفع مال ولا بنون إلا من أتی اللہ بقلب سلیم**﴾ سے واضح ہوتا ہے، پس جب معنی اس آیت کے یہ ہوئے تو اس آیت میں انسان سے مراد کافر ہوگا، اور ماسبق میں کافر کو خطاب بھی ہے، انتہیٰ۔

اسکے علاوہ آیت کے دسیوں جوابات دیئے گئے ہیں۔

اور حدیث ''**إذا مات الإنسان انقطع عمله**'' والی حدیث کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ انقطاع کے ساتھ متصف عملِ انسان ہے نہ کہ انتفاع، کیونکہ حضور اقدس ﷺ نے انقطع انتفاعہ نہیں فرمایا، بلکہ اسکے انقطاع عمل کی خبر دی اور دوسرے کا عمل اس عامل کا ہوگا۔ اگر وہ عامل اپنے عمل کا ثواب اس میت کو ہبہ کر دے تو اسکو عمل عامل کا ثواب ہو نہ کہ اس مرنے والے کا ثواب، تو منقطع کوئی شی ہے اور واصل کوئی اور شی ہے۔ حافظ ابن قیم نے یہی جواب دیا ہے۔

اسکے بعد جو حضرات وصولِ ثوابِ قراءت کے قائل ہیں وہ احادیث وآثار وقیاس واعتبار سے استدلال کرتے ہیں۔

اس باب میں جو احادیث ہم کو معلوم ہوئی ہیں ہم انکو درج کرتے ہیں:

الحدیث الأول: عن علي بن أبی طالبؓ أن النبي ﷺ قال: من مرّ بین المقابر فقرأ ﴿قل هو الله أحد﴾ أحد عشرة مرةً ثم وهب أجره للأموات، أعطي من الأجر بعدد الأموات. أخرجه أبو بكر النجار فی كتاب السنن كما فی العینی شرح البخاری، والدار قطني كما في البناية شرح الهداية للعيني أيضاً، وشرح النقاية للقاري، وأبو محمد السمر قندي في فضائل ﴿قل هو الله أحد﴾ كما في شرح الصدور، وفي الا تحاف رواه النسائی والرافعي في تاريخه وأبو محمد السمرقندي في فضائل سورة الإخلاص.

الحدیث الثانی: عن أنسؓ أن رسول الله ﷺ قال: من دخل المقابر فقرأ سورة یٰسٓ، خفّف الله عنهم وكان له بعدد من فيها حسنات. أخرجه عبد العزيز صاحب الخلّال، كما في شرح الصدور والمظهري وأبوبكر النجار كما في عمدة القاري.

الحدیث الثالث: عن أبي هريرةؓ قال: قال رسول الله ﷺ: من دخل المقابر ثم قرأ "فاتحة الكتاب" و" قل هو الله أحد " و " ألهٰكم التكاثر" ثم قال أللهم إني جعلت ثواب ما قرأت من كلامک لأهل المقابر من المؤمنين والمؤمنات، كانوا شفعاء له إلى الله تعالى. أخرجه أبو القاسم سعد بن علي الزنجاني في فوائده كما في شرح الصدور والمظهري.

الحديث الرابع : عن أبي بكر الصديقؓ قال : قال رسول الله ﷺ: من زار قبر والديه أوأحدهما فقرأ عندهما أوعنده يٰسٓ غُفِرَ لَهٗ.رواه أبوبكر النجّار في السنن كما فى العيني شرح البخاري، وابن عديّ في الكامل كما في الجامع الصغير، وعلّم له السيوطي بالضعف، قال المناوي في التيسير في شرح الجامع الصغير: فيه أن الميت تنفع القراء ة عنده وكذا الدعاء والصدقة، ولاينافيه ﴿وأن ليس للإنسان إلا منا سعٰى﴾ لأن المعنٰى لاأجرللإنسان إلا أجر عمله كما لاوزر عليه إلا وزر عمله، وما يصل الإنسان ليس من قبيل الأجر على العمل، فلا يرد نقض ، انتهى .

الحديث الخامس : عن الشعبي قال: كانت الأنصار إذا مات لهم الميت اختلفوا إلى قبره يقرأون له القرآن . أخرجه الخلّال، كما في كتاب الروح لابن القيم(ص ۱۴) وشرح الصدور للسيوطي .

فائدہ: اس اثر سے انصار کا یہ عام عمل معلوم ہوتا ہے۔

الحديث السادس : عن سلمة بن عبيد قال: قال حماد المكي:خرجت ليلة إلى مقابر مكة فوضعت رأسي على قبر فنمت، فرأيت أهل المقابر حلقة حلقة، فقلت: قامت القيا مة؟ قالوا: لا ! ولكن رجل من إخواننا قرأ ﴿قل هو الله أحد﴾ وجعل ثوابها لنا فنحن نقتسمه منذ سنة . أخرجه القاضي أبو بكر بن عبد الباقي الأنصاري في مشيخته كما في شرح الصدور وغيره.

علامہ کبیر حافظ جلال الدین سیوطی ان احادیث وآثار کے بارے میں فرماتے ہیں : وهي وإن كانت ضعيفة فمجموعها يدل على أن لذلك أصلاً . انتهىٰ.

اور اس کے علاوہ بھی احادیث اس باب میں وارد ہیں۔

الحديث السابع : عن عبد الرحمٰن بن العلاء بن اللجلاج عن أبيه قال: قال لي أبي اللجلاج أبو خالد: يا بنيّ ! إذا أنا متّ فالحدني، فإذا وضعتني في لحدي فقل "بسم الله وعلى ملة رسول الله" ثم شنّ عليّ التراب شَنًّا، ثم اقرأ عند رأسي بفاتحة البقرة وخاتمتها، فإني سمعت رسول الله ﷺ يقول ذلك. أخرجه الطبراني في الكبير كما في نصب الراية (ص ۲/۳۰۲) ومجمع الزوائد وابن رسلان والتلخيص الحبير، قال الهيثمي :رجاله موثقون. وقال النيموي: إسناده صحيح .

الحديث الثامن : وأخرج البيهقي في السنن الكبرىٰ (ص ۴/۵۶) عن عبد الرحمٰن بن العلاء بن اللجلاج عن أبيه أنه قال لبنيه : إذا أدخلتمونى فى قبرى فضعونى فى اللحد وقولوا "بسم الله وعلى

ملة رسول الله" و شنّوا عليّ التراب شنّاً واقرؤا عند رأسي أول البقرة و خاتمتها، فاني رأيت ابن عمر يستحبّ ذلک، و هكذا أخرجه الخلّال في الجامع كما في كتاب الروح لابن القيم والطبراني كما في شرح الصدور (ص۴۳).

الحديث التاسع : وعن ابن عمرؓ قال : سمعت رسول الله ﷺ يقول : إذا مات أحدكم فلا تحبسوه وأسرعوا به إلى قبره ، وليقرأ عند رأسه بفاتحة البقرة ، وعند رجليه بخاتمة سورة البقرة . رواه البيهقي في شعب الإيمان ، وقال : والصحيح أنه موقوف عليه. كذا في المشكوة (ص۱۴۹).

اگر چہ یہ حدیث بیہقی کی رائے کے موافق ابن عمر کا قول ہے، مگر غیر مدرک بالرائے ہونے کی وجہ سے حدیث مرفوع کے حکم میں ہے۔ اگر ان روایات وآثار کو بغور دیکھا جائے تو صاف طور سے واضح ہوجاتا ہے کہ قراءت قرآن للمیت حضور اقدس ﷺ اور آپ کے صحابہؓ سے منقول ہے، لہٰذا اسکا انکار مکابرہ ہوگا۔

علامہ ابن القیم کتاب الروح میں تحریر فرماتے ہیں کہ:

قال الخلّال: أخبرني الحسن بن أحمد الورّاق ثني علي بن موسى الحدّاد وكان صدوقاً قال: كنت مع أحمد بن حنبل ومحمد بن قدامة الجوهري في جنازة، فلما دفن الميت جلس رجل ضرير يقرأ عند القبر، فقال له أحمد: يا هذا ! إن القراءة عند القبر بدعة. فلما خرجنا من المقابر قال محمد بن قدامة لأحمد بن حنبل: يا أبا عبد الله! ما تقول في مبشر الحلبي ؟ قال: ثقة .قال : كتبت عنه شيئاً ؟ قال: نعم ، قال فأخبر ني مبشر عن عبد الرحمن بن العلاء بن اللجلاج عن أبيه أنه أوصى إذا دفن أن يقرأ عند رأسه بفاتحة البقرة وخاتمتها، وقال : سمعت ابن عمرؓ يوصي بذلک، فقال له أحمد: فارجع وقل للرجل يقرأ.

البتہ بندہ کا خیال یہ ہے کہ قرآن شریف پڑھ کر زبان سے یہ کہہ دیا جائے کہ یا اللہ! اسکا ثواب فلاں کو پہونچادیجئے، کیونکہ بعض علماء یہی فرماتے ہیں، اور یہ عقلی بات بھی ہے کہ قرآن کا ثواب حاصل ہونا چاہئے، کیونکہ جیسے اور عبادات کا ثواب پہنچتا ہے ویسے قراءت کا بھی ایک عبادت ہونے کی حیثیت سے پہنچنا چاہئے۔

باقی آیت کریمہ کا جواب لکھا جاچکا، وہ ایصالِ ثوابِ قرآن کے مخالف نہیں ہے، بلکہ جمہور سلف وخلف اس کے قائل ہیں۔ فقط والسلام کتبہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

احادیث شفاء کا مقام اور اس کے مصنف کا طبقہ

سوال:

صاحب شفاء اکثر احادیث بغیر حوالہ نقل فرماتے ہیں، ان احادیث کا کیا مقام ہے؟ اور صاحب شفاء محدثین کے کس طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں۔

السائل ــــــــــــــــــ

جواب:

الحمد لله وكفىٰ، والصلاة والسلام على سيّدنا محمد المصطفىٰ، وآله وصحبه شموس الهدىٰ، أما بعد.

صاحب شفاء علامۂ کبیر حافظ شہیر قاضی ابوالفضل عیاض بن موسیٰ بن عیاض الیحصبی السبتی المالکی ہیں جیسا کہ ابن فرحون، حافظ ذہبی، حافظ ابن کثیر، علامہ ملا علی قاری، علامہ شہاب الدین خفاجی اور علامہ زبیدی وغیرہم نے تصریح کی ہے۔ علامہ ابن فرحون نے قاضی عیاض کو الامام العلاّمہ کے لقب سے یاد کیا ہے، آگے چل کر فرماتے ہیں:

كان القاضي أبو الفضل إمام وقته في الحديث وعلومه، عالماً بالتفسير وجميع علومه، فقيهاً أصولياً عالماً بالنحو واللغة وكلام العرب وأيامهم وأنسابهم.

ابن فرحون قاضی عیاض کی طرح مالکی المسلک ہیں، اس لئے ممکن ہے کہ کسی کو شبہ ہو کہ ہم مسلک ہونے کی وجہ سے مبالغہ سے کام لیا ہوگا، لہٰذا ہم دوسرے اکابر علماء کے اقوال درج کرتے ہیں جو قاضی عیاض سے مسلکاً مختلف ہیں۔ قاضی القضاۃ شمس الدین احمد بن محمد بن ابراہیم الشہیر بابن خلّکان اپنی جلیل القدر کتاب وفیّات الاعیان میں رقم طراز ہیں:

القاضي أبو الفضل عياض بن موسىٰ كان إمام وقته في الحديث وعلومه والنحو واللغة وكلام العرب و أيّامهم وأنسابهم، وصنّف التصانيف المفيدة، ذكره ابن الأبار في أصحاب أبي علي الغساني، يكنىٰ أبا الفضل، أحد الأئمة الحفّاظ الفقهاء المحدّثين الأدباء، وتواليفه وأشعاره شاهدة بذلك.

حافظ ابوالقاسم ابن بشکوال کتاب الصلۃ میں لکھتے ہیں جیسا کہ ابن خلّکان اور ابن فرحون وغیرھما نے نقل کیا ہے:

جمع من الحديث كثيراً، وكان له عناية كبيرة به والاهتمام بجمعه وتقييده، وهو من أهل

التفنن فی العلم والذکاء والفطنة والفهم.

حافظ شہیر علامہ شمس الدین الذہبی نے قاضی عیاض کو تذکرہ الحفاظ میں طبقہ سادسۃ عشر کے کبار حفاظ میں شمار کیا ہے، اور **العلامة عالم المغرب أبو الفضل الحافظ** جیسے عظیم الشان الفاظ سے یاد کیا ہے، اور ابن بشکوال اور ابن خلّکان کے اقوال بلا نکیر نقل فرمائے ہیں، بلکہ ابن خلّکان کی عبارت بایں الفاظ نقل کی ہے، **هو إمام الحديث فی وقته و أعرف الناس بعلومه الخ.**

حافظ ابن کثیر البدایہ والنہایہ (ص ۱۲/۲۲۵) میں فرماتے ہیں: **أحد العلماء المالكية وصاحب المصنّفات الكثيرة المفيدة، منها الشفاء، وكان إماماً فی علوم كثيرة كالفقه واللغة والحديث والأدب وأيام الناس.**

امام عفیف الدین الیافعی الشافعی مرآۃ الجنان (ص ۳/۲۸۲) میں رقم طراز ہیں: **الامام العلامة أبو الفضل عياض بن موسىٰ أحد الحفّاظ الأعلام، صنّف التصانيف المفيدة، منها الشفاء فی تعريف حقوق المصطفىٰ ﷺ. وكان إمام وقته فی الحديث وعلومه والنحو واللغة وكلام العرب وأيّامهم وأنسابهم وهو من أهل التفنن فی العلوم والذكاء.**

ابن خلّکان، حافظ ذہبی، حافظ ابن کثیر، امام یافعی سب شافعی المسلک ہیں، ساتھ ساتھ حافظ ذہبی حنبلی العقیدہ بھی ہیں۔

علامہ ملا علی قاری حنفی شرح شفاء (ص ۱/۳) میں لکھتے ہیں: **كان رحمه الله تعالىٰ وحيد زمانه و فريد أوانه متقناً لعلوم الحديث واللغة والنحو والآداب وعالماً بأيّام العرب والأنساب، و من تصانيفه المفيدة الشفا فی تعريف حقوق المصطفىٰ ﷺ.**

علامہ شہاب الدین خفاجی نسیم الریاض (ص ۱/۳) میں لکھتے ہیں: **وهو بحر فی العلوم النقلية والعقلية، وأما أدبه وبلاغة شعره فحدّث عن البحر ولا حرج....** یہ دونوں حضرات حنفی المسلک ہیں۔

ولادت و وفات قاضی عیاض کے سن ولادت میں اختلاف ہے۔

حافظ ابن کثیر نے البدایۃ والنہایۃ میں **ولد سنة ستّ وأربعين وأربعمائة** لکھا ہے، اور الدیباج المذہب لابن فرحون (ص ۱۷۱) میں **كان مولدالقاضی فی شهر شعبان سنة ستّ و تسعين وأربعمائة** لکھا ہوا ہے۔

قاضی شمس الدین ابن خلّکان نے **کان مولد القاضی عیاض فی النصف من شعبان سنة ستّ و سبعین وأربعمائة** لکھا ہے، حافظ ذہبی، ملاعلی قاری و علامہ شہاب الدین خفاجی نے یہی یعنی ۴۷۶ھ ہی لکھا ہے۔

ہمارے خیال میں ۴۴۶ھ سن پیدائش غلط ہے۔ ابن کثیر کے علاوہ ہمارے علم میں کسی اور نے یہ سن نہیں لکھا ہے۔ اور الدیباج المذھّب میں کاتب کی غلطی سے سبعین کے بجائے تسعین لکھا گیا، اور ممکن ہے کہ ابن فرحون کو سہو ہوا ہو، مگر قرین قیاس یہی ہے کہ کاتب کی غلطی ہے۔

علامہ خفاجی نے شرح شفاء میں قاضی صاحب کے ترجمہ میں الدیباج سے مدد لی ہے، مگر سن ولادت ۴۷۶ھ لکھا ہے ۴۹۶ھ نہیں لکھا، اگر الدیباج میں ۴۹۶ھ ہوتا تو علامہ خفاجی ضرور تنبیہ فرماتے، کیونکہ علامہ خفاجی بڑے متیقظ اور وسیع النظر شخص ہیں۔ نیز حافظ ذہبی دول الاسلام میں ۵۴۴ھ کے وقائع میں لکھتے ہیں : **وفیها مات عالم المغرب القاضی أبو الفضل عیاض بن موسٰی بن عیاض السبتی وله ثمان وستّون سنة رحمة الله علیه.** اس سے بات بالکل صاف ہو جاتی ہے کہ قاضی صاحب کا سن ولادت ۴۷۶ھ ہے، اس لئے کہ اس میں سب کا اتفاق ہے کہ قاضی عیاض کی وفات ۵۴۴ھ میں واقع ہوئی، اور ان کی عمر ۶۸ سال اسی وقت ہوتی ہے جبکہ ان کی ولادت ۴۷۶ھ میں ہو۔ اگر سن ولادت ۴۹۶ھ لیں تو کل عمر ۴۸ سال ہوتی ہے، اور اگر ۴۴۶ھ لیں تو مجموعہ ۹۸ سال ہو جاتا ہے، اس لئے ۴۷۶ھ ہی صحیح ہے، واللہ اعلم۔

قاضی صاحب کی وفات مراکش میں بروز جمعہ ماہ جمادی الآخرۃ یا رمضان ۵۴۴ھ میں واقع ہوئی، باب ایلان میں جو مراکش شہر کے اندر واقع ہے مدفون ہوئے۔ یہ سن وفات ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ ( ) میں لکھا ہے۔

اساتذہ وشیوخ: قاضی صاحب کے اساتذہ وشیوخ سو تک پہونچ جاتے ہیں **کما صرّح به ابن فرحون.** ان میں قاضی ابوالولید ابن رشد، ابوبکر ابن العربی، ابومحمد بن ابی عتاب، فقیہ ابوزید، حافظ ابوعلی غسانی، حافظ ابو طاہر احمد بن محمد السلفی وغیرہم قابل ذکر ہیں۔ اخیر کے دو حضرات سے قاضی صاحب نے بالاجازۃ روایت کی ہے، ملاقات ثابت نہیں ہے۔ حافظ ابن بشکوال نے لکھا ہے: **أظنّه سمع من أبی زید** اس سے مراد ابوزید فقیہ ہیں۔

تلامذہ: قاضی صاحب سے ایک خلق کثیر نے روایت کی ہے، جیسا کہ حافظ ذہبی نے تصریح کی ہے، جن میں عبد اللہ بن احمد العصیری، ابوجعفر بن القصیر الغرناطی، حافظ ابوالقاسم ابن بشکوال، ابومحمد عیسی بن الحجری اور محمد بن الحسن الجابری وغیرہ ہیں۔

تصانیف: قاضی عیاض مشہور و نامور شراح حدیث میں ہیں۔ بعد کے آنے والے تقریباً سارے ہی محدثین نے

ان کی کتابوں سے استفادہ کیا ہے، مثلاً امام نووی، حافظ ابن حجر عسقلانی، علامہ عینی، علامہ قسطلانی، ملا علی قاری، علامہ سیوطی وغیرہم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم۔

ان کی مشہور تصانیف میں (۱) **إكمال المعلم شرح صحيح مسلم** (۲) **مشارق الأنوار** (۳) **الإلماع في ضبط الرواية وتقييد السماع** (۴) **الشفاء بتعريف حقوق المصطفیٰ ﷺ** (۵) **ترتيب المدارك وتقريب المسالك لمعرفة أعلام مذهب مالك** وغیرہا قابل ذکر ہیں۔

کتاب الشفا کے متعلق ابن فرحون نے لکھا ہے: **أبدع فيه كل الإبداع، وسلّم له أكفاءه كفاءته فيه، ولم ينازعه أحد في الانفراد به، ولاأنكروا مزية السبق إليه، بل تشوّفوا للوقوف عليه، وأنصفوا في الاستفادة عنه، وحمله الناس عنه وطارت نسخه شرقاً وغرباً**. اھ۔

علامہ شہاب الدین خفاجی نسیم الریاض میں رقم طراز ہیں:

قرأت في ديوان ابن المقرى الشافعي رحمه الله تعالىٰ: إن كتاب الشفاء مماشاهدوا بركته حتى لايقع ضررلمكان كان فيه، ولاتغرق سفينة كان فيها، و إنه اذا قرأه مريض أو قرئ عليه شفاه الله، وهو مما جرّب، وكان ابتلى بمرض فقرأه فعا فاه الله منه وقال في ذلك:

ما بالكتاب هواى لكن الهوىٰ	**أمسى بمن أمسى به مكتوبا**
كالدار يهوىٰ العاشقون بذكرها	**شغفا بها لشمولها المحبوبا**
أرجو الشفا تفاؤلاً باسم الشفا	**فحوى الشفاء وأدرك المطلوبا**
وبقدر حسن الظن ينتفع الفتىٰ	**لا سيما ظن يصيح مجيبا**

ويأتي لذلك مزيد بيان، وأنا ممن جرّب بركته وشاهده ولله الحمد، و إنا لنرجو فوق ذلك مظهراً. آگے چل کر فرماتے ہیں (ص ۱/۵۲): **قالوا: إنه جرّب قرأته لشفاء الأمراض وفكّ عقد الشدائد، وفيه أمان من الغرق والحرق والطاعون ببركته ﷺ، اذا صحّ الاعتقاد حصل المراد**. اھ۔

کتاب الشفاء کی مقبولیت کا یہ حال ہے کہ اس کے بیسیوں سے زائد شروح وحواشی لکھی گئیں اور ترکی وہندی زبانوں میں ترجمہ ہوا۔

احادیث شفاء: حافظ ذہبی فرماتے ہیں: **إنه يعني الشفاء محشوّ بالأحاديث الموضوعة والتأويلات الواهية الدالّة على قلّة تفقّده ممالا يحتاج قدر النبوة له، فعليك بدلائل النبوة للبيهقي**

رحمه الله تعالیٰ فإنه كله هدى ونور.

علامہ شہاب الدین خفاجی فرماتے ہیں: **لم ينصف الذهبي في قوله**، اورفرماتے ہیں: **إن في الشفاء بعض أحاديث ضعيفة وقليل مما قيل إنه موضوع، تبع فيه ابن سبع في شفاءه، وقد نبّه على ذلك كله الجلال السيوطي رحمه الله تعالىٰ في كتابه مناهل الصفا في تخريج أحاديث الشفاء.** اھ۔

حق بات وہی ہے جوعلامہ خفاجی نے لکھی ہے **كما لا يخفى على من طالع شرحه على الشفاء وكذا شرح على القاري.** البتہ اتنی بات ضرور ہے کہ جب شفاء میں بعض احادیث موضوعہ ہیں تو بلاتحقیق یہ کہنا مناسب نہ ہوگا کہ حدیث میں ہے، بلکہ یوں کہا جائے کہ شفاء میں ایک حدیث نقل کی ہے، اس کے بعد شفاء کی احادیث کے متعلق علامہ خفاجی وغیرہ کی آراء بیان کردی جائیں۔ واللہ اعلم

کتبہ العبد محمد یونس عفی عنہ
بامر شیخنا محمد زکریا شیخ الحدیث بمظاہر العلوم
۲۰ جمادی الاولیٰ ۱۳۸۴ھ
(وقد سمع الشیخ بعضہ وہو مما یتعلق باحادیث الشفاء)

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖OOO❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

حدیث ترکت فیکم أمرین لن تضلّوا ما تمسّکتم الخ کی تحقیق

(حضرت الاستاذ شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب مدظلھم کے پاس ایک سوال آیا تھا، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ **حديث التحريض على اتباع الكتاب والسنة** مؤطا کے علاوہ کہیں وارد ہے؟ صاحب تنقیح الرواۃ نے مستدرک کا حوالہ دیا ہے، بندہ کو نہیں ملی۔

ترمذی شریف میں بروایۃ زید بن ارقم ثقلین کا لفظ اس حدیث میں وارد ہے، یہ اور بھی کہیں ہے یا نہیں؟

مسلم، نسائی، ابوداؤد، ابن ماجہ میں خطبۂ حجۃ الوداع میں حدیث جابرؓ میں صرف کتاب اللہ کا لفظ وارد ہے، ترمذی نے عترتی کا اضافہ کردیا ہے، اس کا ذمہ دار کون ہے؟ کیا ترمذی کے علاوہ حدیث جابرؓ میں یہ اضافہ ہے؟

حضرت اقدس استاذی نے بندہ کو اس کا جواب لکھنے کا امر فرمایا، جواب معروض ہے۔)

جواب(۱): الحمد لله الهادی إلی الصواب، والصلوٰة والسلام علی خیر من أوتی فصل الخطاب، وعلی الآل والأصحاب، أما بعد.

آپ کے سوال کے تین اجزاء ہیں، جن کے جوابات بالترتیب عرض ہیں۔

الأول: حدیث مالک أنه بلغه أن رسول الله ﷺ قال: ترکت فیکم أمرین، لن تضلّوا ما إن تمسکتم بهما، کتاب الله وسنة نبیه.

هکذا أخرجه مالک بلاغاً وأسنده ابن عبد البر فی التمهید من طریق کثیر بن عبد الله بن عمرو بن عوف عن أبیه عن جده، کما قال السیوطی فی التنویر واللآلی (ص ۵۴). وقال فی اللآلی: قال الحافظ ابن حجر فی أطرافه فالظاهر أن مالکاً أخذه عن کثیر. اه.

قلت: وأخرجه الحاکم والبیهقی من طریق إسماعیل بن أبی أویس عن أبیه عن ثور بن زید الدیلی عن عکرمة عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما أن رسول الله ﷺ خطب الناس فی حجة الوداع، فقال: یا أیها الناس إنی قد ترکت فیکم ما إن اعتصمتم به فلن تضلّوا، کتاب الله وسنة نبیه. أخرجه الحاکم فی العلم من المستدرک (ص۹۳/۱)والبیهقی فی آداب القاضی من سننه الکبریٰ (ص ۱۱۴/۱۰)، إلاأن الحاکم أخرجه فی ضمن حدیث فی خطبة حجة الوداع، وقال: قد احتج البخاری بأحادیث عکرمة، واحتج مسلم بأبی أویس، وسائر رواته متفق علیهم. وذکر الاعتصام بالسنة فی هذه الخطبة غریب ویحتاج إلیها. اه.

وأخرجه الحاکم والدار قطنی (ص۵۴۹) والبیهقی من طریق صالح بن موسی الطلحی عن عبد العزیز بن رفیع عن أبی صالح عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال: رسول الله ﷺ إنی قد ترکت فیکم شیئین لن تضلّوا بعد هما ،کتاب الله وسنتی، ولن یتفرقا حتی یردا علی الحوض. وجعله الحاکم شاهداً لحدیث ابن عباسؓ، ولکن صالح بن موسی الطلحی ضعیف متروک. قال الدارقطنی (ص۲۱۵): صالح بن موسیٰ ضعیف الحدیث. و أطال الکلام فی تضعیفه فی المغنی. وهذا الحدیث أورده الذهبی فی المیزان فی ترجمته، وفی حدیث ابن عباسؓ غنیة وکفایة، والغرابة لاتستلزم الضعف بل هو حدیث حسن.

الثانی: حدیث زید بن أرقم أخرجه مسلم وأحمد والدارمی (ص۴۲۳) قال: قام رسول الله

ﷺ يوماً فينا خطيباً بماء يدعىٰ خمّاً بين مكة والمدنية، فحمد الله و أثنىٰ عليه و وعظ وذكّر، ثم قال: أما بعد، ألا أيهاالناس! فإنما أنا بشر، يوشك أن يأتى رسول ربى فأجيب، و إنى تارك فيكم الثقلين، أوّلهما كتاب الله، فيه الهدى والنور، فخذوا بكتاب الله وتمسّكوا به، فحث علىٰ كتاب الله ورغّب فيه، ثم قال: وأهل بيتى، أذكّركم الله فى أهل بيتى، أذكّركم الله فى أهل بيتى، أذكّركم الله فى أهل بيتى.

وأخرج الحاكم(ص۱۴۸ ر ۳)من طريق جرير الضبى عن الحسن بن عبيد الله النخعى عن مسلم بن صبيح عن زيد بن أرقمؓ مرفوعاً، إنى تارك فيكم الثقلين، كتاب الله وأهل بيتى، وإنهما لن يتفرّقا حتى يردا على الحوض. قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين، وأقرّه الذهبى.

لفظ ثقلین زید بن ارقمؓ کی حدیث میں صحیح مسلم وغیرہ میں تو موجود ہے جیسا کہ معلوم ہو چکا، لیکن جامع ترمذی میں مجھ کو نہیں ملا، نہ تو ہندی نسخوں میں اور نہ مصری نسخوں میں، البتہ عباس بن احمد یمنی شیعی نے تتمۃ الروض النضیر فی شرح مجموع الفقہ الکبیر میں بحوالہ ترمذی بروایۃ زید بن ارقمؓ یہ زیادتی نقل کی ہے، واللہ اعلم یہ کہاں تک صحیح ہے لیکن صاحبِ مشکوٰۃ وغیرہ نے یہ زیادتی نقل نہیں کی ہے، اور اگر ثابت ہو جائے تو کوئی اشکال نہیں ہے۔

یہ لفظ دوسرے صحابہؓ کی روایات میں بھی وارد ہے۔ فأخرج أحمد (ص۱۷ ر ۳) فى مسنده وابن سعد فى الطبقات (ص۲ ر ۲) من طريق محمد ابن طلحة عن الأعمش عن عطية عن أبى سعيدَ الخدرىؓ عن النبىﷺ قال: إنى أوشك أن أدعى فأجيب، وإنى تارك فيكم الثقلين، كتاب الله وعترتى، كتاب الله حبل ممدود من السماء إلى الأرض، وعترتى أهل بيتى، و إن اللطيف الخبير أخبرنى انهما لن يفترقا حتى يردا على الحوض، فانظرونى بم تخلفونى فيهما.

قال ابن حجر المكى فى الصواعق (ص ۹۱): و سنده لابأس به. وأخرجه أحمد(ص۱۴ ر ۳) من طريق أبى إسرائيل إسماعيل بن أبى إسحاق الملائى، ومن طريق عبدالملك بن أبى سليمان (ص۲۶، ۲۹ ر ۳) والطبرانى (ص۳۷)من طريق كثير النواء كلهم عن عطية عن أبى سعيدؓ قال: قال رسول الله ﷺ إنى تركت فيكم الثقلين أحدهما أكبر من الآخر، كتاب الله عزوجل حبل ممدود من السماء إلى الأرض، وعترتى أهل بيتى إلا أنهما لن يفترقا حتى يردا على الحوض.

وأبو اسرائيل الملائی صدوق سیئ الحفظ، نسب الی الغلوفی التشیّع کما فی التقریب.

وکثیر النواء شیعیّ ضعّفوه کما فی المیزان.

وعبد الملک بن أبی سلیمان هوالعرزمی صدوق یهم.

وعطیة العوفی صدوق یخطئ کثیراً، کان شیعیّاً مدلّساً کما فی التقریب.

وأخرج الخطیب (ص ۸/۴۴۲) من طریق زید بن الحسن الأنماطی عن معروف عن أبی الطفیل عن حذیفة بن أسیدؓ أن رسول اللهﷺ قال: یاأیهاالناس! إنی فرط لکم وأنتم واردون علی الحوض، وإنی سائلکم حین تردون علیّ عن الثقلین، فانظروا کیف تخلفونی فیهما، الثقل الأکبر کتاب الله، سبب طرفه بیدالله وطرفه بأیدیکم فاستمسکوا به ولا تضلّوا ولا تبدلوا، انتهت روایة الخطیب.

وأخرجه الطبرانی کما فی الزوائد (ص ۹/۱۶۴) وزاد 'وعترتی أهل بیتی وقد نبّأنی اللطیف الخبیر أنهما لن یتفرقا حتی یردا علی الحوض'.

وزید بن الحسن الأنماطی، قال صاحب الزوائد: قال أبوحاتم منکر الحدیث، ووثّقه ابن حبان. قلت: لکن الخطیب اقتصر علی قول أبی حاتم ولم یتعقبه بشئ فکأنه رضی به.

فائدہ: قرآن وآل رسول اللہﷺ کو ثقلین کیوں فرمایا؟

عامۂ شراح حدیث نے دو وجہ بیان فرمائی ہیں۔

اول اس وجہ سے کہ ثقل ہر نفیس اور عمدہ شئ کو لکھتے ہیں، اور یہ دونوں ایسے ہی ہیں، کیونکہ دونوں ہی علوم لدنّیہ اور اسرار وحکم علیّہ اور احکامِ شرعیہ کے معدن ہیں، اسی لئے حضور اقدسﷺ نے ان کی اقتداء کا حکم فرمایا۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ دونوں کا اتباع اور ان کے حقوق کی رعایت کا وجوب ثقیل ہے۔

علامہ زمخشری نے کتاب الفائق میں ایک تیسرا مطلب تحریر فرمایا ہے، فرماتے ہیں:

الثقل المتاع المحمول علی الدابّة، و إنما قیل للجن والإنس الثقلان لأنهما قطّان الأرض فکأنهما ثقلان، وقد شبه بهما الکتاب والعترة فی أن الدین یستصلح بهما ویعمر کما عمرت الدنیا بالثقلین.

خلاصہ یہ ہے کہ ثقل اس سامان کو کہتے ہیں جو سواری پر لادا جاتا ہے، اسی لئے جن وانس کو ثقلین کہتے ہیں کہ وہ زمین پر

بستے ہیں تو گویا وہ زمین پر اپنا بوجھ ڈالے ہوئے ہیں، تو جس طرح یہ دنیا ثقلین سے معمور وآباد ہیں اسی طرح دنیائے دین وایمان قرآن اور آل رسول اللہ ﷺ سے آباد اور اصلاح پذیر ہے، اس مشابہت کی وجہ سے کتاب اللہ اور آل رسول ﷺ کو بھی ثقلین فرمایا گیا۔

لیکن یہ یاد رہے کہ آل سے صرف وہ لوگ ہی مراد ہیں جو عالم کتاب اور ماہر سنت ہیں، اور جو مبتدع ہیں ان کی اتباع کا قطعاً حکم نہیں ہے بلکہ ابتداع سے احتراز واجب ہے۔

الثالث: حديث جابر بن عبد اللهؓ في خطبة حجة الوداع أخرجه مسلم (ص ۳۹۴/۱) أبوداود (ص ۱۵۵/۳) وابن ماجه (ص ۲۲۸) وابن أبي شيبه (ص ۳۰۲/۲ق) وابن الجارود (ص ۲۳۶) والبيهقي (ص ۸/ ۵) من طريق حاتم بن إسماعيل المدني عن جعفر بن محمد الصادق عن أبيه محمد الباقر عن جابرؓ مرفوعاً وقد تركت فيكم أمرين لن تضلوا بعده إن اعتصمتم به، كتاب الله وأنتم تُسألون عني فما أنتم قائلون؟ قالوا: إنك قد بلّغت وأدّيت ونصحت، فقال بأصبعه السبابة يرفعها إلى السماء وينكتها إلى الناس، اللهم اشهد، اللهم اشهد، اللهم اشهد.

ورواه الترمذي في المناقب من طريق زيد بن الحسن الأنماطي عن جعفر بن محمد عن أبيه عن جابرؓ مرفوعاً بلفظ إني تركت فيكم ما إن أخذتم به لن تضلوا، كتاب الله وعترتي أهل بيتي فزاد عترتي أهل بيتي.

بظاہر یہ زیادتی زید بن الحسن الانماطی کی طرف سے معلوم ہوتی ہے، اور بندہ کو یہ اضافہ حضرت جابرؓ کی حدیث میں ترمذی کے علاوہ اور کہیں نہیں ملا۔

لیکن یہ لفظ جس طرح حضرت جابرؓ کی حدیث میں عند الترمذی وارد ہے، اسی طرح حضرت ابوسعید خدری، حضرت حذیفہ ابن اسید، حضرت زید بن ارقم، اور حضرت زید بن ثابت، رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بھی مروی ہے۔

حضرت ابوسعید خدریؓ اور حضرت حذیفہ ابن اسیدؓ کی حدیث اوپر گذر چکی ہے، اور حضرت زید بن ارقمؓ کی حدیث سنن کبری للنسائی وغیرہ میں موجود ہے۔

قال النسائي في خصائص علي (ص ۵۱): أخبرنا محمد بن المثنى قال: حدثنا يحي بن حماد قال: أخبرنا أبوعوانة عن سليمان وهو الأعمش قال: حدثنا حبيب ابن أبي ثابت عن أبي الطفيل عن زيد بن أرقمؓ قال: لما دفع النبي ﷺ من حجة الوداع ونزل غديرخمّ أمر بدوحات فقممن ثم قال:

كأني دعيت فأجبت وإني تارك فيكم الثقلين، أحدهما أكبر من الآخر، كتاب الله وعترتي أهل بيتي فانظروني كيف تخلفوني فيهما فانهما لن يفترقا حتى يردا على الحوض، الحديث.

وهكذا أخرجه في سننه بهذا الإسناد كما في البداية والنهاية (۵/۲۰۹) للحافظ ابن كثير.

ووقع في إسناد الخصائص تحريف فصحّحته من كتب الرجال والبداية والنهاية، ووقع في البداية والنهاية أبو معاوية مكان أبي عوانة، وأبو معاوية محمد بن خازم الضرير و إن كان له رواية عن الأعمش ولكن لم أر ذكر يحي بن حماد في تلامذته، بل ذكر أصحاب الرجال أنه روى عن أبي عوانة وهو ختنه ويروى أبو عوانة عن الأعمش، فالصواب أبو عوانة كما وقع في خصائص علي.

ثم رأيت الحاكم أخرجه في المستدرک (ص۳/۱۰۹) من طرق، عن يحي بن حماد عن أبي عوانة إلى آخر الإسناد والمتن، وقال: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين.

وقال الحافظ ابن كثير بعد إيراد طريق النسائي: تفرّد به النسائي من هذا الوجه. قال شيخنا أبو عبد الله الذهبي: فهذا حديث صحيح.

قلت: يعني ابن كثير من هذا الوجه سياقه الطويل الذي أورده وإلا فالحديث أخرجه الترمذي في سننه بنحوه وزاد فيه عترتي ولكنه لم يذكر الثقلين كما تقدّم، وقال: هذا حديث حسن غريب.

وقال الحافظ ابن تيمية في منهاج السنة (ص ۵۰۱ ج۴) بعد ذكر حديثي جابرؓ وزيد بن أرقمؓ الذين أخرجهما مسلم. وأما قوله وعترتي أهل بيتي وإنهما لن يفترقا حتى يردا على الحوض، فهذا رواه الترمذي، وقد سئل عنه أحمد بن حنبل فضعّفه وغيرواحد من أهل العلم وقالوا: لا يصح،اه.

وقال في سوضع آخر(۵/۸/۴): وقد طعن غير واحد من الحفاظ في هذه الزيادة وقال: إنها ليست من الحديث،اه.

اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی حدیث مسند احمد (ص۵/۱۸۱) میں ہے۔

قال الإمام أحمد: حدثنا الأسود بن عامر ثنا شريک عن الركين عن القاسم بن حسان عن زيد بن ثابتؓ قال: قال رسول اللهﷺ إني تارك فيكم خليفتين، كتاب الله حبل ممدود ما بين السماء والأرض أو ما بين السماء إلى الأرض، وعترتي أهل بيتي، وإنهما لن يتفرقا حتى يردا على الحوض. وإسناده جيّد كما قال الحافظ نور الدين الهيثمي في الزوائد (ص۹/۱۶۳)۔

آپ کو معلوم ہوگیا کہ یہ لفظ متعدد محدثین نے متعدد صحابہؓ سے روایت کیا ہے، اور حافظ شمس الدین الذہبی جیسے ناقد نے ان میں سے طریق زید بن ارقمؓ کی تصحیح کی ہے، اور حافظ ابن کثیر جیسے مبصر نے اس پر سکوت فرمایا ہے، اور حافظ ابن تیمیہ نے اختلاف نقل فرما کر سکوت فرمایا ہے، باطل نہیں کہا ہے، اور درست یہی ہے کہ یہ لفظ ثابت ہے۔

لیکن اس لفظ کے ثابت ہوجانے سے اہل سنت والجماعت کے عقیدے پر کوئی اثر نہیں پڑتا ہے، اسلئے کہ عترۃ عشیرہ کو کہتے ہیں، **کما قال الزمخشری فی الفائق**، لہٰذا اس سے یہ بات معلوم ہوئی کہ حضور اقدس ﷺ کے سارے خاندان والے ترک حق نہیں کریں گے اور یہ بالکل صحیح اور ثابت ہے۔

علامہ ابن تیمیہ ان علماء سے نقل فرماتے ہیں جو اس حدیث کی صحت کے قائل ہیں :**إنما يدل على أن مجموع العترة الذين هم بنوهاشم لا يتفقون على ضلالة، وهذا قد قاله طائفة من أهل السنة، وهو من أجوبة القاضي أبي يعلىٰ وغيره.**

ایک دوسری جگہ فرماتے ہیں: **لكن أهل البيت لم يتفقوا (ولله الحمد)على شئ من خصائص مذهب الرافضة بل هم المبرئون المنزّهون عن التدنّس بشئ منه،** اھ۔

رہ گیا امامیہ کا اس حدیث سے مسئلہ امامت پر استدلال کرنا تو یہ خود ان کے اصول کے پیش نظر صحیح نہیں ہے، اسلئے کہ ان کے یہاں دلیل کا متواتر ہونا شرط ہے، اور یہ حدیث خود مختلف فیہ ہے چہ جائیکہ متواتر ہو، نیز اتباع عام ہے اور امامت خاص، اور عام کا وجود خاص کے وجود کو مستلزم نہیں، واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمد یونس

بامر الاستاذ مولانا محمد زکریا شیخ الحدیث بمظاہر العلوم

۲۷ شعبان ۱۳۸۴ھ وقد سمعہ الشیخ مدظلہ من اولہ الیٰ آخرہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

دعائے اذان میں الدرجة الرفيعة

اور وارزقنا شفاعته يوم القيامة کا ثبوت

حدیث خیارکم الذین اذا ذکر اللہ الخ کی تخریج

حدیث نهٰی عن قتل النساء الخ میں سند کی تحقیق

حضرت الشیخ مدظلہ کے یہاں تین سوالات آئے۔

پہلے سوال کا حاصل: دعاء وسیلہ میں **الدرجة الرفيعة** اور **وارزقنا شفاعته** کی زیادتی ثابت ہے یا نہیں؟

زیادتی اول کے بارے میں حافظ سخاوی نے المقاصد میں '**لم أره في شئ من الروايات**' لکھا ہے، اور سخاوی کے اس مقولہ کو ملا علی قاری، مولانا عبدالحی لکھنوی وغیرہم نے بلا نکیر نقل فرمایا ہے۔

لیکن **کتاب عمل اليوم والليلة لابن السنّی** میں **باب كيف دعاء الوسيلة** میں ہے:

حدثنا أبو عبد الرحمٰن أخبر نا عمرو بن منصور حدثنا على ابن عياش حدثنا شعيب عن محمد بن المنكدر عن جابر بن عبد الله رضى الله عنهما قال: قال رسول الله ﷺ : من قال حين يسمع النداء ' أللهم رب هذه الدعوة التامّة والصلاة القائمة آت محمدا الوسيلة والفضيلة والدرجة الرفيعة وابعثه مقاما محمودا الذى وعدته' حلت له الشفاعة يوم القيامة. اس روایت میں **الدرجة الرفيعة** موجود ہے اور روات سارے ثقات ہیں، اور زیادتیِ ثقہ معتبر ہے، رائے عالی سے مطلع کریں۔ اور **أللهم ارزقنا شفاعته يوم القيامة** میرے خیال میں ثابت نہیں ہے، جناب کیا فرماتے ہیں؟

دوسرے سوال کا حاصل: صاحب مشکوۃ فرماتے ہیں (ص ۴۱۵) : **عن عبد الرحمٰن بن غنم وأسماء بنت يزيدؓ أن النبى ﷺ قنال: خيار عباد الله الذين إذا رأوا ذكر الله، وشرار عباد الله المشّاؤن بالنميمة المفرّقون بين الأحبة الباغون البُرآء العنت. رواه أحمد والبيهقى فى شعب الإيمان.**

اس سے پہلے حضرت عبادہؓ سے ایک حدیث نقل کی ہے، حافظ منذری حافظ نورالدین ہیثمی وغیرہ نے حدیث عبدالرحمٰن واسماء کو امام احمد وغیرہ کی تخاریج کی طرف منسوب کیا ہے، بیہقی کی طرف کسی نے بھی نہیں کیا ہے، بظاہر شعب الایمان میں

حدیث عبدالرحمٰن واسماء موجود نہیں ہے، ورنہ کوئی تو ان کی طرف منسوب کرتا، اگر آپ کے علم میں ہو تو تحریر فرمائیں۔

تیسرے سوال کا حاصل: **قال الطحاوی فی شرح معانی الأثار** (ص۲۷ ۱/۲): **حدثنا یونس قال: حدثنا سفیان بن عیینة عن الزهری قال: أخبرنی ابن کعب بن مالکؓ عن عمّه أن رسول اللهﷺ نهیٰ عن قتل النساء. الحدیث. حدثنا محمد بن عبد الله قال: حدثنا الولید قال: ثنا مالک عن ابن شهاب عن عبد الرحمٰن بن کعب بن مالک عن کعب بن مالکؓ أن رسول اللهﷺ، فذکر الحدیث.**

سوال یہ ہے کہ اصابہ میں یہ عبارت ہے: **روی أبو عوانة والطحاوی من طریق مالک عن الزهری عن عبد الرحمٰن بن کعب بن مالک عن عمه أن النبیﷺ نهیٰ، الحدیث.** حافظ نے دونوں سندوں کو ایک جگہ جمع کر دیا، سفیان بن عیینہ کی سند میں عن عمہ ہے اس کو مالک کی سند میں ملا دیا، اسمیں طحاوی صحیح ہے یا اصابہ کی عبارت؟

السائل۔۔۔۔۔۔۔

حضرت الشیخ مدظلہ کے اشارہ سے بندہ نے جواب لکھا، وھوھذا۔

الحمد لله وکفیٰ والصلوة والسلام علی عباده الذین اصطفیٰ اما بعد

جواب (۱):

حدیث جابر بن عبد اللهؓ أن رسول اللهﷺ قنال: من قال حین یسمع النداء " أللهم ربّ هذه الدعوة التامّة والصلو ة القائمة آت محمدا الوسیلة والفضیلة وابعثه مقاماً محموداً الذی وعدته" حلت له شفاعتی. أخرجه أحمد (ص۳۰۴ ۳/) **والبخاری** (۸۶) **وأبوداود** (ص۳۰۲ ۱/) **والترمذی والنسائی** (ص۱۱۰) **وابن ماجه** (ص۸۷) **وابن أبی عاصم فی السنة** (ص۳۹۵ ۲/) **والطبرانی فی الصغیر** (ص۲۴۰ ۱/) **کلهم من روایة علی بن عیاش عن شعیب عن ابن المنکدر عن جابرؓ. ورواه البیهقی فی سننه فزاد فی آخره إنک لا تخلف المیعاد.**

اتنے الفاظ دعائے وسیلہ میں کتبِ حدیث میں ملتے ہیں۔

ہمارے علاقوں میں دو زیادتیاں رائج ہیں، ایک **الدرجة الرفیعة، ثانی وارزقا شفاعته یوم القیامة.**

آیا یہ دونوں ثابت ہیں یا نہیں؟ زیادتی اول ابن السنّی کی عمل الیوم واللیلۃ کے مطبوعہ نسخوں میں پائی جاتی ہے۔

مگر بندہ کے خیال میں یہ زیادتی صحیح نہیں، کسی کاتب وغیرہ نے حاشیہ وغیرہ پر لکھدیا ہوگا جو بعد میں متن کتاب میں آگیا۔

اس کا قرینہ یہ ہے کہ حافظ ابن السنّی نے یہ حدیث امام نسائی کی سند سے نقل کی ہے جو انہوں نے مجتبیٰ میں ذکر کی ہے اور سنن نسائی میں اس زیادتی کا کہیں وجود نہیں۔

امام نسائی فرماتے ہیں: **أخبرنا عمرو بن منصور حدثنا علی بن عیاش حدثنا شعیب عن محمد بن المنکدر عن جابرؓ قال: قال رسول اللہ ﷺ :من قال... الحدیث.** ابن السنّی فرماتے ہیں **حدثنا أبو عبد الرحمٰن قال أخبرنا عمرو بن منصور فذکر إسناد النسائی.**

اب **الدرجة الرفیعة** کی زیادتی یا تو ابن السنّی نے کی ہے یا کسی اور نے۔ ظاہر ہے کہ اگر ابن السنی یہ زیادتی کریں گے تو حافظ نسائی سے لیں گے اسلئے کہ یہ حدیث انہیں کی سند سے نقل کر رہے ہیں، لہذا یہ زیادتی امام نسائی کے پاس ہوگی، حالانکہ اگر یہ زیادتی امام نسائی کے پاس اس سند صحیح کے ساتھ ہوتی تو وہ اپنی سنن میں ضرور ذکر فرماتے، جیسا کہ وہ الفاظ زائدہ پر **نوع آخر** وغیرہ کہہ کر تنبیہ فرماتے ہیں، اس لئے بندہ کی رائے میں یہ زیادتی کسی اور نے کی ہے۔

دوسرا قرینہ یہ بھی ہے کہ حضرت امام نووی نے کتاب الاذکار میں اس زیادتی پر تنبیہ نہیں کی، حالانکہ امام نووی کتاب ابن السنّی سے وہ احادیث والفاظ لیتے ہیں جو دوسری کتبِ حدیث میں نہ ہوں، نیز شراح بخاری میں سے کسی نے بھی اس زیادتی پر تنبیہ نہیں کی، حتی کہ حافظ ابن حجر نے بھی ذکر نہیں فرمایا حالانکہ حافظ ابن حجر کے سامنے کتاب ابن السنّی ہے، نہ امام سیوطی نے یہ زیادتی اپنی کتابوں میں نقل فرمائی۔ حافظ سیوطی نے ایک کتاب تالیف فرمائی ہے جس کا نام **الکلم الطیب والقول المختار فی المأثور من الدعوات والأذکار** ہے، نام سے مضمون کتاب واضح ہے، اس میں امام سیوطی نے ادعیہ کو بھی ذکر فرمایا ہے اور جو الفاظ زائدہ وارد ہوئے ہیں ان کو بھی ذکر فرمایا ہے، مگر الدرجۃ الرفیعۃ کہیں بھی ذکر نہیں فرمایا، حالانکہ کتاب ابن السنّی وغیرہ ان کے سامنے ہے جیسا کہ مقدمہ میں ظاہر کیا ہے۔

لہٰذا یہ زیادتی میرے خیال میں کسی کاتب کی غلطی سے متنِ کتاب میں آ گئی، اس کا کتبِ حدیث میں کہیں وجود نہیں ہے۔ حافظ شمس الدین السخاوی المقاصد الحسنۃ میں لکھتے ہیں: **لم أرہ فی شئ من الروایات**، اھ۔

حافظ سخاوی کا یہ مقولہ علامہ قسطلانی نے مواہب میں، ملا علی قاری نے شرح مشکوٰۃ میں، علامہ زبیدی نے اتحاف السادۃ میں، علامہ عبدالحی لکھنوی نے حاشیۃ الحصن میں، اور دوسرے علماء نے دوسری کتابوں میں کالشہاب الخفاجی فی نسیم الریاض (ص ۶۶ ۲/۳) بلا نکیر نقل فرمایا ہے۔

بلکہ حافظ ابن حجر نے بھی اس زیادتی کا انکار کیا ہے، **التلخیص الحبیر** (ص ۷۸) میں رقمطراز ہیں: **ولیس فی شئ من طرقہ ذکر الدرجة الرفیعة، انتھی. وکذا قال الشیخ ابن حجر المکی فی تحفة المحتاج**

(ص۱۲۸/۱) **وقد ذكرت هذه الزيادة في فتاوى ابن تيمية المطبوعة بالرياض (ص ۱۹۲) معزياً إلى البخاري وكأنه خطأ من الكاتب.**

البتہ علامہ زرقانی نے شرح مواہب (ص۶/۳۵۲) میں اس کے ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔

فرماتے ہیں: **لكن عند ابن أبي عاصم بسند فيه المسعودي وهو ثقة' اللهم صَلِّ على محمد وأبلغه الدرجة والوسيلة في الجنة' . قال الزرقاني: فقد ورد بمعناها،** واللہ اعلم۔

اس سے اتنا ضرور مترشح ہوتا ہے کہ یہ زیادتی کتاب ابن السنی میں نہیں ہے، ہمارے خیال میں حافظ ابن حجر وحافظ سخاوی وغیرہما نے **الدرجة الرفيعة** مجموعہ کے ثبوت کا انکار کیا ہے اور یہ کسی روایت میں بھی ثابت نہیں۔

رہ گیا مطلق لفظِ **درجة** بھی ثابت ہے یا نہیں؟ بعض روایات میں وارد ہے، مگر ان سب کے طرق میں کلام ہے۔

طریق اول ابن ابی عاصم نے ذکر کیا ہے، اس میں مسعودی ہے اور مسعودی مختلط ہے۔

طریق ثانی طبرانی (کمافی الجمع) نے کبیر میں بروایۃ ابن عباسؓ **نقل** کیا ہے، اس میں اسحاق بن عبداللہ بن کیسان ہے، **ليّنه أبو أحمد الحاكم. وقال البخاري: منكر الحديث. وقال ابن حبان في الثقات: يتقى حديثه من رواية ابنه عنه.** طبرانی کے الفاظ **بلّغه درجة الوسيلة** بالاضافہ ہیں۔

طریق ثالث طبرانی (**كما في شرح الطحاوي للعيني وكذا في شرح البخاري له** (ص۲/۶۴۲) نے کبیر میں اور طحاوی نے شرح معانی الآثار میں بروایۃ ابن مسعودؓ بلفظ **أللهم أعط محمدا الوسيلة واجعل في الأعلين درجته.** نقل کیا ہے، اس میں حفص قاری ہے **وهو مختلف فيه وكذّبه ابن خراش. وقال ابن عدي أحاديثه غير محفوظة.**

لہذا کوئی طریق بھی علّت سے خالی نہیں، اسلئے لفظ درجۃ کے ثبوت میں بھی کلام ہے۔

اور اگر برقاعدہ **الحديث إذا تعددت طرقه يتقوّى،** اس کو ثابت بھی مان لیں تو پھر بھی **الدرجة الرفيعة** ثابت نہیں ہوتا۔

دوسری زیادتی **وارزقنا شفاعته يوم القيامة** ہے، یہ زیادتی بندہ کو بایں الفاظ کہیں نہیں ملی، ہاں اس کے ہم معنی الفاظ وارد ہیں، طبرانی نے اوسط (کمافی الجمع) میں بروایۃ ابی الدرداءؓ **نقل** کیا ہے

قال: كان رسول الله ﷺ إذا سمع النداء قال: أللهم ربّ هذه الدعوة التامّة والصلاة القائمة صلّ على عبدك ورسولك واجعلنا في شفاعته يوم القيامة، قال رسول الله ﷺ: من قال هذا عند

النداء جعله الله فی شفاعتی یوم القیامة. وفیه صدقة بن عبد الله السمین، ضعّفه الأکثرون. وقال أبو حاتم: صدوق، وکذا قال دحیم، والله أعلم.

جواب (۲):

حدیث عبد الرحمن بن غنمؓ وأسماء بنت یزیدؓ ہمارے علم میں کسی نے شعب الایمان للبیہقی کی طرف سوائے صاحب مشکوٰۃ کے منسوب نہیں کیا ہے، لیکن دوسروں کے عدم ذکر سے عدم لازم نہیں آتا ہے تا آنکہ کوئی شخص شعب الایمان بتمامہ نہ دیکھ لے، آخر صاحبِ مشکوٰۃ معتمد مخرجین میں ہیں، واللہ اعلم۔ ☆

جواب (۳):

طحاوی میں صحیح واقع ہوا اور اصابہ میں غلطی ہوئی۔ اس لئے کہ یہ حدیث امام زہری سے دو راوی روایت کرتے ہیں، امام مالک اور سفیان بن عیینہ۔

سفیان بن عیینہ اس طرح سند بیان کرتے ہیں: **عن الزهری عن ابن کعب بن مالکؓ عن عمه أن رسول اللهﷺ نهٰی عن قتل النساء والصبیان. هکذا أخرجه الشافعی (ص ۱۸۰) والحمیدی (ص ۳۸۵ / ۲) فی مسندیهما والطحاوی فی معانی الآثار (۲۷ / ۲) والبیهقی فی سننه (ص ۷۷. ۹ / ۷۸).**

اور امام مالک نے مؤطا میں مرسلاً ذکر فرمایا ہے، کتاب الجہاد میں فرماتے ہیں: **مالک عن ابن شهاب عن ابن لکعب ابن مالک حسبت أنه قال عبد الرحمن بن کعب بن مالکؓ أنه قال: نهٰی رسول اللهﷺ الذین قتلوا ابن أبی الحقیق عن قتل النساء والصبیان، الحدیث.**

قال الحافظ السیوطی فی تنویر الحوالک: قال ابن عبد البر: اتفق رواة المؤطّا علی إرساله، ولا علمت أحداً أسنده عن مالک من جمیع رواته إلا الولید بن مسلم، فإنه قال فیه عن عبد الرحمن بن کعب بن مالک عن کعب بن مالکؓ. أخرجه الدار قطنی فی الإفراد، اه. وهکذا نقله شیخنا فی

☆ اخرجه الامام البیهقی فی شعب الایمان (ص ۴۹۴ ج ۷، رقم الحدیث ۱۱۱۸۰) باسناده عن اسماء بنت یزید ابن السکن الانصاریة قالت سمعت رسول الله ﷺ یقول: الا اخبرکم بخیارکم وشرارکم؟ قالوا: بلیٰ یا رسول الله! قال: خیارکم الذین اذا رأوا ذکر الله عزّ وجلّ، وشرارکم المشّاؤن بالنمیمة المفرقون بین الاحبة الباغون للبرآء العنت، وفی روایة داؤد الا اخبرکم بخیارکم؟ قالوا: بلیٰ! قال: خیارکم الذین اذا رأوا ذکر الله، اخبرکم بشرارکم؟ قالوا: بلیٰ! قال: شرارکم المشّاؤن بالنمیمة المفرقون بین الاحبة الباغون للبرآء العنت،

واخرج هذا الحدیث (فی ص ۴۹۲ ج ۵ رقم الحدیث ۸۰۷۶) عن عبد الله بن عمرؓ عن رسول الله ﷺ انه قال: خیارکم الذین اذا رأوا ذکر الله بهم، وان شرارکم المشّاؤن بالنمیمة الباغون (للمرأة) العنت، انتهی. (المرتّب)

الأوجز عن التنویر.

اس سے یہ بات معلوم ہوئی کہ امام مالک سے روایت کرنے والوں میں ارسال واتصال میں اختلاف ہوگیا، سارے رواۃ امام مالک سے مرسلاً روایت کرتے ہیں، اور ولید بن مسلم متصلاً روایت کرتے ہیں اور **عن عبد الرحمن بن کعب بن مالک عن کعب بن مالک** کہتے ہیں، امام طحاوی نے بھی ولید بن مسلم کے طریق سے روایت کی ہے لہذا عن کعب بن مالک ہوگا **کما صرّح به ابن عبدالبر.**

ہمارے خیال میں حافظ ابن حجر سے سبقت قلمی ہوئی، لکھنا چاہتے تھے سفیان بن عیینہ کا طریق، لکھا گیا مالک، یا یہ کہ مالک کا طریق لکھنا چاہتے تھے مگر اخیر میں عن عمّہ واقع ہوگیا۔

اس کی تعیین مسند ابی عوانہ دیکھنے پر موقوف ہے کہ ابوعوانہ نے بطریق مالک روایت کی ہے یا بطریق ابن عیینہ؟

اگر طریقِ مالک ہے تو عن عمّہ غلط ہے، اور اگر طریق ابن عیینہ ہے تو عن مالک غلط ہے۔

اور اگر دونوں ہیں جیسا کہ امام طحاوی نے دونوں ذکر کئے ہیں تو دونوں احتمال ہیں۔

پھر اصابہ دیکھنے سے معلوم ہوا کہ سفیان بن عیینہ کا طریق ذکر کرنا چاہتے ہیں، اس لئے کہ یہ حدیث سہل بن مالک کے ترجمہ میں ذکر کی ہے، سفیان بن عیینہ کے طریق سے اسماعیلی نے بھی روایت کی ہے **کما فی الفتح، والله أعلم.**

حررہ العبد محمد یونس عفی عنہ

۲۵ جمادی الاولیٰ ۱۳۸۴ھ

وقد سمع الشیخ مدظلّہ الاجوبۃ الثلاثۃ وکذا استاذنا مظفر حسین المفتی بمظاہر العلوم

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

فتنۂ انکارِ حدیث

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم

مکرم ومحترم زاد فضلکم **السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته**

آپ کا گرامی نامہ سیدی واستادی حضرت ناظم (مولانا اسعد اللہ) صاحب مدظلہ کی خدمت میں آیا، حضرت اپنے ضعف وپیری کی وجہ سے خود جواب لکھنے سے معذور ہیں، اس لئے مجھے عنایت فرمایا۔

فتنۂ انکار حدیث کوئی نیا فتنہ نہیں ہے، بلکہ ہمیشہ ہی سے فرق ضالّہ باطلہ ایسا کرتے آئے ہیں۔ معتزلہ وغیرہ نے

احادیثِ رؤیتِ باری وحشر ونشر کا انکار کیا ہے، مگر کسی موجود شئے کا انکار مکابرہ ہوتا ہے، مخبر صادق ﷺ کے اخبار اپنے گھریلو معاملات میں روزانہ کے اخبار سے بڑھ کر ہیں۔

ایک آدمی گھر آتا ہے، اہل خانہ اس کو کسی بات کی خبر کسی واسطے سے سناتے ہیں، وہ اس کو مانتا ہے اور اس پر عمل پیرا ہوتا ہے اور کبھی کوئی سوال نہیں ہوتا ہے، حالانکہ وہاں بھی احتمالات قائم ہو سکتے ہیں۔

آج کل انکارِ حدیث کی بنیاد تین چیزوں پر ہے۔

اول: عناد وکم فہمی، دوم: دعوی مخالفتِ عقل، سوم: مخالفتِ واقعاتِ تاریخیہ۔

اول وجہ کا جواب تو ظاہر ہے کہ ایسے معاند کا قول وفعل معتبر ہی نہیں۔

اور دوسرے کا جواب یہ ہے کہ عقل کوئی ایسا معیار نہیں ہے جس کی مخالفت سے دوسری شئی کا انکار کیا جا سکے ورنہ ہم پوچھتے ہیں وہ کس کی عقل ہے؟ ساری دنیا کی عقل ہے یا جماعت خاصہ کی؟

اگر ساری دنیا کی عقل مراد ہے تو یہ بالبداہۃ باطل ہے، کیوں کہ یہ معلوم ہے کہ ایک شئی کو ایک آدمی اپنی عقل سے درست اور دوسرا باطل تصور کرتا ہے، یہ چیز ابین من البیان ہے۔

اور اگر اس سے ایک جماعت کی عقل مراد ہے، تو پھر یہ معین کرنا ہوگا کہ وہ کون سا طبقہ ہے؟ اور اس کی وجہِ تخصیص کیا ہے؟ اس کے معین کرنے والے کون ہیں اور کیوں؟ اور کیا طریق اختیار کیا جائے گا اور کیوں؟ اگر عقل ہے تو پھر وہی سوالِ اول لوٹ آئے گا، اور اگر دوسرا طریق ہے تو اس کی تعیین اور وجہ تعیین کے متعلق الی الآخر سوال ہوگا۔

تیسرے امر کا جواب اجمالی طور پر یہ ہے کہ وقائع تاریخیہ کا مدار ان اخبار ونقول پر ہے جو اس کے ذکر کرنے والوں نے بیان کی ہیں۔ تجزیہ کے بعد ان کی دو صورتیں نکلتی ہیں، بعض تو وہ ہیں جو نقل محض کا درجہ رکھتی ہیں، آگے کچھ خبر نہیں ہے کہ ناقل کون ہے اور کہاں سے نقل کر رہا ہے، اور دوسری صورت وہ ہے جن کے نقل کا تعلق ناقلین سے ہے مگر یہ نہیں معلوم کہ وہ اس واقعہ کے وقت حاضر تھا یا نہیں، اور اگر حاضر بھی ہو تو یہ نہیں معلوم کہ معتبر ہے یا کہ غیر معتبر۔

اس کے برخلاف آپ احادیث مقدسہ کو لے لیجئے۔ کوئی حدیث بلا سند نہیں ہے، اور ہر سند کی کڑی ایک دوسرے سے ملی ہے، تا آنکہ حضرت مخبر صادق ﷺ تک یہ سلسلہ منتہی ہو جاتا ہے۔ اور اسی پر بس نہیں بلکہ اس کے احوال وکریکٹر کی بھی جانچ کی جاتی ہے جس سے کتبِ رجال مشحون ہیں، اگر صحیح اخلاق وکریکٹر والا ہوتا ہے تو لیتے ہیں ورنہ اس سے تعرض نہیں کرتے ہیں، اب اس کے بعد کیا کوئی عاقل شخص حدیث کا اس حیثیت سے انکار کر سکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔

یہاں ایک سوال یہ ہو سکتا ہے کہ انکارِ حدیث کی ایک صورت یہ بھی ہو سکتی ہے کہ تدوینِ حدیث حضور اکرم ﷺ

کے زمانہ کے بعد ہوئی، اور یہ عبداللہ چکڑالوی کا بنیادی اعتراض ہے۔

مگر اولاً تو یہی تسلیم نہیں کرتے کہ کسی شئی کے تحفظ کا طریقہ صرف کتابت ہے، بلکہ قوتِ حافظہ بھی ہے جس سے حفاظت ہوسکتی ہے، محدثین اور ان سے پہلے صحابہ وتابعین کے قوتِ حفظ سے کتابیں بھری پڑی ہیں، اسی زمانہ میں حضرت علامہ انور شاہ کشمیریؒ کے قوتِ حفظ کو تو آپ نے سنا ہوگا، اب بھی ایسے لوگ ہیں جنہوں نے ایک ماہ میں قرآن کریم ازبر کیا ہے، ایسے شعراء ہیں جنہیں ہزاروں اشعار یاد ہیں۔

نیز ہم یہ کہتے ہیں کہ یہ اعتراض بھی غلط ہے کہ کتابتِ حدیث ایک صدی کے بعد شروع ہوئی، بلکہ عبداللہ بن عمروؓ کا صحیفہ مسلّمی بہ صادقہ حضور ﷺ کے زمانہ میں حضور ﷺ کی اجازت سے لکھا گیا۔ حضرت علیؓ کے پاس حضور ﷺ کا نوشتہ تھا، صدیق اکبرؓ کے پاس تھا، ابوشاہ یمنی کیلئے حضور ﷺ کا طویل خطبہ لکھا گیا۔

اس سلسلے میں نہایت محققانہ رسالہ مولانا حبیب الرحمٰن صاحب اعظمی کا ہے، نصرۃ الحدیث اس کا نام ہے۔

اسی طرح مولانا ادریس کاندھلوی کی تصنیف حجّیتِ حدیث ہے۔

مولانا مناظر احسن گیلانی کی کتاب تدوین حدیث ہے۔

مولانا بدر عالم میرٹھی نے ترجمان السنۃ کی جلد اول میں کافی بحث کی ہے، انشاءاللہ یہ آپ کیلئے کافی ہوں گی۔

حضرت مدظلہ نے فرمایا کہ آپ کے لئے دعاء کرتا ہوں۔

میں کاتبِ سطور محمد یونس خادم الطلبۃ بھی سلام مسنون عرض کرتا ہے اور دعاء کی درخواست کرتا ہے۔

والسلام ۱۸/۲/ ۱۳۸۹ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

فرشتوں کا طالب علم کے قدموں کے نیچے پر بچھانے کا مطلب

کیا وضو سے گناہ صغیرہ ہی معاف ہوتے ہیں؟

خطبۂ عیدین کا تکبیر سے شروع فرمانا

حضرت الاستاذ شیخ الحدیث کے پاس چند سوالات آئے جن کے جواب لکھنے کا امر فرمایا۔

سوال (۱):

خلاصہ یہ ہے کہ حدیث ابی الدرداءؓ میں ہے کہ فرشتے طالب علم کے قدموں کے نیچے پر بچھاتے ہیں، اس کا کیا مطلب ہے؟

سوال (۲):

حضرت امام اعظم کی بابت آپ نے فضائل ذکر میں تحریر فرمایا ہے کہ بنظر کشف وضو کرتے ہوئے شخص کو دیکھا جس کے وضو کے پانی سے زنا کیا ہوا گناہ دھل رہا تھا، زنا گناہ کبیرہ ہے اور وضو میں صغائر معاف ہوتے ہیں۔

سوال (۳):

بعض علماء نے تحریر فرمایا کہ حافظ ابن القیم زادالمعاد (ص ۱۳۶) میں لکھتے ہیں: **وكان يفتتح خطبه كلها بالحمد لله، ولم يحفظ عنه فى حديث أنه كان يفتتح خطبتى العيدين بالتكبير.**

لہٰذا اگر کسی حدیث میں وارد ہو کہ حضور اقدس ﷺ نے خطبۂ عیدین تکبیر سے شروع فرمایا ہو تو تحریر فرمائیں، ورنہ علماء کیوں ایسا کرتے ہیں؟

(مفتی) عزیز الرحمٰن بجنوری

الحمد الله وكفٰى و سلام علىٰ عباده الذين اصطفىٰ أما بعد!

جواب (۱):

حديث أبى الدرداء سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: من سلك طريقاً يطلب فيه علماً سلك الله به طريقاً من طرق الجنة، وإن الملٰئكة لتضع أجنحتها رضاً لطالب العلم. الحديث. رواه أحمد والترمذى وأبو داود وابن ماجه والدارمى وأبوالليث السمرقندى فى تنبيه الغافلين وابن حبان فى صحيحه والبيهقى فى الشعب، وفى سنده اختلا ف كثير.

شراح حدیث نے **وضع أجنحة** کے مختلف معنی تحریر فرمائے ہیں۔

ایک یہ کہ فرشتے طالبِ علم کی مجلس میں حاضر ہوتے ہیں اور پرواز سے رک جاتے ہیں، جیسا کہا جاتا ہے کہ فلاں نے رختِ سفر رکھ دیا یعنی سفر سے رک گیا۔

دوسرا مطلب یہ ہے کہ اسکے لئے عجز وانکساری کرتے ہیں اور پرواز سے رک جاتے ہیں اور پروں کی حرکت بند کر دیتے

ہیں۔

تیسرا مطلب یہ ہے کہ اسکی مدد کرتے ہیں، اسکی مقصد برآری کی سعی کرتے ہیں اور اپنی پرواز چھوڑ دیتے ہیں۔

چوتھا مطلب یہ ہے کہ طالب علم کے مخالفین کی سرکوبی اور اس کے فتنوں کے دفع کرنیکے لئے آمادہ ہوجاتے ہیں۔

پانچواں مطلب یہ ہے کہ فی الحقیقت پَر بچھاتے ہیں، تاکہ طالبِ علم کو اسپر اٹھا کر اس کے مقاصد تک پہونچاویں، اور اسمیں کوئی استعجاب نہیں، اللہ تعالیٰ کی قدرت میں ہر شی ہے، اور ہر چیز کا مشاہدہ ضروری نہیں ہے۔

زکریا ساجی فرماتے ہیں کہ ہم بصرہ کی گلیوں میں گزرتے ہوئے بعض محدثین کے پاس جارہے تھے کہ ہم نے جلدی جلدی چلنا شروع کیا، ہمارے ساتھ ایک فاجر آدمی تھا اس نے بطور مذاق کے کہا کہ تم اپنے قدموں کو فرشتوں کے پروں پر سے اٹھالو، انکے پروں کو نہ توڑو، کہتے ہیں کہ اس پر اپنی جگہ سے بھی نہ ہٹ سکا یہانتک کہ اس کے پیر خشک ہوگئے اور گر پڑا، اس نوع کا ایک اور واقعہ بھی ذکر کیا ہے۔

جواب (۲):

یہ بات ٹھیک ہے کہ وضوء سے صغائر ہی معاف ہوتے ہیں، مگر پھر بھی کوئی اشکال نہیں ہے، اس لئے کہ بسا اوقات گنہ گار آدمی وضو کرتا ہے اور اپنے دل میں اپنے گناہوں پر نادم ہوتا ہے کہ میں روسیاہ بارگاہ خداوندی میں ملوّث حاضر ہو رہا ہوں، اور پشیماں ہوکر استغفار کرتا ہے، اس وقت وضوء کے پانی کے ساتھ گناہ دھل جاتا ہے، صغیرہ ہو یا کبیرہ، اس لئے کہ توبہ محقق ہوگئی، کیونکہ توبہ کی یہی حقیقت ہے کہ اپنے کئے پر نادم ہو اور آئندہ کے لئے عہد کرے کہ اب عود نہیں کرے گا، تو بہت ممکن ہے کہ حضرت امام رحمہ اللہ نے ایسے شخص کے وضو کے پانی کو دیکھا ہو جس کو کیفیت مذکورہ پیش آئی ہو۔

اور دوسرا جواب یہ ہے کہ اثرِ شئی کے نکلنے سے لازم نہیں آتا کہ شئی بھی نکل جائے جیسے کسی کے کپڑے پر بہت سا پاخانہ لگ جائے اور اس پر قدرے پانی ڈال دیا جائے تو پاخانہ کے اثرات اس پانی میں آجائیں گے، مگر ضروری نہیں کہ سارا پاخانہ بھی زائل ہوجائے، واللہ اعلم۔

جواب (۳):

یہ ایک مسلّمہ قاعدہ اصولیہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے کوئی چیز ثابت ہو تو اس کے خلاف کوئی چیز قابل التفات نہ ہوگی۔ مطلب یہ کہ رسول پاک ﷺ کا فعل حجت ہوگا، اگر صحابہؓ سے بظاہر اس کے خلاف کچھ ثابت ہے تو اس میں موقع کے مناسب تاویل یا جمع کریں گے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ آیا اس باب میں حضرات صحابہؓ سے بھی کچھ ثابت ہے یا نہیں؟ دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرات صحابہؓ سے اس باب میں عملاً روایات منقول ہیں۔

چنانچہ بیہقی (ص۴۹۹/۳) میں مسروق سے یہ روایت نقل کرتے ہیں، **قال : کان عبد الله یکبر فی العیدین تسعاً تسعاً، یفتتح بالتکبیر ویختم به.**

اور ایک اس طریق سے نقل کیا ہے، **عبد الرحمٰن بن عبد القاری عن إبراهیم بن عتبة بن مسعود أنه قال: من السنّة تکبیرا الإمام یوم الفطر ویوم الأضحیٰ حتی یجلس علی المنبر قبل الخطبة تسع تکبیرات وسبعاً حین یقوم ثم یدعو ویکبّر بعد ما بدا له.**

بیہقی فرماتے ہیں کہ ان کے علاوہ نے اس طرح نقل کیا ہے، **عن إبراهیم عن عبید الله تسعاً تتریٰ إذا قام فی الأولیٰ وسبعاً تتری إذا قام فی الخطبة الثانیة.**

پھر شافعی کے طریق سے نقل کیا ہے، **أنبأنا إبراهیم بن محمد عن عبد الرحمٰن بن محمد بن عبد عن إبراهیم عبد الله عن عبید الله بن عبد الله بن عتبة قال: السنّة فی تکبیر یوم الأضحیٰ والفطر علی المنبر قبل الخطبة أن یبتدئ الإمام قبل الخطبة وهو قائم علی المنبر بتسع تکبیرات تتریٰ، لا یفصل بینها بکلام ثم یخطب.** میں کہتا ہوں کہ ابراہیم بن محمد وہ ابن ابی یحییٰ الاسلمی ہیں جو ضعیف ہیں۔

پھر بیہقی نے شافعی کے طریق سے نقل کیا ہے، **أخبرنی الثقة من أهل المدینة أنه أثبت له کتاباً عن أبی هریرةؓ ،فیه تکبیرا الإمام فی الخطبة الأولیٰ یوم الفطر والأضحیٰ إحدی أو ثلث وخمسین تکبیرةً فی فصول الخطبة بین ظهرانی الکلام .**

ان مختلف آثار میں خطبۂ عیدین کو تکبیرات سے شروع کرنا وارد ہے، بالخصوص اثر اول میں تو حضرت ابن مسعودؓ کا فعل مروی ہے۔ ظاہر ہے کہ حضرت ابن مسعودؓ جن کے بارے میں صحیح بخاری میں حضرت حذیفہؓ صاحب سرّ رسول اللہ ﷺ کا مقولہ **إن أشبه الناس قولاً وسمتاً وهدیاً برسول الله ﷺ لابن أم عبد من حین یخرج من بیته إلی أن یرجع إلیه** وارد ہے حضور اقدس ﷺ کے فعل کے خلاف کیسے کر سکتے ہیں؟ لہٰذا ان کے پاس کوئی دلیل سنتِ مطہرہ سے ضرور موجود ہوگی جس کو انہوں نے اپنا اسوہ بنایا۔

اگر حضور اقدس ﷺ کا عمل خطبۂ عیدین کو حمد سے شروع کرنے کا ہوتا تو حضرت ابن مسعودؓ جیسا شخص ہرگز اس کے خلاف نہ کرتا، علاوہ ازیں اس کے علاوہ دوسرے آثار میں جن کا اوپر ذکر گذر چکا ہے خطبۂ عیدین کو تکبیر سے شروع کرنے کو سنت قرار دیا ہے، اور سنت سے عند الاطلاق سنتِ رسول ﷺ مراد ہوتی ہے۔

علامہ زیلعی نصب الرایۃ (ص۳۱۴/۱) میں لکھتے ہیں:

واعلم أن لفظة السنة يدخل فى المرفوع عندهم، قال ابن عبد البرّ فى التقصّى: واعلم أن الصحابى إذا أطلق اسم السنّة فالمراد به سنّة النبى، وكذلك إذا أطلقها غيره مالم يضف إلى صاحبها كقولهم سنة العمرين وما أشبه ذلك.

العبد محمد یونس عفی عنہ
بامر الاستاذ الامام المولیٰ محمد زکریا مدظلہم
وسمع الشیخ ھذا الجواب

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

حدیث کان إذا تغدّیٰ لم یتعشّ الخ کیا ثابت ہے؟

سوال:

هل ورد فى الحديث قول النبى ﷺ: كان إذا تغدّىٰ لم يتعشّ وإذا تعشّىٰ لم يتغدّ ؟

جواب:

أورده الغزالى فى الإحياء من حديث أبى سعيد الخدرىؓ مرفوعاً، لكن قال العراقى فى تخريج الإحياء: لم أجد لهٗ أصلاً فى المرفوع. ورواه البيهقى فى الشعب من فعل أبى جحيفةؓ، انتهىٰ. لكن قال الزبيدى فى الاتحاف: بل أخرجه أبو نعيم فى الحلية فى ترجمة عطاء بن أبى رباح أى عن أبى سعيدؓ مرفوعاً. وهكذا عزاه السيوطى فى الجامع الصغير(ص۱۳ ۱/۵) إلى حلية ا لإولياء من حديث أبى سعيدؓ. والله أعلم.

إذا تغدّٰى تمدّٰى الخ کیا یہ حدیث ہے؟

سوال:

کیا یہ حدیث میں وارد ہوا ہے، كان النبى ﷺ إذا تغدّٰى تمدّٰى وإذا تعشّٰى تمشّٰى؟

جواب:

لا أعلم له أصلاً لا فى المرفوع ولا فى الموقوف.

ثم وجدت أصله عن الحارث بن كلدة الثقفى طبيب العرب فى زمان النبى ﷺ۔

قال الحافظ ابن حجر فی الإصابة (ص ۲ ۳۰۲/۱) روی داود بن سعید عن عمرو بن معروف قال: لما احتضر الحارث اجتمع الناس إلیه، فقالوا: أوصنا، فقال: لا تتزوّجوا إلا شابّةً، ولا تأکلوا الفاکهة إلا نضجةً، ولا یتعالجنّ أحدکم ما احتمل بدنه الداء، وعلیکم بالنورة فی کل شهر فإنها مذهبة البلغم، ومن تغدّی فلینم بعده، ومن تعشّی فلیمش أربعین خطوةً.

واختلف فی إسلامه، فقال ابن ابی حاتم: لا یصح إسلامه، وذکره الحافظ فی القسم الأول من الإصابة، فان ثبت إسلامه فهذا قول صحابی. والله أعلم.

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

محدثین کے یہاں رکاکت کا مفہوم کیا ہے؟

سوال:

رکاکت کا کیا مطلب ہے؟ محدثین اس سے کیا مراد لیتے ہیں؟

از مولانا احرار الحق صاحب فیض آبادی

جواب:

رکاکت کا مطلب یہ ہے کہ کلام میں کلام نبوت کی بلاغت وجزالت نہ ہو۔

حافظ سخاوی شرح الفیہ (ص ۱۱۳) میں رکاکت کی تفسیر فرماتے ہیں: أی الضعف من قوّة فصاحته ﷺ فی اللفظ والمعنی معاً، مثل ما یروی فی وفاة النبیﷺ وکذا فی أحدهما، ولکنه فی اللفظ وحده مقید بما إذا صرّح بأنه لفظ الشارع ولم یحصل التصرف بالمعنی فی نقله، لا سیّما إن کان لا وجه له فی الإعراب.

وقد روی الخطیب وغیره من طریق الربیع بن خثیم النابعی الجلیل، قال: إن للحدیث ضوءً کضوء النهار یعرف، وظلمةً کظلمة اللیل تنکر. ونحوه قول ابن الجوزی: الحدیث المنکر یقشعرّ منه جلد طالب العلم وینفر منه قلبه فی الغالب. وعنیٰ بذالک الممارس لألفاظ الشارع الخبیر بها وبرونقها وبهجتها، ولذا قال ابن دقیق العید: وکثیراً ما یحکمون بذالک أی بالوضع باعتبار أمور ترجع إلی المروی وألفاظ الحدیث. وحاصله یرجع إلیٰ أنه حصلت لهم لکثرة محاولة ألفاظ

النبی ﷺ هيئة نفسانية وملكة قوية يعرفون بها ما يجوز أن يكون من ألقاظ النبوة وما لا يجوز، انتهیٰ.

والركاكة في المعنى كأن يكون مخالفاً للعقل ضرورةً أو استدلالاً ولا يقبل تأويلاً بحال، نحو الأخبار عن الجمع بين الضدين وعن نفي الصانع وقدم الأجسام وما أشبه ذالک، لانه لا يجوز أن يرد الشرع بما ينافي مقتضى العقل.

قال ابن الجوزی: وكل حديث رأيتهٗ يخالف العقول أو يناقض الأصول فاعلم أنه موضوع، فلا يتكلّف اعتباره، أی لا تعتبر رواته ولا تنظر في جرحهم، أو يكون مما يدفعه الحسّ والمشاهدة أو مبايناً لنص الكتاب والسنة المتواترة أوالإجماع القطعي حيث لا يقبل شيئ من ذالک التأويل، أو يتضمّن الإفراط بالوعيد الشديد على الأمر اليسير، وبالوعدالعظيم على الفعل اليسير، وهذا الأخير كثير موجود في حديث القصّاص والطرقيّة، ومن ركّة المعنى لا تأكلوا القرعة حتى تذبحوها، ولذا جعل بعضهم ذالک دليلا على كذب راويه. انتهیٰ۔ واللہ اعلم

بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

ہاتھوں اور پیروں کی تقبیل کا حکم کیا ہے؟

سوال:

ہاتھوں اور پیروں کی تقبیل کے سلسلے میں احادیث مطلوب ہیں۔

جواب:

أخرج أبو داود (ص۳۲۸/۵) في السنن واللفظ له والبخاری في الأدب المفرد (ص۱۴۲) عن زارع أی ابن عامر العبدی وكان في وفد عبد القيس قال: لما قدمنا المدينة فجعلنا نتبادر من رواحلنا فنقبّل يد رسول الله ﷺ ورجله.

وبوّب عليه أبو داود 'باب قبلة الرجل' وبوّب البخاری 'باب تقبيل الرجل'.

وأخرج الحافظ أبو بكر بن المقری من حديث مزيدة العصری مثله. كما في الفتح (ص۴۸

۱۱/).

وأخرج الحاكم (ص ۱۷۲/۴) والبزار وأبو بكر بن المقرى من حديث بريدةؓ فى قصّة الأعرابى والشجرة، فقال: يا رسول الله! ائذن لى أن أقبّل رأسك ورجليك، ثم أذن له فقبّل رأسه ورجليه ويديه.

قال البزار: لا يعلم فى تقبيل الرأس غير هذا الحديث، انتهىٰ.

قلت: هذا الحديث وإن صحّحه الحاكم ولكن ضعّفه الذهبى، لأن راويه صالح بن حبان متروك. وقد ورد فى تقبيل الرأس حديث عائشةؓ فى قصّة الإفك، وفيه قال أبو بكرؓ لعائشةؓ: قومى فقبّلى رأس رسول الله ﷺ. أخرجه البخارى.

وأخرج الترمذى وأبو داود والنسائى من حديث صفوان بن عسّالؓ أن يهوديين أتيا النبى ﷺ فسألاه عن تسع آيات. الحديث، وفيه فقبّلا يده ورجله. قال الترمذى هذا حديث حسن صحيح. وصحّحه الحاكم أيضاً. واستدلّ به ابن بطال والنووى والحافظ ابن حجر وغيرهم على المسئلة.

وأخرج البخارى فى الأدب المفرد (ص ۱۴۲) عن صهيبؓ قال: رأيت علياؓ يقبّل يد العباسؓ ورجليه. وهكذا أخرجه ابن المقرى كما فى الفتح.

وذكر الحافظ ابن حجر فى ترجمة عبد الرحمٰن بن رزين الغافقى وقد لقى سلمة بن الأكوعؓ بالربذة وقبّل يده. روى ذالك عنه العطاف. اهـ.

وقال إبراهيم بن الأشعث: رأيت ابن عيينة يقبّل يد الفضيل بن عياض مرّتين، كذا فى تذكرة الحفاظ (ص ۲۲۶/۱). وفى الباب روايات ذكرها الهيثمى فى المجمع (ص ۴۲/۸).

وقال المنذرى فى مختصره أى لسنن أبى داود: وقد صنّف الحافظ أبوبكر الأصبهانى المعروف بابن المقرى جزءً فى الرخصة فى تقبيل اليد، ذكر فيه أحاديث وآثاراً عن الصحابةؓ والتابعين. والله أعلم، كذا فى تخريج الزيلعى (ص ۲۵۹/۴).

وأخرج الطبرانى عن كعب بن مالكؓ أنه لما نزل عذره أتى النبى ﷺ فأخذ بيده فقبّلها. وفيه يحيىٰ بن عبد الحميد الحمانى، وهو ضعيف.

وأخرج الطبرانى أيضاً عن يحيى بن الحارث الذمارى قال: لقيت واثلة بن الأسقعؓ فقلت: بايعتَ

بیدک هذه رسول الله ﷺ؟ فقال: نعم، قلت: أعطنی یدک أقبّلها، فأعطانیها فقبّلتها.

وفیه عبد الملک القاری، قال الهیثمی: لم أعرفه، وبقیّة رجاله ثقات.

وأخرج الطبرانی فی الأوسط عن عبد الرحمٰن بن رزین عن سلمة بن الأکوعؓ، قال: بایعت النبیﷺ بیدی هذه فقبّلناها. ورجاله ثقات، وهو الأثر الذی تقدّم عن الحافظ ابن حجر.

وأخرج الحاکم فی علوم الحدیث (ص۱۱۳) قال: حدثنی أبو نصر أحمد بن محمد الوراق قال: سمعت أبا حامد أحمد بن حمدون القصار یقول: سمعت مسلم بن الحجاج وجاء إلی محمد بن إسماعیل البخاری فقبّل بین عینیه وقال: دعنی حتی أقبّل رجلیک یا أستاذ الأستاذین وسید المحدثین وطبیب الحدیث فی علله. وأخرجه البیهقی فی المدخل عن الحاکم، کما فی القسطلانی (ص۱۳۵). وهٰذا الأخیر ذکرته لبیان التعامل، والله الموفق.

العبد محمد یونس عفی عنه

۲ شوال المکرم ۱۳۸۶ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

نصاب کے بقدر بکریوں کی زکاۃ میں ائمہ ثلاثہ کا مسلک

سوال:

ایک شخص کے پاس نصاب کے بقدر بکریاں ہیں وہ حولان حول سے قبل مرگئیں یا خود بیچ دی یا اسکا کسی دوسرے مال سے تبادلہ کردیا، اس میں ائمہ ثلاثہ کا مذہب چاہئے۔

(از شیخ الحدیث حضرت مولانا زکریا صاحب مدظلہ العالی)

جواب:

قال النووی فی شرح المهذب (ص۵/۴۶۷): قال الشافعی والأصحاب: إذا باع مال الزکاة قبل وقت وجوبها، کالثمر قبل بدو صلاحه والحبّ قبل اشتداده والماشیة والنقد وغیره قبل الحول، أونوٰی بمال التجارة القنیة أو اشتریٰ به شیئاً للقنیة قبل الحول، فإن کان ذالک لحاجة إلی ثمنه لم یکره بلا خلاف، لأنه معذور لا ینسب إلیه تقصیر ولا یوصف بفرار. وإن لم یکن به حاجة

وإنما باعه لمجرد الفرار فالبيع صحيح بلا خلاف لما ذكره المصنف يعني صاحب المهذب، وهو قوله لأنه باع ولا حق لأحد فيه، ولكنه مكروه كراهة تنزيه، هذا هو المنصوص وبه قطع الأصحاب.

وشذّ الدارمي وصاحب الإبانة فقالا : هو حرام، و تابعهما الغزالي في الوسيط، وهذا غلط عند الأصحاب.

وقد صرح القاضي أبوطيّب في المجرد والأصحاب بأنه لا إثم على البائع فراراً. قال الشافعي و الأصحاب: إذا باع فراراً قبل انقضاء الحول فلا زكوة عندنا، وبه قال أبوحنيفة وأصحابه و داود وغيرهم، و قال مالك وأحمد و إسحاق: إذا أتلف بعض النصاب قبل الحول أو باعه فراراً لزمه الزكوة .

دليلنا أنه فات شرط وجوب الزكاة وهو الحول، فلا فرق بين أن يكون على وجه يعذر فيه أولا يعذر، انتهى. و راجع الرافعي (ص۴۸۹/۵) والفتح (ص ۲۹۴/۱۲)

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

سوال : کیا ذمی دارالحرب میں تجارت کے لئے جاسکتا ہے ؟

السائل ــــــــــــــ

جواب :

الظاهر الجواز. ثم رأيت المسئلة مذكورة في رد المحتار (ص۳۴۶/۳) عن شرح السير الكبير أن الذمي لو أراد الدخول إليهم بأمان فإنه يمنع أن يدخل فرساً معه أو سلاحاً، لأن الظاهر من حاله أنه يبيعه منهم، بخلاف المسلم إلا أن يكون معروفاً بعداوتهم.

ولا يمنع من الدخول بتجارة على البغال والحمر والسفن لأنه للحمل، لكن يستحلف أنه لم يرد بيع ذلك منهم، انتهى.

محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

باب الاقتداء بسنن رسول الله ﷺ

اور باب الاقتداء بافعال النبی ﷺ

دونوں باب میں کیا کیا فرق ہے؟

سوال:

بخاری شریف (ص۱۰۸۰) **باب الاقتداء بسنن رسول الله** ﷺ اور **باب الاقتداء بافعال النبی** ﷺ میں عموم وخصوص مطلق کے علاوہ کوئی اچھا فرق کرسکو تو اچھا ہے، تاکہ دونوں ابواب کی غرض واضح ہوجائے۔

(از شیخ الحدیث حضرت مولانا زکریا صاحب مدظلہ العالی)

جواب:

قال العبد الضعيف: الفرق بين البابين من أربعة أوجه.

الأول: أن الظاهر من الأحاديث المذكورة في باب الاقتداء بسنن رسول الله ﷺ أن المراد بالسنّة السنن التي سنّها رسول الله ﷺ لأمته تشريعاً على أصنافها المتنوعة من فرض أو واجب أو سنّة أو غير ذلك. والمراد من باب الاقتداء بأفعال النبي ﷺ الاقتداء بأفعاله التي لم تكن على وجه التشريع، و لايكون هناك دليل على كونها مخصوصة بالنبي ﷺ.

والثاني: ما ذكره في فيض الباري (ص۴/۵۰۸) في باب الاقتداء بأفعال النبي ﷺ، قال: دخل يعني البخاري في بيان أفعال النبي ﷺ بعد الفراغ عن حكم أقواله. انتهى.

وفيه أن السنّة تعمّ الأقوال والأفعال، إلا أن يقال أن قرينة التقابل اقتضت هذا التفريق، ولكن ذكر بعض أهل الأصول أن السنّة تخصّ بالأفعال، فعلى هذا هذا التفريق مشكل.

والثالث: أن المراد بالباب الأول أعني باب الاقتداء بسنن رسول الله ﷺ ما يعم الأفعال والأقوال، ثم بنوعيها من الإخبار والإنشاء من الأمر والنهي، فهو إذاً باب جامع، ثم ذكر تفاصيله في أبواب مستقلة فعقد للأفعال باباً فقال: باب الاقتداء بأفعال النبي ﷺ، وعقد للإنشاء باباً على حدة

فقال: باب نهى النبى ﷺ على التحريم إلا ما تعرف إباحته، وكذلك أمره، إلى آخره، ولعله لم يذكر للإخبار باباً لأنه عقد كتاب الأحكام، فالمناسب إذاً ما يتعلق بالأحكام، أو هو داخل فى أنه أفعال.

والرابع: أن الغرض بالباب الأول بيان مرتبة السنة وأنها مما تتّبع ولا تترك هكذا، والغرض من باب الاقتداء بالأفعال دفع ما يتوهم من قولهم أنه اذا وقع التعارض بين القول والفعل يترجح القول لاحتمال أن يكون الفعل مخصوصاً بالنبى ﷺ، فدفع بذلك توهم الاختصاص، وإنها مما تتّبع إلا أن يقوم دليل مخصوص، والله أعلم.

كتبه العبد محمد يونس عفى عنه

۱۷ ذى الحجة ۱۳۸۷ھ

إضافه: والوجه الخامس أن الغرض من باب الاقتداء بسنن رسول الله ﷺ بيان وجوب الاقتداء بها، والغرض من باب الإقتداء بأفعال رسول الله ﷺ الإشارة إلى مسئلة خلافية ذكرها الحافظ ابن حجر، انتهى.

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

محیّصة بن مسعود کا سلسلہ نسب کیا ہے؟

سوال:

قصۂ قسامہ میں محیّصہ بن مسعود کے سلسلۂ نسب میں بعض روایات میں محیّصہ بن مسعود بن زید واقع ہوا ہے حالانکہ تہذیب التہذیب وغیرہ میں محیّصہ بن مسعود بن کعب بن عامر واقع ہوا ہے، یعنی زید کا واسطہ نہیں ہے، البتہ عبداللہ بن سہل بن زید بن کعب بن عامر کے نسب میں زید وارد ہوا ہے، کمافی تہذیب الحافظ وغیرہ۔

مولانا حکیم (محمد ایوب سہارنپوری) صاحب

جواب:

محیّصہ بن مسعود کا نسب عامۂ اہل رجال محیّصہ بن مسعود بن کعب بن عامر بن عدی لکھتے ہیں، چنانچہ اسی طرح ابن عبدالبر، ابن الاثیر وغیرھما نے لکھا ہے، اسی طرح ان کے بھائی حویّصہ کا سلسلۂ نسب یہی بیان کیا ہے، ابن ابی حاتم نے مسعود کے بعد کوئی اضافہ ہی نہیں کیا، اسی طرح امام بخاری نے تاریخ کبیر میں محیّصہ کے ترجمہ میں مسعود کے بعد کوئی اضافہ

نہیں کیا، ابن حبیب نسابہ نے کتاب المجر (ص ۱۲۱) میں محیصہ بن مسعود کا ذکر ضمناً کیا ہے، لیکن مسعود کے بعد سلسلۂ نسب بیان نہیں فرمایا۔

لیکن جو حضرات سلسلۂ نسب ادھر تک بیان فرماتے ہیں وہ زید کا واسطہ ذکر نہیں کرتے ہیں، اور عبداللہ بن سہل بن زید بن کعب بن عامر کے نسب میں زید کا واسطہ ذکر فرماتے ہیں، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ زید کا واسطہ سلسلۂ نسب حویّصہ ومحیّصہ میں غلط ہے۔

اس کے بعد حافظ ابن حجر کا کلام فتح الباری (ص ۱۹۸/۶) میں نظر سے گزرا، فرماتے ہیں: **قوله فی نسب محیّصة بن مسعود بن زید یقال: إن الصواب کعب بدل زید، انتهی.**

لیکن اس میں اشکال ہے کہ خود اصحاب رجال ہی نے حضرت عبداللہ بن سہل کو حویّصہ ومحیّصہ کا ابن العم قرار دیا ہے **کما قال ابن عبد البر فی ترجمة حویّصة: إن حویّصة کان أسنّ من أخیه محیّصة، وفیه قال رسول الله ﷺ: 'الکبر الکبر' إذ قالا له عن ابن عمهما عبد الله بن سهل المقتول بخیبر. وکذا جعله النووی (ص ۵۵ / ۸) فی شرح مسلم: ابن عمّه عبد الله بن سهل، وکذا وقع مصرّحاً به فی صحیح مسلم وغیره.**

اور محیّصہ عبداللہ بن سہل کے ابن العم اسی وقت ہوسکتے ہیں جبکہ زید کو محیّصہ کے نسب میں مان لیا جائے، اور اسکی تائید بخاری ومسلم ونسائی وترمذی (ص ۱۷۰/۱) وغیرہم کی روایات سے ہوتی ہے جس میں محیّصہ بن مسعود بن زید واقع ہے، غالباً اسی وجہ سے حافظ ابن حجر نے '**یقال إن الصواب کعب**' سے تعبیر فرمایا ہے، الا یہ کہ یہ توجیہ کی جائے کہ ابن العم مجازاً کہدیا ہے۔ چنانچہ بذل المجہود (۱۶۸/۵) میں حضرت شیخ المشائخ نے لکھا ہے: **وهو إطلاق مجازی.** واللہ اعلم۔

محمد یونس عفی عنہ

۱۸ ذی الحجہ ۱۳۸۷ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

'إنها خلقت من ضلع آدم' میں آدم کا اضافہ کہاں ہے؟

سوال:

قاضی ثناء اللہ پانی پتی نے تفسیر مظہری میں بروایت ابوھریرہؓ نقل کیا ہے، **إنها خلقت من ضلع آدم**، اور فرماتے ہیں **متفق علیه**، لفظ آدم کا اضافہ بخاری ومسلم میں کہاں ہے؟

جواب:

بندہ کو کتب ستہ و مسانید مثل مسند احمد و طیالسی و حمیدی و شافعی و معجم صغیر للطبرانی وغیرہ میں یہ لفظ معلوم نہیں ہے۔

البتہ امام نووی نے شرح مسلم میں لکھا ہے: **قوله ﷺ: إن المرأة خلقت من ضلع. فيه دليل لما يقوله الفقهاء أو بعضهم: إن حواءً خلقت من ضلع آدمؑ. قال الله تعالىٰ: خلقكم من نفس واحدة و خلق منها زوجها. و بيّن النبي ﷺ أنها خلقت من ضلع. انتهى.**

مفسرین نے عامۃً یہ تصریح کی ہے کہ حضرت حواؑ کو حضرت آدمؑ کے ضلع ایسر سے پیدا کیا گیا ہے، حتی کہ حافظ ابن کثیر نے یہی تفسیر سورہ نساء میں لکھا ہے، اسکے بعد حضرت ابن عباس کا ایک اثر بحوالہ ابن ابی حاتم لکھا ہے جو اس کا مؤید ہے، لیکن اس اثر میں لفظ آدم کی تصریح نہیں ہے۔ البتہ حافظ ابن حجر فتح الباری میں لکھتے ہیں: **قوله: 'كأنهن خلقن من ضلع' كان فيه إشارة إلى ما أخرجه ابن إسحاق في المبتدأ عن ابن عباسؓ أنّ حواءؑ خلقت من ضلع آدمؑ الأقصر الأيسر و هو نائم.**

وكذا أخرجه ابن أبي حاتم و غيره من حديث مجاهد، انتهى. لکن یہ بھی ایک اثر موقوف ہے، اور ظاہر ہے کہ حضور ﷺ سے سنا ہوگا، اگرچہ احتمالِ أخذ من الاسرائیلیات قائم ہے۔ واللہ اعلم۔

محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

کیا امام ابوحنیفہ مرجئہ میں سے ہیں؟

سوال:

حضرت پیرانِ پیر نے امام ابوحنیفہ اور ان کے متبعین کو فرقۂ مرجئہ میں شمار کیا ہے، اب یا تو احناف حنفیت چھوڑ دیں جب تو وہ حضرات پیران پیر کے متبع ہو سکتے ہیں، یا پھر پیران پیر سے ہاتھ دھونا پڑے گا۔

جواب: **بسم الله الرحمٰن الرحيم**

الحمد لله الذي بيده عزيمة الهداية، نسأله أن يوفقنا للتمسّك بها ويجنّبنا عن عماية الغواية، والصلاة والسلام على سيدنا محمدصاحب اللواء والراية، وعلى آله وصحبه الذين في كل خير إليهم النهاية. أما بعد!

اصل سوال کے متعلق کچھ عرض کرنے سے پہلے بطور مقدمہ کے اتنا جاننا ضروری ہے کہ کسی شخص کے خیالات کے جاننے اور اسکے عندیات اور عقائد کے معلوم ہونے کے دو ہی ذریعہ ہیں۔

ایک اسکی تصانیف، دوسرے اسکے اَتباع۔

تصانیف تو اس وجہ سے کہ مصنف اس میں اپنے مافی الضمیر اور عندیات کو ذکر کرتا ہے، خدانخواستہ اگر مصنف دوسرے کے لئے آلۂ گفتار ہو تو بھی وہ اثنائے کلام میں اپنے خیالات کا پرچار کرتا رہتا ہے، اور جبکہ مصنف خود مستقل ہو اور کسی کا پابند نہ ہو تو پھر تو وہ اس میں کوئی کسر ہی نہیں اٹھا رکھتا۔

اور متبعین اس وجہ سے کہ وہ انہیں اعمال و کردار کو اپنائیں گے جو ان کا رہبر کرتا رہا، اور اسی طریقہ پر گامزن ہوں گے جس پر ان کا رہنما چلتا رہا، اور ظاہر ہے کہ ایک شخص جو ایک جماعت کا سربرآوردہ اور مقتدا ہو کسی کا پابند نہ ہو تو وہ اپنے خیالات کے مطابق جادہ پیمائی کرے گا، لہٰذا یہ شبہ بھی نہیں ہوسکتا کہ شاید دوسرے کے لحاظ میں اپنے طریقۂ کار کو بدل دیا ہو۔

اس مقدمہ کی وضاحت کے بعد حضرت امام ابوحنیفہ کا مذہب نکھر کر سامنے آجاتا ہے۔ انکی تالیفات مثلاً **الفقه الأكبر** اور **كتاب الوصية** وغیرہ میں عقائد اہل سنّت کے علاوہ اور کوئی چیز نہیں ہے۔ **عقيدة الإمام الطحاوي** جو حقیقۃً امام صاحب اور انکے متبعین کا عقیدہ ہے سارا ہی اہل سنت کا عقیدہ ہے۔

اور اگر امام صاحب کے اَتباع اور انکے پیروکاروں کو لیجئے تو وہ بھی اہل سنت والجماعت ہیں، چنانچہ ساری دنیا کے احناف بھی اہل سنت والجماعت ہیں، اور انکی تالیفات میں بھی یہی ہے، اور ظاہر ہے کہ ان موجودہ لوگوں نے اپنے ان عقائد اور خیالات کو اپنے اکابر اور مقتدیان سے ہی لیا ہوگا، ثم وثم تا آنکہ امام صاحب سے سلسلہ جاملا، اور تواتر طبقہ سے امام اعظم کا فرقۂ اہل سنت والجماعت سے ہونا واضح ہو جاتا ہے۔

اسکے بعد کسی شخص کا امام صاحب یا انکے اَتباع کا فرق ضالّہ میں محض لکھ دینا خود ایک دعوی بے بنیاد اور بے حقیقت کلام بن جاتا ہے خواہ کوئی بھی ہو، اس لئے کہ غلطی سے تو حضرات انبیاء صلوات اللہ وسلامہ علیہم کے علاوہ اور کوئی بھی معصوم نہیں ہے، لہٰذا غلطی کا امکان باقی ہے، بلکہ غلطیاں واقع ہوتی ہیں اور بڑوں بڑوں سے بھی، چنانچہ متبعین ائمہ اربعہ ایک دوسرے کے مذاہب نقل کرنے میں خطا کر جاتے ہیں **كما لا يخفى على الخبير**.

اب اس کے بعد سنئے کہ حضرت قطب العالم سیدنا ومولانا شیخ عبدالقادر الجیلی کی مشہور تالیف غنیۃ الطالبین میں امام صاحب کے متبعین کو فرق ضالہ میں شمار کیا ہے، چنانچہ اس امت کے فرق لکھتے وقت شیخ موصوف فرماتے ہیں:

فاصل ثلاث وسبعين فرقة عشرة، أهل السنة والجماعة والخوارج والشيعة والمعتزلة والمرجئة

والمشبّهة والجهمية والضرارية والنجارية والكلابية.

پھر ہر فرقہ کے احوال انکے عقائد وخیالات نیز انکی شاخیں ذکر کرتے ہوئے مرجئہ کے بارے میں لکھتے ہیں:

وأما المرجئة ففِرقها اثنا عشر فرقة، الجهمية والصالحية والشمرية واليونسية والثوبانية والنجارية والغيلانية والشبيبية والحنفية والمعاذية والمريسية والكرامية، كذا فى الرفع والتكميل (ص ۳۷۵).

پھران فرق کے احوال کا ذکر کرتے ہوئے حنفیہ کے ذکر پر پہنچ کر فرماتے ہیں:

وأما الحنفية فهم أصحاب أبى حنيفة النعمان بن ثابت، زعموا أن الإيمان هو المعرفة والإقرار بالله ورسوله وبما جاء به من عنده جملة على ما ذكره البرهوتى فى كتاب الشجرة. انتهىٰ.

شیخ رحمہ اللہ نے حنفیہ کوفرق ضالّہ میں شمار فرمایا ہے۔

اب اس میں مختلف رائیں ہیں۔

بعض تو کہتے ہیں کہ غنیۃ الطالبین شیخ کی تصنیف ہی نہیں ہے، شیخ عبدالحق محدث دہلوی غنیۃ الطالبین کے ترجمے کے شروع میں فرماتے ہیں:

ہرگز ثابت نشدہ کہ ایں تصنیفِ آں جناب است، اگر چہ انتسابِ آن با حضرت شہرت دارد، ونظر بریں کہ شاید دراں حرف از آن جناب بود ترجمہ کردہ، چنانچہ علامہ میر حسین میبذی در دیباچہ دیوان کہ نزد عوام منسوب بحضرت امیر المؤمنین علیؓ است بر ہمیں اسلوب معذرت کردہ۔ انتہی۔

مگر اس میں اشکال یہ ہے کہ کبارِ محققین نے اس کتاب کو شیخ جیلانی کی تالیفات میں ذکر کیا ہے، چنانچہ شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے اپنے فتاویٰ (ص۲۲۲/۳) اور حافظ ذہبی نے **كتاب العرش و العلو** (ص۱۹۳) اور حافظ ابن کثیر نے **البداية والنهاية** (ص۲۵۲/۲۱) اور حافظ ابن حجر نے بھی اپنی بعض تالیفات میں غنیۃ الطالبین کو شیخ جیلانی کی طرف منسوب کیا ہے، لہٰذا یہ جواب کچھ درست نہیں ہے۔

اور بعض کہتے ہیں کہ یہ عبارت شیخ کی نہیں ہے بلکہ الحاقی ہے، **وإليه مال الشيخ العلامة عبد الغنى النابلسى فى كتابه 'الرد المتين على منتقص العارف محىّ الدين' قال فى الكتاب المذكور:**

الأولىٰ فى الجواب أن يقال: تلك العبارة مدسوسة مكذوبة على الشيخ، وينبغى أن يحفظ هذا الأصل فى جميع ما وجد فى كتب العلماء الصالحين من بعض العبارات الفاسدة معناها القبيح

مرادها، كما قال القاضي أبوبكر الباقلاني في كتابه الانتصار ما معناه:

إن وجود مسئلة في كتاب أو في ألف كتاب منسوب إلى إمام لا يدل على أنه قالها حتى ينقل ذالك نقلاً متواتراً يستوى فيه الطرفان والواسطة، وهذا عزيز الوجود. انتهىٰ.

علامہ عبدالحکیم لاہوری نے بھی یہی جواب دیا ہے، چنانچہ ترجمہ غنیۃ میں لکھتے ہیں:

بدانکہ ذکر حنفیہ در فرق مرجئہ وگفتن کہ ایمان نزد شان معرفت واقرار خلاف مذہب ایں طائفہ است کہ در کتب مقرر است، وشاید ایں را بعض مبتدعہ داخل کردہ اند در کلام شیخ، انتہی۔

بعض علماء اس جواب کی تائید میں یہ پیش کرتے ہیں کہ ایسے واقعات ہوئے ہیں۔

چنانچہ علامہ عبدالوہاب شعرانی اپنی کتاب **اليواقيت والجواهر في بيان عقائد الأكابر** میں تحریر فرماتے ہیں:

وقد دسّ الزنادقة تحت وسادة الإمام أحمد بن حنبل عقائد زائغة، ولولا أن اصحابه يعلمون منه صحة الاعتقاد لافتتنوا بما وجدوا، وكذالك دسّوا على شيخ الإسلام مجد الدين الفيروزآبادى صاحب القاموس كتاباً في الردّ على أبى حنيفة وتكفيره، ودفعوه إلى أبى بكر بن الخياط اليمنى فأرسل يلوم الشيخ مجد الدين على ذالك، فكتب إليه: إن كان بكفّك هذا الكتاب فاحرقه فانه افتراء من الأعداء، وأنا من أعظم المعتقدين في الإمام أبى حنيفة، وذكرت مناقبه في مجلد، وكذالك دسّوا على الإسام الغزالى في الإحياء مسائل، وظفر القاضي عياض نسخة من تلك النسخ فأمر باحراقها، وكذالك دسّوا على الشيخ محيّ الدين مسائل في الفتوحات وقفت عليها فتوقفت، فذكرت ذالك للشيخ أبى طاهر المغربى نزيل مكة المشرفة فأخرج إليّ نسخة من الفتوحات التى قابلها على نسخة الشيخ التى بخطه في مدينة قونية، فلم أر فيها شيئاً مما كنت توقفت فيه، وحذفت حين اختصرت الفتوحات، وكذالك دسّوا عليّ أنا في كتابى المسمّٰى بالبحر المورود جملة من العقائد الزائفة وأشاعوها في مصر ومكة ثلاث سنين وأنا بريئٌ منها. انتهىٰ.

اور اس جواب کی اس بات سے بھی تائید ہوتی ہے کہ خود حضرت قطب جیلانی قدس سرہ نے دوسری جگہ حضرت امام ابوحنیفہ کو لفظ امام کے ساتھ یاد فرمایا ہے، چنانچہ وقت فجر میں امام احمد کا مذہب لکھنے کے بعد کہ ان کے یہاں تغلیس افضل ہے فرماتے ہیں: **وقال الإمام أبوحنيفة: الإسفار أفضل.** اسی طرح تارک صلاۃ کا حکم لکھتے ہوئے فرماتے ہیں:

وقال الإمام أبوحنيفة: لا يقتل ولكن يحبس حتى يصلى فيتوب أو يموت في الحبس، وقال الإمام

الشافعي: يقتل بالسيف حداً ولا يكفر، انتهى.

اگر امام صاحب حضرت قطب جیلانی کے نزدیک فرقہ ضالّہ مرجئہ میں ہوتے تو پھر انکو اس قدر عظیم الشان لقب کے ساتھ کیوں یاد فرماتے۔

لیکن اس جواب پر یہ اشکال ہے کہ محض اس احتمال سے کہ شاید یہ عبارت مکذوب و مدسوس ہو کچھ نہیں ہوتا تا آنکہ غنیۃ کا کوئی ایسا نسخۂ صحیحہ نہ مل جائے جس میں یہ عبارت نہ ہو۔

اور بعض علماء نے یہ جواب دیا ہے کہ حضرت غوث جیلانی نے نقل کیا ہے، یہ کیا ضروری ہے کہ خود بھی انکا یہ عقیدہ ہو کہ امام صاحب اور انکے متبعین ایسے ہیں، لیکن اس جواب کا ضعف ظاہر ہے، محتاج بیان نہیں، کیا کسی کی عبارت نقل کر دینے کے بعد اس پر سکوت دلیل رضا نہیں ہے؟ اگر نہیں ہے تو پھر تمام تر کتاب ہی غیر معتبر ہو جائے گی، اسلئے کہ یہ معلوم ہی نہیں کہ آیا شیخ موصوف خود بھی اس کے قائل ہیں یا محض نقل ہی نقل ہے، حق یہ ہے کہ ایسے مواقع میں نقل پر سکوت کرنا خود اپنی طرف سے کہنے کے مرادف ہے۔

اور بعض حضرات نے یہ جواب دیا کہ بعض احناف ایسے ہیں جو مسائل فرعیہ میں تو امام صاحب کے پابند ہیں اور عقائد میں مخالف ہیں، شاید وہ لوگ مراد ہوں۔

اور بعض حضرات نے یہ فرمایا کہ مرجئہ کی دو قسمیں ہیں، ایک مرجئۃ السنّۃ یہ تو وہ لوگ ہیں جو اعمال کو درجۂ ثانوی میں رکھتے ہیں اور داخل فی ماہیۃ الایمان نہیں مانتے ہیں، دوسرے وہ لوگ ہیں جو اعمال وغیرہ کو مفید مانتے ہی نہیں اور ہونا نہ ہونا برابر کہتے ہیں تو حضرت پیرانِ پیر کی مراد قسم ثانی ہے نہ کہ قسم اول۔

مگر یہ جواب اسلئے ضعیف ہے کہ پیرانِ پیر نے عبارتِ مذکورہ فرقہ ضالہ کے بیان کے تحت ذکر فرمائی ہے۔

اگر یہ مان لیا جاوے کہ حضرت غوث قدس سرہ کو سہو نہیں ہوا تو ظنِ غالب یہ ہے کہ سارے حنفیہ مراد نہیں ہیں بلکہ صرف بعض وہ لوگ مراد ہیں جو عقائد میں مرجئہ کے پابند ہیں اور فرعی مسائل میں امام ابوحنیفہ کی پابندی کرتے ہیں، واللہ اعلم۔

فائدہ: امام ابوحنیفہ پر ارجاء کا اطلاق صرف اسوجہ سے کیا گیا ہے کہ وہ اعمال کو جزء ایمان نہیں مانتے ہیں، بلکہ اعمال کو مؤخر قرار دیتے ہیں، اور اس قسم کے ارجاء کا اطلاق محدثین کی ایک جماعت کثیرہ پر کیا گیا ہے۔

ذہبی **میزان الاعتدال** میں مسعر بن کدام کے ترجمہ میں لکھتے ہیں: **ولا عبرة بقول السليماني كان من المرجئة مسعر وحماد بن أبي سليمان والنعمان وعمرو بن مرة وعبد العزيز بن أبي رواد وأبو معوية وعمر بن ذر وسرد جماعة. قلت: الإرجاء مذهب لعدة من جلة العلماء لا ينبغي التحامل على قائله.**

انتهیٰ.

وقال الشهرستانی فی بحث المرجئة: رجال المرجئة کما نقل الحسن بن محمد بن علی بن أبی طالب وسعید بن جبیر وطلق بن حبیب وعمرو بن مرة ومحارب بن دثار ومقاتل بن سلیمان وحماد بن أبی سلیمان وأبو حنیفة وأبو یوسف ومحمد بن الحسن وقدید بن جعفر وهؤلاء کلهم أئمة الحدیث لم یکفّروا أصحاب الکبائر بالکبیرة ولم یحکموا بتخلیدهم فی النار خلافاً للخوارج والقدریة.

اس کے بعد یہ سمجھئے کہ ہم نے پیران پیر کو بزرگ اور شیخ جانا ہے، اسکا یہ مطلب نہیں کہ ان سے غلطی نہیں ہوسکتی ہے، لہٰذا اس امر میں ہم انکے متبع نہیں ہیں، لیکن اس سے یہ کہاں لازم آتا ہے کہ پیران پیر کا دامن ہی ہاتھ سے چھوٹ جائے، ایک آدھ بات میں اختلاف نہ اعتقاد ہی میں مخل ہے اور نہ ہی اتباع میں، یہ تو صرف انبیاء کی شان ہے کہ ان کی ہر بات میں اطاعت کی جائے اور ہر امر پر اعتقاد رکھا جائے، واللہ اعلم۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

چند احادیث کی تخریج وتحقیق

چند احادیث کے متعلق مولانا نورالحسن راشد کاندھلوی نے سوال کیا تھا، بعض کے مخارج پوچھے تھے اور بعض کے مواضع، نمبرواران کو لکھا جاتا ہے مع انکے اجوبہ کے۔

وفاۃ النبی ﷺ کی ایک طویل حدیث کی تخریج

سوال (۱):

ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ جبرئیلؑ آنحضرت ﷺ کی اس بیماری میں کہ روح مبارک قبض ہورہی تھی آئے اور عرض کیا کہ خدا تعالیٰ سلام فرماتا ہے، اور کہتا ہے کہ آپ اپنے کو کس طرح پاتے ہیں؟ آپ ﷺ نے جواب دیا میں بہت درد میں ہوں اور نہایت رنج میں ہوں۔ اگلے دن جبرئیلؑ نے پھر یہی سوال کیا پھر آنحضرت ﷺ نے پہلے دن کا جواب دیا۔ تیسرے دن مع ملک الموت اور ایک فرشتہ کے کہ نام اس کا اسماعیل ہے اور وہ ستر ہزار یا سو ہزار فرشتوں پر حاکم ہے اور ان میں سے ہر ہر فرشتہ سو سو یا ستر ستر ہزار فرشتہ پر حاکم ہے حاضر ہوئے اور کہا: یا محمد! اللہ تعالیٰ نے آپ کو سلام کہا ہے اور فرمایا

ہے کہ کس طرح پاتے ہو حال اپنا؟ حضرت ﷺ نے جواب دیا: دردناک پاتا ہوں میں، پھر حضرت ﷺ نے پوچھا یہ کون ہے ساتھ تمہارے اے جبرئیل؟ حضرت جبرئیل نے عرض کیا یہ ملک الموت ہے یا رسول اللہ، اور عرض کیا کہ یہ اخیر آنا ہے میرا دنیا میں، بعد آپ کے کسی بنی آدم کے پاس نہ آؤں گا۔ پھر پائی سختی موت کی اور سکرات کی، اور آپ کے پاس ایک پیالہ پانی کا بھرا ہوا رکھا تھا اس میں دست مبارک ڈالتے تھے اور چہرۂ انور پر پھیرتے تھے، اور فرماتے تھے: **'اللھم أعنّی علی سکرات الموت'**. اور ایک روایت میں یوں آیا ہے کہ حضرت ﷺ فرماتے تھے کہ: **'لا إله إلا الله إن للموت سکرات'**. کہتے ہیں کہ شدت موت کی آنحضرت ﷺ کو اس قدر ہوئی کہ چہرۂ مبارک آپ کا کبھی زرد ہوتا تھا اور کبھی سرخ، اور کبھی دائیں ہاتھ کو کھینچتے اور کبھی بائیں کو، اور روئے انور پر عرق آتا اور اس وقت آپ فرماتے تھے: **'اللھم اغفرلی وألحقنی بالرفیق الأعلیٰ'**. **(مدارج النبوة ص۲/۵۰۹)**.

جواب:

یہ حدیث بندہ کو حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے نہیں ملی، البتہ اسی کے قریب قریب علامہ سیوطی نے انموذج اللبیب (ص۲۷۳) میں ایک دوسرے طریق سے نقل کیا ہے، **أخرج ابن سعد (ص۲/۲۷۵) والبیهقی عن جعفر بن محمد بن علی عن أبیه قال: لما کان قبل وفاة النبی ﷺ بثلاث، هبط إلیه جبرئیلؑ فقال: یا محمد! إن الله أرسلنی إلیک إکراماً لک وتفضیلاً وخاصةً لک یسئلک عما هو أعلم به منک، یقول: کیف تجدک؟ قال: أجدنی یا جبریل! مغموماً، وأجدنی یا جبریل! مکروباً. فلما کان الیوم الثانی هبط إلیه فقال له مثل ذلک، فقال له: یا جبریل! أجدنی مغموماً وأجدنی یاجبریل! مکروباً. فلما کان الیوم الثالث هبط إلیه جبریل ومعه ملک الموت ومعهما ملک آخر یسکن الهواء لم یصعد إلی السماء قط ولم یهبط إلی الأرض قط یقال له إسماعیل، علی سبعین ألف ملک، کل ملک منه علی سبعین ألف ملک فسبقهم جبریل، فقال: یا محمد! إن الله أرسلنی إلیک إکراماً لک وتفضیلاً لک وخاصةً لک ویسألک عما هو أعلم به منک، یقول: کیف تجدک؟ قال: أجدنی یا جبریل! مغموماً أجدنی یا جبریل! مکروباً، ثم استأذن ملک الموت علی الباب، فقال جبریل: هذا ملک الموت یستأذن علیک ولم یستاذن علی آدمی قبلک ولا یستأذن علی آدمی بعدک، قال: ائذن، فدخل فوقف بین یدی رسول الله ﷺ فقال: إن الله أرسلنی إلیک وأمرنی أن أطیعک فیما أمرتنی، إن أمرتنی أن أقبض نفسک قبضتها، و إن أمرتنی أن أترکها ترکتها، قال: وتفعل ذلک یا**

ملک الموت؟ قال: نعم، بذالک أمرت، فقال جبریل: ان الله قد اشتاق إلی لقائک، قال: یا ملک الموت! امض لما أمرت به، فقال جبریل: السلام علیک یا رسول الله ! هذا آخر موطئ الأرض، فتوفّی رسول الله ﷺ، فأتاه آت یسمعون حسّه ولا یرون شخصه، فقال: السلام علیکم یا أهل البیت ورحمة الله وبرکاته، إن فی الله خلفاً من کل هالک، وعزاءً من کل مصیبة، ودرکاً من کل فائت، فبالله فثقوا، و إیاه فارجوا، فإن المصاب من حرم الثواب.

قال البیهقی: قوله: إن الله قد اشتاق إلی لقائک، معناه قد أراد لقائک بأن یردک من دنیاک إلی معادک زیادة فی قربتک وکرامتک. هذا إسناد معضل.

وقد أخرجه ابن سعد والشافعی فی سننه والطبرانی من طریق جعفر بن محمد عن أبیه عن جده علی بن الحسین به، وهو مرسل أیضاً.

وأخرجه العدنی فی مسنده، حدثنا محمد بن جعفر بن محمد عن أبیه عن جده عن أبیه علی بن الحسین عن أبیه عن علی بن أبی طالبؓ به موصولاً، انتهی کلام السیوطی.

قلت: حدیث الطبرانی ذکره الهیثمی فی مجمع الزوائد (ص۳۵/۹) وقال: فیه عبد الله بن میمون القداح وهو ذاهب. اه. وقال العراقی فی تخریج الإحیاء (ص۴۰۲/۴): وهو منکر، فیه عبد الله بن میمون القداح. قال البخاری: ذاهب الحدیث. اه.

وحدیث الشافعی، قال الحافظ ابن حجر فی المطالب العالیة (ص ۲۶۰/۴): روی الشافعی فی الآثار التی سمعها الطحاوی عن المزنی عنه قال: عن القاسم بن عبد الله بن عمر بن حفص عن جعفر بن محمد عن أبیه أن رجالاً دخلوا علی أبیه علی بن الحسین فذکره. والقاسم متروک الحدیث.

وأخرجه الشافعی من هذا الوجه فی مسنده (ص۲۰۳)مختصراً. وأخرجه ابن سعد (ص۲۷۵/۲) عن أنس بن عیاض اللیثی قال: حدثونا عن جعفر بن محمد عن أبیه مرسلاً مختصراً، ولم أجده فی طبقاته عن علی بن الحسین.

وأما الموصول الذی أخرجه العدنی فأخرجه حمزة بن یوسف السهمی فی تاریخ جرجان (ص۳۱۷) حدثنا أبو أحمد عبد الله بن عدی الحافظ إملاءً فی سنة أربع وستین وثلاث مأة حدثنا

أحمد بن حفص السعدی سنة إحدی وتسعین ومأتین حدثنا محمد بن أبی عمر العدنی المکی وعبد الوهاب بن علی الجرجانی قالا: حدثنا محمد بن جعفر بن محمد قال: کان أبی یذکره عن أبیه عن جده عن علیؓ قال: دخل علیٰ علیؓ نفر من قریش، قال: فقال: ألا أحدثکم عن أبی القاسم ﷺ ؟ قال: قالوا: بلیٰ! قال: لما کان قبل وفاة رسول الله ﷺ بثلاث هبط إلیه جبریلؑ، فذکر الحدیث بطوله. وزاد فی آخره قال: فقال علی : أترون من هذا؟ قالوا: لا، قال: هذا الخضرؑ .

ثم قال حمزة السهمی: أخبرنا إبراهیم بن محمد بن سهل الجرجانی حدثنا محمد بن إبراهیم بن برد الرفاء حدثنا محمد بن إدریس الرازی حدثنا أحمد بن الولید بن برد الأنطاکی حدثنا محمد بن جعفر بن محمد عن أبیه جعفر بن محمد عن أبیه محمد بن علی عن أبیه علي بن الحسین عن أبیه الحسین بن علی عن أبیه علي بن أبی طالبؓ قال: دخل علی نفر من قریش، قال وذکر الحدیث. انتهی. وذکر طریقاً آخر، مداره علی محمد بن جعفر وهو متکلم فیه، والمعروف عن علی بن الحسین مرسلاً .

چہرۂ انور پر بھرے پیالہ میں ہاتھ ڈالنا اور پھر منہ پر پھیرنا تو بخاری (ص ۶۴۰) وغیرہ میں بھی ہے۔

ففی البخاری عن عائشةؓ فی ذکر وفاته ﷺ وبین یدیه رکوة أو علبة، یشک عمر یعنی ابن سعید الراوی، فیها ماء فجعل یدخل یدیه فی الماء فیمسح بهما وجهه یقول: 'لا إله إلا الله إن للموت سکرات'.

وعند أحمد والترمذی فی الشمائل (ص ۲۸) من طریق القاسم بن محمد عن عائشةؓ أنها قالت: رأیت رسول الله ﷺ وهو بالموت، وعنده قدح فیه ماء وهو یدخل یده فی القدح ثم یمسح وجهه بالماء یقول: 'اللهم أعنّی علیٰ منکرات الموت' أو قال 'علی سکرات الموت'.

باقی رہ گیا چہرۂ انور پر پسینہ کا آنا! امام غزالی وغیرہ نے ایک طویل حدیث میں ذکر کیا ہے، مگر مخرجین نے اسکا کوئی پتہ نہیں بتلایا۔

اس کے بعد حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث مسئول عنہ صفة الصفوة لابن الجوزی (ص ۸۳/ ۱) میں بایں الفاظ ملی:

عن أبی هریرةؓ أن جبریلؑ أتی النبی ﷺ فی مرضه الذی قبض فیه، فقال: إن الله عزوجل یقرئک

السلام ویقول کیف تجدک؟ قال: أجدنی وجعاً یا أمین اللہ! ثم جاءہ من الغد، فقال: یا محمد! إن اللہ عز وجل یقرئک السلام ویقول کیف تجدک؟ قال: أجدنی یا أمین اللہ! وجعاً. ثم جاءہ فی الیوم الثالث ومعہ ملک الموت، فقال: یا محمد! إن ربک یقرئک السلام ویقول کیف تجدک؟ قال: أجدنی یا أمین اللہ! وجعاً، من ھذا معک؟ قال: ھذا ملک الموت وھذا آخر عھدی بالدنیا بعدک وآخر عھدک بھا، ولن آسی علی ھالک من ولد آدم بعدک، ولن أھبط إلی الأرض إلی أحد بعدک أبداً، فوجد النبی ﷺ سکرۃ الموت وعندہ قدح فیہ ماء، فکلّما وجد سکرۃ أخذ من ذلک الماء فمسح بہ وجھہ ویقول: 'أللھم أعنّی علی سکرۃ الموت'. انتھی.

خیال یہ ہے کہ ابن جوزی نے اسکی سند الوفاء میں ذکر کی ہوگی، حلیۃ الاولیاء میں تو چونکہ سرور عالم ﷺ کا تذکرہ ہی نہیں ہے، اسلئے اس حدیث کے ہونے کے کوئی معنی نہیں ہیں، اور پھر براہ راست حلیۃ الاولیاء کی مراجعت کی تو اس میں بھی یہ حدیث نہ ملی۔

وفاۃ النبی ﷺ کی ایک دوسری حدیث کی تخریج

سوال (۲) :

عبداللہ بن عباسؓ سے یوں منقول ہے کہ دن وفات آنحضرت ﷺ کے اللہ تعالی نے ملک الموت کو حکم فرمایا کہ زمین میں میرے حبیب محمد ﷺ کے پاس جاؤ اور ایسا نہ کرو کہ بے اجازت روح مبارک قبض کرو، موافقِ حکم قابض الارواح دروازہ پر بصورت اعرابی کھڑے ہوئے اور کہا: **السلام علیک یا أھل بیت النبوۃ**. اور کہا: کیا مجھکو اجازت ہے کہ میں آؤں؟ سلامتی ہو تم پر اللہ تعالیٰ کی، حضرت فاطمہ زہراءؓ کہ سرہانے آنحضرت ﷺ کے بیٹھی تھیں جواب دیا کہ پیغمبر خدا ﷺ اپنے حال میں مشغول ہیں، اب وقت ملاقات کا نہیں، دوسری بار پھر اجازت طلب کی اور یہی جواب ملا، تیسری دفعہ اجازت چاہی اس ہیبت ناک آواز سے کہ تمام آدمی اس گھر کے خوف سے کانپ اٹھے اور آنحضرت ﷺ بھی ہشیار ہو گئے، اور فرمایا کہ کیا کہنا ہے؟ تمام حال عرض کیا، فرمایا اے فاطمہ جانتی ہو یہ کون ہے؟ توڑنے والا ہے لذتوں کا اور بیوہ کرنے والا عورتوں کا الخ۔

جواب :

ھذا الحدیث طرف من حدیث طویل أخرجہ الطبرانی فی معجمہ الکبیر عن جابرؓ وابن عباسؓ قالا فذکرا حدیثاً طویلاً فیہ : فلما کان یوم الإثنین اشتدّ الأمر وأوحیٰ اللہ عزوجل إلی ملک الموت

أن اهبط إلى حبيبى وصفيّى محمد ﷺ فى أحسن صورة، وارفق به فى قبض روحه، فهبط ملک الموتؑ فوقف بالباب شبيه أعرابى ثم قال: السلام عليكم يا أهل بيت النبوة ومعدن الرسالة ومختلف الملائكة أدخل؟ فقالت عائشةؓ لفاطمةؓ :أجيبى الرجل، فقالت فاطمةؓ: آجرک الله فى ممشاک ياعبد الله !إن رسول اللهﷺ مشغول بنفسه، فنادى الثانية فقالت عائشةؓ: يافاطمة! أجيبى الرجل، فقالت فاطمة: آجرک الله فى ممشاک يا عبد الله ! إن رسول اللهﷺ مشغول بنفسه، ثم نادى الثالثة: السلام عليكم يا أهل بيت النبوة ومعدن الرسالة ومختلف الملائكة ! أدخل؟ فلا بد من الدخول، فسمع رسول الله ﷺ صوت ملک الموت، فقال: يا فاطمة ! من بالباب؟ فقالت: يا رسول الله ! إن رجلاً بالباب يستأذن فى الدخول فأجبناه مرةً بعد أخرىٰ فنادى الثالثة صوتاً اقشعرّ منه جلدى وارتعدت منه فرائصى، فقال لها النبىﷺ: يا فاطمة ! أتدرين من بالباب؟ هذا هاذم اللذات ومفرق الجماعات، هذا مرمل الأزواج وموتم الأولاد، وهذا مخرب الدور وعامر القبور، هذا ملک الموتؑ، ادخل يرحمک الله يا ملک الموت! فدخل ملک الموت على رسول اللهﷺ، فقال رسول الله: جئتنى زائراً أو قابضاً؟ قال: جئتک زائراً وقابضاً وأمرنى الله عزوجل أن لا أدخل عليک إلا بإذنک ولا أقبض روحک إلا بإذنک، فإن أذنت وإلا رجعت إلى ربى عزوجل. فقال رسول الله ﷺ: يا ملک الموت! أين خلفت حبيبى جبرئيل؟ قال: خلفته فى سماء الدنيا والملائكة يعزونه فيک. فما كان بأسرع أن أتاه جبرئيلؑ فقعد عند رأسه، فقال رسول اللهﷺ :هذا الرحيل من الدنيا فبشّرنى ما لى عند الله ؟ قال: أبشرک يا حبيب الله! إنى تركت أبواب السماء قد فتحت والملائكة قد قاموا صفوفاً صفوفاً بالتحية والريحان، يحيّون روحک يا محمد! قال: لوجه ربى الحمد! فبشّرنى جبريل. فذكر حديثاً طويلاً.

قال الهيثمى (ص ۳۱/۵): فيه عبد المنعم بن إدريس كذاب وضاع. انتهىٰ.

قلت: وأخرجه أبو نعيم فى الحلية قال: حدثنا سليمان ين أحمد هو الطبرانى الكبير قال: حدثنا محمد بن أحمد بن البراء حدثنا عبدالمنعم بن إدريس بن سنان عن أبيه عن وهب عن ابن عباسؓ، وهو حديث طويل فى أربع صفحات، أخرجه ابن الجوزى فى الموضوعات من طريق أبى نعيم. وأقره السيوطى فى اللآلى (ص ۱/۲۸۲) وابن عراق فى تنزيه الشريعة (ص ۲/۳۳۱). وقال

العراقی فی تخریج الإحیاء (ص۴۰۲/۴): وهو منکر، فیه عبد المنعم بن إدریس بن سنان عن أبیه عن وهب بن منبه، قال أحمد: یکذب علی وهب بن منبه وأبوه إدریس أیضاً متروک، قاله الدارقطنی، انتهی. والحدیث أخرجه صاحب اتحاف السادة(ص۳۹۴/۱۰) عن کتاب الحلیة لأبی نعیم، فزاد جابر بن عبد اللهؓ أیضاً مع ابن عباسؓ کما ذکره الهیثمی عن کتاب الطبرانی. والله أعلم.

لعن النائحة والمستمعة الخ ابن ابی حاتم میں کہاں ہے؟

سوال (۳):

عن أبی سعید الحدریؓ قال: لعن رسول الله ﷺ النائحة والمستمعة. اس حدیث کو ابن ابی حاتم نے کس جگہ نقل کیا ہے؟

جواب:

یہ حدیث علل ابن ابی حاتم جلداول میں ہے، اس وقت وہ میرے پاس موجود نہیں ہے، اسلئے صفحہ لکھنے سے قاصر ہوں۔

إن النوائح یجعلن یوم القیامة الخ کہاں ہے؟

سوال (۴):

عن أبی هریرةؓ قال: قال رسول الله ﷺ :إن النوائح یجعلن یوم القیامة صفّین فی جهنم، صف عن یمینه وصف عن یساره، فینبحن علی أهل النار کما تنبح الکلاب. یہ روایت کہاں ہے؟

جواب:

أخرجه الطبرانی فی الأوسط من طریق سلیمان بن داود الیمانی عن یحیٰ بن أبی کثیر عن أبی سلمة عن أبی هریرةؓ قال: قال رسول الله ﷺ:إن النوائح یجعلن یوم القیامة صفّین فی جهنم، صف عن یمینهم وصف عن یسارهم فینبحن علی أهل النار کما تنبح الکلاب.

قال الهیثمی (ص۱۴/۳): سلیمان بن داود الیمانی ضعیف. قلت: بل ساقط. قال ابن معین: لیس بشیء. وقال أبو حاتم: ضعیف الحدیث منکر الحدیث لا أعلم له حدیثاً صحیحاً. وقال البخاری: منکر الحدیث. ونقل ابن القطان أن البخاری قال: کل من قلت فیه منکر الحدیث فلا

تحل الرواية عنه. ولذا لما ذكره المنذرى فى ترغيبه (ص۲۸۴/۲) فقال: روى عن أبى هريرةؓ وقال فى آخره: رواه الطبرانى فى الأوسط ولم يتكلم فيه. وغايرأسلوبه فى ذكر الحديث بلفظ عن فلان بدون لفظ روى، ثم ذكر مخرج الحديث ثم الكلام عليه بالتصحيح والتحسين، وإنما يفعل كذالك إذا كان الحديث عن غير الصحيحين وكان فى الإسناد من قيل فيه: كذّاب أووضّاع أو متّهم بالكذب أو مجمع على تركه أو ضعفه أو ذاهب الحديث أوهالك أوساقط أو ليس بشئ أو ضعيف جداً أو ضعيف فقط ، و لم ير فيه توثيقاً بحيث يتطرّق إليه احتمال التحسين، كما قال فى أول الترغيب، وقال: فيكون للإسناد الضعيف دلالتان، تصديره بلفظ روى و إهمال الكلام فى آخره. و هذا الحديث ذكره الذهبى فى منكرات سليمان بن داود.

ليس منا من حلق الخ من خرّجه؟

سوال (۵) :

عن أبى موسى الأشعرىؓ قال: قال رسول الله ﷺ: ليس منا من حلق ولا خرق ولا سلق. اسکی تخریج کس نے کی ہے؟

جواب:

أخرجه أبوداود والنسائى (ص۲۶۳ ۲/ ۱) وأخرجه البخارى (ص۱۷۳) و مسلم (ص۷۰/ ۱) بلفظ أن رسول الله ﷺ برئ من الصالقة والحالقة و الشاقّة. و فى لفظ لمسلم أن رسول الله ﷺ قال: أنا برئٌ ممن حلق وسلق وخرق.

أيّما رجل تزوّج امرأة فنوىٰ الخ کہاں ہے؟

سوال (۶) :

عن صهيبؓ أيّما رجل تزوّج امرأة فنوىٰ أن لا يعطيها من صداقها شيئاً مات يوم يموت وهو زان. یہ حدیث کہاں ہے؟

جواب:

قلت: أخرجه الطبرانى فى الكبير من طريق عمرو بن دينار وكيل الزبيربن شعيب البصرى أن

بنی صهیب قالوا لصهیبؓ: یا أبانا! إن أبناء أصحاب النبی ﷺ یحدثون عن آبائهم، قال: سمعت النبیﷺ من کذب علی فلیتبوأ مقعده من النار، وسمعت النبیﷺ یقول: أیما رجل تزوج امرأةً فنویٰ أن لا یعطیها شیئاً من صداقها مات یوم یموت وهو زان، وأیما رجل اشتریٰ من رجل بیعاً فنویٰ أن لا یؤدّی إلیه ثمنه شیئاً مات یوم یموت وهو خائن، والخائن فی النار.

قال الهیثمی (ص ۱۳۱/۸): عمرو بن دینار هذا متروک. قلت: ضعّفه أحمد والنسائی. وقال ابن معین: ذاهب. وقال مرة: لیس بشئ. وقال البخاری: فیه نظر. وهوممن روی له الترمذی وابن ماجه.

وأخرج أحمد (ص ۳۳۲/۴) قال: حدثنا حسین أنا عبد الحمید بن جعفر عن الحسن بن محمدالأنصاری قال: حدثنی رجل من النمر بن قاسط قال: سمعت صهیب بن سنانؓ یحدث قال: قال رسول اللهﷺ: أیّما رجل أصدق امرأة صداقاً والله یعلم أنه لایرید أداء ه إلیها فغرّها بالله واستحلّ فرجها بالباطل لقی الله یوم یلقاه وهو زان، وأیّما رجل أدان من رجل دیناً والله یعلم أنه لا یرید أداءه إلیه فغرّه بالله واستحل ماله بالباطل لقی الله عزّوجل یوم یلقاه وهو سارق. رجاله ثقات غیر الرجل المبهم فلا یدری، وله شاهد من حدیث أبی هریرةؓ رواه البزار ومن حدیث میمون الکردی عن أبیه رواه الطبرانی فی الصغیروالأوسط ورجاله ثقات. کما فی مجمع الزوائد(۲۸۵/۴).

من تمسّک بسنّتی الخ بیہقی میں کہاں ہے؟

سوال (۷):

عن أبی هریرةؓ قال: قال رسول اللهﷺ: من تمسّک بسنّتی عند فساد أمتی فله أجر مأة شهید. رواه البیهقی فی کتاب الزهد. صفحہ وجلد لکھ دیں۔

جواب:

حدیث أبی هریرةؓ هذا هکذاذکره صاحب المصابیح، وبیّض له صاحب المشکوٰة، وقال الجزری فی تصحیح المصابیح: رواه البیهقی فی کتاب الزهد له من حدیث ابن عباسؓ.

قلت: أخرجه ابن عدی والبیهقی فی کتاب الزهد من طریق الحسن بن قتیبة عن ابن عباسؓ به

مرفوعاً، قال ابن عدی والحسن بن قتیبة: أرجو أنه لا بأس به، وقال الذهبی: بل هو هالک، قال الدارقطنی فی روایة البرقانی: متروک الحدیث، وقال أبو حاتم: ضعیف، وقال الأزدی: واهی الحدیث، وقال العقیلی: کثیر الوهم، انتهی.

وذکره المنذری فی الترغیب (ص۱/۲۳) عن الزهد للبیهقی من حدیث ابن عباسؓ، ولم أجده من حدیث أبی هریرةؓ إلا ما أخرجه الطبرانی بإسناد لا بأس به بلفظ فله أجر شهید بغیر لفظ مأة، کذا أورده المنذری فی الترغیب والهیثمی فی مجمع الزوائد (ص۱/۱۷۲).

وذکره القاضی عیاض فی الشفا من حدیث أبی هریرةؓ بلفظ المصابیح بزیادة لفظ المأة، قال الخفاجی والقاری (ص۳/۳۲۸): رواه الطبرانی فی الأوسط، فالله أعلم أهو فی الأوسط بزیادة المأة أم لا، وظنی أن الصواب بحذفها کما ذکره المنذری والهیثمی عن کتاب الطبرانی، وهما أتقن فی النقل من علی القاری والخفاجی، وأما کتاب الزهد للبیهقی فلم أقف علیه. (ثم وقفت علیه ولله الحمد).

احفظ الله یحفظک الخ نوادرالاصول میں کہاں ہے؟

سوال (۸) :

عن ابن عباسؓ احفظ الله یحفظک، واحفظ الله تجده تجاهک، و إذا سألت فاسئل الله، و إذا استعنت فاستعن بالله. نوادرالاصول میں کہاں ہے؟

جواب:

ایک زمانہ ہوا نوادرالاصول کے ایک نسخۂ عتیقہ میں یہ حدیث دیکھی تھی، مگر وہ اس وقت میرے پاس نہیں ہے، لیکن اصل حدیث تو مسند احمد وترمذی وغیرہ میں موجود ہے، اور اصل انھیں کتابوں کا مطالعہ ہونا چاہئے۔

خطّ لنا رسول الله ﷺ خطّاً الخ مستدرک حاکم میں کہاں ہے؟

سوال (۹) :

عن عبد الله بن مسعودؓ قال: خطّ لنا رسول الله ﷺ خطاً ثم خطّ عن یمینه وعن شماله خطوطاً.

یہ حدیث مستدرک حاکم میں کہاں ہے؟

جواب:

قلت: أخرجه الحاكم في التفسير (ص۲/۳۱۸) من طريق أبي بكر بن عياش وحماد بن زيد عن عاصم بن أبي النجود عن أبي وائل عن عبد الله بن مسعودؓ به. وقال هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.

ذكرت الطيرة الخ ابن ابی شیبہ میں کہاں ہے؟

سوال (۱۰):

عن عروة بن عامر قال: ذكرت الطيرة عند رسول الله ﷺ فقال: أحسنها الفال، ولا تردّ مسلماً، إذا رأىٰ أحدكم ما يكره فليقل: أللهم لا يأتي بالحسنات إلا أنت. الحديث. یہ ابن ابی شیبہ میں کہاں ہے؟

جواب:

بندہ کے پاس ابن ابی شیبہ کا مکمل نسخہ نہیں ہے، اس لئے معلوم نہ ہوسکی، ویسے تو اصل حدیث امام ابوداؤد نے السنن میں اور بیہقی نے سنن کبریٰ (ص۸/۱۳۹) میں روایت فرمایا ہے۔

عن عروة بن عامرؓ قال: ذكرت الطيرة عند رسول الله ﷺ فقال: أحسنها الفال ولا تردّ مسلماً، فإذا رأىٰ أحدكم ما يكره فليقل: "أللهم لا يأتي بالحسنات إلا أنت ولا يدفع السيئات إلا أنت ولا حول ولا قوّة إلا بالله". وهو حديث مرسل. فإن عروة بن عامر تابعي يروى عن ابن عباسؓ وغيره.

بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

سوال: اعتکاف کی ابتدا کس سال ہوئی؟

از محفوظ الرحمٰن سلطان پوری

جواب:

اصل اعتکاف تو سنتِ قدیمہ ہے۔ حضرت عمر بن خطابؓ فرماتے ہیں: **نذرت أن أعتكف ليلة في المسجد الحرام. رواه البخاري. وفي مسلم يوماً. وجمع ابن حبان بأن النذر كان اعتكاف يوم وليلة.** اور بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ یہ سنت ابراہیمیہ ہے جسکے کچھ آثار باقی تھے۔

لیکن اعتکافِ مسنون کی ابتدا تو بظاہر ہجرت کے بعد ہے، صوم کی فرضیت شعبان ۲ھ میں ہوئی ہے، اور خیال یہ ہے کہ اعتکاف مسنون اسکے بعد شروع ہوا، تصریح کہیں نہیں ملی، البتہ بدائع میں اتنی عبارت ہے: **ولم یترک الاعتکاف منذ دخل المدینة إلی أن مات ﷺ۔ انتهی.**

اس سے یہ معلوم ضرور ہوگیا کہ ہجرت کے بعد سے یہ سنت ہمیشہ معمول بہا رہی۔ واللہ اعلم۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

سوال: من أمّ قوماً وهم له كارهون کہاں ہے؟

(مفتی یحییٰ صاحب)

جواب:

قلت: أخرجه الحاكم في المستدرک: ثلاثة لعنهم الله، من تقدّم قوماً وهم له كارهون، وامرأة باتت وزوجها عليها ساخط، ورجل سمع حيّ على الصلاة حيّ على الفلاح فلم يجب. كذا في الزواجر (ص ۱۵۱/۱) لابن حجر المكي.

بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

نزول عیسیٰؑ کس نماز میں ہوگا؟

سوال:

حضرت اقدس حکیم الامت قدس سرہ نے بہشتی زیور میں نزول عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے سلسلہ میں تحریر فرمایا ہے کہ عصر کے وقت نزول ہوگا۔ مولانا بدر عالم صاحب نے ترجمان السنۃ تیسری جلد میں جن روایتوں کو جمع فرمایا ہے ان میں وقتِ نزول صبح کا ذکر ہے۔ آپ براہ کرم تتبع فرما کر اور قیمتی وقت لگا کر اطمینان سے قول فیصل تحریر فرمائیں۔

(از مفتی محمود داود یوسف، رنگون)

جواب:

حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام کے نزول کے بارے میں بکثرت احادیث وآثار وارد ہیں، جو سو سے بھی متجاوز

ہیں، لیکن عام طور سے صرف نزول کا ذکر ہے، نماز وصلاۃ کا ذکر نہیں اور بہت سی احادیث میں صلاۃ کا بھی ذکر ہے لیکن تعیین صرف چند ہی روایات میں وارد ہوئی ہے۔ اور بندہ کے تتبع میں صرف پانچ روایات ہیں جو پانچ صحابہؓ سے مروی ہیں۔

جابر بن عبداللہؓ، أبوأمامة الباهليؓ، عثمان بن أبی العاص الثقفیؓ، حذیفة بن الیمانؓ، حذیفة بن أسیدؓ.

حضرت جابر بن عبداللہؓ کی حدیث میں ہے: **ثم ینزل عیسیٰ ابن مریم فینادی من السحر فیقول: یا أیها الناس! ما یمنعکم من الخروج إلی الکذاب الخبیث؟ فیقولون: هذا رجل جنیّ، فینطلقون فإذاهم بعیسیٰ ابن مریم، فتقام الصلوٰة فیقال له: تقدّم یا روح الله! فیقول: لیتقدم إمامکم، فإذا صلّوا صلوة الصبح خرجوا إلیه.**

أخرجه أحمد (ص۳۶۷/۳) والحاکم (۵۳۰/۴) وصحّحه، وقال الذهبی: هو علی شرط مسلم، وقال الهیثمی (ص۳۴۴/۷) رواه أحمد بإسنادین ورجال أحدهما رجال الصحیح، وأخرجه ابن خزیمة فی صحیحه کما فی إقامة البرهان علی نزول عیسیٰ فی آخر الزمان(ص ۴۱) وقال العلامة الکشمیری: رجاله ثقات.

وأخرج أبو عمرو الدانی فی سننه عن جابر بن عبد اللهؓ قال: قال رسول الله ﷺ : لا تزال الطائفة من أمّتی تقاتل علی الحق حتیٰ ینزل عیسیٰ ابن مریم عند طلوع الفجر ببیت المقدس، ینزل علی المهدی فیقال: تقدّم یا نبی اللّٰه! فصلّ بنا، فیقول: هذه أمة أمین بعضهم علیٰ بعض. کذا فی العرف الوردی فی أخبار المهدی للسیوطی.

حضرت ابوامامہؓ کی حدیث میں ہے: **وجلهم فی بیت المقدس وإمامهم رجل صالح، فبینما إمامهم قد تقدم یصلی بهم الصبح إذ نزل عیسی ابن مریم الصبح، فرجع ذلک الإمام ینکص یمشی القهقریٰ لیقدّم عیسیٰ، فیضع عیسیٰ یده بین کتفیه ثم یقول له: تقدّم فصلّ فإنهالک أقیمت، فیصلی بهم إمامهم.**

رواه ابن ماجه والحاکم (ص۵۳۶/۴)وقال: حدیث صحیح علی شرط مسلم، وأقرّه الذهبی فی تلخیص المستدرک، وقال الزرقانی فی شرح المواهب (ص۵۳/۶): صحّحه ابن خزیمة والحاکم.

قال السيوطى فى العرف الوردى أخرجه ابن ماجه والرويانى وابن خزيمة والحاكم وأبو نعيم ، وعزاه صاحب الإشاعة (ص ۱۹۹) إلى الضياء المقدسى صاحب المختارة أيضاً.

وأخرج الحافظ ابن حجرفى الفتح(ص۳۵۸ و ۶/۴۵۰) و(ص۴۸/ ۱۲) و(ص ۳۹ و ۷۸ و ۸۲/ ۱۳)أطرافاً من هذاالحديث من عندابن ماجه،وشرط الحافظ معلوم أنه لا يخر ح إلاسنداً معتبراً.

حضرت عثمان بن ابی العاصؓ کی حدیث میں ہے : وينزل عيسىٰ ابن مريم عليه السلام عند صلاة الفجر فيقول له أميرهم: روح الله ! تقدّم صلّ، فيقول: هذه الأمة أمراء بعضهم على بعض، فيتقدّم أميرهم فيصلّى.

أخرجه أحمد (ص۴/ ۲۱۷) والحاكم (ص۴/ ۴۷۸)، وكذا أخرجه ابن أبى شيبة والطبرانى كما فى الدر المنثور(ص۲/ ۲۴۳)، وفى إسناده مقال.

حضرت حذیفہ بن الیمانؓ کی حدیث میں ہے: أنه (أى الدجال) يقتل من المسلمين ثُلثاً ويهزم ثلثاً ويبقىٰ ثلث، فيحجز بينهم الليل فيقول بعض المؤمنين ببعض: ما تنتظرون أن تلحقوا إخوانكم فى مرضات ربكم، من كان عنده فضل طعام فليعد به على أخيه، وصلّوا حين ينفجر الفجروعجّلوا صلاتكم ثم أقبلواعلى عدوكم، فلماقاموا يصلّون نزل عيسىٰ وإما مهم يصلّى.

أخرجه أبو عبد الله بن منده فى كتاب ا لإيمان، كما فى النهاية لابن كثير(ص۶/ ۱۱۱) والفتح لابن حجر (ص ۶/۴۵۰) وقال: أخرجه ابن منده بإسناد صحيح والحاكم فى المستدرک (ص ۴۹۰ و ۴/۴۹۱) وصحّحه على شرط مسلم، وقال الذهبى: إسناده صالح.

اور حضرت حذیفہ ابن اسید کی حدیث کے الفاظ یہ ہیں: فيقول لهم الذى عليهم ما تنتظرون بهذه الطاغية أن تقاتلوه حتى تلحقوا بالله أو يفتح لكم، فيأتمرون أن يقاتلوه إذا أصبحوا، فيصبحون ومعهم عيسىٰ ابن مريم، فيقتل الدجال.

أخرجه الحاكم فى المستدرک (ص۲/ ۵۲۹) موقوفاً على حذيفة بن أسيدؓ وصحّحه، وأقرّه الذهبى ولكنه مرفوع حكماً، إذ لا يقال مثله من الرأى.

ایک اثر کعب احبار سے اسی معنی میں منقول ہے۔ قال السيوطى فى العرف الوردى: أخرج نعيم (يعنى

ابن حماد) عن كعب قال: يحاصر الدجال المؤمنين ببيت المقدس فيصيبهم جوع شديد حتىٰ يأكلوا اوتار قسّيهم من الجوع، فبينما هم على ذلك إذا سمعوا صوتاً في الغلس، فيقولون: إن هذا الصوت رجل شبعان فينظرون فإذا عيسى ابن مريم، وتقام الصلاة فيرجع إمام المسلمين المهدى، فيقول عيسىٰ: تقدّم! فلك أقيمت الصلوة، فيصلّى بهم ذلك الرجل تلك الصلاة، ثم يكون عيسىٰ إماماً بعده.

ان سب روایات سے یہ بات صاف معلوم ہوتی ہے کہ حضرت عیسیٰ علی نبیّنا وعلیہ الصلاۃ السلام کا نزول صبح کے وقت ہوگا۔

بندہ کو باوجود بار بار تقلیبِ اوراق کے کسی روایت میں یہ نہیں ملا کہ نزول عیسیٰؑ عصر کے وقت ہوگا، اور بہشتی زیور میں جو کچھ لکھا گیا ہے وہ حضرت اقدس شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی کے قیامت نامہ سے لیا گیا ہے، ملاحظہ ہو قیامت نامہ (ص۱۴) مطبوعہ ہمدرد پریس دہلی، حضرت شاہ صاحب نے یہ مضمون علامہ محمد بن عبدالرسول البرزنجی کی کتاب الاشاعہ (ص۱۶۹) سے لیا ہے، اور خود صاحب الاشاعہ نے شیخ اکبر محی الدین بن عربی سے نقل کیا ہے۔

قال الشيخ الأكبر في الفتوحات المكية (ص۳۲۷/۳) في الباب السادس والستين والثلث مأة في معرفة نزول وزراء المهدى، الظاهر في آخر الزمان ينزل عيسىٰ ابن مريم بالمنارة البيضاء بشرقي دمشق بين مهزودتين متكئاً على ملكين ملك عن يمينه وملك عن يساره تقطر رأسه مثل ماء الجمان يتحدّر كأنما خرج من ديماس والناس في صلاة العصر فيتنحىٰ له الإمام من مقامه فيتقدم فيصلي بالناس، يؤم الناس بسنّة محمد ﷺ۔

لیکن شیخ اکبر نے کسی روایت کو استناد میں پیش نہیں فرمایا۔ آگے (ص۳۳۰/۳) حضرت نواس بن سمعان کلابیؓ کی طویل حدیث بطریق امام ترمذی نقل فرمائی ہے جو مسلم شریف میں بھی ہے، مگر اس میں کہیں بھی صلوۃ عصر کی تعیین وارد نہیں ہے اور نہ ہی حفاظ حدیث میں سے کسی نے ذکر کیا ہے۔

بلکہ حافظ ابن کثیر (ص۱/۵۸۲) فرماتے ہیں: فهذه أحاديث متواترة عن رسول الله ﷺ من رواية أبي هريرة وابن مسعود وعثمان بن أبي العاص وأبي أمامة والنواس بن سمعان وعبد الله بن عمرو بن العاص ومجمع بن جارية وأبي شريح وحذيفة بن أسيد رضي الله عنهم، وفيها دلالة على صفة نزوله ومكانه من أنه بالشام بل بدمشق عند المنارة الشرقيّة وأن ذالك يكون عند إقامة صلاة الصبح، اه.

وقال فی تاریخه(ص ۹۹ / ۲): و إنه ینزل علی المنارة البیضاء بدمشق وقد أقیمت صلوة الصبح فیقول له إمام المسلمین: تقدّم یا روح الله ! فصلّ، فیقول: لا، بعضکم علی بعض أمراء تکرمة الله لهذه الأمة.

البتہ علامہ برزنجی نے الاشاعہ میں جمع کی صورت ذکر فرمائی ہے، فرماتے ہیں (ص۲۰٦):

وطریق الجمع بین هذه الروایات أن عیسیٰ صلوات الله علیه ینزل أولاً بدمشق علی المنارة البیضاء وهی موجودة الیوم بست ساعات من النهار، وقد مر عن الفتوحات أنه یصلی بالناس صلاة العصر فیحتمل أنه ینزل بعد الظهر ثم مع اشتغاله بالقرعة بین الیهود والنصاری یدخل وقت العصر فیصلی بهم العصر کما فی روایة، ثم یأتی إلی بیت المقدس غوثاً للمسلمین ویلحقهم فی صلاة الصبح وقد أحرم المهدی والناس کلهم أوبعضهم لم یحرموا، فیخرج الله بعض من لم یحرم بالصلاة فیأتی والمهدی فی الصلوة فیتقهقر ویقول لعیسیٰ بعض الناس: تقدّم ! لما رأی تقهقرالمهدی فیضع یده علی کتف المهدی أن تقدم، انتهیٰ. اورمزید تفصیل اشاعہ میں ہے دیکھ لیں۔

بندہ کے ناقص خیال میں اس جمع کی تو اس وقت ضرورت تھی جب کہ کسی روایت میں نزول عند صلاۃ العصر مل جاتا، اور اگر یہ مان لیا جائے کہ صلاۃ العصر کا لفظ مصحف ہے، صحیح صلاۃ الفجر ہے تو سارا اشکال ختم ہو جائے، واللہ اعلم۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

۱۸ جمادی الاولیٰ ۱۳۹۱ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖ ○○○ ❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

رکوع کے بعد ’حتّی استقرّ کل عضو موضعه‘ کا لفظ کہاں ہے؟

سوال:

عزیزم مولوی یونس صاحب بعد سلام مسنون

مجھے یوں یاد ہے کہ ابوحمید ساعدی کی کسی روایت میں رکوع کے بعد **حتّٰی استقرّ کل عضو موضعه** کا لفظ ہے، جو اس وقت نہیں مل رہا ہے، مجھے تو ابوداؤد کا یاد ہے اس میں تو یہ لفظ نہیں ملا، اور طحاوی میں اور نسائی میں قومہ کے اندر اگر یہ لفظ ملے یا اسکے ہم معنیٰ ! تو ڈھونڈ کر لکھ دیں۔

حضرت شیخ مدظلہ بقلم سلمان

جواب:

ابوحمید الساعدی کی حدیث طحاوی میں کئی جگہ ہے۔

اول (ص ۱۱۶) ثانی (ص ۱۳۱) ثالث (ص ۱۴۵) رابع (ص ۱۵۲) و (ص ۱۵۳)، اس میں تو یہ لفظ ملا نہیں، البتہ نسائی میں (ص ۱۱۸) حضرت عقبہ بن عمروؓ کی روایت بایں لفظ ہے: **عن عقبة بن عمروؓ قال: ألا أصلّی لکم کما رأیت رسول الله ﷺ یصلّی؟ فقلنا: بلٰی! فقام فلما رکع وضع راحتیه علی رکبته وجعل أصابعه من وراء رکبته، وجافیٰ إبطیه حتی استقرّ کل شیء منه، ثم رفع رأسه فقام حتی استویٰ کل شیء منه، ثم سجد فجافیٰ إبطیه حتی استقرّ کل شیء منه، ثم قعد حتی استقرّ کل شیء منه ثم سجد حتیٰ استقرّ کل شیء منه، ثم صنع کذلک أربع رکعات، ثم قال: هکذا رأیت رسول الله ﷺ یصلّی، وهکذا کان یصلی بنا.**

بندہ محمد یونس عفی عنہ

اضافہ: اسکے بعد ابن ماجہ (ص ۷۵) میں ابوحمید الساعدی ہی کی حدیث میں مل گیا، **ولفظه ثم یقول: 'سمع الله لمن حمده' ویرفع یدیه حتیٰ یحاذی بهما منکبیه حتیٰ یقرّ کل عظم إلی موضعه.** اور بخاری شریف میں **وإذا رکع أمکن یدیه من رکبتیه ثم هصر ظهره، فإذا رفع رأسه استویٰ حتیٰ یعود کل فقار مکانه** وارد ہے۔ سوال کے وقت یہ کتابیں نہیں دیکھیں اس لئے کہ حضرت اقدس نے نسائی، طحاوی کا ذکر کیا تھا تو خیال یہ ہوا کہ حضرت نے بخاری شریف دیکھ لی ہوگی۔

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

ما رأیت منه ولا رأیٰ منّی روایت کہاں ہے؟

مولوی یونس صاحب سلمہٗ

حضرت عائشہؓ کی حدیث **'ما رأیت منه ولا رأیٰ منّی'** جس کو مختصر المعانی میں استہجانِ ذکرِ مفعول کی بحث میں ذکر کیا ہے، بحثِ احوالِ متعلقاتِ فعل میں اس کا ذکر ہے، قاری سعید کے حاشیہ پر بھی ہے، اس کا حوالہ نہیں دیا ہے۔

حضرت شیخ مدظلہ بقلم سلمان

جواب:

حضرت عالی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ابن ماجہ (ص ۴۸) مسند احمد (ص ۱۹۰/۶) اور شمائل میں تو **عن عائشةؓ قالت: مانظرت أو ما رأيت فرج رسول الله ﷺ قطّ** وارد ہے جیسا کہ حضرت نے تحریر فرمایا ہے، لیکن ملا علی قاری نے جمع الوسائل (ص ۲۱۸/۲) میں حدیث مسئول عنہ نقل فرمائی ہے۔ فرماتے ہیں:

وروى أبو صالح عن ابن عباسؓ قال: قالت عائشةؓ :ما أتىٰ رسول الله ﷺ أحداً من نسائه إلا مقنعاً يرخي الثوب على رأسه، وما رأيت رسول الله ﷺ ولا رأىٰ مني. أورده ابن الجوزي في كتاب الوفاء نقلاً عن الخطيب. انتهىٰ.

بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

کیا ایک بلی کے بدلے میں مومن کو عذاب دیا جاسکتا ہے؟

سوال:

حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے ایک قصہ مذکور ہے کہ ایک عورت نے ایک بلی باندھ رکھی تھی اور اسکو کچھ کھانے پینے کو نہ دیتی تھی، بلی اسی حالت میں بھوک سے مرگئی اور اس عورت کو اس پر عذاب ہوا۔

حضرت ابو ہریرہؓ ایک مرتبہ حضرت عائشہؓ سے ملنے گئے، انہوں نے کہا تم ہی ہو جو ایک بلی کے بدلے میں ایک عورت کے عذاب کی روایت بیان کرتے ہو؟ ابو ہریرہؓ نے کہا میں نے آنحضرت ﷺ سے یہ سنا ہے، حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ خدا کی نظر میں ایک مومن کی ذات اس سے بہت بلند ہے کہ ایک بلی کے لئے اس پر عذاب کرے، وہ عورت اس گناہ کے علاوہ کافرہ بھی تھی، اے ابو ہریرہ! جب آنحضرت ﷺ سے کوئی روایت کرو تو دیکھ لو کہ کیا کہتے ہو، (ابوداؤد طیالسی، مسند عائشہ) روایت مذکورہ کا کیا درجہ ہے؟ حوالہ صحیح ہے یا نہیں؟ اس بارے میں تحقیقی امر سے مستفید ہونے کا موقع دیں۔

مفتی محمود داود یوسف رنگون

جواب:

مکرم ومحترم زید شرفکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

صحیح البخاری (ص ۴۶۷) ومسلم (ص ۲۳۶) میں حضرت ابن عمرؓ سے یہ روایت مروی ہے۔

ولفظه عن ابن عمرؓ عن النبی ﷺ قال: دخلت امرأة النار فی هرّة ربطتها فلم تطعمها ولم تدعها تأكل من خشاش الأرض. اسی طرح یہ حدیث ابوہریرہؓ سے مسلم (ص۲/۲۳۶) و (ص۳۲۹) اور صحیح بخاری (ص۳۱۸) میں حضرت اسماءؓ سے، اور حضرت جابرؓ سے صحیح مسلم (ص۲۹۷) میں ہے، اور اس میں تصریح ہے: **عرضت علی النار فرأیت فیها امرأة من بنی إسرائیل تعذّب فی هرّة. وفی المسند لأحمد (ص۳۷۴ /۳) من حدیث جابرؓ فرأیت فیها امرأة حمیریة سوداء طویلة تعذّب فی هرّة لها ربطتها. وکذا فی حدیث عبد الله بن عمرو بن العاصؓ عند احمد (ص۱۸۸ /۲) فی المسند أیضاً.**

ان طرق سے اس عورت کا بنی اسرائیل سے ہونا صاف معلوم ہوگیا، اور امام بخاری کی وسعت نظر کا بھی اس سے اندازہ ہوگیا کہ اس حدیث کو بروایۃ ابن عمرؓ باب ذکر بنی اسرائیل میں تذکرہ فرمایا، نیز مسند احمد کی روایت سے اس عورت کا حمیریہ ہونا بھی متعین ہوگیا۔

قاضی عیاض فرماتے ہیں: **فی هذا الحدیث المواخذة بالصغائر، قال: ولیس فیه أنها عذّبت علیها بالنار، قال: ویحتمل أنها کانت کافرة فزید فی عذابها بذالک.**

قال النووی (ص۲۹۷ /۱): هذا کلامه أی القاضی عیاض ولیس بصواب، بل الصواب المصرّح به فی الحدیث أنها عذّبت بسبب الهرّة وهو کبیرة، لأنها ربطتها واصرّت علی ذلک حتیٰ ماتت، وا لإصرار علی الصغیرة یجعلها کبیرة کما هو مقرّر، ولیس فی الحدیث ما یقتضی کفر المرأة، انتهی.

ایک دوسری جگہ قاضی عیاض لکھتے ہیں: **قوله: عذّبت امرأة فی هرّة. أی بسبب الهرّة، وهذا التعذیب یحتمل أن یکون بالنار ویحتمل أن یکون بالحساب علی ذلک، وقد جاء فی حدیث العصفور أنه یحاجّ قاتله عند الله تعالیٰ، یقول: یا ربّ لم قتلنی؟ لا هو ذبحنی فأکلنی، ولا هو ترکنی أعیش.**

أو تکون هذه المرأة کافرة فعذّبت بکفرها وزید علیها العذاب بسوء فعلها، إذ لو کانت مسلمة کفّرت صغائرها باجتناب الکبائر، کذا نقله الأبّی (ص۶/۵۶)، وتعقّبه النووی، والصواب أنها کانت مسلمة وأنها دخلت النار بسببها کما هو ظاهر الحدیث، وهذه المعصیة لیست صغیرة بل صارت بإصرارها کبیرةً، ولیس فی الحدیث أنها تخلد فی النار، انتهی.

نیز قاضی عیاض کا یہ فرمانا کہ عذاب سے مراد حساب ہوسکتا ہے بعید ہے، اس لئے کہ خود حدیث میں **عذّبت فی النار**

اور **رأیت فی النار** وغیرہ کی تصریح موجود ہے۔

لیکن قاضی عیاض نے جو یہ احتمال پیدا فرمایا کہ شاید وہ عورت کافرہ ہو، ابوداؤد طیالسی والی حدیث اس کی تائید کرتی ہے اور طیالسی کی پوری حدیث مع السند یہ ہے:

قال الطیالسی (ص ۱۹۹): حدثنا صالح بن رستم أبو عامر الخراز قال: حدثنا سیار أبو الحکم عن الشعبی عن علقمة قال کنا عند عائشةؓ فدخل علیها أبو هریرةؓ، فقالت: یا أبا هریرة ! أنت الذی تحدث أن امرأة عذّبت فی هرّة ربطتها فلم تطعمها ولم تسقها. فقال أبوهریرةؓ: سمعته منه یعنی النبی ﷺ، فقالت: تدری ماکانت المرأة؟ قال: لا، قالت: إن المرأة مع ما فعلت کانت کافرةً، إن المؤمن أکرم علی الله من أن یعذبه فی هرّة، فإذا حدثت عن رسول الله ﷺ فانظر کیف تحدث.

وأخرجه أحمد فی مسنده (ص ۱۹ / ۲۵۱۲) عن الطیالسی ورجاله ثقات إلا شیخ أبی داود الطیالسی أبو عامر الخراز صالح بن رستم، فوثّقه أبو داود وغیره، وضعّفه ابن معین وابن المدینی وأبو حاتم، لکن قال ابن عدی: لم أر له حدیثاً منکراً، قال الذهبی فی المیزان: حدیثه لعله یبلغ خمسین حدیثاً، وهو کما قال أحمد بن حنبل (ص ۳۵۸): صالح الحدیث، انتهیٰ. وقال الحافظ فی التقریب: صدوق کثیر الخطأ، وذکر الحافظ ابن حجر فی فتح الباری (ص ۶/۲۵۵): إن هذا الحدیث أخرجه البیهقی فی البعث والنشور وأبو نعیم فی تاریخ أصبهان. حافظ ابن حجر نے بھی اس روایت کی بنا پر اس عورت کے کافر ہونے کی تقویت فرمائی ہے۔ واللہ اعلم۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

سیّد القوم خادمهم کی تحقیق

الجمعة واجبة علیٰ کلّ قریة کی تخریج

الجمعة واجبة علیٰ کلّ محتلم کی تخریج

مکرمی محترمی حضرت استاذی صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سوال (۱): ایک جملہ کے تصفیہ کے لئے عرض خدمت اقدس میں ہے۔

'**سیّد القوم خادمهم**' یہ جملہ آیا مقولۂ عرب ہے یا حدیث کا ٹکڑا؟ اگر حدیث کا جز ہے تو کس حدیث میں ہے اور کس طرح ہے؟ براہ کرم پوری حدیث نقل فرمائیں۔

نیز **خادمهم** میں جو جمع مذکر غائب کی ضمیر ہے، کیا واحد مونث غائب کی ضمیر سے پڑھنا بھی صحیح ہے؟ جن حالات میں جمع کی طرف واحد مونث کی ضمیر راجع ہوتی ہے ان میں یہ مثال ثابت نہیں ہوتی، پھر بھی بعض علماء کی رائے ہے کہ خادمها پڑھنا بھی صحیح ہے، اسکی پوری وضاحت فرمائیں عین کرم ہوگا۔

سوال (۲): نیز **الجمعة واجبة علىٰ كلّ قرية.**

سوال (۳): **الجمعة واجبة علىٰ كلّ محتلم.**

ان دونوں حدیثوں کی صحت پر تصریح فرما کر حدیث پاک متعین فرمائیں۔ فقط والسلام

فضل الرحمٰن مظاہری

جواب (۱): عزیزم سلمہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حديث سيّد القوم خادمهم، رواه أبو عبد الرحمٰن السلمى فى آداب الصحبة من رواية يحيىٰ بن أكثم عن المأمون عن أبيه عن جده عن عقبة بن عامرؓ عن النبى ﷺ، وفى سنده ضعف وانقطاع، وأخرجه الخطيب فى تاريخه عن يحيى بن أكثم عن أبيه عن جده عن عكرمة عن ابن عباسؓ عن جريرؓ، وله شواهد، وأخرجه الحاكم فى تاريخه والبيهقى فى الشعب عن طريق على بن عبد الرحيم الصفار عن على بن حجر عن عبد العزيز بن أبى حازم عن أبيه عن سهل بن سعدؓ عن النبى ﷺ قال: سيد القوم فى السفر خادمهم، فمن سبقهم بخدمة لم يسبقوه بعمل إلا الشهادة.

ابن دُرید نے لکھا ہے کہ '**سيد القوم خادمهم**' حضور اکرم ﷺ کے ان ارشادات مبارکہ میں سے ہے کہ حضور ﷺ سے پہلے جنہیں کسی نے بھی نہیں کہا ہے۔

روایت کے الفاظ میں بحیثیتِ روایت تو کوئی تصرف نہیں کیا جا سکتا ہے، ہاں البتہ اس معنی کے لحاظ سے کہ اگر چہ خطابات میں براہ راست مرد ہی مخاطب ہوتے ہیں لیکن عورتیں ان کے تابع ہونیکی وجہ سے انہیں کے حکم میں ہوتی ہیں، اس قانون کے پیش نظر عورتیں بھی داخل ہوں گی۔

حدیث کا بظاہر یہ مطلب ہے کہ جوکوئی قوم کا سردار ہواس کو محض اپنی سیادت پرنظر کرتے ہوئے ہر وقت اپنے آپ کو دوسروں سے بڑا نہ سمجھنا چاہئے، بلکہ سید القوم کوقوم کی خدمت کرنی چاہیے۔

دوسرا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ جوکوئی قوم کی خدمت کرتا ہے وہی انکا سردار بھی ہوتا ہے،اس لئے کہ سردار کی سیادت بھی اسلئے ہے کہ لوگ انکی اطاعت کرتے ہیں،اور ظاہر یہ ہے کہ اگر کوئی قوم کا خدمت گزار ہوگا تو لوگ اسکی بات مانیں گے اور اطاعت کریں گے۔

(**تنبیہ**) یہ حدیث علامہ سیوطی نے **الدرر المنتثرة** میں ابن ماجہ کی طرف منسوب کی ہے اسی طرح دررالبحار میں ترمذی کی طرف، علامہ عبدالرؤف مناوی نے اس پر کوئی نقد نہیں کیا ہے، لیکن یہ وہم ہے، ترمذی وابن ماجہ میں اس حدیث کا کہیں وجود نہیں ہے،اور اصل وہم دیلمی صاحبِ مسند الفردوس کو ہوا ہے، واللہ اعلم۔

جواب (۲): **حديث الجمعة واجبة على كل قرية. أخرجه الدار قطنى (ص ۱۶۵) قال: حدثنى أبو بكر النيسابورى قال: حدثنا محمد بن يحيىٰ حدثنا محمد بن وهب بن عطية حدثنا بقية بن الوليد حدثنا معاوية بن يحيى حدثنا معاوية بن سعيد التجيبى حدثنا الزهرى عن أم عبد الله الدوسيّة قالت: قال رسول الله ﷺ: الجمعة واجبة على كل قرية و إن لم يكن فيها إلا أربعة، يعنى بالقرى المدائن، لا يصح هذا عن الزهرى، انتهى كلام الدارقطنى. ومعاوية بن يحيى الدمشقى أبو روح، قال ابن عدى: عامة رواياته فيها نظر، وقال أبو زرعة : ليس بشئ، وقال أبوداود والنسائى وأبو حاتم: ضعيف الحديث.**

ثم أخرجه الدار قطنى (ص۱۶۶) من طريق آخر حدثنا أبو عبد الله محمد بن على بن إسماعيل الأيلى حدثنا عبد الله بن محمد بن خنيس الكلاعى حدثنا موسى بن محمد بن عطاء حدثنا عبد الوليد بن محمد حدثنا الزهرى حدثنى أم عبد الله الدوسيةؓ قالت: قال رسول الله ﷺ: الجمعة واجبة على كل قرية فيها إمام وإن لم يكونوا إلا أربعة. قال الدارقطنى: الوليد بن محمد الموقرى متروك، ولا يصح هذا عن الزهرى، وكل من رواه عنه متروك، انتهى.

ثم أخرجه بالإسناد الثالث قال: حدثنا أبو عبد الله الأيلى حدثنا محمد بن عثمان بن صالح حدثنا عمرو بن الربيع بن طارق حدثنا مسلمة بن على عن محمد بن مطرف عن الحكم بن عبد الله بن سعد عن الزهرى عن أم عبدالله الدوسيةؓ قالت: سمعت رسول الله ﷺ يقول: الجمعة واجبة على

أهل كل قرية و إن لم يكونوا إلا ثلثة رابعهم إمامهم. قال الدار قطني: الزهرى لا يصح سماعه عن الدوسية، والحكم هذا متروك، انتهى. وقال الذهبي: فيه متروكان وتألف. وقال الحافظ ابن حجر: هو ضعيف ومنقطع، وقال فى محل آخر: إسناده واهٍ جداً. كذا قال المناوى فى فيض القدير (ص ۳۵۹/۳).

جواب (۳): حديث 'الجمعة واجبة علىٰ كلّ محتلم' أخرجه أبو داؤد والدارقطنى (ص ۱۶۴) عن طارق بن شهاب عن النبى ﷺ قال: الجمعة حق واجب على كل مسلم فى جماعة إلا أربعة، عبد مملوك أو امرأة أو صبى أو مريض.

قال أبو داود: وطارق رأى النبى ﷺ ولم يسمع منه، انتهى. قال النووى فى شرح المهذب (ص ۴۸۳/۴): وهذا الذى قاله أبو داود لا يقدح فى صحة الحديث، لأنه إن ثبت عدم سماعه يكون مرسل صحابى، ومرسل الصحابى حجة عند أصحابنا وجميع العلماء إلا أبا إسحاق الإسفرائنى، اه. وقال فى الخلاصة: والحديث على شرط الصحيحين، انتهىٰ.

ورواه الحاكم فى المستدرك (ص ۲۸۸/۱) عن طارق عن أبى موسىٰ ؓ مرفوعاً وصحّحه على شرط الصحيحين، وقال البيهقى: المحفوظ عن طارق بدون ذكر أبى موسىٰ ؓ، وقال فى سننه (ص ۱۸۳/۳): وهذا الحديث وإن كان فيه إرسال فهو مرسل جيّد، وطارق من كبار التابعين وممن رأى النبى ﷺ وإن لم يسمع منه.

محتلم کا لفظ اس وقت مجھ کو مستحضر نہیں ہے، واللہ اعلم۔

محمد یونس عفی عنہ

۱۳ شعبان المعظم ۱۳۹۱ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

چند علمی باتوں کی تحقیق

سوال (۱):

الفیومی کے متعلق آپ نے نقل کیا ہے کہ انہوں نے ترغیب کی شرح لکھی ہے، ان کے متعلق اگر کچھ اور تفصیلات معلوم ہوسکتی ہوں تو ضرور مطلع فرمایئے۔ ایک الفیومی المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر کے مصنف بھی ہیں (م ۷۷۰)

ان کا نام احمد بن محمد بن علی ہے، مگر کشف الظنون میں انکے حالات میں شرح الترغیب کا ذکر نہیں کیا ہے، پتہ نہیں یہی شارح ترغیب ہیں یا اور کوئی ؟

سوال (۲):

آپکے علم میں منذری کی جتنی تصانیف ہوں، براہ کرم تحریر فرمائیے گا، مجھے مختلف کتابوں سے مندرجہ ذیل تصانیف کا پتہ چلا ہے، شرح التنبیہ، مختصر سنن ابی داود، حواشی سنن ابی داود، مختصر صحیح مسلم، المعجم، الترغیب، کتاب الخلافیات، التکملہ۔

سوال (۳):

احمد بن ابی بکر البوصیری المتوفی ۸۴۰ھ کے حالات الضوء اللامع میں ہیں (ص ۲۵۲/۱) **وناب فی الإمامة بالحسینیة وکان قاطناً بها**، قاطن کے کیا معنی؟ روئی فروش کے لئے تو قطان آنا چاہیے۔

سوال (۴):

ذہبی اور ابن العماد نے منذری کے بارے میں لکھا ہے ' **الشامی ثم المصری** ' اور سیوطی نے بغیۃ الوعاۃ (ص ۱۴۹/۱) میں لکھا ' **ولد بمصر** ' اس دوسرے بیان کی رو سے المصری ثم الشامی ہونا چاہئے تھا، کون سا صحیح ہے؟

سوال (۵):

قیمتی پتھروں کے سلسلے میں عقیق کا ذکر دو حدیثوں میں جامع صغیر میں ہے، (۱) **تختّموا بالعقیق فإنه مبارک**. (۲) **تختّموا بالعقیق فإنه ینفی الفقر**. اور ایک حبشی نگینہ کے بارے میں بعض شراح عقیق ہونا ہی لکھتے ہیں، اس کے علاوہ کسی اور پتھر کے متعلق یا اسی عقیق کے بارے میں کوئی روایت نظر سے گذری ہو تو لکھئے گا۔

(مولانا) عبداللہ دہلوی

جواب (۱):

الفیومی کے متعلق جو کچھ میں نے نقل کیا تھا وہ الرسالۃ المستطرفہ سے کیا تھا اور اس میں اسی قدر تھا جو نقل کیا تھا، طبقات کی کتابوں کی قلت کی وجہ سے انکے متعلق تحقیق نہ ہو سکی، ممکن ہے کہ صاحب المصباح المنیر ہوں اور ممکن ہے کہ کوئی اور ہو، اور بظاہر یہی راجح معلوم ہوتا ہے۔

جواب (۲):

منذری کی مشہور تالیفات کا تذکرہ تو حافظ ذہبی اور التاج السبکی وغیرہما نے کیا ہے، اور آپ نے تو اس پر بھی ان کے

بہت سے رسائل کا اضافہ کردیا، انکا ایک رسالہ رفع یدین فی الدعاء کے متعلق ہے جس میں وہ حدیثیں ذکر فرمائی ہیں جن میں رفع یدین وقت الدعاء وارد ہے، حافظ ابن حجر نے اس رسالہ کا تذکرہ کیا ہے۔

جواب (۳) :

قاطن اسم فاعل ہے، مقیم کے معنی میں۔ **يقال قطن قطوناً إذا أقام، وفي الحديث: نحن قطين الله، أي سكّان حرمه. وقال الإمام الشافعي:**

يا راكباً قف بالمحصّب من منىٰ ... واهتف بقاطن خيفها والناهضِ
سحراً إذا فاض الحجيج إلى منىٰ ... فيضاً كملتطم الفرات الفائضِ
إن كان رفضاً حبّ آل محمد ... فليشهد الثقلان أني رافضِ
وأخبرهم أني من النفر الذى ... لولاء أهل البيت ليس بناقضِ

جواب (۴) :

امام منذری اصلاً تو شامی ہیں، اور ولادت علی القول المشہور مصر میں ہوئی ہے، اور بعض حضرات ان کی ولادت شام میں بتلاتے ہیں، مصر میں ایک مدت تک شیخ الحدیث رہے ہیں، اور وہیں دارالحدیث الکاملیہ میں وفات پائی، **قال ابن كثير في تاريخه (ص ۲۱۲/۱۳):**

أصله من الشام وولد بمصر وكان شيخ الحديث بها مدة طويلة، إليه الوفادة والرحلة من سنين متطاولة، وقيل: إنه ولد بالشام سنة إحدىٰ وثمانين وخمس مأة، توفّي يوم السبت رابع ذى القعدة من هذه السنة (٦٥٦) بدار الحديث الكاملية بمصر، ودفن بالقرافة، رحمه الله تعالىٰ.

اس سے یہ معلوم ہوگیا کہ مصر ہی میں ولادت ووفات ہوئی، ہاں بعض لوگوں کے کہنے کے مطابق شام میں پیدا ہوئے اور وفات مصر میں ہوئی، تو بہرصورت الشامی المصری ہونا چاہئے، اگر قول ثانی کو لیں تو بھی ظاہر ہے، اس لئے کہ اگرچہ اس قول کی بنا پر ولادت شام میں ہوئی مگر تحدیث ووفات سب مصر میں ہوئی تو آخراً مصری ٹھہرے، واللہ اعلم۔

جواب (۵) :

تختم بالعقیق کے بارے میں بہت سی روایات وارد ہیں مگر سب واہی ہیں، اور محققین ناقدین مثلاً ابن عدی وعقیلی وابن الجوزی وذہبی وغیرہ بے اصل بتاتے ہیں اور موضوع ٹھہراتے ہیں۔

قال العقيلي: لا يثبت في هذا عن النبي ﷺ شيء، وقال ابن رجب: كل أحاديث التختّم بالعقيق لا

یثبت منها شئ ، وأورده ابن الجوزی فی الموضوعات، وکذا صرح الذهبی بکونه موضوعاً، ومال إلیه السخاوی فی المقاصد، وقبله شیخه الحافظ ابن حجر، وبسط القول فی ذلک السخاوی والمناوی فی فیض القدیر.

اور بھی بعض احجار کے بارے میں بعض فضائل نقل کیے جاتے ہیں، مثلاً حدیث نقل کرتے ہیں: **تختموا بالزمرد فإنه ینفی الفقر. أخرجه الدیلمی عن ابن عباسؓ، وقال السخاوی: لا یصح.**

ایک دوسری روایت ذکر کرتے ہیں: **تختموا بالزبرجد فإنه یسر لا عسر فیه. قال الحافظ ابن حجر: موضوع، وذکر المناوی فی فیض القدیر** (ص۲۳۶/۳):**روی ابن زنجویه بسند ضعیف عن علی کرّم الله وجهه مرفوعاً: من تختّم بالیاقوت الأصفر منع من الطاعون، انتهی.** لیکن اس کے مرفوعا ثبوت میں تو اشکال ہے۔ واللہ اعلم۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ ۱۵ شعبان ۱۳۹۱ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

سوال: النکاح من سنّتی، فمن رغب عن سنّتی

دونوں جملے ایک جگہ ملتے ہیں یا نہیں؟

سوال از حضرت مولانا (عبدالجبار) صاحب
شیخ الحدیث شاہی مرادآباد (درمکتوب حضرت شیخ مدظلہ)

جواب:

بندہ کو یہ حدیث بایں الفاظ یکجا کہیں نظر نہیں پڑی، صرف جملۂ ثانیہ تو بخاری شریف وغیرہ میں وارد ہے، البتہ سنن ابن ماجہ (ص۴۳۱) میں اس کے قریب قریب وارد ہے۔

قال: حدثنا أحمد بن الأزهر حدثنا أدم حدثنا عیسی بن میمون عن القاسم عن عائشةؓ قالت: قال رسول الله ﷺ :النکاح من سنّتی، فمن لم یعمل بسنّتی فلیس منّی، وتزوّجوا فإنی مکاثر بکم الأمم، ومن کان ذا طول فلینکح، ومن لم یجد فعلیه بالصیام فان الصوم له وجاء.

بندہ محمد یونس عفی عنہ ۳۰ ذی القعدۃ ۱۳۹۱ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

جوشخص کسی مالدار کی طرف جھکے، کہاں ہے؟

مکرم محترم مولانا محمد یونس صاحب سلام مسنون

سوال :

ایک حدیث کی ضرورت پیش آئی اسلئے پرچہ لکھوا رہا ہوں، اس میں اس قسم کا مضمون ہے کہ جو کسی مالدار کی طرف اسکے مال کی وجہ سے جھکے **فھو کذا و کذا** یاد تو یہ ہے کہ اس نے اپنے دین کو نقصان پہونچایا۔ حوالہ مطلوب ہے۔

حضرت شیخ مدظلہ

جواب: مخدومی وسیدی مدظلہم العالی

حدیث مذکور علامہ سخاوی نے المقاصد الحسنہ میں بحوالہ شعبِ بیہقی حضرت ابن مسعودؓ سے مرفوعاً بایں لفظ نقل کی ہے:

من خضع لغنيّ أو وضع له نفسه إعظاماً له وطمعاً فيما قبله ذهب ثلثا مروء ته وشطر دينه، وفی لفظ، من دخل علی غنیٍّ فتضعضع له ذهب ثُلثا دينه. وللطبرانی فی الصغير من حديث أنسٍؓ مرفوعاً من تضعضع لغنيّ لينال مما فی يديه أسخط الله عزّوجلّ، وفی لفظ، من تضعضع لغنیٍّ لينال فضل ما عنده أحبط الله تعالیٰ عمله. وهما واهيان جدّاً حتیٰ ان ابن الجوزی ذكرهما فی الموضوعات مختصراً.

بندہ محمد یونس عفی عنہ

شب ۲۹ ذی الحجہ ۱۳۹۱ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

روایت میں 'کل ضلالة فی النار' کا اضافہ کہاں ہے؟

حدیث 'من عزّی مصاباً' میں 'فله مثل أجره' سے کیا مراد ہے؟

مخدع اور بیت میں کیا فرق ہے؟

معظم محترم جناب بھائی مولانا محمد یونس صاحب **آنسک الله فی الدارین بما یرضاه**

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خدا کرے مزاج گرامی بخیر ہوں، آئینۂ قلب کے جب کبھی پرانے نقوش مڑکر دیکھتا ہوں تو چندسب سے نمایاں نقوش میں آپ کا نقش بھی بہت ممتاز نظر آتا ہے، لیکن کیا کیا جائے ان نقوش کی طرف بار بار توجہ کرنے کی مہلت ہی نہیں ملتی۔

یہ بھی جناب کی خوش نصیبی اور قابل رشک صفت ہے کہ فن حدیث جیسے مبارک فن کے سلسلے میں جناب کی طرف رجوع کیا جاتا ہے، اور یہ میری خوش نصیبی ہے کہ آپ جیسے کرم فرما رکھتا ہوں۔

أولئک أحبابی فجئنی بمثلهم إذا جمعتنا یا جلیس المجامع

سوال (۱):

گذارش یہ ہے کہ مشکوٰۃ (ص ۲۹ و ۳۰) پر جو حدیث عرباض بن ساریہؓ ہے، اس میں **کلّ محدثة بدعة و کلّ بدعة ضلالة** کے بعد **و کلّ ضلالة فی النار** کے الفاظ جو مشہور ہیں ان کی کیا اصل ہے؟ مجھے کسی روایت میں نہیں مل سکے، اگر کسی روایت میں یہ جزء ثابت ہو تو لکھئے گا۔

سوال (۲):

حدیث **من عزّی مصاباً فله مثل أجره**، مشکوٰۃ (ص ۱۵۱) میں '**مثل أجره**' سے کیا مراد ہے؟ اس مصیبت زدہ کا وہ اجر ہے جو مصیبت پر صبر کے صلہ میں ملتا ہے؟

سوال (۳):

مشکوٰۃ (ص ۹۶) عن ام سلمۃؓ، اس روایت میں عورت کے نماز پڑھنے کی بہترین جگہ بتاتے ہوئے جو مخدع اور بیت کے الفاظ ہیں، ان میں فرق کیا ہے؟ دار تو پورا گھر مع صحن کے ہوتا ہے، اور اندر کا مسقّف حصہ بیت کہلاتا ہے، تو کیا اس سے بھی اندر کی کوٹھری مخدع ہے؟

(مولانا) عبداللہ دہلوی

المکرّم المحترم زید فضلکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بہت دنوں بعد آپکا مسرت نامہ اس وقت آیا جب کہ بندہ بیمار ہے، اللہ تعالیٰ صحت کاملہ عاجلہ مستمرہ عطا فرمائے (آمین)۔

جواب (۱):

کل ضلالة فی النار بندہ کو یاد نہیں ہے۔ بات بالکل ظاہر ہے، حدیث **من أحدث فی أمرنا هذا مالیس منه**

فهو ردّ وغیرہ اسکے شاہد ہیں۔

بعد میں نسائی شریف (ص ۱۸۸) میں یہ حدیث مل گئی، **ولفظه شرّ الأمور محدثاتها وكل محدثة بدعة وكل بدعة ضلالة وكل ضلالة في النار.**

جواب (۲):

حدیث **من عزّٰی** کا جو مطلب آپ نے سمجھا ہے وہی مراد ہے۔ **قال القاری** (ص ۲ ۳۹۲/۲): **فله أي للمعزّي مثل أجره أي نحو المصاب على صبره، لأن الدال على الخير كفاعله، كما في الحديث الصحيح، وقيل من حمله على العزاء بالمد وهو الصبر فله لأجل هذه التعزية ثواب مثل ثواب المصاب لأجل صبره في المصيبة.اه.**

جواب (۳):

قال في المجتبٰی: الدار اسم لما يشتمل على الصحن والبيوت والصفّة والمطبخ والأصطبل، والمنزل مايشتمل على بيوت ومطبخ ومستراح دون الصحن، والبيت اسم لسقف واحد له دهليز، كذافي حاشية الهداية لمولانا عبدالحي (ص ۹/۳)، **وقال في البذل** (ص ۳۲۰/۱): **المخدع البيت الصغير الذي يكون داخل البيت الكبير، تحفظ فيه الأمتعة النفيسة، من الخدع وهوإخفاء الشئ.** بظاہر اس کا ترجمہ کوٹھری وغیرہ کا کیا جاسکتا ہے۔ واللہ اعلم۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ شب ۲۹ ذی الحجہ ۱۳۹۱ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖OOO❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

پردہ کی مشروعیت کس سن میں ہوئی

سوال : پردے کی مشروعیت کس سن میں ہوئی؟ اس کے حوالہ کی ضرورت ہے۔

مفتی یحییٰ صاحب

جواب :

نزول حجاب حضرت زینب کے نکاح میں ہوا جس کا مفصل قصہ بخاری (ص ۷۰۶ و ۷۰۷) ومسلم (ص ۴۶۱) وغیرھما میں موجود ہے۔

اب یہ کہ یہ کس سن کا واقعہ ہے، اس میں تین قول ہیں۔

واقدی کہتے ہیں کہ ذی القعدہ ۵ھ کا واقعہ ہے، لیکن حافظ ابن حجر فرماتے ہیں (ص ۳۳۳/۷) : **ما قاله الواقدی مردود، والمشهور أن الحجاب كان فی ذی القعدة سنة أربع، وهو قول جماعة، وصحّحه الدمياطی، وقد جزم خليفة وأبو عبيدة وغير واحد بانه كان سنة ثلاث، انتهی۔**

بندہ محمد یونس عفی عنہ ۵ محرم الحرام ۱۳۹۲ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

یوم عاشوراء کی فرضیت

(حضرت شیخ مدظلہ نے یوم عاشوراء کے سلسلہ میں ایک سوال پوچھا تھا جس کا یہ جواب عنایت فرمایا۔)

مخدومی المحترم ذوالمجد والکرم، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

وحبّب فإن الحبّ داعية الحبّ وكم من بعيد الدار مستوجب القرب

جواب:

صوم یوم عاشوراء اول امر میں فرضیت رمضان سے قبل واجب تھا جیسا کہ امام صاحب کی رائے ہے، اور یہی حضرت امام احمد اور حنابلہ کی ایک جماعت کی رائے ہے، قاضی ابوالولید الباجی المالکی کی بھی یہی رائے ہے، اور شافعیہ کی ایک جماعت کا یہی رجحان ہے، لیکن امام شافعی اور ایک جماعت حنابلہ کی اول امر ہی سے وجوب کے قائل نہیں ہیں۔

فرضیت رمضان کے بعد صوم عاشوراء کی فرضیت منسوخ ہوگئی یہ سب ہی ائمہ کے یہاں متفق علیہ ہے، ہاں بعض علماء سے قاضی عیاض نے وجوب نقل کیا ہے لیکن فرماتے ہیں:

وانقرض القائلون بهذا وحصل الإجماع على أنه ليس بفرض، انتهٰی. ابن عمر وغیرہ سے **'يكره قصده بالصوم'** منقول ہے، **ثم انقرض القول بذالک وحصل الإجماع على أنه سنّة، حكى الإجماع عليه ابن عبدالبر والنووی والعينی وغيرهم كما بسط فی الأوجز (ص ۴۹/۳).**

اور توسیع علی العیال کا استحباب حنابلہ حنفیہ مالکیہ کی کتب سے اوجز (ص ۴۸) میں منقول ہے، واللہ اعلم۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ ۱۰ محرم ۱۳۹۲ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

حدیث التوسعة علی العیال
اور استحباب صوم عاشوراء میں بظاہر تعارض ہے

سوال: میرا مقصد تو یہ ہے کہ حدیث التوسعۃ علی العیال اور استحبابِ صوم عاشوراء میں بظاہر تعارض ہے۔

حضرت شیخ مدظلہ

جواب:

بندہ کے خیال میں کوئی تعارض نہیں ہے، اس لئے کہ توسعہ فی الرزق علی العیال کا تو یہ بھی مطلب ہوسکتا ہے کہ اس کے اسباب دن میں کر لئے اور اکل وشرب غروب کے بعد ہو، اور مسبّبات کی جگہ اسباب کا اطلاق ہوتا ہی رہتا ہے، نیز یہ بھی ممکن ہے کہ اس سے مراد غیر مکلّف نابالغ بچے وغیرہ ہوں جیسا کہ لفظ العیال سے معلوم ہوتا ہے، واللہ اعلم۔

اس کے بعد بعض علماء کے کلام سے یہ معلوم ہوا کہ توسیع علی العیال فی یوم عاشوراء کا مطلب شب عاشورہ میں توسیع ہے۔

عبدالملک بن حبیب المالکی فرماتے ہیں:

لا تنس لا ینسک الرحمٰن عاشورا	واذکرہ لازلت فی الأخیار مذکورا
قال الرسول صلاۃ اللہ تشملہ	قولا علیہ وجدنا الحق والنورا
من بات فی لیل عاشورا ذاسعۃ	یکن بعیشہ فی الحول محبورا
فارغب فدیتک فیما فیہ رغبنا	خیر الوری کلھم حیّاً ومقبورا

ذکرہ السیوطی فی اللآلی (ص ۱۴ / ۲) وابن عراق فی تنزیہ الشریعۃ (ص ۱۵۸ / ۲).

اگرچہ اس کے تمام طرق میں یوم عاشوراء ہی کا لفظ وارد ہے۔ چنانچہ یہ حدیث طبرانی اور شعب بیہقی میں حضرت ابن مسعودؓ سے اور کامل ابن عدی میں ابوہریرہؓ سے اور شعب البیہقی مسند اسحاق میں راہویہ اور معجم اوسط للطبرانی میں ابوسعید خدریؓ سے اور دارقطنی کی کتاب الافراد اور خطیب بغدادی کی کتاب الرواۃ عن مالک میں ابن عمرؓ سے اور شعب الایمان للبیہقی اور کتاب الاستذکار لابن عبدالبر میں حضرت جابرؓ سے مروی ہے، اور سب میں یوم عاشوراء ہی کا لفظ وارد ہے۔

اس حدیث کی ایک چوتھی توجیہ یہ ہوسکتی ہے کہ توسعہ علی العیال سے مراد توسعہ فی النفقہ ہو، تو اس صورت کا استحبابِ صومِ عاشوراء سے کوئی تعارض ہی نہیں رہتا ہے، اس لئے کہ نفقہ کا تعلق سارے سال سے ہوگا اور مطلب یہ ہے کہ اس دن میں جس کا نفقہ اپنے ذمہ ہے ذرا وسعت کے ساتھ ان کو یا ان کو جس کی کفالت میں وہ ہو دے دیا جائے، واللہ اعلم۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

فائدہ :۔ بندہ اس حدیث کے طرق پر تفصیلاً اسنادی حیثیت سے جرحاً وتعدیلاً ایک دوسرے مکتوب میں کلام کر چکا ہے لہٰذا اسکی مراجعت کرلی جائے۔

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

بسم الله الذی لا یضرّ الخ پڑھ کرزہر کا کھالینا

مکرم ومحترم مولانا یونس صاحب بعد سلام مسنون

سوال :

ایک قصہ ایک صحابی نے **بسم الله الذی لا یضرّ مع اسمه شیء** پڑھ کرزہر کھالیا تھا اور اثر نہیں ہوا۔ میرے کسی رسالہ میں لکھا ہوا ہے اگر آپ کو یاد ہو یا مل جائے تو تحریر فرمائیں، فقط والسلام۔

حضرت شیخ مدظلہ ۱۵ محرم الحرام ۱۳۹۲ھ

جواب:

مخدومی وسیدی مدظلکم العالی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

أخرج ابن أبی شیبة وغیره أن خالد بن الولیدؓ لمّا نزل الحیرة قیل له: احذر السمّ لا تسقیکه الأعاجم، فقال: ائتونی به، فأتوه به فأخذه بیده ثم قال: 'بسم الله' واقتحمه فلم یضرّه، کذا فی الفتح (ص ۱۰/۲۱۱) وهو فی هامش اللامع (ص۳/۳۲۷). قال الهیثمی (ص۹/۳۵۰): و رواه أبو یعلٰی والطبرانی بنحوه وأحد إسنادی الطبرانی رجاله رجال الصحیح، وهو مرسل ورجالها ثقات إلا أن أباالسفر وأبا بردة بن أبی موسی لم یسمعا من خالدؓ. والله أعلم.

وقال الحافظ فی الإصابة (ص۲/۹۹):رواه ابن سعد من وجهین آخرین، ورواه أبو نعیم فی الدلائل (ص۳۸۲). وقال السیوطی فی الخصائص (ص۲/۲۸۳):وأخرج (أبو نعیم) أیضاً عن الکلبی قال: لما أقبل خالد بن الولیدؓ فی خلافة أبی بکرؓ یرید الحیرة بعثه إلیه عبدالمسیح ومعه سمّ ساعة فقال له خالد: هاته! فأخذه فی راحته ثمّ قال: 'بسم الله وبالله ربّ الأرض والسماء بسم الله الذی لا یضرّ مع اسمه داء' ثم أکل منه فانصرف عبد المسیح إلی قومه وقال: یا قوم أکل سمّ ساعة فلم یضرّه، صالحوهم فهذا أمر مصنوع لهم.

محمد یونس عفی عنه

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

'استحبّ کونهما' تثنیہ کی ضمیر ہے یا واحد کی؟

عزیزم مولوی یونس سلمہ بعد سلام مسنون

سوال:

مسلم (ص۱/۳۷۶) نووی آخری سطر سے ایک سطر قبل نووی کی عبارت میں یہ الفاظ ہیں: **عن الحسن البصری أنه استحبّ کونهما**، میرے نزدیک **کونهما** غلط ہے **کونه** ہونا چاہئے ضمیر احرام کی طرف ہے، تم نے اگر کوئی تنقید پہلے سے لکھ رکھی ہو تو مطلع کرو، ورنہ مصری نووی کو دیکھئے۔

فقط (حضرت شیخ) زکریا

جواب:

کذا فی المصریة (ص۸/۹۳) والتی علی هامش القسطلانی (ص۶/۳۳۶) وفی المرقاة (ص۳/۱۸۶) ذکر ابن عبد البرّ أن الجمیع استحبّوا کونه أثر صلاة نافلة أو فریضة، وحکی القاضی وغیره عن الحسن البصری أنه یستحبّ کونها (کذا فی المرقات بضمیر التأنیث ولعلّ المراد تلبیة الإحرام) بعدصلاة فرض. اه. وفی إکمال الإکمال لأبی عبد الله الأبّی (ص۳/۳۰۲): السنة فی الإحرام عند الکافّة أن یکون أثر صلاة، واستحبّ مالک أن یکون نافلة رکعتین فأکثر، واستحبّ الحسن أثر فرض لأنه یروی أن الرکعتین کانتا صلاة الصبح، والأولی أظهر، فإن أحرم أثر فرض أجزأ عند مالک ولادم علیه إن أحرم فی غیر أثر صلاة. اه.

بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

کیا لوگوں کو قیامت کے دن ان کی ماؤں کے ساتھ پکارا جائیگا؟

مکرمی السلام علیکم

سوال:

کیا قیامت میں لوگوں کو ان کی ماؤں کے نام کیساتھ پکارا جائے گا؟ اس کے حوالہ کی ضرورت ہے۔

(مفتی) یحییٰ (صاحب)

مکرم ومحترم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جواب:

قال الطبراني في الكبير: حدثنا الحسن بن علويه حدثنا إسمعيل بن عيسى القطان حدثنا ابن بشر أبو حذيفة حدثنا ابن جريج عن ابن أبي مليكة عن ابن عباسؓ قال: قال رسول الله ﷺ: إن الله يدعو الناس يوم القيامة بأمهاتهم ستراً منه على عباده. قلت: ولكن إسحاق بن بشر أبوحذيفة كذّاب وضّاع. قال ابن الجوزي في الموضوعات: أجمعوا على أنه كذّاب. قلت: كذّبه ابن المديني وابن أبي شيبة والدارقطني. وفي الباب عن أنسؓ مرفوعاً أخرجه ابن عدي: حدثنا محمد بن محمد الجهني حدثنا علي بن بشر بن هلال حدثنا إسحاق بن إبراهيم الطبري حدثنا مروان الفزاري عن حميد الطويل عن أنسؓ قال: قال رسول الله ﷺ: يدعى الناس يوم القيامة بأمهاتهم ستراً من الله عليهم. قال ابن عدي: إسحاق بن إبراهيم منكر الحديث وهذا حديث منكر. وأورده ابن الجوزي في الموضوعات، وأعلّه بهذا الرجل. قلت: وهكذا قال الدارقطني: إنه منكرالحديث. قال ابن حبان: منكرالحديث جدّاً يأتي عن الثقات بالموضوعات ولا يحلّ كتب حديثه إلاعلى جهة التعجب. ثم ذكرله أحاديث واهية.

قلت: وقد ثبت ما يعارضه وهو مارواه أبو داود (ص۲٦۷/۵) وأحمد والدارقطني (ص۲٦۱) بسند جيّد كما قال النووي في الأذكار عن أبي الدرداءؓ رفعه: أنكم تدعون يوم القيامة بأسمائكم وأسماء آبائكم فحسّنوا أسمائكم. وفي صحيح البخاري (ص۹۱۲) أن الغادر ينصب له لواء يوم القيامة فيقال: هذه غدرة فلان بن فلان. والله أعلم.

بندہ محمد یونس عفی عنہ

۲۲ محرم ۱۳۹۲ھ

************OOO************

کتاب ’امام ابوحنیفہ اور علم حدیث‘ معتبر ہے یا نہیں؟

سوال:

امام ابوحنیفہ اور علم حدیث نامی کتاب (جس کے مصنف مولانا محمد علی صاحب کاندھلوی ہیں) کیسی کتاب ہے؟ انکے

تمام مضامین وحوالہ جات صحیح ہیں یا نہیں؟ نیز عہد نبوی کے صحیفہ صادقہ، کتاب عمرو بن حزمؓ، کتاب الصدقۃ، صحیفہ جابرؓ، صحیفۂ سمرہ بن جندبؓ وغیرہ کے متعلق مضامین صحیح ہیں یا نہیں؟ براہ کرم حضرت والا کے نائب مولانا محمد یونس صاحب سے تحقیق یا حضرت والا کی تحقیق لکھوا کر بھیجیں بندہ نوازی ہوگی۔

سائل مولانا بشیر اللہ صاحب رنگونی، درمکتوب حضرت شیخ مدظلہ

جواب:

مولانا محمد علی صاحب کاندھلوی کی تالیف 'امام ابوحنیفہ اور علم حدیث' بہت سے ذخائر علمیہ حدیثیہ تاریخیہ پر مشتمل ہے اور مفید کتاب ہے۔ بالاستیعاب تو دیکھنے کی نوبت نہیں آئی مگر جستہ جستہ مضامین دیکھے ہیں، مجموعی طور پر اپنی نوعیت میں معلومات کی ایک جامع کتاب ہے۔

اور رہ گیا صحیفۂ صادقہ **فذکرھا الدارمی (ص۶۸) فی حدیث أخرجه عن عبد الله بن عمرو بن العاصؓ قال: ما یرغبنی فی الحیاة إلا الصادقة والوهظ، فأما الصادقة فصحیفة کتبتها من رسول اللهﷺ وأما الوهظ فأرض تصدّق بها عمرو بن العاصؓ کان یقوم علیها.**

اور کتاب عمرو بن حزمؓ تو مشہور ہے ہی، طحاوی (ص۲/۳۱۷) میں اس کا ذکر ہے اور اس میں بہت سی احادیث تھیں جن میں سے حاکم نے مستدرک میں ۶۳ حدیثیں ذکر کی ہیں۔

صحیفۂ جابرؓ کا تذکرہ ترمذی (ص۱/۱۵۷) میں واقع ہے۔

اور ابن عمرؓ کی کتاب الصدقۃ کا ذکر ترمذی (ص۱/۷۹) میں واقع ہے۔

اور صحیفۂ سمرہ بن جندبؓ کا تذکرہ تہذیب التہذیب میزان الاعتدال وغیرہ میں جعفر بن سعد کے ترجمہ میں موجود ہے، جس میں سے چھ احادیث ابوداؤد میں ہیں، دو صلوۃ ایک زکوۃ میں اور بقیہ تین جہاد میں موجود ہیں، ابوبکر بزار نے اس صحیفے کی تقریباً سو احادیث اور ثابت کی ہیں۔

اسی طرح صحیفۂ ہمام بن منبہ اور صحیفہ عبدالرحمٰن بن ہرمز الاعرج وغیرہ کا ذکر تہذیب وغیرہ کتب رجال وحدیث میں واقع ہے۔ والسلام۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

۵ صفر ۱۳۹۲ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

مقدمہ مسلم کے متعلق چند قابل تحقیق امور

سوال (۱): إن فی البحر شیاطین أوثقها سلیمان الخ(ص ۱۰) تشریح اوراسکا ثبوت۔

سوال (۲): قاتلهم الله أنّی علم أفسدوا الخ(ص ۱۱) قال النووی : أشارإلی ما أدخلته الروافض والشیعة فی علم علیؓ الخ امورمخترعہ کیا کیا ہیں؟

سوال (۳): الإیمان بالرجعة (ص ۱۵).

سوال (۴): إن الرافضة تقول: إن علیاً فی السحاب فلا نخرج مع من یخرج من ولده الخ(ص ۱۵). هل هذا هو الإیمان بالرجعة أوغیره؟ وأیضاً من الخارج من ولد علیؓ؟ وأین یخرج؟ ومتی یخرج؟ أی فی زعمهم، وعلی من یخرج؟

سوال (۵): الحارث بن حصیرة یصرّ علی أمر عظیم (ص ۱۶). الظاهر أنه غیر الحارث الأعور، ما المراد بالأمر العظیم؟

سوال (۶): قوله: فقال: ثنا عن الحکم بأشیاء الخ(ص ۱۷). الظاهر بدله 'حدثنا' فإنه مبدأ السند من وجه.

سوال (۷): فإنه قلّ ما حملها أحد الخ(ص ۹). شرح قوله: قلّ ما حملها؟ وهل القلّة فی معناه الحقیقی أو بمعنیٰ العدم کما هو الشائع.

سوال (۸): وإنما مثلّنا هولاء فی التسمیة لیکون تمثیلهم سمة الخ(ص ۴). عبارت کا ترجمہ ومطلب۔

سوال (۹): وقد شرحنا من مذهب الحدیث وأهله بعض ما یتوجه به من أراد(ص ۵). کلمات کا باہمی ربط من حیث التراکیب النحوی، وأیضا حاصل المعنیٰ، وأیضا مصداق الحدیث.

سوال (۱۰): عن ابن سیرین لم یکونوا یسئلون: هل هو بصیغة المعروف أوالمجهول؟ فلما وقعت الفتنة. مالمراد بالفتنة؟

سوال (۱۱): لم نر الصالحین أکذب الخ کذب کے گوحقیقی معنیٰ مرادنہیں بلکہ حسن ظن بالمؤمنین کی وجہ سے دھوکہ میں آجانا مراد ہے، لیکن قابل تحقیق یہ ہے کہ اسم تفضیل کیوں لایا گیا؟ تفضیلی معنیٰ کس طرح بنیں گے؟

ازمولانا محمد عاقل صاحب

جواب (۱):

اثر کا مطلب تو ظاہر ہے کہ حضرت سلیمان علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے کچھ شیاطین کو سمندر میں مقید کر رکھا ہے، اور کسی زمانے میں انکا خروج ہوگا، اس وقت وہ لوگوں کے سامنے بے اصل باتیں پیش کریں گے اور لوگوں کو گمراہ کریں گے۔ بظاہر تو یہ بات حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے اسرائیلیات سے لی ہے، بہت ممکن ہے کہ اس صحیفۂ یرموکیہ سے منقول ہو جو انھیں یرموک میں اہل کتاب کے صحائف میں سے ملا تھا اور وہ اس سے روایات نقل کرتے تھے۔

اس صحیفہ کا تذکرہ حافظ ابن کثیرؒ نے کئی جگہ اپنی تفسیر میں کیا ہے۔

وقوله: قرآناً يحتمل أن يكون منصوباً على المصدرية بمعنى القراءة والقرآن مصدر كالقراءة، كما صرّح به أهل اللغة، فيكون المعنىٰ أن الشياطين تقرأ على الناس قراءةً سواء كان هذا الكتاب الكريم أو غيره فتفتنهم وتضلّهم بقراءتها وبما يفسّرها لهم.

ويحتمل أن يكون مفعولاً به، وعلى هذا ففي المراد به احتمالان.

الأولى: أن يراد به القرآن العظيم.

والثاني: أن يراد به شئ كالقرآن.

فأما على الاحتمال الأول فيكون المعنىٰ أن الشياطين تقرأ على الناس هذا القرآن العظيم وتضلّهم بما تفسّره لهم بآرائها الباطلة، وهذا كما يفعله بعض الوعّاظ والقصّاص كذلك تفعل الشياطين بعد ظهورها.

وأما على الاحتمال الثاني فيكون المعنىٰ تقرأ على الناس شيئاً كالقرآن وليس بقرآن ولكن تدّعيه أنه قرآن لتغرّ به عوام الناس.

وقد حكي أن رجلًا ظهر في المأة الرابعة عشر وأخرج كتاباً فيه مخالفة للمصحف الإمام وادّعى أنه القرآن ولكن قطع الله دابره ولم يعرف خبره ولا أثره.

وهذا المعنىٰ هو الذي جزم به النووي فقال (ص ۱۱/۱): قوله: يوشك أن تخرج فتقرأ على الناس قرآناً، معناه تقرأ ما ليس بقرآن وتقول أنه قرآن لتغرّ به عوام الناس فلا يغترّون، انتهىٰ.

وهذا المعنىٰ هو الذي تقتضيه تنكير قوله قرآناً وإلا فلو كان المراد به القرآن العظيم يقال فتقرأ على الناس القرآن.

ثبوت سے آپ کی کیا مراد ہے؟ اگر اثر کے متعلق ہے تو محل تعجب ہے، اس لئے کہ امام مسلم بسند صحیح نقل کررہے ہیں پھر ثبوت کے مطالبہ کا کیا مطلب؟ اور اگر اسکی مراد یہ ہے کہ خروج شیاطین کا ثبوت، تو یہ کہیں بندہ کی نظر سے نہیں گزرا، اور اگر مقصد خود تشریح ہی کا ثبوت ہے جیسا کہ سیاق سے ظاہر ہے تو ما حضر پیش کردیا گیا، واللہ اعلم۔

جواب (۲):

آپ کا سوال نمبر دو یعنی (شیعہ کے) امور مخترعہ کیا کیا ہیں؟ نہایت مجمل ہے، اگر ان کا مطلب یہ ہے کہ وہ مخترعات کیا ہیں جو شیعہ نے حضرت علیؓ کے فتاویٰ وقضایا میں داخل کردی تھیں تو اسکا بندہ کو علم نہیں ہے، اور نہ ہی کسی روایت میں نظر سے گذرا، اور اگر اسکا مطلب یہ ہے کہ فی نفسہ اہل تشیع نے کیا کیا امور اختراع کیے ہیں تو اسکی فہرست تو بہت طویل ہے، خود ان کی کتابیں دیکھ کر معلوم کیا جاسکتا ہے، اسلئے کہ شیعہ کے فِرق بہت کثیر ہیں۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے منہاج السنۃ (ص ۲/۱۰۵) میں نقل کیا ہے: **الشیعة تبلغ فِرَقهم ثنتین وسبعین**. پھر ان کے بہت سے خیالات فاسدہ نقل کیے ہیں۔

جواب (۳):

ایمان بالرجعۃ کی کیا حقیقت ہے؟ صاحب قاموس لکھتے ہیں کہ: **ویؤمن بالرجعة أی بالرجوع إلی الدنیا بعدالموت**. اور اسکی تفصیل امام ابن الاثیر جزری نے نہایہ میں بیان فرمائی ہے، لکھتے ہیں:

والرجعة مذهب قوم من العرب فی الجاهلیة معروف عندهم ومذهب طائفة من فرق المسلمین من أولی البدع والأهواء، یقولون: إن المیت یرجع إلی الدنیا ویکون فیها حیّاً کما کان. ومن جملتهم طائفة من الرافضة مثل جابر الجعفی کما ذکره مسلم، ورشید الهجری کما قاله ابن حبان، والحارث بن حصیرة قاله أبو أحمد الزبیری، وأصبغ بن نباته کما قاله العقیلی. یقولون: إن علی بن أبی طالبؓ مستتر فی السحاب فلا نخرج مع من خرج من ولده حتی ینادی مناد من السماء: أخرج مع فلان. ویشهد لهذاالمذهب السوء قوله تعالی﴿ حتیٰ إذاجاء أحدهم الموت قال ربّ ارجعون لعلّی أعمل صالحا﴾ یرید الکفار. نحمد الله علی الهدایة والإیمان. انتهیٰ بزیادة أسماء القائلین.

صاحب مجمع البحار نے بھی ابن الاثیر کی پوری عبارت نقل کردی ہے۔

ونقل النووی (ص ۱۵) عن القاضی عیاض أنه قال: ومعنی الإیمان بالرجعة ما تقوله الرافضة وتعتقده بزعمها الباطل أن علیاًؓ فی السحاب فلا نخرج یعنی مع من یخرج من ولده حتیٰ ینادی من

السماء أن أخرجوا معه، اه. وهذا المعنى نقله مسلم (ص ۱۵) عن الثورى.

بعض علماء نے ایک حدیث بھی لکھی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس فرقہ کو دھوکہ کیوں لگا۔

قال محمد بن الوزير: ثنا مسعدة عن جعفر بن محمد عن أبيه أن رسول الله ﷺ كسا علياً بردة يقال لها 'السحاب' فأقبل وهى عليه فقال النبى ﷺ: هذا علي قد أقبل فى السحاب، قال جعفر: قال أبى: فحرّفها هؤلاء فقالوا: علي فى السحاب. كذا فى الميزان واللسان فى ترجمة مسعدة بن اليسع الباهلى ولكنه ضعيف ساقط، قال الذهبى: هالك، كذّبه أبو داود، وقال أحمد حرّقنا حديثه منذ دهر. وفى اللسان قال محمود بن غيلان: أسقطه أحمد ويحيىٰ بن معين وابن أبى خيثمة. انتهىٰ.

اول تو یہ حدیث ہی ثابت نہیں اور اگر ثابت ہو جائے تو اس سے اس فرقہ ضالّہ کا اور ابطال ہی ہو جائے گا، اس لیے کہ اگر یہ مان لیا جائے کہ حدیث میں آنحضرت ﷺ نے **'هذا علىّ قد أقبل فى السحاب'** فرمایا ہے تو ظاہر ہے کہ حضرت ﷺ نے اس وقت فرمایا ہوگا جب آپؓ زندہ تھے، اور حضرت علیؓ کا وصال آنحضرت ﷺ کے وصال کے تقریبا تیس سال بعد ہوا ہے، تو حضرت ﷺ کا اشارہ ظاہر ہے کہ حضرت علیؓ کی طرف فی حیاۃ علیؓ ہوا اور سحاب سے مراد وہ کپڑا ہوگا، واللہ اعلم۔

منہاج السنۃ (ص ۱۰۶/۴) کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ روافض میں کئی فرقے ہیں جو رجعت کے قائل ہیں، بعض تو رجعتِ علی اور بعض محمد بن الحنفیہ کی رجعت اور بعض اسکے علاوہ دوسروں کی رجعت کے قائل ہیں، واللہ اعلم۔

جواب (۴):

امام مسلم نے جو نقل فرمایا ہے وہی رجعت کی تفصیل ہے اور اس کے متعلق کلام نمبر ۳ پر گذر چکا، اور مقصد اس رجعت کے قائلین کا صرف یہ ہے کہ ہم تو کسی کی بھی پیروی نہیں کریں گے جب تک کہ حضرت علیؓ سحاب سے خود نہ پکاریں کہ تم فلاں کی اتباع کرو۔

رہا یہ کہ وہ فلاں کون ہے؟ اس کی تعیین کچھ نہیں ہے بلکہ جس کسی کے ساتھ خروج کا حکم حضرت علیؓ فرمائیں گے وہ اسکے ساتھ ہولیں گے، البتہ بعض دوسرے فرق روافض جو رجعت کے قائل ہیں ان میں سے بعض حضرات محمد بن الحنفیہ اور ایک جماعت محمد بن الحسن العلوی کی رجعت کے قائل ہیں جو بزعم روافض زندہ ہیں اور غارِ سُرّ من رأی میں پوشیدہ ہیں۔

وغير ذلك كما يظهر مما ذكره شيخ الإسلام ابن تيمية فى المنهاج (ص ۱۰۶/۴) قال: منهم من يقول: أن محمد بن الحنفية حيّ بجبال رضوى، أسد عن يمينه ونمر عن شماله يحفظانه، يأتيه

رزقه غدوة وعشية إلى وقت خروجه، فهم ينتظرون رجعة محمد بن الحنفية أو يقولون: إنه يرجع ويملك فهم اليوم فى التيه لا إمام لهم إلى أن يرجع إليهم محمد بن الحنفية فى زعمهم. ومنهم من قال: إن عبدالله بن معاوية بن عبدالله بن جعفر بن أبى طالب هوالمهدى المبشّر به، و إنه حيّ بجبال أصبهان. ومنهم من قال: إن المهدى هومحمد بن عبدالله بن الحسن بن على بن أبى طالب، وزعموا أنه حي بناحية الحاجز أنه لايزال مقيماً هناك إلى أوَان خروجه. ومنهم من قال: إن أباجعفر نصّ على ابنه جعفر بن محمد وأن جعفراً حيّ لم يمت ولا يموت حتىٰ يظهر أمره وهو القائم بالمهدى، اه مختصراً.

رہا یہ کہ کہاں اور کب اور کس پر خروج ہوگا؟ اس کا فی الوقت کوئی علم نہ ہوسکا، بظاہر درجہ ابہام ہی میں ہے جیسا کہ روافض کے اکثر تقیہ کے ضوابط کا تقاضا ہے، بلکہ صحیح تو یہ ہے کہ خود روافض ہی کو کچھ پتہ نہیں ہے۔

جواب (۵):

الحارث بن حصیرہ اور حارث بن عبداللہ الاعور دونوں الگ الگ ہیں اور اسکی کئی وجوہ ہیں۔

اول! اسم اب میں اختلاف۔ ثانی! کنیت میں اختلاف، ابن حصیرہ کی کنیت ابوالنعمان ہے اور الاعور کی کنیت ابوزہیر ہے۔ ثالث! نسبت میں فرق ہے، اول ازدی ہے اور ثانی حوتی ہے۔ رابع! طبقہ میں اختلاف ہے، ابن حصیرہ تبع تابعین میں سے ہے عکرمہ زید بن وہب وغیرہما سے روایت کرتا ہے، اور حارث الاعور کبار تابعین میں سے ہے حضرت علیؓ وغیرہ سے روایت کرتا ہے، ابن زبیرؓ کے زمانہ خلافت ۶۵ھ میں وفات ہوئی، اور اول کی وفات کا علم نہیں۔

امر عظیم سے مراد یہی عقیدہ رجعت ہے جیسا کہ میزان الاعتدال سے معلوم ہوتا ہے۔ **وفيه قال أبوأحمد الزبيرى: كان يؤمن بالرجعة، وقال ابن عدى: يكتب حديثه، وهو من المحترقين بالكوفة فى التشيّع. وقال زنيج: سالت جريراً أرأيت الحارث بن حصيرة؟ قال: نعم رأيته شيخاً كبيراً طويل السكوت يصرّ على أمر عظيم، انتهىٰ۔**

سیاق سے معلوم ہوتا ہے کہ امر عظیم کا مصداق ایمان بالرجعت ہی ہے اور مسلم شریف کا سیاق بھی اسی پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ انھوں نے اس سے قبل جابر جعفی کے ایمان بالرجعۃ کا ذکر فرمایا ہے اسکے بعد حارث بن حصیرہ کا ذکر فرمایا ہے۔

جواب (۶):

'فقال ثنا عن الحكم بأشياء' میں 'ثنا' وسط سند ہے۔ **لأن مسلماً روى عن محمود بن غيلان عن أبى**

داود الطیالسی أن شعبة قال له: ائت جریربن حازم وأخبره بأنه لا یجوز لک أن تروی عن الحسن بن عمارة فإنه لیس بمعتمد ومأمون بل یکذب، فسأله الطیالسی: کیف علمت أن الحسن بن عمارة یکذب؟ فاستدلّ علیه شعبة بأن الحسن بن عمارة حدّثه وغیرهٗ عن الحکم بأحادیث، ولایوجدلها عن الحکم أصل، ثم ذکر لذلک عدّة أمثلة.

مقصد یہ ہے کہ **قال ثنا عن الحکم بأشیاء** شعبہ کا مقولہ ہے اور قال کی ضمیر شعبہ کی طرف راجع ہے، اور شعبہ وسط سند میں واقع ہیں۔

اور اگر یہ کہا جائے کہ یہ شعبہ کی ابتدائی سند ہے پھر تو اس صورت میں ہر راوی کے لئے شیخ سے ابتداء سند ہوتی ہے لہٰذا ہر جگہ ہی حدثنا لکھنا چاہیے، اور پھر اس تخفیف میں بسا اوقات ابتداء سند بھی شریک ہو جاتی ہے، **کما لا یخفٰی علی من طالع کتب الحدیث، واللہ أعلم.**

جواب (۷):

اثر کا مطلب یہ ہے کہ بہت ہی کم ایسا ہوتا ہے کہ کوئی احادیث منکرہ بیان کرتا ہے مگر وہ رسوا اور مکذّب ہوتا ہے، مراد یہ کہ بکثرت رسوائی ہوتی ہے۔ **لأن قلّما ههنا مرکبة من قلّ الماضی وما الکافة وهی تدخل علی الجملة الفعلیة کما فی هذا الأثر وتستعمل مثل ربما، إلا أن ربما تستعمل للتکثیر والتقلیل کلیهما حسب ما یقتضیه المقام، وأما قلّما فصریح فی القلّة، فالجملة التی دخل علیها هذه اللفظة مقیدة بالقلّة ثم وقع الاستثناء بعد ذلک بقوله: إلّا ذلّ وکذب، وظاهر أن حکم المستثنٰی خلاف حکم المستثنٰی منه، فلما کان المستثنٰی عنه مقیّداً بالقلّة کان المستثنٰی عکس ذلک ومفیداً للکثرة، فیکون المعنیٰ قلّ أن یکون أحد یحمل الأحادیث الشنیعة المنکرة ویحدّث بها إلا کثرت فیه أقا ویل الناس وتکذیبهم لأحادیثه، وهذا من المبالغة بمکان، فانه لما کان قلّة الحمل موجباً لکثرة الطعن فما بالک إذا کثر الحمل، وهذا الذی اخترته وفسّرت به الأثر یکون علیه لفظ قلّما علی ما هو الظاهر منه من معنیٰ القلة، وقد یحتمل علی بعد أن یراد منه معنیٰ النفی فالمعنیٰ إذاً ظاهر، واللہ أعلم. هذا ما کان عندی ولعلّ عند غیری أحسن من هذا.**

جواب (۸):

ہم نے صرف مثال کے طور پر ان کا نام لیا ہے تا کہ ان کو مثال میں پیش کرنا ایک ایسی علامت بن جائے کہ اس کے سمجھ

لینے کی وجہ سے وہ شخص کہ جس پر اہل علم کا طرزِ عمل علماء کی ترتیبِ مدارج فی العلم میں مخفی ہوگیا ہو (اپنے طریق کار سے) لوٹ جائے (اور غلط روی اور ہمہ واحد اند کا نعرہ لگانے سے باز آجائے)۔

بندہ نے اس ترجمہ میں **فی ترتیب أهله** کو طریق اہل العلم سے مربوط قرار دیا ہے، اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ صدر کے متعلق ہو، اور اس صورت میں ترجمہ یہ ہوگا کہ وہ شخص جس پر اہل علم کا طرز عمل مخفی ہوگیا ہو وہ علماء کی ترتیب فی مراتب العلم میں (اپنے طریق کار) سے لوٹ جائے، اور ہر دو صورت میں **فیه** ترتیب کے متعلق ہوگا اور مطلب یہ ہے کہ بعض حضرات جو فرق مراتب نہیں کرتے ہیں اور ہر جگہ ہر شخص کے بارے میں ایک ہی طریق کار اختیار کرتے ہیں وہ غلطی میں ہیں، ہم نے مثال کے طور پر چند لوگوں کے نام پیش کر دیے ہیں جن میں فرق مراتب بیان کر دیا ہے تا کہ جو شخص فرق مراتب نہیں کرتا ہے اپنی غلط روی کو چھوڑ کر صحیح طریق اختیار کرے، اور یہ بھی مطلب ہوسکتا ہے کہ جو شخص فرق مراتب تو کرتا ہے مگر کوتاہی کرتا ہے اس تفریق وترتیب میں اپنی غلط روی کو چھوڑ دے، واللہ اعلم وعلمہ اتم واحکم۔

جواب (۹) :

وقد شرحنا (أی بیّنا وفسّرنا) من (جملة) مذهب الحديث (أی طريقه ومراتبه) وأهله (أی أهل الحديث، وهو يحتمل أن يكون عطفاً تفسيريّاً لقوله الحديث، فأن المذهب إنما يكون لأهله لا له، ويحتمل أن لا يكون تفسيريًّا بل المراد بمذهب الحديث مراتبه من الصحيح والسقيم كما أشرت اليه بقول طريقه ومراتبه، وبمذهب أهل الحديث طريقهم فی تفريق مراتب الرجال وترتيب أحاديثهم) بعض ما (أی القانون الذی) يتوجّه (أی يقصد) به (أی بذلک القانون) من أراد سبيل القوم (أی من أراد أن يقصد طريقهم ويسلک مذهبهم).

فقوله من مذهب الحديث وأهله متعلق بقوله شرحنا، وقوله بعض مايتوجه مفعول لقوله شرحنا، والمعنیٰ أنا قد شرحا بعض ماهو من مذهب أهل الحديث مما يتوجه به من أراد سلوک طريقهم، والله أعلم.

جواب (۱۰):

قوله: لم يكونوا يَسئلون، بصيغةالمعروف كما يدلّ عليه قوله الآتی: سمّوا لنا رجالكم، وقد كتب فی النسخ الهندية يُسئلون كما تكتب بصيغة المجهول فأورد الاشتباه، وإلا فهو مكتوب فی النسخة التی علی هامش القسطلانی (ص۱۴۸/۱) يَسئلون كما يكتب صيغة المعروف.

وقوله: فلما وقعت الفتنة، المراد بالفتنة فتنة عبد الله بن سبا الذى كان فى بدء أمره يهوديًا ثم أظهر الإسلام على وجه النفاق، وهو أول من كذب كما قاله الشعبى أى فى بيان الأحاديث. ونقل ابن تيمية (۴/۱۰۲) أنه أول من ابتدع الرفض، اه. قد أظهر حبّ علىؓ وبالغ فيه حتى ادّعى فى علىؓ الألوهية وغير ذلك من الكذبات، فالمراد بالفتنة فتنة عبد الله بن سبا وفتنة الروافض.

قال شيخ الإسلام ابن تيمية(ص۱۳/۱): قد اتّفق أهل العلم بالنقل والرواية والإسناد على أن الرافضة أكذب الطوائف والكذب بينهم قديم، ولهذا كان أئمة الإسلام يعلمون امتيازهم بكثرة الكذب. قال أبو حاتم الرازى: سمعت يونس بن عبدالأعلى يقول: قال أشهب بن عبد العزيز: سئل مالك عن الروافض فقال: لا تكلّمهم ولا تروعنهم فإنهم يكذبون. وقال أبو حاتم: حدثنا حرملة قال: سمعت الشافعى يقول: لم أر احداً أشهد بالزور من الرافضة. وقال مؤمل بن إهاب سمعت يزيد بن هارون يقول: نكتب من كل صاحب بدعة إذا لم يكن داعيةً إلا الرافضة فإنهم يكذبون. وقال محمد بن سعيد الأصبهانى: سمعت شريكاً يقول: احمل العلم عن كل من لقيت إلا الزافضة فإنهم يضعون الحديث ويتخذونها ديناً، وشريك هذا هو شريك بن عبدالله القاضى قاضى الكوفة من أقران الثورى وأبى حنيفة، وهو من الشيعة الذى يقول بلسانه: أنا من الشيعة وهذه شهادته فيهم. وقال أبو معاوية: سمعت الأعمش يقول: أدركت الناس وما يسمّونهم إلا الكذّابين يعنى أصحاب المغيرة بن سعيد. وهذه آثار ثابتة قد روى بهاأبوعبدالله بن بطة فى الإبانة الكبرىٰ هو وغيره.

ان نصوص سے ظاہر ہوتا ہے کہ افترا پردازی اور کذب بیانی روافض کا وطیرہ تھا، اور روایات میں بھی کذب بیانی کو جائز سمجھتے تھے، بلکہ جہاں تک میرا علم ہے فرق اسلام میں کذب کو علی الاطلاق سوائے روافض کے اور کوئی جائز قرار نہیں دیتا ہے، اگرچہ کرّامیہ وغیرہ احادیث ترغیب وترہیب میں ان کے ہم نوا ہیں، لیکن محمد بن کرّام جوان کا امام ہے وہ ابن سیرین کے بعد ہے، اس لئے کہ ابن سیرین کی وفات ۱۱۰ھ میں ہے، اور محمد بن کرّام کی وفات ۲۵۵ھ میں ہے، یہ امام بخاری کا معاصر ہے اس لئے وہ اور اس کے اتباع مراد نہیں ہیں، یہ سارا میرا اپنا خیال ہے کہ فتنہ سے مراد فتنہ سبائیہ وروافض مراد ہے۔ واللہ اعلم۔

جواب (۱۱):

جبکہ آپ یہ خود لکھ رہے ہیں کہ کذب کے حقیقی معنی مراد نہیں ہے بلکہ وقوع فی الخطا ہے، تو پھر تفضیل کے معنی میں کیا اشکال رہ جاتا ہے، اس لئے کہ اس قسم کی خطا تو زھاد اور صلحاء کے طبقہ کے علاوہ دوسروں سے بھی ہوسکتی ہے اور ہوتی ہے، لہٰذا تفضیلی معنی صاف بن جاتے ہیں، واللہ اعلم۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ ۸ صفر المظفر ۱۳۹۲ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

سورۂ فاتحہ کلام اللہ کا جز ہے یا نہیں؟

کلام اللہ اور کلام من اللہ کا فرق

سوال (۱):

ایک سوال کا جواب عنایت فرمائیں، سورۂ فاتحہ کلام اللہ کا جز نہیں ہے، کیا کوئی روایت یا کسی کا قول ایسا ہے؟

سوال (۲):

اب ایک بات اور ذہن میں آ گئی، کلام اللہ اور کلام من اللہ میں کیا فرق ہو جائے گا؟

(سید امتیاز حسین صاحب. درمکتوب حضرت اقدس ناظم صاحب مدظلہ)

جواب (۱):

مخدومنا المکرّم زادت معالیکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کسی روایت میں سورۂ فاتحہ کا انکار وارد نہیں ہے، بلکہ صحیح بخاری شریف میں (ص ۶۴۲) حضرت ابو سعید بن المعلّیؓ سے روایت ہے: **كنت أصلّى فى المسجد فدعانى رسول الله ﷺ فلم أجبه فقلت: يارسول الله! إنى كنت أصلّى، فقال: ألم يقل الله: استجيبوا لله وللرسول إذا دعاكم؟ ثم قال: لأعلّمنّك سورةً هى أعظم السورفى القرآن قبل أن تخرج من المسجد، ثم أخذ بيدى فلما أن أراد أن يخرج قلت له: ألم تقل لأعلّمنّك سورة هى أعظم سورة من القرآن؟ قال: الحمد لله رب العٰلمين هى السبع المثانى والقرآن العظيم الذى أوتيته.**

البتہ ابن اشتہ نے کتاب المصاحف میں جریر بن عبد الحمید سے نقل کیا ہے کہ ابن مسعودؓ کے مصحف میں سورۂ فاتحہ اور

معوذتین نہیں تھے۔ **ولفظه وليس فيه الحمد لله ولا المعوذتان. كذا نقله السيوطى فى الإتقان** (ص ۶۴/۱). لیکن یہ نقل بظاہر مشکل ہے، اس لیے کہ جریر بن عبدالحمید الرازی نے ۱۸۸ھ میں وفات پائی ہے جبکہ ان کی عمر اکہتر سال کی تھی، تو اس حساب سے انکی ولادت ۱۱۷ھ میں ہوئی اور حضرت ابن مسعودؓ کی وفات ۳۲ھ یا ۳۳ھ میں ہوئی ہے، اس لحاظ سے ابن مسعودؓ کی وفات اور جریر کی ولادت میں پچاسی یا چوراسی سال کا فرق ہے۔

لیکن اتقان میں ہے (ص ۶۵/۱) **أخرج أبو عبيدعن ابن سيرين قال: كتب أبىّ بن كعبؓ فى مصحفه فاتحة الكتاب والمعوّذتين وأللهم إنا نستعينک وأللهم إياک نعبد، وتركهن ابن مسعودؓ، وكتب عثمانؓ منهن فاتحة الكتاب والمعوذتين.** لیکن بظاہر اس میں وہم ہوگیا۔

امام نووی شرح المہذب (ص ۳۹۶/۳) میں لکھتے ہیں: **أجمع المسلمون على أن المعوذتين والفاتحة وسائر السور المكتوبة فى المصحف قرآن، وان من يجد شيئاً منه كفر، وما نقل عن ابن مسعودؓ فى الفاتحة والمعوذتين باطل ليس بصحيح عنه. قال ابن حزم فى أول كتابه المجاز: هذا كذب على ابن مسعودؓ موضوع، وإنما صحّ عنه قرأة عاصم عن زرّوفيها الفاتحة والمعوذتان، انتهى.**

وهكذا قال ابن حزم فى أول المحلّى وكذا فى كتاب القدح المعلّى، والله اعلم.

جواب (۲):

کلام اللہ سے تو بظاہر پورا قرآن پاک مراد ہوتا ہے اور کلام من اللہ میں اللہ تعالیٰ کا ہر کلام داخل ہے اگرچہ بصورت الہام ہی کیوں نہ ہو، اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ دونوں کا مطلب ایک ہو، کیونکہ کلام اللہ شریف اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے، تو دونوں کا مطلب ہوگا اللہ تعالیٰ کا وہ کلام جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوا، واللہ اعلم۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

إن الروح إذا قبض تبعه البصر
إن الأرواح تتلاقىٰ فى المنام
إن الله قبض أرواحكم
ثم سوّاه ونفخ فيه من روحه

سوال (۱): **إن الروح إذا قبض تبعه البصر.** کہاں ہے؟

سوال (۲): **إن الأرواح تتلاقیٰ فی المنام.** کہاں ہے؟

سوال (۳): **قوله ﷺ فی حدیث بلالؓ: إن الله قبض أرواحکم وردّها إلیکم .** کہاں ہے؟

سوال (۴): **سورة الٓمٓ السجدة** (پارہ۲۱) کی آیت۹ اس طرح ہے **'ثم سوّاه ونفخ فیه من روحه وجعل لکم السمع والأبصارو الأفئدة قلیلاً ما تشکرون.** اس آیت میں لفظ **روحه** کی ضمیر کو اکثر مفسرین نے اللہ کی طرف منسوب کیا ہے، یعنی یہ مطلب لیا ہے کہ جب اس نے (اللہ نے) اس کو (آدم کو) سنوار دیا اور اس میں اپنی (اللہ کی) روح کو پھونکا، کیا جناب والا کی نظر میں کوئی مفسر ایسا بھی ہے جس نے اس کو آدمؑ کی طرف منسوب کیا ہو یعنی یہ مطلب لیا ہو کہ جب اس نے (اللہ نے) اس کو (آدم کو) سنوار دیا اور اس میں اس کی (آدم کی) روح کو پھونکا۔

ماجد علی خان از امریکہ، ۱/۴/۷۲ء

درمکتوب حضرت شیخ الحدیث صاحب

جواب (۱):

أخرجه مسلم (ص ۳۰۱) وابن ماجه (ص۱۰۶) عن أم سلمةؓ قالت: دخل رسول الله ﷺ علی أبی سلمةؓ وقد شقّ بصره فأغمزه ثم قال: إن الروح إذا قبض تبعه البصر. الحدیث. وأخرج أحمد (ص۱۲۵/۴) وابن ماجه (ص۱۰۶) والحاکم فی المستدرک (ص۳۵۲/۱) عن شداد بن أوسؓ قال: قال رسول الله ﷺ : إذا حضرتم موتاکم فأغمضوا البصر فإن البصر یتبع الروح وقولوا خیراً فإن الملائکة تؤمّن علی ما قال أهل البیت. وفی إساده قزعة بن سوید وفیه مقال، وأعلّه به ابن حبان وقال: إنه کان کثیر الخطأ فاحش الوهم حتیٰ کثر ذالک فی روایته فسقط الاحتجاج به ولکن صحّحه تلمیذه الحاکم.

جواب (۲):

أخرج أحمد(ص۲۱۴ و۲۱۵)عن خزیمة بن ثابتؓ قال: رأیت فی المنام کأنی أسجد علی جبهة النبی ﷺ فأخبرت بذالک رسول الله ﷺ، فقال: إن الروح لیلقیٰ الروح. فاقنع النبی ﷺ رأسه هکذا فوضع جبهته علی جبهة النبی ﷺ. وهذا الحدیث عند أحمد له أسانید (ص۲۱۴، ۲۱۵، ۲۱۶/۵).

ثم قوله لیلقی الروح، هکذا نقله فی مجمع الزوائد (ص۱۸۲/۷)، وأما ما وقع فی المسند

(ص۲۱۴) لا تلقى الروح وفى (ص۲۱۵) لا يلقى الروح فهو غلط.

ثم رأيت كتاب الروح قال فيه (ص۲۸۷): رواه النسائى حدثنا أبو داود عن عفان عن حماد عن أبى جعفرعن عمارة بن خزيمةؓ أن أباه قال: رأيت فى المنام كأنى أسجد على جبهة النبى ﷺ فأخبرته بذالک، فقال: إن الروح ليلقى الروح. الحديث. وبهذا الإسناد أخرجه أحمد (ص۲۱۵ ۱/۲) فإنه رواه عن عفان إلى آخر الإسناد، وهذاالإسناد قال الهيثمى: متصل.

جواب (۳):

أخرجه أحمد والبخارى (ص۸۳) وأبو داود (ص۲۵۶ ۱/۲ بذل) عن أبى قتادةؓ قال: سرنا مع النبى ﷺ فقال بعض القوم: لو عرّست بنا؟ يا رسول الله! قال: أخاف أن تناموا من الصلوٰة، قال بلالؓ: أنا أوقظكم، فاضطجعوا وأسند بلالؓ ظهره إلى راحلته فغلبته عيناه فنام، فاستيقظ النبى ﷺ وقد طلع حاجب الشمس فقال يابلال! أين ما قلت؟ قال: ماألقيت علىّ نومة مثلها قطّ، قال: إن الله قبض أرواحكم حين شاء وردّها حين شاء، يابلال! قم فأذّن بالناس بالصلوة، فتوضأ فلما ارتفعت الشمس وابيضّت قام فصلىٰ.

جواب (۴):

آیت کریمہ 'ثمّ سوّاه ونفخ فيه من روحه' میں روحه کی ضمیر مفسرین کے نزدیک اللہ تعالیٰ کی طرف راجع ہے، چنانچہ اس کے لئے ایک درجن سے زائد تفاسیر کی مراجعت کی گئی مگر کہیں بھی آدم کی طرف ارجاعِ ضمیر کا تذکرہ نہیں ملا، بلکہ تقریباً سارے ہی اضافت کے تشریفی ہونے کی تصریح کرتے ہیں۔

كذا صرّح به الرازى فى الكبير (ص۲۵۷ ۶/۲) والبيضاوى فى تفسيره (ص۱۸۶ ۲/۲) والشهاب الخفاجى (ص۱۴۹ ۷/۲) والقنوى (ص۹۶ ۶/۲) فى حاشيتيهما على البيضاوى وأبو السعود (ص۱ ۶/۷۵ هامش الكبير) وأبو حيان فى البحر المحيط (ص۱۹۹ ۷/۲) وفى النهر الماد وصاحب الخازن (ص۴۴۵ ۳/۳) والسيد محمود الآلوسى فى روح المعانى (ص۱۱۱ ۲۱/۲) وصاحب روح البيان (ص۱۱۱ ۷/۲) وصاحب جامع البيان (ص۳۵۷) والصاوى فى حاشية الجلالين (ص۲۱۷ ۳/۲) وصاحب الجواهر (ص۱۹۱ ۵۱/۲) وغيرهم.

اگرچہ یہاں یہ کہا جاسکتا ہے کہ ممکن ہے کہ آدمؑ کی طرف ضمیر لوٹائی جاسکتی ہے، مگر دو وجہ سے اس میں اشکال ہے، ایک تو

یہ کہ پھر لفظ **من** کا بظاہر کوئی فائدہ باقی نہیں رہتا ہے۔

اور دوسری وجہ یہ ہے کہ ایک دوسری آیت میں 'فإذا سوّيته ونفخت فيه من روحي فقعوا له ساجدين' وارد ہے جو پارہ ۱۴ سورۂ حجر رکوع ۳ کی آیت ۲۹ ہے اور اس میں صاف روح کی اضافت اللہ تعالیٰ کی طرف ہے۔

آپ کو غالباً یہ شبہ ہوگا کہ اس آیت سے قِدمِ روح پر استدلال کیا جاتا ہے جیسا کہ بعض ملاحدہ نے کیا ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ خود قرآن کریم میں دوسری جگہ سورۂ جاثیہ پارہ ۲۵ رکوع ۲ میں ارشاد ہے 'وسخّر لكم مافي السمٰوات ومافي الأرض جميعاً منه' الآية، تو اگر یہ مان لیا جائے کہ روح قدیم ہے اس لیے کہ 'من روحه' فرمایا گیا ہے اور ضمیر اللہ کی طرف ہے لہٰذا اللہ تعالیٰ کا جز ہوگی، تو پھر یہ لازم آئے گا کہ تمام **مافي السمٰوات ومافي الأرض (نعوذ بالله تعالیٰ)** اللہ تعالیٰ کا جزء ہو اور قدیم، اور اسکا **ملل سماوية** میں سے شاید کوئی بھی قائل نہیں، واللہ اعلم۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

لفظ افطار کی توضیح وتحقیق

(حضرت شیخ مدظلہ کی خدمت میں ایک خط آیا تھا جس میں حضرت کی آپ بیتی میں ایک جگہ لفظ افطار پر اشکال تھا وہ خط اور اس کا جواب یہ ہے)

اشکال: افطار کا لفظ مختلف معانی میں مستعمل ہے، روزہ نہ رکھنا، روزہ توڑنا، روزہ کھولنا، احادیث میں بھی اور فقہا کی عبارات میں بھی۔

لیکن کھانے پینے کی چیز کو افطار اسی وقت کہا جاتا ہے جب اس سے روزہ کھولا جائے، اس لئے عید کے دن صبح کی نماز کے بعد جو کھانا کھایا جائے وہ افطار نہیں ہوسکتا، نہ عرف میں اس کو افطار کہا جاتا ہے نہ شرعاً، نہ کسی حدیث کی کتاب میں اس کے متعلق افطار کا لفظ کہا گیا نہ فقہ کی کسی کتاب میں، نہ کسی محدث نے افطار کا ترجمۃ الباب منعقد کیا۔

احتیاطاً سیہ کار نے (بغیر حضرت کا ذکر کیے ہوئے) یہاں سابق مفتی صاحب اور موجودہ مفتی صاحب سے سوال کیا تو انہوں نے بھی فرمایا کہ نہ شرعاً افطار کہا جاتا ہے نہ عرفاً۔

عید الفطر کی وجہ تسمیہ ظاہر ہے لیکن عید الفطر تو دن بھر ہے لیکن پورے دن کے کھانے کو افطار کوئی بھی نہیں کہتا۔

(مولانا عبدالجبار صاحب، از راجستھان)

مولوی یونس صاحب! اسکا جواب لکھیں۔

آپ بیتی (ص۳۹/۵) پر مولوی عبدالجبار کا اعتراض آیا تھا کہ قاری سعید مرحوم کے معمول میں صبح کی نماز کے بعد میرے گھر آکر کھجور سے افطار کا لفظ لکھا گیا، ان کا اشکال یہ ہے کہ اس کھجور کے کھانے کو افطار کے لفظ سے غلط تعبیر کیا گیا، میرے خیال میں تو عیدالفطر ہی اس وجہ سے ہے اور یہی میں نے لکھ دیا تھا، اس کا جواب یہ آیا جو آپ کی خدمت میں ارسال ہے۔

جتنے زور سے اس خط کی تردید لکھو جی خوش ہوگا۔ فقط والسلام

(حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب بقلم حبیب اللہ)

جواب:

عیدالفطر کے دن صبح کے وقت کی کسی چیز کے کھانے کو افطار سے تعبیر کرنا شرعاً عرفاً کسی طرح بھی مستنکر نہیں ہے۔

بچند وجوہ!

اولاً تو اس وجہ سے کہ خود یوم الفطر کو یوم الفطر اسی لئے کہا جاتا ہے کہ اس دن افطار کیا جاتا ہے، اور رہا یہ خیال کہ عیدالفطر تو دن بھر ہے لیکن پورے دن کے کھانے کو کوئی بھی افطار نہیں کہتا ہے لہذا اول کھانے کو بھی افطار نہ کہیں گے، غلط ہے، اس لئے کہ افطار کا اطلاق اول اکل ہی پر ہوتا ہے، چنانچہ ایام صیام میں افطار کا لفظ اول اکل بعد المغرب پر بولا جاتا ہے اور اس کے بعد کے کھانے کو افطار سے تعبیر نہیں کیا جاتا ہے۔

اور اسکی وجہ یہ ہے کہ افطار فطر سے ماخوذ ہے جس کے معنی شق کے ہیں تو افطار وہ عمل ہوگا جو قاطع ہو عمل سابق یعنی صوم کے تسلسل کا، اور صوم کے تسلسل کا قاطع اول اکل ہی ہے، اور عیدالفطر کے دن چونکہ صورۃً وہی حالت ہوتی ہے جو ایام ماضیہ میں ہوتی ہے لہٰذا جیسے وہاں کوئی چیز منافی صوم استعمال کرنے پر افطار کا اطلاق کیا جاتا ہے ویسے ہی عید کے دن بھی اول اول کھانے کو افطار کہتے ہیں۔

رہا یہ گمان کہ اس لفظ کا اطلاق یوم الفطر پر نہ عرفاً ہوتا ہے اور نہ شرعاً، تو یہ اپنا خانہ زاد خیال ہے، ممکن ہے کہ قائل کا کچھ اور عرف ہو، ہمارے یہاں تو اس کے خلاف عرف ہے اور اس پر افطار کا اطلاق ہوتا ہے، اور ہمارا ہی عرف سلف کا عرف ہے جیسا کہ آئندہ معلوم ہو جائے گا۔

اور باقی یہ کہنا کہ شرعاً بھی یہ اطلاق درست نہیں ہے تو یہ محتاج دلیل ہے، کسی جگہ حرمت یا کراہت وممانعت کا اثبات محتاج دلیل ہے، اگر کسی دلیل سے ممانعت معلوم ہوگی تو اس پر عمل کیا جائے **وإلا فالأشياء على الإباحة الأصلية**.

اور یہاں کوئی دلیل شرعی جو مانع ہو موجود نہیں ہے، **ودونه خرط القتاد.**

اور ثانیاً اس وجہ سے بھی کوئی اشکال نہیں ہے کہ حضرات محدثین وفقہاء نے اس اکل پر افطار کا اطلاق فرمایا ہے۔

قال الحافظ (ص۳۷۳/۴) فی باب الأكل يوم الفطر قبل الخروج : استحبّ بعض التابعين أنه يفطر على الحلو مطلقاً كالعسل. رواه ابن أبی شيبة عن معاوية بن قرة وابن سيرين وغيرهما، وهكذا قال العينی فی عمدة القاری (۳/۳۶۴) والقسطلانی فی إرشاد الساری (ص۳/۶۸) والشوكانی فی النيل (ص۳/۳۴۶). وقال الحافظ بعد ذلک بعد كلام : وهذا كلّه فی حق من يقدر على ذلک و إلا فينبغی أن يفطر ولو على الماء ليحصل له شبه من الاتباع. أشار إليه ابن أبی جمرة، اه . وهكذا قال الشوكانی (ص۳/۳۴۶) تبعاً للحافظ.

وترجم مالک الأمر بالأكل قبل الغدو فی العيد. قال الباجی (ص۱/۳۱۸) تحتها: ويستحبّ أن يكون فطره على تمر إن وجده، اه. وقال ابن رشد(ص۱۳۰): أجمعوا علىٰ أنه يستحب أن يفطر فی عيد الفطر قبل الغدو إلى المصلىٰ وأن لا يفطر يوم الأضحىٰ إلا بعد الانصراف من الصلوة. اھ۔

یہ اکابر صاف اکل یوم الفطر کو افطار سے تعبیر فرمارہے ہیں، اسی طرح جب تعجیل اکل کی حکمت بیان کرتے ہیں تو وہ وہاں بھی افطار کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ **قال الأشرف فی شرح المصابيح تحت حديث أنسؓ: كان رسول الله ﷺ لا يغدو يوم الفطر حتىٰ يأكل تمرات، ولعله عليه السلام أسرع بالإفطار يوم الفطر ليخالف ما قبله، فإن الإفطار فی سلخ رمضان حرام وفی العيد واجب، ولم يفطر فی الأضحىٰ قبل الصلوة لعدم وجود المعنىٰ المذكور. اه . هكذانقله الطيبی(ص۲/۲۹۲) فی الكاشف عن حقائق السنن والقاری فی مرقاة المفاتيح (ص۲/۲۵۰).**

وقال الحافظ ابن حجر (ص۲/۳۷۲): قال المهلّب: الحكمة فی الأكل قبل الصلوة أن لا يظنّ ظانّ لزوم الصوم حتىٰ يصلی العيد، فكأنه أراد سدّ هذه الذريعة. وقال غيره: لما وقع وجوب الفطر عقب وجوب الصوم استحبّ تعجيل الفطر مبادرةً إلىٰ امتثال أمر الله تبارک وتعالىٰ، ويشعر بذلک اقتصاره على القليل من ذلک، ولو كان بغير الامتثال لأكل قدر الشبع، وأشار إلى ذلک ابن أبی جمرة. وقيل: لأن الشيطان الذی يحبس فی رمضان لا يطلق إلا بعد صلوة العيد فاستحبّ تعجيل الفطر بداراً إلى السلامة من وسوسته. اه.

حافظ ابن حجر نے حکمتِ تعجیل بیان کرتے ہوئے استحبابِ تعجیل الفطر فرمایا ہے، اور دوسرے سے نقل فرما کر اس لفظ پر کوئی اشکال نہیں کیا ہے، یہ دلیل ہے کہ حافظ اور اسی طرح ان سے پہلے علماء کے نزدیک اس لفظ افطار کے اطلاق میں اشکال نہیں ہے۔

وقال القسطلانی (ص ۳/۶۸) تحت حدیث أنسؓ 'حتیٰ یأکل تمرات' : لیعلم نسخ تحریم الفطرقبل صلوته فإنه کان محرّماً قبلها أول الإسلام، اه. وقوله لیعلم الخ فی الروضة من فروع الشافعیة کما فی الأوجز(ص ۲/۲۴۴).

اس عبارت سے استدلال بایں طور ہے کہ اس میں یہ فرمایا گیا ہے کہ فطر قبل صلوۃ العید کی حرمت منسوخ ہوگئی ہے، اس سے معلوم ہوا کہ افطار جائز ہے، اور بلفظ افطار تعبیر فرمایا ہے۔

یہ تو حضرات محدثین وشراح حدیث کے کلمات تھے جن کی تعداد نصف درجن سے زائد ہے، یعنی باجی، طیبی، اشرف علی القاری، حافظ ابن حجر، علامہ عینی، وعلامہ قسطلانی وعلامہ شوکانی رحمہم اللہ تعالیٰ۔

اب حضرات فقہاء رحمہم اللہ کی عبارات پڑھئے جن میں مذاہب اربعہ کے فقہاء ہیں:

منهم صاحب الروضة من الشافعیة وقد تقدمت عبارته.

وقال الشیخ أحمد الدردیر المالکی فی الشرح الکبیر: وندب فطر قبل ذهابه فی عیدالفطر وتاخیره فی عید النحر. کذافی الأوجز (ص ۲/۲۴۵). وتقدّم کلام القاضی أبی الولید الباجی وهو من کبار الفقهاء المالکیة کما هو من کبار المحدثین.

وقال الشوکانی (ص ۳/۳۴۶): والحکمة فی تاخیر الفطر یوم الأضحی أنه یوم تشرع فیه الأضحیة والأکل منها فشرع أن یکون فطره علی شئ منها. قاله ابن قدامة. اه. وهذاکلام ابن قدامة وهوحنبلی نقله الشوکانی وهو ظاهري.

اب فقہاء احناف کی بعض عبارات سنئے:

فی المراقی وندب فی الفطر أن یأکل بعد الفجر، قال الطحطاوی (ص ۳۱۸): الحکمة فیه المبادرة إلیٰ امتثال الأمر به ولیعلم نسخ تحریم الفطر قبل صلوة العید فإنه کان محرّماً قبلها فی أول الإسلام، اه. وفی الدرر شرح الغرر (ص ۱/۱۴۲): وندب یوم الفطر الأکل قبل الصلوة، قال الشرنبلالی فی حاشیة الدرر: أقول: ویستحب تعجیله فی ابتداء الیوم، قال الکمالی: ویستحب

تعجيل الإفطار قبل الصلوة، ولو لم يأكل قبلها لا يأثم ،ولو لم يأكل في يومه ذلك ربما يعاقب، اه. وقال العارف الجامي في شرح مختصر الوقاية تحت قول الماتن وندب يوم الفطر أن يأكل الخ : مستحب است روز عید رمضان کہ افطار کند پیش از نماز عید۔ اھ۔

اب اسکے بعد مزید ضرورت باقی نہیں رہتی ہے، اس لئے کہ جب فقہاء اور محدثین سبھی کے یہاں اس اکل پر افطار کا اطلاق جائز ہے تو اسکے جواز میں کیا تردد ہوسکتا ہے، لیکن مزید برآں یہ ہے کہ احادیث میں بھی یہ لفظ وارد ہوا ہے جیسا کہ وجہ ثالث میں آرہا ہے، چاہئے تو یہی تھا کہ صرف روایات نقل کردیتے اسکے بعد کسی امر کی بھی ضرورت نہیں رہتی ہے مگر ہم کو یہ دکھلانا مقصود ہے کہ سبھی طوائف کے یہاں اس لفظ کا استعمال ہوا ہے۔

ثالثاً: اس وجہ سے بھی کہ یہ لفظ بعض احادیث میں وارد ہے۔

قال ابن أبي شيبة (ص ۱۶۰ / ۲):حدثنا هشيم بن بشير أنا محمدبن إسحاق عن حفص بن عبيدالله بن أنس عن أنسؓ قال: كان رسول الله ﷺ يفطر يوم الفطرعلى تمرات ثم يغدو. وأخرجه الترمذي (ص ۷۱) من طريق هشيم بلفظ: كان يفطر على تمرات يوم الفطر قبل أن يخرج إلى المصلىٰ، وقال: هذا حديث حسن صحيح غريب.

وأخرج الإمام أحمد في مسنده (ص۲۸ / ۳) قال حدثنا زكريا بن عدي أنا عبيدالله عن عيدالله بن محمد بن عقيل عن عطاء بن يسار عن أبي سعيد الخدريؓ قال: كان رسول الله ﷺ يفطر يوم الفطر قبل أن يخرج وكان لايصلي قبل الصلوة، فاذا قضىٰ صلوته صلّى ركعتين. وهذا الحديث عزاه الشوكاني في النيل (ص۲۴۵ / ۳) بهذااللفظ إلى أحمد والبزار وأبي يعلى والطبراني، قال العراقي: إسناده جيد.

ان دونوں روایتوں میں بھی اکل یوم الفطر پر افطار کا اطلاق نفس روایت میں وارد ہے، اور ظاہر یہ ہے کہ صحابی کا قول ہے۔

اور دونوں حدیثوں کے بعض طرق میں اکل یا طعم کا لفظ بجائے فطر کے وارد ہونا ہمارے استدلال کے لئے مضر نہیں ہے اس لئے کہ ایک کا دوسرے کی جگہ استعمال دونوں کے جواز کی دلیل ہے، اب اسکے بعد کسی بھی دلیل کی ضرورت نہیں ہے **وليس وراء عبادان قرية!** واللہ اعلم۔

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

'المؤمن القوی خیر الخ' کہاں ہے؟

کن حدیث بو ہریرہ راشمار الخ

'كان إذا ادّهن صبّ الخ' من أخرجه؟

سوال (۱):

' المؤمن القوی خیر من المؤمن الضعیف' کہاں ہے؟

سوال (۲):

شعر کن حدیث بو ہریرہ راشمار الخ حضرت ناظم صاحب سے سنا تھا، یہ حضرت ہی کا اپنا شعر ہے یا کسی اور کا؟

سوال (۳):

علامہ عزیزی نے مناوی کے حوالہ سے ایک روایت ذکر کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب تیل لگاتے تو پہلے دونوں آنکھوں پر لگاتے، یہ روایت کہاں ہے یعنی **من أخرجه؟**

السائل ــــــــــــــــ

جواب (۱):

حدیث 'المؤمن القویّ خیر من المؤمن الضعیف' أخرجه مسلم (ص۳۳۸/۲) وابن ماجه (ص۳۱۷) والحمیدی (ص۴۷۴/۲) عن أبی هریرةؓ قال: قال رسول اللهﷺ : المؤمن القویّ خیر وأحبّ إلی الله من المؤمن الضعیف، وفی کل خیر، واحرص علی ماینفعک ، واستعن بالله ولاتعجز، فإن أصابک شیٔ فلا تقل لوأنی فعلت کان کذا وکذا ولکن قل قدّرالله وماشاء فعل فإن لو تفتح عمل الشیطان.

جواب (۲):

کن حدیث بو ہریرہ راشمار پنج الف وسہ صدو ہفتادو چار

یہ حضرت اقدس ناظم (مولانا اسعد اللہ) صاحب مدظلہ کا شعر ہے، اور یہی عدد تمام اہل علم نے بتایا ہے، البتہ مرقاۃ میں

پہلی جگہ جہاں ابو ہریرہ کا نام آیا ہے وہاں ۴۷ کے بجائے ۴۶ لکھا گیا ہے، **وھو سھو.**

جواب (۳):

أخرجه الشیرازی فی الألقاب عن عائشةؓ بإسناد ضعیف مرفوعاً: کان إذا ادّھن صبّ فی راحته الیسریٰ فبدأ بحاجبیه ثم عینیه ثم رأسه. کذا فی الجامع الصغیر ومنتخب کنزالعمال (ص۳۷۸/۳) برہامش مسند احمد۔

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

داڑھی پر تیل لگانے سے پہلے آنکھوں پر لگانا

'تداووا بالصدقة' کہاں ہے؟

مکرم ومعظم جناب بھائی مولانا محمد یونس صاحب دامت برکاتہ بعد سلام مسنون

گرامی نامہ ملا جوابات سے مستفید ہوا بہت بہت شکریہ جزاک اللہ فی الدارین

سوال (۱):

البتہ تیسرے سوال کے متعلق عرض ہے کہ میں نے جس حدیث کے متعلق دریافت کیا تھا آپ نے اس کے قریب ایک دوسری حدیث کا ذکر فرمادیا، میرا سوال ایک دوسری حدیث کے متعلق ہے السراج المنیر میں مناوی کے حوالہ سے لکھا ہے کہ جب آنحضرت ﷺ داڑھی میں تیل لگاتے تھے تو پہلے دونوں آنکھوں پر لگاتے تھے یعنی پھر داڑھی پر لگاتے تھے، یہ روایت کہاں ہے؟

سوال (۲):

یہ کہ میں نے ایک روایت دیکھی تھی **'تداووا بالصدقة'** لیکن اب نہیں مل رہی ہے براہ کرم حوالہ تحریر فرمائیں۔

(مولانا) عبداللہ دہلوی

مکرمی زید مجدکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جواب (۱):

حدیث **اذا ادّھن** آپ نے خود سوال میں ناقص نقل کی تھی جیسا کہ آپ کے سوال سابق کے الفاظ سے ظاہر ہے۔ اب اس وقت جو روایت آپ نے دریافت فرمائی ہے سرِ دست وہ مجھے نہیں ملی، ہاں ایک روایت داڑھی میں تیل لگانے کی

اورواردہے۔ **فأخرج الطبرانی فی الأوسط عن عائشةؓ أن رسول الله ﷺ كان إذا ادّهن لحيته بدأ بالعنقفة. وفيه الحكم بن عبد الله بن سعيد الأيلي ضعيف جداً. قال أحمد: أحاديثه كلها موضوعة. كذا ذكره الهيثمي**(ص۱۷/۵).

جواب (۲):

حديث 'تداووا بالصدقة' أخرجه الطبرانی وأبو نعيم والعسكری والقضاعی كلهم من طريق إبراهيم بن يزيد النخعی عن الأسود عن ابن مسعودؓ مرفوعاً: حصّنوا أموالكم بالزكوة وداووا مرضاكم بالصدقة وأعدّوا للبلاء الدعاء. كذا فی المقاصد الحسنة، وذكره طرقاً لايخلو واحد منها عن مقال. وهذا الطريق مداره علی موسیٰ بن عمير عن الحكم عن إبراهيم به، قال ابن عدی: عامة ما يرويه لايتابعه عليه الثقات، ثم أورد فی ترجمته إخباراً منها هذا الحديث، ووافقه الذهبی فی الميزان، وقال ابن الجوزی: لا يصحّ، تفرّد به موسیٰ بن عمير. والله أعلم.

بندہ محمد یونس عفی عنہ ۱۶ جمادی الاولیٰ ۱۳۹۲ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

خطبۃ الاستسقاء یا خطبۃ الجمعۃ؟

سوال:

عزیزم مولوی یونس سلمہٗ بعد سلام مسنون

باب الدعاء إذا تقطّعت السبل میں حافظ لکھتے ہیں: **وفی هذا تعقّب علی من قال من الشافعية إنه ليس قول الدعاء المذكور فی أثناء خطبة الاستسقاء لأنه لم ترد به السنّة** .اھ . اس عبارت کو میری یہ نسخے سے مقابلہ کرلیں کہ اس میں **فی أثناء خطبةالاستسقاء** کا لفظ ہے یا **فی أثناء خطبة الجمعة** ہے؟ خطبۃ الاستسقاء کی صورت میں تعقب بظاہر منطبق نہیں ہورہا ہے۔

فقط حضرت شیخ مدظلہ بقلم سلمان

جواب:

مخدومنا المعظم زادت الطافکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نسخۂ میریہ میں بھی **فی أثناء خطبة الاستسقاء** ہے جیسا کہ نسخۂ خیریہ میں ہے، مگر میرا خیال یہ ہے کہ لیس جو فعل نفی ہے یہ محرف ہے اور صحیح یُسَـــنّ ہے جو فعل مضارع ہے سنت سے ماخوذ ہے، اور اسی صورت میں تعقب درست ہوگا اور حاصل تعقب یہ ہے کہ بعض شافعیہ نے **اللهم حوالينا ولاعلينا** کو خطبۂ استسقاء میں مسنون کہہ دیا ہے، حالانکہ یہ دعا تو رفع مطر کے وقت مسنون ہے۔ حافظ ابن حجر نے اس تعقب کی دلیل یہ پیش فرمائی ہے کہ ایسا کہنا خطبۂ استسقاء میں احادیث وسنن نبویہ میں وارد نہیں ہوا ہے، اور وہ بعض شافعی امام ابواسحاق شیرازی ہیں۔

قال النووی فی شرح المهذب (ص ۹۶/۵): فأما قول المصنف يعنى أبا إسحاق الشيرازى فى التنبيه فى أثناء دعاء الاستسقاء لطلب المطر أللهم حوالينا فمما أنكروه عليه، و إنما يقال هذا عند كثرة المطروحصول الضرربها كما صرّح فى الحديث ونصّ عليه الشافعى والأصحاب رحمهم الله تعالىٰ . انتهى.[1]

الاحقر محمد یونس عفی عنہ ۱۴ جمادی الاولیٰ ۱۳۹۲ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

اللہ کے راستہ میں ایک روپیہ کا ثواب اور سبحان اللہ پڑھنے کا اجر

ہاتھ گھڑی کا استعمال

نمازوں کے بعد اجتماعی دعاء

سوال (۱):

گذارش یہ ہے کہ سنا ہے کہ اللہ کے راستہ میں نکل کر اپنے لئے ایک روپیہ خرچ کرنے سے سات لاکھ روپیہ کا ثواب اور ایک مرتبہ سبحان اللہ پڑھنے سے ایسا ایسا ثواب ملتا ہے، اس کا باسند جواب تفصیلاً فرما کر تسلی فرمائیں۔

سوال (۲):

ہاتھ گھڑی استعمال کرنے کے متعلق کیا فرماتے ہیں؟

سوال (۳):

حضرت! یہاں **دعاء بعد الصلوة المفروضة** کے متعلق حضرت والا کو تکلیف دیتا ہوں کہ ہیئتِ کذائیہ کے

ساتھ یعنی امام ومقتدی مل کر ہاتھ اٹھا کر کہ جب امام ہاتھ اٹھائے مقتدی بھی اٹھائے اور امام ہاتھ کو مسح کرے مقتدی بھی کرے، اس کو مستحب ومستحسن سمجھ کر کرے، واجب وفرض کا اعتقاد نہ ہو۔

بعینہ یہی صورت حضور ﷺ کے زمانہ وصحابہ وتابعین کے زمانے میں تھی یا نہیں؟ اگر تھی تو کہاں؟ کس طرح؟ اگر نہیں تو ہمارے اکابر مثلاً حضرت گنگوہی حضرت تھانوی حضرت سہارنپوری قدس اللہ اسرارہم کے عمل کیوں اس پر تھے؟

عبدالمجید ڈھاکوی مدرسہ ہاٹ ہزاری چاٹگام

جواب (۱):

ایک عمل پر راہ خدا میں سات لاکھ کا ثواب ابن ماجہ کی ایک روایت میں وارد ہے، جو متعدد صحابہ سے مروی ہے۔

ابن ماجه (ص ۲۰۳) قال: حدثنا هارون بن عبدالله الحمالی ثنا ابن أبی فدیک عن الخلیل بن عبدالله عن الحسن عن علی بن أبی طالبؓ وأبی الدرداءؓ وأبی هریرةؓ وأبی أمامة الباهلیؓ وعبدالله بن عمرؓ وعبدالله بن عمروؓ وجابر بن عبداللهؓ و عمران بن حصینؓ کلهم یحدّث عن رسول الله ﷺ أنه قال: من أرسل نفقة فی سبیل الله وأقام فی بیته فله بکل درهم سبع مأة درهم، ومن غزیٰ بنفسه فی سبیل الله وأنفق فی وجه ذلک فله بکل درهم سبع مأة ألف درهم، ثم تلا هذه الآیة، ﴿والله یضاعف لمن یشاء﴾.

وخلیل بن عبدالله قال الذهبی فی المیزان: روی عن الحسن لایعرف ماروی عنه سوی ابن فدیک. انتهی. وقال الحافظ ابن حجر فی التقریب: مجهول. قلت: وفی سماع الحسن عن علی اختلاف مشهور.

جواب (۲):

دستی گھڑی استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے خصوصاً جبکہ ضرورت کی وجہ سے ہو، البتہ زینت کے قصد سے باندھنا مناسب نہیں ہے۔

جواب (۳):

نمازوں کے بعد دعا کرنا حنفیہ وشافعیہ وحنابلہ کی کتابوں میں مستحب لکھا ہوا ہے۔

قال النووی فی شرح المهذب (ص ۴۸۴/۳): یستحبّ أن یدعوا بعد السلام بالاتفاق، وجاءت فی هذه المواضع أحادیث کثیرة.

وقال الموفق الحنبلی فی المغنی(ص ۵۹۸):ویستحبّ ذکر اللہ والدعاء عقیب سلامہ.

اسی طرح دیگر مذاہب یعنی حنفیہ ومالکیہ کی کتابوں میں بھی مذکور ہے۔ **قال صاحب الهداية فی أواخر الكسوف: السنّة فی الأدعية تأخيرها عن الصلوة ، وتبعه على ذلک المحقق ابن الهمام (ص ۴۳۶) وصاحب البحر وابن عابدين وغيرهم.**

فروع مالکیہ میں سے اس وقت میرے پاس کوئی کتاب نہیں ہے، اور امام بخاری نے کتاب الدعوات (ص ۹۳۷) میں مستقل **باب الدعاء بعد الصلوة** کا ترجمہ منعقد فرمایا ہے۔

رفع یدین عندالدعاء مستقل سنت ہے۔ احادیث کثیرہ میں وارد ہے، حضرت امام حافظ زکی الدین المنذری نے ان کو ایک مستقل رسالہ میں جمع فرمایا ہے، اور ایک معتد بہ مقدار امام نووی نے بھی شرح مہذّب میں جمع فرمائی۔

قال ابن تيمية فی فتاواه (ص ۵۱۹/۲۲):قد جاء فيه أحاديث كثيرة صحيحة. اھ۔

البتہ شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے دعاء بعد الصلوات المکتوبات کا ہیئت کذائیہ کے ساتھ انکار فرمایا ہے۔ **قال فی فتاواه (ص ۵۱۷/۲۲) :دعاء الإمام والمأمومين جميعاً لا ريب أن النبی ﷺ لم يفعله فی أعقاب المكتوبات، إذ لو فعل ذالک لنقله عنه أصحابه ثم التابعون ثم العلماء كما نقلوا عنه ما هو دون ذلک.** اھ.

وقال فی موضع آخر (ص ۵۱۹/۲۲): أما دعاء الإمام والمأمومين جميعاً عقيب الصلوات فهو بدعة، لم يكن فی عهد رسول الله ﷺ، بل إنما قال دعاءه فی صلب الصلوات فإن المصلّی يناجی ربه، فإذا دعا حال مناجاته له كان مناسباً، أماالدعاء بعد انصرافه من مناجاته وخطابه فغير مناسب، إنما المسنون عقيب الصلوة هو الذكر المأثور عن النبی ﷺ من التهليل والتحميد والتكبير. اه.

وقال الحافظ ابن القيم تلميذ ابن تيمية فی الهدى (ص ۶۷/۱):أما الدعاء بعد السلام من الصلوة مستقبل القبلة أو المامومين فلم يكن ذلک من هديه ﷺ أصلاً ولا روی عنه بإسناد صحيح ولا حسن، أما تخصيص ذالک بصلوتی الفجر والعصر، فلم يفعل ذالک هو ولا أحد من خلفائه ولا أرشد إليه الله، وانما هو استحسان رأه من رأه عوضاً من السنّة بعدهما. والله أعلم.

وعامّة الأدعية المتعلقة بالصلوٰة إنما فعلها فيها وأمر بها فيها، وهذا هواللائق بحال المصلّی فإنه مقبل على ربّه يناجيه ما دام فی الصلوة، فإذا سلّم منها انقطعت تلک المناجاة وزال ذالک الموقف بين يديه والقرب منه، فكيف يترک سواله فی حال مناجاته والقرب منه والإقبال عليه ثم

یسأل إذا انصرف عنه؟ ولا ریب أن عکس هذا الحال هوالأولٰی بالمصلّی. اھ۔

لیکن حافظ ابن حجر نے فتح الباری میں اس کی تردید فرمائی ہے۔

قال (ص۱۱۳/۱۱) : وما ادّعاه من النفی مطلقاً مردود، فقد ثبت عن معاذ بن جبلؓ أن النبی ﷺ قال له: یا معاذ! إنی واللہ لأحبّک، فلاتدع دبر کل صلٰوة أن تقول: أللهم أعنّی علی ذکرک وشکرک وحسن عبادتک. أخرجه أبو داود والنسائی وصحّحه ابن حبان والحاکم.

وحدیث أبی بکرةؓ فی قوله :أللهم إنی أعوذ بک من الکفر والفقر وعذاب القبر، کان النبی ﷺ یدعو بهنّ دبر کل صلوة. أخرجه أحمد والترمذی والنسائی وصحّحه الحاکم.

وحدیث زید بن أرقمؓ سمعت رسول اللهﷺ یدعو فی دبر کل صلٰوة :أللهم ربّنا وربّ کل شئ. الحدیث، أخرجه أبو داود والنسائی.

وحدیث صهیبؓ رفعه کان یقول إذا انصرف من الصلوة :أللهم أصلح دینی. الحدیث، أخرجه النسائی وصحّحه ابن حبان وغیرذالک.

فإن قیل: المراد به (دبر کل صلوة) قرب آخرها وهو التشهد. قلنا: قد ورد الأمر بالذکر دبر کل صلوة، والمراد به بعد السلام إجماعاً، فکذا هذا حتی یثبت ما یخالفه.

وقد أخرج الترمذی من حدیث أبی أمامةؓ قیل: یا رسول الله ! أیّ الدعاء أسمع؟ قال: جوف اللیل الأخیر ودبر الصلوات المکتوبات. وقال: حسن.

وأخرح الطبری من روایة محمد بن جعفر الصادق قال: الدعاء بعد المکتوبة أفضل من الدعاء بعد النافلة کفضل المکتوبة علی النافلة. اھ۔

جب یہ ثابت ہوگیا کہ صلوات مکتوبہ کے بعد دعاء کرنا روایت سے ثابت ہے، اور دعاء کے اندر مسنون یہ ہے کہ ہاتھ اٹھا کر کرے، چنانچہ بہت سی روایات میں رفع یدین عندالدعاء وارد ہوا ہے، اور بعض روایات میں **مسح الوجه بعد الدعاء** بھی ابوداؤد وغیرہ میں وارد ہے، ان تینوں کو ملانے سے یہ بات بھی معلوم ہوگئی کہ نمازوں کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا کرنے میں اور منہ پر ہاتھ پھیرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، اور ابن السنّی کی ایک روایت میں تو رفع یدین بعدالصلوۃ صراحۃً وارد ہے۔

ولفظه عن أنس بن مالکؓ عن النبی ﷺ أنه قال: ما من عبد بسط کفیه فی دبر کل صلوة ثم یقول: أللهم إلٰهی وإلٰه إبراهیمؑ وإسحاقؑ ویعقوبؑ وإلٰه جبرئیلؑ ومیکائیلؑ و إسرافیلؑ أسألک أن

تستجیب دعوتی فإنّی مضطرّ وتعصمنی فی دینی فإنی مبتلیٰ و تنالنی برحمتک فإنی مذنب وتنفی عنی الفقر فإنی متمسکن، إلا کان حقاً علی اللہ عزّوجلّ أن لا یردّ یدیه خائبتین. اھ۔

البتہ اتنی بات ضرور قابل لحاظ ہے کہ اس طرح صلوات خمسہ کے بعد ہاتھ اٹھا کر مداومت کے ساتھ دعا کرنا کسی روایت میں ثابت نہیں، اگر کوئی مداومت کو بدعت کہے تو شاید غلط نہ ہوگا۔

مگر یہ بدعت بھی اسی قبیل سے ہوگی جیسے کہ **تراویح بالجماعة بإمام واحد** کے بارے میں حضرت عمرؓ نے ارشاد فرمایا تھا **نعمت البدعة هذه** جو بخاری شریف میں مروی ہے، ہاں اگر گاہے دعا کرنا کسی وقت اس طرح چھوڑ دیں تو قابل انکار وملام نہیں ہے۔

فرق مسئلۂ تراویح ومسئلۂ دعا میں یہ ہے کہ تراویح اصلاً وحقیقۃً یعنی نماز وجماعت دونوں کے اعتبار سے فعلِ نبی ﷺ سے ثابت ہے اور دعاء بہیئۃ کذائیہ استدلالی حیثیت سے ثابت ہے۔ واللہ اعلم۔

اور ہمارے اسلاف قطب الارشاد حضرت گنگوہیؒ وحکیم الامت حضرت اقدس تھانویؒ وفخر المحدثین حضرت اقدس سہارنپوری قدس اللہ اسرارہم نے جو کچھ عمل فرمایا ہے وہ بناء علی التعامل ہے، اور امت کا تعامل اسی پر ہے، **ولا تجتمع أمّتی علی الضلالة** ارشاد نبوی ہے۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ ۲۲ جمادی الاول ۱۳۹۲ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

نماز ظہر ایک مثل یا دو مثل؟

عدمِ تعدیل ارکان سے سجدہ سہو کا مسئلہ

مولانا محمد یونس صاحب زادکرمہ کی خدمت میں عرض ہے کہ

سوال (۱):

عندالامام ظہر کو دو مثل تک پڑھنا چاہئے اور صاحبین کے نزدیک ایک مثل تک۔

بعض روایتوں میں عندالموت امام کا تین مسئلوں سے رجوع کرنا ثابت ہے، ان میں سے دو مثل سے ایک مثل تک رجوع کرنا ثابت ہے، یہ روایت کس کتاب میں ہے؟ اگر کوئی صاحبین کے قول پر ایک مثل کے بعد عصر پڑھ لے تو نماز جائز ہوگی یا نہیں؟

سوال (۲):

تعدیل ارکان کے نہ ہونے پر سجدہ سہو کے وجوب کا حکم اعلاء السنن میں ہے، یہ حنفیہ کا مختار قول ہے یا نہیں؟ اگر کوئی بقول ہدایہ وجرجانی سجدہ سہو نہ کرے تو اسکی نماز ہو جائے گی یا نہیں؟

مولانا بشیر اللہ صاحب ازرنگون (درمکتوب حضرت شیخ مدظلہ)

مخدوم ومکرم زادمجدکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جواب (۱):

امام صاحب نور اللہ مرقدہ سے بہت سے مسائل میں رجوع کرنا منقول ہے جو پچاس سے زائد ہیں۔

مفتی مہدی حسن صاحب مدظلہ نے مستقل ایک رسالہ **اللآلي المصنوعة في الروايات المرجوعة** کے نام سے لکھا ہے جن میں ان سب مسائل کو جمع فرمادیا ہے، امام صاحب کا لحوم الخیل کی تحریم سے اس کی حلت کی طرف رجوع وفات سے تین دن قبل درمختار میں بحوالہ فصول عمادیہ منقول ہے، اسی طرح اگر کسی نے نذر مانی کہ اگر میں نے فلاں کام کیا تو ایک سال کا روزہ رکھوں گا اور وہ کام کرلیا تو امام صاحب کا قول اول تو یہ کہ اس کو نذر پوری کرنی لازم ہے لیکن حسامی میں ہے: **من نذر لصوم سنة إن فعل كذا ففعل وهو معسر يخيّر بين صوم ثلاثة أيام وبين سنة في قول محمد، وهو رواية عن أبي حنيفة، أنه رجع إليه قبل موته بثلاثة أيام، لأنهما مختلفان حكماً، أحدهما قربة مقصودة والثاني كفّارة.** اھ۔ اور فتح القدیر میں سات دن قبل رجوع منقول ہے، اور مسئلۂ جرابین ثخینین میں صاحبین کے قول کی طرف امام صاحب سے مرض الوصال میں رجوع صاحب عنایہ وغیرہ نے نقل کیا ہے، اور اس کے علاوہ مجھے کوئی ایسا مسئلہ اس وقت معلوم نہیں ہے جن میں بالتصریح امام صاحب سے آپ کی وفات سے تین دن قبل رجوع کرنا منقول ہو۔

اور دو مثل سے ایک مثل کی طرف رجوع حضرت مولانا عبدالحي لکھنوی نے مجموعہ فتاویٰ میں متعدد کتابوں سے نقل کیا ہے، **وفيه وذكره أيضا في زيادات الهندواني على مستدرك الشيباني في باب ما يحلّ أكله ومالا يحلّ، قال: وقد صحّ رجوع أبي حنيفة عن قوله لا يحلّ لحوم الخيل، وممن نقل الرجوع أيضاً صاحب الصراط القويم .اه.**

مثل اور مثلین دونوں قول مفتیٰ بہ ہیں، جبکہ درمختار اور شامی سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اگر مثل واحد کے بعد کوئی عصر

کی نماز پڑھلے تو صاحب درمختار وغیرہ کی رائے پر درست ہے، اور بلاد شامیہ وغیرہ میں بہت سی جگہ احناف کا اسی پر عمل ہے، اس لئے اگر کوئی ایسا کرے تو بندہ کے نزدیک یہ **'خروج عن المذهب'** نہیں ہے۔ واللہ اعلم۔

جواب (۲):

تعدیل ارکان علی القول الراجح واجب ہے، صاحب کنز وصاحب الوقایہ وصاحب الملتقی وصاحب الدر المختار وغیرہ نے اسی کو اختیار کیا ہے، اور علامہ شامی وصاحب بحر وغیرہ نے اسی کو مقتضی الادلّہ قرار دیا ہے، بلکہ امام طحاوی نے تو ہمارے ائمہ ثلاث سے اسکی فرضیت نقل فرمائی ہے، اور علامہ عینی وغیرہ نے اسی کو راجح قرار دیا ہے، **للأدلّة المقتضية لذاك**. اور جرجانی کا قول صاحب بحر وغیرہ جو محرر مذہب ہیں وہ ضعیف قرار دیتے ہیں، اگر کسی نے تعدیل ارکان نہ کی تو سجدۂ سہو واجب ہے **كما هو حكم ترك الواجب** اور اگر سجدۂ سہو نہ کیا تو نماز واجب الاعادہ ہے، اور اگر اعادہ نہ کیا تو گنہگار ہوگا کما صرح بہ فی الدّر المختار وغیرہ، جو کچھ صاحب اعلاء السنن نے لکھا ہے سو یہی حنفیہ کا مختار قول ہے۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

الحرب خدعة کا مفہوم

مکرمی وصدیقی القدیم دام لطفہ بعد سلام مسنون

ایک تکلیف دینا چاہتا ہوں "**الحرب خدعة**" حضرت شیخ نے لکھا ہے اس کے تین معنی ہیں۔ وہ تین معنی کیا ہیں؟ بذل (ص ۳/۲۴۳) میں دو معنی لکھے ہیں، ان میں سے بھی پہلا مطلب سمجھ میں نہیں آیا، امید ہے کہ قلم برداشتہ ابھی لکھ دیں گے بشرطیکہ حرج نہ ہو۔ فقط۔

مولانا (عاقل غفرلہ)

جواب: المکرّم والمحترم دامت عنایاتکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حدیث **'الحرب خدعة'** میں لفظ **خدعة** میں شراح نے پانچ لغات نقل کئے ہیں۔

(۱) خَدْعة بفتح الخاء وسكون الدال، واتفقوا على أنه الأفصح (۲) خُدْعة بضم الخاء وسكون الدال (۳) خُدَعة بضم الأول وفتح الثانی (۴) خُدُعة بضم الأول والثانی (۵) خِدْعة بكسر الأول وسكون الثانی. یہ پانچوں حافظ ابن حجر نے (ص ۶/۱۱۰) پر لکھے ہیں، اور رابع کے علاوہ بقیہ چار صاحب قاموس نے

لکھے ہیں۔ **ولفظه الحرب خدعة مثلثة وكهمزة وروى بهن جميعاً أى تنقضى بخدعة.** اھ۔

پہلی صورت میں مطلب یہ ہے کہ لڑائی بڑی دھوکہ باز ہے کہ ذرا بھی غفلت ہوتی ہے تو بس گرادیتی ہے۔ **فهو من باب تسمية الفاعل باسم المصدر**، اور ممکن ہے کہ مفعول کے معنیٰ ہو **كما يقال: هذا الدرهم ضرب الأمير أى مضروبه**، اور مطلب یہ ہو کہ لوگ لڑائی میں دھوکہ میں پڑ جاتے ہیں **أى أنهم يخدعون بالحرب.**

اور خطابی فرماتے ہیں کہ خدعۃ صیغہ مرۃ ہے خدع سے، مطلب یہ ہے کہ لڑائی تو بس ایک ہی دھوکہ ہے یعنی دوبارہ ضرورت نہیں ہے، بس ایک ہی مرتبہ میں لڑائی کا کام تمام کردیتی ہے پھر کسی کام کا نہیں رکھتی ہے، اور یہی بذل کے معنیٰ اول کا حاصل ہے۔

اور مرۃ کی صورت میں یہ بھی مطلب ہوسکتا ہے کہ مسلمان کو چاہئے کہ اگر چہ ایک ہی بار ہو کافر کو دھوکہ دیدے اور کافر سے ایک دھوکہ بھی نہ کھائے، **قال الحافظ (ج ٦) قيل: الحكمة فى الإتيان بالتاء للدلالة على الوحدة، فإن الخداع إن كان من المسلمين فكأنه حضّهم على ذالك ولومرة واحدة، وإن كان من الكفار فكأنه حذّرهم من مكرهم ولو وقع مرةً واحدةً، فلا ينبغى التهاون بهم لما ينشأ عنهم من المفسدة ولوقلّ.**

اور ثانی اور ثالث صورت میں مطلب ایک ہے، یعنی حرب لوگوں کو بہت دھوکہ دیتی ہے اور وفا نہیں کرتی ہے، البتہ ثالث میں جو مبالغہ ہے وہ ثانی میں نہیں ہے، اور رابع خادع کی جمع ہے، یعنی جنگ تو بہت سے دھوکہ بازوں کا مجموعہ ہے۔

اور خامس صورت میں وہی معنیٰ ہیں جو خطابی سے لغت اول کے معانی کے ذیل میں نقل ہوا، واللہ اعلم۔

اور غالباً حضرت شیخ نے جن تین معانی کی طرف اشارہ کیا ہے وہ یہ ہیں (۱) لڑائی دھوکہ باز ہے **فهو بمعنىٰ الفاعل** (۲) لڑائی تو صرف ایک مرتبہ کا دھوکہ ہے اس کے بعد آدمی کچھ نہیں کرسکتا ہے (۳) لڑائی میں لوگ دھوکے میں ڈالے جاتے ہیں **فهو بمعنىٰ المفعول**، اور بذل المجہود میں جو معنیٰ اول لکھے ہیں اسکی وضاحت کی طرف اشارہ کرچکا ہوں، اور مطلب یہ ہے کہ یہ مرۃ کا صیغہ ہے اور ارشاد فرماتے ہیں کہ حرب صرف ایک دھوکہ ہے کہ اس میں آدمی یا تو غالب یا مغلوب ہوتا ہے، اور جو مغلوب ہوتا ہے وہی مخدوع ہوتا ہے کہ ایک دھوکہ میں اس کے بعد اس کا تدارک نہیں کرسکتا ہے، واللہ اعلم۔

محمد یونس عفی عنہ

شب ۲۲ جمادی الثانیہ ۱۳۹۲ھ

ہدہد کا حکم

سوال: عزیزی مولوی محمد یونس صاحب سلمہ

ہدہد کے بارے میں مغنی (ج۱۱) میں اختلاف نقل کیا گیا ہے، نیز حنفیہ کے نزدیک اس کا حکم کیا ہے؟ شامی اور مغنی کی جلدیں میرے پاس نہیں ہیں، تکلیف فرما کر تحقیق فرمادیں اور اختلاف ائمہ لکھ دیں۔

حضرت شیخ مدظلہ بقلم سلمان

جواب: مخدومنا المکرّم زادت عنایاتکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

أخرج أبو داود (ص۳۳۸/۵) عن ابن عباسؓ قال: إن النبی ﷺ نهیٰ عن قتل أربع من الدوابّ: النملة والنحلة والهدهد والصرد. قال فی البذل تحت قوله والهدهد والصرد: لعدم إضرارهما وليس فی قتلهما فائدة، أما إذا أخذهما ليذبحهما للأكل فلا بأس. اه.

وقال ابن عابدين (ص۱۹۴/۵) عن غرر الأفكار : يكره الصرد والهدهد. اه.

وقال القاری (ص۳۵۱/۴): قال الخطابی: أما النهي عن قتل الهدهد فلتحريم لحمها، لأن الحيوان إذا نهی عن قتله ولم يكن ذالک لاحترامه والضرر فيه كان لتحريم لحمه، ألا ترىٰ أنه نهیٰ عن قتل الحيوان بغير مأكله. ويقال: إن الهدهد نتن الريح فصار فی معنیٰ الجلّالة، والصرد يتشاء م به العرب ويتطيّر بصوته وشخصه فنهیٰ عن قتله ليخلع عن قلوبهم ما ثبت فيها من اعتقادهم الشوم.

وفی حياة الحيوان الأصح تحريم أكل الهدهد للنهی عن قتله لأنه منتن الريح ويقتات الدود. وقيل: يحلّ أكله لأنه يحكیٰ عن الشافعی وجوب الفدية فيه، وعنده لايفتدی إلا المأكول. اھ۔ وفيه الأصح تحريم أكل الصرد لهذا الحديث، وقيل: إنه يؤكل، لأن الشافعی أوجب فيه الحراء علی المحرم إذا قتله وبه قال مالک. اه، مختصراً من المرقاة.

وقال الموفق فی المغنی (ص۱۱۷/۱۱) وابن أخيه فی الشافی شرح المقنع (ص۱۱۸۷/۱۱): واختلف عن أحمد فی الهدهد والصرد، فعنه أنهما حلال لأنهما ليسا من ذوات المخلب ولا يستخبثان، وعنه تحريمهما لأن النبی ﷺ نهی عن قتل الهدهد والصرد والنملة والنحلة. اھ۔

امام مالک کا اختلاف ہدہد کے متعلق نہیں ملا، اسلئے کہ بندہ کے پاس دسوقی وغیرہ نہیں ہے۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ ۲۲ جمادی الاولیٰ ۱۳۹۲ھ

حدیث ہرقل کے ایک جز کی تحقیق

سوال: مولوی یونس صاحب

رات اتفاق سے اردو تقریر بخاری کسی نے سنائی، اس میں (ص ۲۹) پر ہرقل کی حدیث **أشراف الناس اتّبعوہ أم ضعفائھم** کے نیچے حاشیہ پر اسکے مناسب حضرت نانوتوی کی تقریر لکھی ہے، اول تو مناسب کا لفظ صحیح نہیں اس کے مخالف کا لفظ لکھنا چاہئے تھا، اور پھر دونوں مضمون حدیث کے ہیں، ان دونوں میں جمع ہونا چاہئے تھا، جمع کی کوئی توضیح تمہارے ذہن میں ہو تو تحریر فرمادو کہ پلیٹ پر تصحیح کردی جائے۔ فقط والسلام

حضرت شیخ الحدیث صاحب مدظلہ بقلم حبیب اللہ

۲۹/ج ۲/۹۲/ھ

جواب: حضرت عالی! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بندہ کے خیال میں کوئی تعارض نہیں ہے، اس لئے کہ حدیثِ ہرقل میں اشراف سے مراد اہل نخوت ومتکبرین ہیں اور ضعفاء سے مراد اہل مسکنت ومتواضعین ہیں، اور ظاہر ہے کہ اہل مسکنت کے یہاں مقبولیت اوپر ہی کی مقبولیت ہے جو ملأ اعلیٰ سے منتقل ہوکر ان پاک دل صاف طینت لوگوں تک پہنچی ہے، بخلاف اس مقبولیت کے کہ جو اہل نخوت ومتکبرین سے شروع ہوتی ہے وہ تکبر اور بڑائی پر مبنی ہوتی ہے وہ آگے نہیں چلتی۔

اور تقریر میں ضعفاء سے مراد اہل مسکنت ومتواضعین ہی ہیں اور اغنیاء سے مراد اہل نخوت، اس لئے کہ عامۃً اہل دنیا میں جب ذی ثروت ہوں تکبر ہوتا ہی ہے الا ماشاء اللہ، بخلاف فقراء کے کہ وہ بیچارے اس دنیا سے ہی دور ہوتے ہیں تو اس کے لوازمات سے ان کو کیا سروکار الا ماشاء اللہ کوئی ایسا بھی ہوتا ہے جو اس صورت میں بھی اکڑتا ہے۔ واللہ اعلم۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

شب شنبہ یکم رجب ۱۳۹۲ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖OOO❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

من اتّبع الصید فقد غفل کہاں ہے؟

لا تدخلوا... إلا أن تکونوا باکین کہاں ہے؟

تحیۃ الوضوء نام صحیح ہے؟

فرض کفایہ کی کیا تعریف ہے؟

مولانا ظہور الحقؒ کے مختصر حالات

مولانا عبداللطیفؒ کی تاریخ وفات

معظم ومحترم جناب مولانا محمد یونس صاحب دام مجدہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ خدا کرے مزاج گرامی بخیر ہو، جناب کے فیوض علمی کا بہت بہت شکریہ

جزاک اللہ فی الدارین وعافاک فی جسدک

مجھے **تداووا بالصدقة** کے الفاظ معلوم نہیں کہاں سے یاد رہ گئے تھے، جناب کے خط کے جواب سے اطمینان ہوگیا، وہ حدیث بعد میں مقاصد حسنہ میں بھی مل گئی، جناب کی رہنمائی کے بغیر ملنا مشکل تھا، اس لئے کہ میں تلاش کرتا تو تداووا الخ میں تلاش کرتا۔

سوال (۱):

ایک حدیث میں '**من اتبع الصید فقد غفل**' ہے۔ میں نے مشکوٰۃ وجامع صغیر ومجمع الزوائد اور ترغیب وغیرہ میں تلاش کی مگر کہیں نہیں ملی، براہ کرم رہنمائی فرمائیں۔

سوال (۲):

امم ماضیہ معذبہ میں سے کسی امت کی اجڑی ہوئی بستی کی طرف رسول اکرم ﷺ کا گذر ہوا تو وہاں شاید سخت ہوا یا کوئی اور سخت اثر عذاب کا پایا گیا، اس پر آپ ﷺ نے فرمایا کہ یہاں سے فوراً چلو، حوالہ سے مطلع فرمائیں۔

سوال (۳):

مولانا ظہور الحق صاحب فرض کفایہ کی جو تعریف کرتے تھے کہ جس امر کا مقصود مأمور بہ کو پورا کرنا ہو تو وہ فرض کفایہ ہے، اور جس امر سے مقصود مامور اور مامور بہ دونوں ہی ہوں وہ فرض عین ہے، بعد میں یہ تعریف کسی شیعہ مسلک شخص کی کتاب میں دیکھی تھی، اب یاد نہیں، اسی کتاب سے یا اور کسی کتاب سے یہ تعریف مع صفحہ وجلد تحریر فرمادیجئے۔

سوال (۴):

تحیة الوضوء کے متعلق میں نے تمہید لابن عبدالبر یا شیخ عبدالحق دہلوی کی کسی کتاب میں دیکھا ہے کہ یہ نام غلط ہے۔ اب مجھے صحیح یاد نہیں کہاں دیکھا، براہ کرم ان دونوں میں سے کسی سے یا اور کسی سے اگر اس کی تغلیط منقول ہو تو لکھئے۔

سوال (۵):

حضرت مولانا ظہور الحق صاحب کی ولادت ووفات ومختصر حالات ومدتِ تدریس مدرسہ مظاہر علوم اور بعض خاص عادات جو معلوم ہوں تحریر فرمائیں۔ آپ سے تو بڑا خاص تعلق تھا اور شاب صالح کہا کرتے تھے۔

سوال (۶):

حضرت اقدس مولانا عبداللطیف صاحب کی تاریخ وفات دن ومہینہ تحریر فرمادیں۔

(مولانا) محمد عبداللہ دہلوی

۲۳ اگست ۷۲ء

مکرم محترم زید مجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

یادفرمائی کا بہت بہت شکریہ، ابھی ابھی آپ کا مکتوب محبوب کاشفِ احوال ہوا، اس وقت جو مستحضر ہے وہ پیش خدمت ہے،

جواب (۱):

حدیث **من اتّبع الصید غفل. أخرجه أحمد** (ص۳۵۷) **قال: حدثنا روح ثنا إسحاق ثنا عمرو بن دينار وحدثنا عبد الرحمٰن بن مهدی ثنا سفيان عن أبی موسیٰ عن وهب بن منبّه عن ابن عباسؓ عن النبی ﷺ قال: من سكن البادية جفا ومن اتّبع الصيد غفل ومن أتى السلطان افتتن. وهكذا أخرجه أبو داود** (ص۴/۳۹۲) **والترمذی** (ص۲/۵۰) **والنسائی** (ص۲/۱۹۷) **والبخاری فی الكنیٰ المفردة** (ص۲۰) **والطبرانی فی الكبير والبيهقی فی الشعب وأبو نعيم فی الحلية كلهم من رواية الثوری، وقال الترمذی: هذا حديث حسن غريب من حديث ابن عباسؓ لا نعرفه إلا من حديث الثوری، وقال أبو نعيم فی الحلية: أبو موسیٰ هو اليمانی لا نعرف له اسماً، وقال الذهبی: شيخ يماني يجهل وما روی عنه غير الثوری، ولعله إسرائيل بن موسیٰ و إلا فهو مجهول، انتهیٰ. وذكر المزّی فی ترجمة إسرائيل بن موسیٰ البصری أنه روی عن وهب بن منبّه وعنه الثوری، ولم يلحق البصری**

وهب بن منبه و إنما هذا آخر، وقد فرق بينهما ابن حبان فى الثقات وابن الجارود فى الكنىٰ وجماعة.

قلت: والظاهر أن عمرو بن دينار متابع لأبى موسىٰ كما يظهر من السند الأول الذى ذكره أحمد.

وفى الباب عن أبى هريرةؓ أخرجه أحمد (ص ۲/۳۷۱) قال: حدثنا محمد يعنى ابن الصباح ثنا إسماعيل بن زكريا عن الحسن بن الحكم النخعى عن عدى بن ثابت عن أبى حازم عن أبى هريرةؓ قال: قال رسول الله ﷺ: من بدا جفا ومن اتّبع الصيد غفل ومن أتى أبواب السلطان افتتن وما ازداد عبد من السلطان قرباً إلا ازداد من الله بعداً. وأخرجه فى موضع آخر (ص ۲/۴۴۰) عن يعلى ومحمد ابنى عبيد عن الحسن بن الحكم عن عدى بن ثابت عن شيخ من الأنصار عن أبى هريرةؓ به.

والحديث أخرجه أبوداود بالإسناد الثانى فى بعض النسخ فقال: حدثنا محمد بن عيسى ثنا محمد بن عبيد ثنا الحسن بن الحكم، الخ. وليس ذالك فى نسخة المنذرى والهيثمى ولكن ذكره السخاوى فى المقاصد (ص ۴۱۵) من جهة أبى داود، وكذا ذكره المزّى فى الأطراف، وهكذا عبد الغنى النابلسى فى ذخائر المواريث (ص ۴/۴۵).

والإسناد الأول رجاله رجال الصحيح سوى الحسن بن الحكم النخعى وهو صدوق يخطئ، وثّقه ابن معين، وقال أبوحاتم: صالح الحديث يحتج به، وتكلّم فيه ابن حبان فقال: يخطئ كثيراً ويهم وهماً شديداً لا يعجبنى الاحتجاج بخبره، والحديث ذكره الذهبى فى ترجمة الحسن بن الحكم من الميزان، فكأنه أشار إلى نكارته، وقال المنذرى (ص ۲/۸۷): رواه أحمد بإسنادين رواة أحدهما رواة الصحيح. اه، وفيه نظر، فإن الحسن بن الحكم النخعى لم يرو له الشيخان، ولذا قال الهيثمى فى مجمع الزوائد (ص ۵/۳۴۶): رواه احمد والبزار، وأحد إسنادى أحمد رجاله رجال الصحيح خلا الحسن بن الحكم النخعى وهو ثقة. اه. ولكن المحفوظ هو الإسناد الثانى كما قال السخاوى، والحديث الذى ذكره صاحب المشكوٰة (ص ۳۲۲) فى الفصل الثانى من كتاب الإمارة والقضاء من حديث ابن عباسؓ والمنذرى فى الترغيب فى باب الترغيب فى الامتناع عن الدخول على الظلَمة والترهيب من الدخول عليهم وتصديقهم وإعانتهم من حديث ابن عباسؓ وأبى هريرةؓ،

وذكره السيوطي في الجامع الصغير في موضعين، إحداهما في من بدا جفا، والثاني في من سكن البادية جفا، كلاهما من حديث ابن عباسؓ.

جواب (۲):

امم ماضیہ کا قصہ بخاری شریف (ص ۴۷۹) میں ہے، مگر اس کے الفاظ آپ کے نقل کردہ الفاظ سے کچھ الگ ہیں، لیکن ظن غالب یہ ہے کہ یہی روایت آپ کی مقصود ہے، وهي هذه:

عن ابن عمرؓ أن النبي ﷺ لما مرّ بالحجر قال: لا تدخلوا مساكن الذين ظلموا أنفسهم إلا أن تكونوا باكين أن يصيبكم مثل ما أصابهم ثم تقنّع بردائه وهو على الرحل. وأخرج البزار من طريق عبد الله بن قدامة بن صخر عن أبي ذرؓ أنهم كانوا مع رسول الله ﷺ في غزوة تبوك فأتوا على واد، فقال لهم النبي ﷺ : إنكم بواد ملعون فاسرعوا ! فركب فرسه فدفع ودفع الناس، ثم قال: من اعتجن عجينه أو من كان طبخ قِدراً فليكبّها، ثم سرنا ثم قال: يا أيها الناس ! إنه ليس اليوم نفس منفوسة يأتي عليها مأة سنة فيعبأ الله بها. قال البزار: لا أعلمه إلا بهذا الإسناد، وقال الهيثمي (ص ۱۹۴ / ۶): عبد الله بن قدامة بن صخر لم أعرفه، وبقية رجاله وثّقوا.

جواب (۳):

فرض کفایہ کی مذکورہ تعریف جو حضرت مولانا ظہور الحق صاحب قدّس سرہ ذکر فرماتے تھے وہ سيد عميد الدين ابن أبي عبد الله عبد المطلب بن الأعرج الحسيني الشيعي کی کتاب منية اللبيب میں مذکور ہے، قال (ص ۶): ووجوبها على الكفاية بمعنى أن الشارع تعلّق غرضه بحصولها لا من مباشر بعينه، فإذا أتى بها بعض المكلفين سقط عن الباقين. اھ۔

اور یہ تعریف تو ہمارے مشائخ وفقہاء نے بھی کی ہے، قال ابن عابدين (۱/۲۹): قوله فرض كفاية عرّفه في شرح التحرير بالمتحتم المقصود حصوله من غير نظر بالذات إلى فاعله، قال فيتناول ما هو ديني كصلوة الجنازة ودنيوي كالصنائع المحتاج إليها، وخرج المسنون لأنه غير متحتم وفرض العين لأنه منظور بالذات إلى فاعله. اه، ونحوه في موضع آخر (ص ۱/۳۶۱)۔

جواب (۴):

تحیۃ الوضوء کہنے کی کراہت مجھے سر دست نہیں ملی، ملا علی قاری نے مرقاۃ میں (ص ۲/۱۸۴) لکھا ہے وتسمىٰ شكر

الوضوء، وكذا سمّاه في شرح اللباب كما حكاه ابن عابدين (۱/۴۵۹).

درمختار وشامی وغیرہ کسی نے بھی کراہت نہیں لکھی ہے، اور فی الحال جو کتابیں میرے پاس ہیں ان میں مجھے نہیں ملی۔

جواب (۵):

حضرت مولانا السید ظہور الحق صاحب قدس سرہ دارالعلوم میں ۱۳۱۷ھ میں داخل ہوئے اور ۱۳۲۸ھ میں دستار بندی ہوئی اور ۱۳۳۰ھ میں سندلی، ابتداءً چھ ماہ دارالعلوم میں مدرس رہے اور پھر چند سال موانہ کلاں ضلع میرٹھ میں مدرس رہے، ۱۳۳۵ھ میں مدرسہ مظاہر علوم میں مدرس مقرر ہوئے، ۱۳۰۱ھ میں ولادت ہوئی اور بتاریخ ۳۱ جمادی الثانی شب جمعہ ساڑھے تین بجے ۱۳۸۴ھ میں وفات ہوئی، اور بعد نماز جمعہ حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب مدظلہ العالی نے نماز جنازہ پڑھائی اور حاجی شاہ میں دفن کئے گئے۔

جواب (۶):

حضرت اقدس مولانا عبداللطیف صاحب قدس سرہ مدرسہ سے ۱۳۲۲ھ میں فارغ ہوئے اور ۱۳۴۴ھ میں ناظم اعلیٰ مقرر ہوئے اور تاوفات ناظم رہے، اور بروز دوشنبہ دس بجے ۲ ذی الحجہ ۱۳۷۳ھ مطابق ۲ راگست ۱۹۵۴ء میں وفات پائی، حضرت شیخ مدظلہ نے نماز جنازہ پڑھائی اور حاجی شاہ میں سپرد خاک کردئے گئے۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

ضعیف حدیث کو لفظ قال اور روی سے بیان کرنا

سوال :

علامہ نووی نے شرح مہذب (ص ۱۰۴، ۱۰۳) میں ایک بات یہ تحریر فرمائی کہ ضعیف حدیث کو لفظ قال اور روی سے بیان کرنے کو علمائے محققین نے منع فرمایا ہے، اور اگر کوئی اس طرح بیان کرتا ہے تو **كذب عليه** ﷺ کا مصداق ہوگا۔ اشکال یہ ہے کہ اس شدید وعید کے باوجود بڑے بڑے علماء روایات ضعیفہ کو بھی قال اور روی سے بیان کرتے ہیں تو اس کی کیا وجہ ہے؟ اگر حضرت اقدس رہنمائی فرمادیں تو نوازش ہوگی۔

(مولانا) عبداللہ کاپودروی (صاحب)

جواب :

امام نووی نے جو کچھ لکھا ہے یہ مقدمہ شرح مہذب (ص ۶۳/۱) میں بتفصیل موجود ہے، اور قاعدہ بھی یہی ہے جیسا کہ

آگے دوسرے محدثین کے کلام سے معلوم ہوجائے گا، لیکن خود امام نووی نے یہ بھی لکھ دیا ہے کہ اس قاعدہ کو بہت سے علماء نے ترک کردیا اور اسکی وجہ کی طرف بھی اشارہ فرمادیا ہے کہ یہ تساہل کی وجہ سے ہوا ہے، فرماتے ہیں:

هذا الأدب أخلّ به المصنف يعني أبا إسحاق الشيرازي صاحب المهذب وجماهير الفقهاء من أصحابنا وغيرهم بل جماهير أصحاب العلوم مطلقاً ما عدا حذّاق المحدثين، وذالک تساهل قبيح، فإنهم يقولون كثيراً في الصحيح رُوِي عنه وفي الضعيف قال وروىٰ فلان وهذا حيد عن الصواب. انتهىٰ.

اور یہ قانون امام بخاری سے عملاً اور بیہقی سے قولاً سخاوی نے بحوالہ نووی نقل کیا ہے۔

امام بخاری کی تعلیقات کے بارے میں یہ قانون تو مشہور ہے **قد ذكره ابن الصلاح والنووي والعراقي وغيرهم، وعبارة النووي في التقريب: ماروياه أي الشيخان بالإسناد المتصل فهو المحكوم بصحته، وأما ما حذف من مبتدء إسناده واحد أو أكثر، فما كان منه بصيغة الجزم كقال وفَعَل وأَمَرَ ورَوى وذَكر فلان فهو حكم بصحته عن المضاف إليه، وما ليس فيه جزم كيُروى ويُذكر ويُحكىٰ ويُقال ورُوِي وذُكر وحُكي عن فلان كذا فليس فيه حكم بصحته عن المضاف إليه، وليس بواهٍ لإدخاله في الكتاب الموسوم بالصحيح. اه.**

قال السخاوي بعد ماذكر هذه القاعدة في التعليقات حتى نقل النووي اتفاق محققي المحدثين وغيرهم على اعتبارها كذالک، وأنه لا ينبغي الجزم بشيء ضعيف، لأنها صيغة يقتضي صحته عن المضاف إليه فلا ينبغي أن تطلق إلا فيما صحّ، قال: وقد أهمل ذالک كثير من المصنفين ومن الفقهاء وغيرهم، واشتد إنكار البيهقي على من خالف ذالک، وهو تساهل قبيح جداً من فاعله، إذ يقول في الصحيح: يُذكر ويُروىٰ، وفي الضعيف: قال ورَوى، وهذا قلب للمعاني وحيد عن الصواب.

قال: وقد اعتنى البخاري باعتبارهاتين الصيغتين و إعطائهما حكمهما في صحيحه، فيقول في الترجمة الواحدة بعض كلامه بتمريض وبعضه بجزم مراعياً لما ذكرنا، وهذا مشعر بتحرّيه وورعه. انتهىٰ۔

ایک دوسری جگہ امام نووی تقریب میں فرماتے ہیں: **وإذا أردت رواية الضعيف بغير إسناد فلا تقل: قال**

رسول الله ﷺ كذا، وما أشبهه من صيغ الجزم، بل قل: رُوى كذا أو بلغنا كذا أو ورد أوجاء أو نقل وما أشبهه، وكذا ما تشكّ فى صحته. اه.

وهكذا ذكره ابن الصلاح والعراقى والسخاوى والسيوطى، وقال الأخير فى التدريب: أما الصحيح فأذكره بصيغة الجزم، ويقبح بصيغة التمريض، كما يقبح فى الضعيف صيغة الجزم. اھ۔

اب سوال یہ ہے کہ جب صحیح وضعیف کے نقل کرنے کے الفاظ الگ الگ ہیں تو پھر بہت سے علماء وفقہاء نے اس کے خلاف کیوں کیا ہے؟

امام نووی وغیرہ نے تو اس کو تساہل پر محمول فرمایا ہے، مگر یہ بھی بتادیا کہ یہ تساہل مذموم ہے، اور ممکن یہ ہے کہ یہ جواب دیا جائے کہ چونکہ تصحیح وتضعیف کے قواعد ظنی ہیں، یہی وجہ ہے کہ ایک عالم اگر ایک حدیث کو صحیح کہتا ہے تو دوسرا اس کے خلاف اسے ضعیف قرار دیتا ہے بلکہ بعض موضوع تک کہہ دیتے ہیں۔

لیکن اس پر اشکال یہ ہے کہ یہ طرزِ جواب اگر روایات مختلف فی صحتہا میں اختیار کیا جائے تو چل سکتا ہے، مگر بعض اوقات بعض روایاتِ صحیحین غیر منتقد علیہا تک کو بعض حضرات نے بصیغۂ تمریض ذکر کردیا ہے، اور ظاہر ہے کہ انکی صحت میں اسنادی حیثیت سے کوئی کلام نہیں ہے تو وہاں یہ جواب نافذ نہ ہوگا۔

اور ممکن ہے کہ فقہاء کے اس طرز کا یہ جواب دیا جائے کہ چونکہ وہ حضرات عام طور سے روایات کتبِ فقہ سے نقل کرتے ہیں اس لئے اس میں تساہل برت جاتے ہیں، کیوں کہ سند تو سامنے ہوتی نہیں ہے اس لئے اسکی صحت وسقم کا بعض وقت علم نہیں ہوتا ہے۔

اور اس سے زیادہ اچھا جواب یہ ہے کہ ان حضرات کا مقصد صرف آنحضرت ﷺ سے انتساب کو بیان کرنا ہے، اور اس میں کسی خاص صیغہ کی پابندی نہیں کی ہے، لہذا کبھی تو بصیغۂ جزم اور کبھی بصیغۂ مجہول ذکر فرماتے ہیں، اس سے تصحیح وتمریض کی طرف اشارہ کرنا مقصود نہیں ہے۔

اب اتنا اشکال رہ جاتا ہے کہ جب صیغِ مختلفہ دلالاتِ مختلفہ کے لئے اہل اصول نے خاص کردئے ہیں تو پھر اسکی مخالفت کیوں کی؟ اسکا جواب یہ ہوسکتا ہے کہ یہ ان حضرات کی اپنی اصطلاح ہے اور انہوں نے محدثین کی اس اصطلاح پر عمل نہیں کیا **ولامشاحة فى الاصطلاح، هذا ما عندى والله أعلم بالصواب.**

بندہ محمد یونس عفی عنہ

۹ شعبان المعظم ۱۳۹۲ھ

حضرت شیخ کی ایک عبارت کی تحقیق

سوال: مولوی یونس صاحب

الابواب والتراجم ٹائپ والی کے (ص۳۲) پر **سترة الإمام سترة لمن خلفه** کے متعلق یہ لکھا ہے: **للأوسط بضعف**، یہ عبارت میری تو نہیں ہوسکتی، کہیں سے نقل کی ہے، فتح الباری قسطلانی میں تلاش کرلی کہیں یہ عبارت نہیں ملی، آپ کے ذہن میں یا علم میں ہو تو تحریر فرمادیں، فقط والسلام حضرت اقدس شیخ الحدیث صاحب

بقلم حبیب اللہ ۱۷ شعبان ۱۳۹۲ھ

جواب: مخدومنا المکرّم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بظاہر یہ عبارت جمع الفوائد کی ہے، اس کے بعد کتب خانہ سے جمع الفوائد منگوا کر دیکھی تو خیال ٹھیک تھا۔

ولفظه (ص۸۶) أنسٌ رفعه سترة الإمام سترة من خلفه للأوسط بضعف. اه۔

احقر محمد یونس عفی عنہ

۱۷ شعبان ۱۳۹۲ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

عیدالفطر عیدالاضحیٰ وایام تشریق کے روزوں کی حرمت مع اختلاف ائمہ

کیا فرماتے ہیں علماء امت درج ذیل مسائل میں:

سوال (۱):

حنفیہ کا مسلک یہ ہے کہ عیدالفطر وعیدالاضحیٰ وایام تشریق ۹ تا ۱۳ ذی الحجہ ابتداء ایام تشریق کی حرمتِ روزہ غیر حاجیوں کے لئے ہے۔

سوال (۲):

شافعیہ کا مسلک یہ ہے کہ عیدالفطر وعیدالاضحیٰ اور عیدالاضحیٰ کے متصل بعد تین یوم تک روزہ حجاج کے لئے بھی حرام ہے غیر حاجیوں کی طرح۔

سوال (۳):

مالکیہ کا مسلک یہ ہے کہ عیدالاضحیٰ کے بعد تین یوم کے بجائے دو یوم حرام ہیں، انکی رائے ہے کہ متمتع وقارن کے لئے

عیدالاضحیٰ کے اگلے دو یوم کا روزہ جائز ہے، البتہ مفرد کے لئے جائز نہیں۔

سوال (۴):

حنابلہ کا مسلک یہ ہے کہ عیدالفطر وعیدالاضحیٰ اور عیدالاضحیٰ کے اگلے تین یوم کا روزہ غیر حاجیوں کے لئے حرام ہے، اور مفرد کے لئے حرام ہے، متمتع وقارن کے لئے جائز ہے۔

سوالات کی غلطی کا ازالہ فرماتے ہوئے ائمہ اربعہ کے دلائل تحریر فرمائیں نیز حنفیہ کے مسلک کی ترجیح بھی ذکر کریں۔

طالب دعاء محمد اختر اعظمی

جواب:

اپنے سوالات کا جواب سننے سے پہلے چند مسائل سن لیجئے اور اس سے اپنے سوالات کا جواب خود ہی حل کر لیجئے۔

(۱) : عیدالفطر وعیدالاضحیٰ کا روزہ بالاتفاق حرام ہے۔ **لا یجوز بحال.**

وقد نقل الاتفاق علی حرمة الصیام فیهما البغوی فی شرح السنة والموفق بن قدامة فی المغنی (ص۳/۹۷) وأبوالولید بن رشد فی البدایة (ص۱/۱۸۲) والقاضی عیاض فی الإکمال والنووی فی شرح مسلم (ص۱/۳۶۰) وشرح المهذب (ص۶/۴۴۰) والحافظ ابن حجر والعینی وغیرهم. والدلیل علی ذلک ماروی البخاری (ص۲۶۷) ومسلم (ص۳۶۰) والترمذی (ص۹۶) وابن أبی شیبة (ص۱۰۴/۳) وأبوداود (ص۱۶۷/۳) وغیرهم عن أبی عبید مولیٰ ابن أزهر قال: شهدت العید مع عمربن الخطابؓ فقال: هذان یومان نهٰی رسول اللهﷺ عن صیامهما، یوم فطرکم من صیامکم والیوم الآخرتأکلون فیه من نسککم.

وأخرجوا أیضاً عن أبی سعیدالخدریؓ قال: نهٰی رسول اللهﷺ عن صوم یومین، یوم الفطرویوم النحر. وفی لفظ لأحمد والبخاری: لاصوم فی یومین، الفطر والأضحیٰ. وفی لفظ لمسلم: لایصلح الصیام فی یومین. ونقل أبوالبرکات ابن تیمیة فی المنتقٰی بلفظ: لا یصحّ الصیام فی یومین. وعزاه لمسلم، ولم ینبه علیه الشوکانی (ص۴/۲۲۲)، فالله أعلم.

وأخرح الشیخان عن أبی هریرةؓ أن رسول اللهﷺ نهٰی عن صیام یومین، یوم الأضحی ویوم الفطر. واللفظ لمسلم، وأخرح مسلم وابن أبی شیبة(ص۱۰۴/۳) بنحوه عن عائشةؓ.

قال القاری (ص۲/۵۴۲): وفی شرح السنّة اتفق أهل العلم علی أن صوم العید لا یجوز، وقال

الحافظ (ص۲۰۸/۴): **وفی الحدیث أی حدیث عمرؓ المذکور أولًا تحریم صوم یومی العید سواء النذر والکفارة والتطوع والقضاء والتمتع وهو بالإجماع.**

وقال النووی (ص۳۶۰): **قد أجمع العلماء علی تحریم صوم هذین الیومین بکل حال سواء صامهما عن نذر أو تطوع أو کفارة أو غیر ذلک. اه. وقال القاضی عیاض: وأجمعوا علی حرمة صومهما بأیّ وجه کان الصوم نذراً أو تطوعاً أو دخولاً فی صوم التتابع.**

(۲): اگر کوئی شخص عید کے دن روزہ رکھنے کی نذر مان لے تو اس میں اختلاف ہے کہ یہ نذر منعقد ہوگی یا نہیں؟

قال مالک والشافعی فی الجدید: لا ینعقد نذره ولا یلزمه قضائه (نووی ص۳۶۰/۱) **الابّی** (ص۲۵۵/۳) **أوجز** (ص۵۲/۳) **وغیرها. قال أحمد بن حنبل فی روایة: هذا نذر معصیة علی ناذره الکفارة لا غیر، وفیه روایة أخریٰ أن علیه القضاء مع الکفارة والأولیٰ هی الصحیحة، قاله القاضی لأن هذا نذر معصیة فلم یوجب قضاء کسائر المعاصی، قاله صاحب المغنی** (ص۳۶۱/۱۱) **والشافی** (ص۳۴۸/۱۱).

وعن أبی حنیفة فی ذالک ثلاث روایات، إحداها: کمذهب مالک والشافعی وهی روایة أبی یوسف وابن المبارک، والثانیة: یصح نذره ویقضی، ولو صامه صحّ وعصیٰ، والثالثة: لا یصحّ نذر صوم یوم النحر بعینه، وإن نذر صوم غد وهو یوم النحر صحّ، والثانیة: هی ظاهر الروایة عن الإمام کما فی رد المحتار (ص۱۲۴/۲) **وغیر ذلک.**

حنفیہ نے جو مسلک اختیار کیا ہے اس میں جمع بین الادلہ ہے، اللہ تعالیٰ کا فرمان **'ولیوفوا نذورهم'** مطلقاً ایفاء نذر کو مقتضی ہے اور عیدین کے دن روزہ کی ممانعت چاہتی ہے کہ اس دن کی نذر بھی صحیح نہ ہو، اس لئے کہ جب اس دن کا روزہ ہی جائز نہیں ہے تو نذر کیسے جائز ہوگی؟ کیوں کہ نذر طاعت کی ہوتی ہے اور معصیت کی نذر نہیں ہوا کرتی ہے **لقول النبی ﷺ: لا نذر فی معصیة. رواه أبو داود والنسائی عن عائشةؓ.** احناف کہتے ہیں کہ نذر تو منعقد ہو جائے گی **لإطلاق الآیة** اور اس دن روزہ رکھنا جائز نہ ہوگا **لورود النهی فی الأحادیث بل یقضی یوماً آخر مکانه لئلا یلزم إبطال ما ألزمه نفسه.**

(۳): صوم یومِ عرفہ غیر حاجی کے لئے بالاتفاق مستحب ہے۔ **وقد ورد الترغیب فیه فی مسلم وأنه یکفّر السنتین: السنة الماضیة والسنة المستقبلة.**

البتہ حاجی کے متعلق اختلاف ہے، اس میں علماء کے پانچ قول ہیں۔ اول افطار افضل ہے اور صوم خلاف اولیٰ، **وهو قول الشافعية والحنابلة.** ثانی صیام مکروہ ہے **وهوقول المالكية وبعض الشافعية.** ثالث اگر روزہ کی وجہ سے ضعف نہ پیدا ہو تو مستحب ہے ورنہ مکروہ ہے **وهو قول الحنفية وبعض الشافعية.** رابع حرام ہے **قاله يحيىٰ الأنصاري.** خامس بعض سلف مطلقاً مستحب کہتے ہیں **ومال إليه إسحاق بن راهويه.**

ولا يخفىٰ أن قول الحنفية في ذالك أعدل الأقوال، فإنهم راعوا فضيلة هذا اليوم وكذا راعوا أعمال الحج فاستحبّوه إذا لم يضعفه عن وظيفة الوقت، وأما إذا شغله عن وظيفة الوقت فهي أقدم، والله أعلم.

(۴): ایام تشریق کی تعیین میں اختلاف ہے کہ آیا یوم النحر کے بعد دو یوم ہیں یا تین یوم **كما ذكره الحافظ ابن حجر** (ص ۲۱۰ / ۴). لیکن ائمہ اربعہ کے متبعین نے بیک زبان یہی کہا ہے کہ ایام تشریق یوم النحر کے بعد تین ایام ہیں۔ **قال النووي في شرح المهذب** (ص ۲۴۲/۶) : **أيام التشريق هي الثلاثة التي بعد النحر ويقال لها أيام منىٰ لأن الحجاج يقيمون فيها بمنىٰ، وأيام التشريق هي الأيام المعدودات.** اھ۔

وقال في شرح مسلم (ص ۳۶۱/۱): **أيام التشريق ثلاثة بعد يوم النحر وكذا قال القسطلاني وشارح المنهاج وغيرهم من الشافعية والقاضي أبو الوليد الباجي** (ص ۵۹/۲) و(ص ۸۳/۳) **وابن رشد** (ص ۱۸۲/۱) **والزرقاني وغيرهم من المالكية وعلىّ القاري** (ص ۵۴۲/۲) **وابن عابدين** (ص ۵۶۲/۱) **وغيرهم من الحنفية وهو ظاهر الهداية** (ص ۱۵۵) **من فقه الحنفية ومختصر الخرقي وشرحه المغني** (ص ۱۱۴/۱۱) **من فقه الحنابلة.**

وقال صاحب نيل المآرب: أيام التشريق هي حادى عشر ذي الحجة وثانى عشر وثالث عشر، اھ۔ **وكذا صرّح شيخ مشائخنا في البذل، وقال القاضي أبو الوليد بن رشد**(ص ۲۵۸/۱): **لا خلاف بينهم أن الأيام المعدودات هي أيام التشريق وأنها ثلاثة أيام بعد يوم النحر إلا ماروى عن سعيد بن المسيب أنه قال: يوم النحر من أيام التشريق،** اھ۔

ابن رشد کا یہ کلام تو بظاہر اس پر دلالت کرتا ہے کہ اس میں اتفاق ہے کہ ایام تشریق تین دن بعد یوم النحر ہیں، ہاں ایک امر مختلف فیہ ہے، اس کی طرف ابن رشد نے اشارہ فرمایا ہے وہ یہ کہ یوم النحر بھی آیا ایام التشریق میں داخل ہے یا نہیں؟ سعید بن المسیّب وغیرہ کی رائے ہے کہ داخل ہے۔ **قال القاضي عياض: أيام التشريق عند الأكثر الثلاثة بعد**

يوم النحر وقيل : هى أيام النحر، كذا فى الأبّى (ص ۲۵۶/۳)، وروى ذالک عن ابن عباسؓ وعطاء، وقال القسطلانى: أيام التشريق هى ثلاثة بعد يوم النحروهذا قول ابن عمرؓ وأكثر العلماء، وروى عن ابن عباس وعطاء أنها أربعة أيام يوم النحر وثلاثة بعده، والأول أظهر فقد قال النبىﷺ : أيام منىٰ ثلثة، اه۔

قال النووى فى شرح المهذب (ص ۶/۴۴۱): وروى البيهقى بإسناد ضعيف عن أبى هريرةؓ أن النبىﷺ نهىٰ عن صيام قبل رمضان بيوم والأضحىٰ والفطر وأيام التشريق ثلثة بعد يوم النحر، اھ۔

ان ساری تفصیلات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایام تشریق میں کسی کا اختلاف اس میں نہیں ہے کہ یوم النحر کے بعد تین یوم ہیں، صرف اس میں اختلاف ہے کہ یوم النحر بھی ان میں داخل ہے یا نہیں، لیکن حافظ ابن حجر کی جلالتِ شان کے سامنے کچھ کہنے کی ہمت نہیں ہوتی ہے۔

میرا خیال ہے کہ شاید ایک اور مسئلہ کے اختلاف کی وجہ سے مسئلہ مبحوث عنہا میں اشتباہ ہوگیا اور وہ مسئلہ یہ ہے کہ ایام قربانی کتنے دن ہیں؟ **قال ابن رشد (ص۲۵۷): أما آخر زمان الذبح فإن مالكاً قال: آخره اليوم الثالث من أيام النحر وذلک مغيب الشمس، فالذبح عنده هو فى الأيام المعلومات يوم النحر ويومان بعده، وبه قال أبو حنيفة وأحمد وجماعة، وقال الشافعى والأوزاعى: الأضحىٰ أربعة أيام، يوم النحر وثلاثة أيام بعده، وروى عن جماعة أنهم قالوا: الأضحىٰ يوم واحد وهو يوم النحرخاصة، وقد قيل: الذبح إلى آخر يوم من ذى الحجة، وهو شاذ لا دليل عليه، اھ۔**

تو بظاہر جمہور کے قولین اولین فی ایام الذبح سے اشتباہ ہوگیا لیکن یہ محقق ہے کہ ایام تشریق وایام ذبح میں تلازم نہیں ہے، بلکہ جمہور کے مسلک پر یوم عاشر یوم النحر ہے مگر ایام تشریق میں نہیں ہے، اور ثالث عشر ایام تشریق میں سے تو ہے مگر یوم النحر نہیں ہے، اور حادی عشر وثانی عشر ایام النحر اور ایام التشریق دونوں ہیں، ہاں امام شافعی کے مسلک پر صرف دوصورتیں ہونگی یعنی عاشر یوم النحر ہے یوم تشریق نہیں اور باقی تین دن دونوں ہیں یوم تشریق بھی اور یوم النحر بھی۔

(۵): ایام تشریق کے روزہ کے بارے میں بڑی تفصیل کتب فقہ میں ہے جس کا ذکر کرنا یہاں موجب اطالت ہے۔ علامہ عینی وغیرہ نے اس میں نو اقوال نقل کئے ہیں۔ **والمختصر المفيد فى هذا المقام ما ذكره الحافظ ابن حجر (ص ۴/۲۱۰) قال البخارى: باب صيام أيام التشريق، قال الحافظ: أى الأيام التى بعد يوم النحر وهل تلتحق بيوم النحر فى ترک الصيام كما تلتحق به فى النحر وغيره من أعمال الحج؟ أو**

يجوز صيامها مطلقاً ؟ أو للمتمتع خاصةً ؟ أو له ولمن هو في معناه؟ وفي كل ذلك اختلاف العلماء، والراجح عند البخاري جوازها للمتمتع، فإنه ذكر في الباب حديثي عائشةؓ وابن عمرؓ في جواز ذلك ولم يورد غيره.

وقد روى ابن المنذر وغيره عن الزبير بن العوامؓ وأبي طلحةؓ من الصحابةؓ الجواز مطلقاً، وعن عليؓ وعبد الله بن عمرو بن العاصؓ المنع مطلقاً وهو المشهور عن الشافعي، وعن ابن عمرؓ وعائشةؓ وعبيد بن عميرؓ في آخرين منعه إلا للمتمتع الذي لا يجد الهدى وهو قول مالك والشافعي في القديم، وعن الأوزاعي وغيره يصومها أيضاً المحصر والقارن، اه.

وبالمنع مطلقاً قال أبو حنيفة ، وعن أحمد روايتان وأصحّهما المنع، كما قال النووي في شرح المهذب (ص ۶/۴۴۵)، قال الزركشي الحنبلي و إليه رجع أحمد، اه. وهو القول الجديد للشافعي والأصحّ عند أكثر أصحابه، ونقل العيني عن المزني أنه حكى أن الشافعي رجع إليه بعد قول الجواز، وهكذا حكى الرجوع الحافظ ابن حجر (ص ۳/۳۴۶)، ومن أصحاب الشافعي من اختار قول الجواز للمتمتع، منهم النووي في شرح المهذب (ص ۶/۴۴۵)، قال: والأرجح في الدليل صحّتها للمتمتع وجوازها له، اه.

جولوگ مطلقا اباحت کے قائل ہیں بظاہر انہوں نے برأت اصلیہ پر اعتماد کیا ہے اس لئے کہ اس باب میں کوئی ایسی روایت جو اباحت مطلقہ پر دلالت کرتی ہو موجود نہیں ہے، بلکہ روایات کثیرہ میں مطلقا ممانعت وارد ہے جیسا کہ آگے آرہا ہے، علامہ موفق کی رائے ہے کہ ان حضرات کو منع کی روایات نہیں پہنچیں، **قال (ص ۳/۹۷): والظاهر أن هولاء لم يبلغهم نهي رسول الله ﷺ عن صيامها ولو بلغهم لم يعدوه إلى غيره، اه.**

اور جو حضرات متمتع کے لئے جائز کہتے ہیں ان کا استدلال بخاری وغیرہ کی بعض روایات ہیں۔ **فقد أخرج عن عائشةؓ وابن عمرؓ قالا: لم يرخص في أيام التشريق أن يصمن إلا لمن لم يجد الهدى.**

اور جولوگ مطلقا منع کے قائل ہیں ان کا استدلال احادیثِ کثیرہ سے ہے جو بیس سے زائد ہیں بلکہ بعض اہل العلم کا بیان تو یہ ہے کہ وہ تیس تک پہونچ جاتی ہیں، جن میں ایام تشریق کے صیام کی مطلقا ممانعت وارد ہے۔

فقد أخرج مسلم (ص ۳۶۰)[۱] عن نبيشة قال: قال رسول الله ﷺ : أيام التشريق أيام أكل وشرب وزاد في طريق وذكر الله. وأخرجه أحمد (ص ۵/۷۵) من طرق بهذه الزيادة، ووهم

صاحب المغنی (ص۳/۹۷) فجعل هذا الحديث متفقاً عليه.

وأخرجه مسلم [۲]عن كعب بن مالكؓ أن رسول الله ﷺ بعثه وأوس بن الحدثان أيام التشريق فنادى أنه لا يدخل الجنة إلا مؤمن وأيام منىٰ أيام أكل وشرب.

وأخرج أبوداود (ص۱۶۸/۳/۲) والترمذى (ص۹۶) والطحاوى (ص۳۳۵/۱) وابن حبان والحاكم [۳] عن عقبة بن عامرؓ قال: قال رسول اللهﷺ :يوم عرفة ويوم النحر وأيام التشريق عيدنا أهل الإسلام وهى أيام أكل وشرب. قال الترمذى: حديث حسن صحيح.

وأخرج أبو داود عن أبى مرة مولى أم هانئؓ أنه دخل مع عبد الله بن عمروؓ على أبيه [۴]عمرو بن العاصؓ فقرّب إليهما طعاماً فقال: كل! قال: إنى صائم، فقا ل عمروؓ كُل! فهذه الأيام التى كان رسول الله ﷺ يأمرنا بإفطارها وينهىٰ عن صيامها. قا ل مالك: وهى أيام التشريق، والحديث أخرجه مالك فى المؤطا (ص۵۲۹/۳) والطحاوى (ص۴۲۸/۱) وابن المنذر وصحّحه ابن خزيمة والحاكم كما ذكره الحافظ (۴/۲۱۱).

وأخرج الطحاوى (ص۴۲۸) [۵] عن على بن أبى طالبؓ قال: خرج منادى رسول الله ﷺ فى أيام التشريق فقال: إن هذه الأيام أيام أكل وشرب.

وأخرج بنحوه من حديث [۶] عبد الله بن حذافةؓ و[۷] بشر بن سحيم الغفاريؓ و[۸] معمر بن عبد الله العدوىؓ و [۹] رجل من أصحاب النبىﷺ.

وأخرج [۱۰] عن أبى هريرةؓ و[۱۱] أم الفضلؓ و [۱۲] أم مسعود الزرقى بزيادة 'وذكر الله'.

وأخرج [۱۳] عن سعد بن أبى وقاصؓ و[۱۴] أم خلدة الأنصارية بزيادة 'وبعال' بدل 'وذكر الله'. وجاء ذكر بعال فى حديث [۱۵] ابن عباسؓ عندالطبرانى وأبى هريرةؓ عند الدارقطنى أيضاً و[۱۶] زيد بن خالد الجهنىؓ عند أبى يعلىٰ، وبهذا يردّ على المنذرى فى دعواه أنها لفظة غريبة ليس فى شئ من الطرق، وأخرج أحمد[۱۷] عن ابن عمرؓ أن رسول الله ﷺ قال: إنها أيام طعم وذكر. وإسناده حسن.

وأخرج البزار وعبد الله بن أحمد [۱۸] عن يونس بن شداد ان النبى ﷺ نهى صوم أيام التشريق. قال البزار: لايعلم يونس أسند إلا هذا الحديث، وفيه سعيد بن بشير وهو ثقة ولكنه اختلط كما فى

مجمع الزوائد (ص۳۰۳ ۳/۲).

وأخرج الإمام أحمد [۱۹] عن حبيبة بنت شريقؓ أنها كانت مع أبيها فإذا بديل بن الورقاءؓ على العضباء راحلة رسول الله ﷺ يرحلها فنادى أن رسول الله ﷺ قال: من كان صائماً فليفطر فإنها أيام أكل وشرب. وفي إسناده رجل لم يسمّ، وأخرجه الطبراني في الأوسط إلا أنه قال: إنها كانت مع أمّها العجماء.

وأخرج الطبراني في الكبير [۲۰] عن أم الحارث بنت عياشؓ قالت: رأيت بديل بن ورقاءؓ على جمل يتبع الناس فينادى أن رسول الله ﷺ يأمركم أن لا تصوموا هذه الأيام فانها أيام أكل وشرب. وفي إسناده ضرار بن صرد وهو ضعيف، وله طرق عند ابن أبي عاصم في الوحدان وأبي نعيم وابن مندة تدور على ابن جريج عن محمد بن يحيىٰ بن حبان عنها، كما في الإصابة.

روایاتِ نہی کی یہ کثرت امام طحاوی وعلامہ ابن تیمیہ وعلامہ سیوطی کی عادت کے موافق اسکے متواتر ہونے کا فیصلہ کرتی ہے، اس کے بعد دیکھا تو واقعی امام طحاوی نے اس کے تواتر کا حکم لگایا ہے۔

اور یہ احادیث اپنے اطلاق کی وجہ سے قارن ومتمتع سب ہی کو شامل ہیں۔

قال الطحاوی (ص۴۲۹): فلما ثبت بهذه الآثار عن رسول الله ﷺ النهي عن صيام أيام التشريق وكان نهيه عن ذالك بمنىٰ والحجاج مقيمون بها وفيهم المتمتّعون والقارنون ولم يستثن منهم متمتعاً ولا قارناً دخل المتمتّعون والقارنون في ذالك النهي، اھ۔

اور حضرت عائشہؓ وابن عمرؓ کے ارشاد لم يرخّص في أيام التشريق أن يصمن إلا لمن لم يجد الهدى کا جواب یہ ہوسکتا ہے کہ یہ انکی اپنی رائے ہے، کوئی حدیث مرفوع نہیں، لیکن اس میں اشکال یہ ہے کہ بعض طرق میں رفع کی تصریح وارد ہے۔

فقد أخرج الطحاوی (ص۴۲۷) والدارقطني من طريق يحيى بن سلام عن شعبة عن ابن أبي يعلى عن الزهري عن سالم عن أبيه أن رسول الله ﷺ قال في المتمتع إذا لم يجد الهدى ولم يصم في العشر : أنه يصوم أيام التشريق. ولفظ الدار قطني رخّص رسول الله ﷺ للمتمتّع إذالم يجد الهدى أن يصوم أيام التشريق. لیکن یحییٰ بن سلام راوی ضعیف ہے، قال الدار قطني: ليس بالقوى، وقال الطحاوی: هو حديث منكر لايثبته أهل العلم بالرواية لضعف يحىٰ بن سلاّم عندهم وابن أبي ليلىٰ

وفساد حفظهما. اس لئے اب رفع صریح کا ثبوت تو دشوار ہے اور صرف ابن عمرؓ و عائشہؓ کا اثر باقی رہ جاتا ہے۔

امام طحاوی کا رجحان یہ ہے کہ ان دونوں حضرات نے یہ آیۃ کریمہ **'فمن لم یجد فصیام ثلثة أیام فی الحجّ'** کے عموم سے اخذ کیا ہے، **ولفظه (ص ۴۳۰) قولهما یجوز أن یکونا عنیا بهذه الرخصة ماقال الله عزوجل فی کتابه فصیام ثلثة أیام فی الحجّ فعداهما أیام التشریق من أیام الحجّ فقالا: رخّص للحاجّ والمحصر فی صوم أیام التشریق لهذه الآیة، ولان هذه الأیام عندهما من أیام الحج وخفی علیهماماکان من توقیف رسول الله ﷺ الناس من بعد علی أن هذه الأیام لیست بداخلة فیما أباح الله عزوجل صومه من ذلک، انتهیٰ.**

(۶): اور اگر کسی نے ایام تشریق کے روزوں کی نذر مان لی تو حنفیہ اور حنابلہ کے نزدیک یہ نذر صحیح ہے، مگر اس دن روزہ رکھنا جائز نہیں ہے **للنهی الوارد فی ذلک** بلکہ تین دن قضا کرے اور کفارہ دے **کما فی الدر المختار (ص ۱۲۴/۲ شامی) ونیل المآرب (أوجز ص ۵۲/۳)**، اور اگر انھیں ایام منہیہ میں روزہ رکھ لیا تو حنفیہ کے یہاں درست ہے مگر ارتکاب منہی عنہ کی وجہ سے گنہگار ہوگا **کما تقدّم فی العید وهو روایة عن أحمد کما فی المغنی (ص ۳۵۹/۱۱).**

وأما مذهب المالکیة فهو ماذکره الباجی (ص ۳۰۷/۲) أما صیامها علی وجه النذر فإنه لاخلاف فی المذهب أنه لا یجوز صوم الیومین الأولین عن نذر معین ولا غیر معین، وأماالیوم الرابع فإنه یصوم عن نذره وذلک یقتضی تعیینه بالنذر، اه. وفی الأبّی (ص ۲۵۶/۳) وفی صوم أیام منیٰ لغیر المتمتع ثالثها یصوم الآخر وفی إجزائها لکفارة الیمین بالله تعالیٰ ثالثها یصوم الآخر، وفی المدونة لایقضی فیها رمضان ولا غیره ولا یبتدء فیها صوم ظهار ولاقتل نفس وشبهته إلا من ابتدأ ه قبلها فمرض فصحّ فیها فلا یصومها ویصوم الثالث ویصومه ناذرة. اه.

اور شافعیہ کے مذہب کی کوئی واضح تفصیل مہذب وشرحہ والوجیز وشرحہ میں نہیں ملی، **وقال فی شرح المهذب (ص ۴۴۳/۶) : هل یجوز لغیر المتمتع أن یصومها؟ فیه وجهان مشهوران، أصحهما عند جمیع الأصحاب لا یجوز وبه قطع المصنف وکثیرون أو الأکثرون لعموم الحدیث فی منع صومها وإنما رخّص للمتمتع. والثانی یجوز، والقائل بالجواز أبو إسحاق المروزی، قال أصحابنا الذین حکوا هذا الوجه : إنما یجوز فی هذه الأیام صوم له سبب من قضاء أو نذر أو کفارة أو تطوّع له**

سبب، فأما تطوع لا سبب له فلا يجوز. اه.

(۷): حاجی اگر متمتع یا قارن ہوتو اس پر دم واجب ہے **بالاتفاق بين الأئمةالأربعة** ، البتہ اس میں اختلاف ہے کہ یہ دم شکر ہے جیسا کہ حنفیہ وحنابلہ کہتے ہیں یا دم جبرانِ نقصان ہے جیسا کہ مالکیہ وشافعیہ کہتے ہیں۔

(دم جبران پر شیخ الاسلام ابن تیمیہ اپنے فتاویٰ (ص۲۶/۹۳) میں فرماتے ہیں: **ظنّ بعض الفقهاء أن هدى المتمتع هدى جبران ومنعوه من الأكل منه فقال لهم الآخرون دم الجبران لا يجوز للرجل أن يفعل سببه بغير عذر وهٰهنا يجوز التمتع من غير حاجة فامتنع أن يكون هذا دم جبران، اه)**

لیکن اگر کوئی قارن یا متمتع دم ادا کرنے پر قادر نہ ہوتو اس کے ذمہ دس روزہ بنص القرآن واجب ہیں، **قال تعالىٰ فمن لم يجد فصيام ثلثة أيام فى الحجّ وسبعة إذا رجعتم تلك عشرة كاملة.**

قال الموفق (ص۳/۵۰۵) : لانعلم بين أهل العلم خلافاً فى ذالك.اه.

پھر تین دن کے روزوں کا ایک وقتِ مستحب ہے اور ایک وقتِ جواز، **فأما الوقت المستحب فقال أحمد: الاختيار أن يصومها مابين إحرامه بالحجّ ويوم عرفة ويكون آخر الثلاثة يوم عرفة، (مغنى ص۳/۵۰۵). وقال أبوحنيفة : الأفضل أن يصوم السابع والثامن والتاسع. وقال الشافعى وأصحابه: المستحب أن يفرغ منه قبل يوم عرفة فإنه يكره للحاجّ صوم يوم عرفة، كذا فى المهذب. وقال النووى فى شرح المهذب (ص۷/۱۸۷):ويستحب صوم جميع الثلاثة قبل يوم عرفة لأنه يستحبّ للحاجّ فطر يوم عرفة، وأما قول المصنف يعنى أبا إسحاق الشيرازى صاحب المهذب فخلاف عبارة الجمهور. اه.**

وأما مذهب المالكية فقال الدردير المالكى: أول وقته من حين إحرامه بالحجّ إلى يوم النحر وهو معنىٰ قوله تعالىٰ فى الحجّ، وقال الدسوقى: يندب فيها التتابع كما يندب فى السبعة الآتية أيضاً.

اور وقت جواز کی ابتداء میں تین قول ہیں۔

حنفیہ واحمد فرماتے ہیں کہ احرام عمرہ باندھنے کے بعد جائز ہے، اور امام احمد فی روایۃ فرماتے ہیں کہ جب عمرہ سے فارغ ہوجائے تب وقتِ جواز شروع ہوتا ہے، اور امام مالک اور امام شافعی کے نزدیک جب حج کا احرام باندھ لے اس وقت سے شروع ہوتا ہے اس لئے کہ صیام ہدی کا بدل ہے اور ہدی کا وجوب احرام حج سے پہلے نہیں ہوتا ہے، اور حنابلہ وحنفیہ کہتے

ہیں کہ احرام عمرہ تمتع کا احدالاحرامین ہے لہذا سبب کا وجود ہو گیا اور وجودِ سبب کے بعد اداء صیام میں کوئی اشکال نہیں ہے۔

آخری وقتِ جواز کیا ہے؟

اس میں بھی اختلاف ہے، دوقول ہیں، ایک تو یہ کہ آخری وقت یوم عرفہ ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ آخری وقت آخر ایام تشریق ہے، قول اول حنفیہ کا مذہب ہے اور احد القولین فی مذہب الشافعیہ ہے، بلکہ قاضی ابو الولید الباجی نے تو (ص ۳/۸۳) میں مطلقاً اصحاب الشافعی سے یہ نقل کر دیا ہے کہ صیامِ ایامِ منیٰ قضا ہے، **ولفظه: وقد قال أصحاب الشافعي: إن صيام منىٰ إنماهو على وجه القضاء.** اھ۔ لیکن درست یہی ہے کہ شافعیہ کے اس مسئلہ میں دوقول ہیں، ایک قول تو وہی جو باجی نے نقل کیا ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ ایامِ منیٰ ایامِ اداء ہیں اور اس کے بعد قضا ہوگی۔

قال النووی فی شرح المهذب (ص ۱۸۶/۷): ولا يجوز تاخير الثلاثة ولا شئ منها عن يوم عرفة نصّ عليه الشافعي في المختصر وتابعه عليه الأصحاب، و إذا فات صوم الثلاثة في الحج لزمه قضائها ولا دم عليه ويحصل فواتها بفوات يوم عرفة إن قلنا: لا يجوز صوم أيام التشريق، و إن جوّزناه حصل الفوات بخروج أيام التشريق، ولا خلاف أنها تفوت بخروج أيام التشريق، قال أصحابنا: إن قلنا أيام التشريق يجوز له صومها فصامها كان صومها أداءً، انتهىٰ مختصراً.

مالکیہ کا بھی مذہب یہی ہے کہ صیامِ ایامِ تشریق اداء ہیں، **قال القاضي الباجي** (ص ۳/۸۳) : **والأظهر من المذهب أنه على وجه الأداء وإن كان الصوم قبلها أفضل.** اھ.

حنابلہ کے مسلک کی تفصیل بندہ کے پاس موجودہ کتبِ حنابلہ مغنی اور اسکے متن مختصرِ خرقی اور شافی اور اسکے متن مقنع میں نہیں ملی، لیکن موفق صاحب المغنی (ص ۵۰۷) اور شمس الدین ابن ابی عمر المقدسی صاحب الشافی (ص ۳/۳۳۵) کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ صیامِ ایامِ منیٰ اداء ہیں۔ **قالا: إنه يصوم أيام منىٰ لأن الله تعالىٰ أمر بصيام الثلاثة في الحجّ ولم يبق من أيام الحجّ إلا هذه الأيام فيتعيّن الصوم فيها، فإذا صام هذه الأيام فحكمه ما حكم من صام قبل يوم النحر،** اھ۔ اور قول ثانی **احد القولين في مذهب الشافعيه** ہے **وهو مذهب مالک والحنابلة كما تقدم تقريره. والله أعلم.**

(۸) : ماقبل کی تفصیل سے معلوم ہو چکا کہ تین دن کے روزے یوم النحر سے پہلے پہلے اداء کرنے چاہئیں، لیکن اگر کوئی شخص یوم النحر سے قبل نہیں رکھ سکا تو آیا ایام تشریق میں روزہ رکھے گا یا نہیں؟ **فيه قولان للشافعي وروايتان عن أحمد واختلف أصحابهما في الترجيح، فرجّح جمهور الشافعية عدم الجواز وهو الجديد عن**

الشافعی ومال إلیه بعض الحنابلة، ورجّح النووی الجواز وهو المرجّح عند جمهور الحنابلة وهو مذهب مالک، و قال أبوحنیفة: فات الصیام بفوات یوم عرفة وتقرّر فی ذمته الهدی کما هو مصرّح فی کتب أصحابنا من الهدایة وغیرها وصرّج به القاضی الباجی من المالکیة (ص۳۰۷/۲) فقال: قال أبوحنیفة: إذا لم یصم الثلاثة الأیام قبل یوم النحر فقد ترتّب علیه الهدی ولا یجزئه الصوم وهو أحد قولی الشافعی، اھ۔

قلت: فما نقله صاحب المغنی (ص۵۰۷/۳) وتبعه صاحب الشافی (ص۳۳۵/۳)عن أصحاب الرأی أنه یصومها بعد ذالک، لا یصحّ، وقال مالک: إنه یصوم بعدذالک سواء مرّت أیام التشریق أو لا، وبه قال الشافعی وأحمدعلی کلا القولین أی جواز الصوم فی أیام التشریق وعدم الجوازفیها.

فائدہ: ۔ قارن متمتع کے حکم میں ہے۔ کما صرّح به الحنابلة کصاحب نیل المآرب والزوض المربّع (أوجز ص۵۲۷/۳) والمالکیة کما صرّج به الدردیر (أوجز ص۵۴/۳) والشافعیة کما ذکر فی الأوجز (ص۵۲۷/۳).

خلاصہ: ان ساری تفصیلات سے معلوم ہوگیا ہوگا کہ حنفیہ کے نزدیک عرفہ کا روزہ غیر حاج کے لئے مطلقاً مستحب ہے، اوراس حاج کے لئے جو متمتع وقارن ہواور غیر واجد الہدی ہواور مفرد کے لئے اس وقت مستحب ہے جب کہ ضعف کا باعث نہ ہو،اورعیدین وایام تشریق کا روزہ مطلقاً ناجائز ہے إلا لمن نذرها فیلزمه قضاء هذه الأیام والکفارة، ولو صامها صحّ وعصیٰ لارتکاب النهی.

اورشافعیہ کے نزدیک عرفہ کا روزہ غیر حاج کے لئے مستحب اور حاج کیلئے خلاف افضل ہے حتیٰ للمتمتع الذی لم یجد الهدی، اورعیدین کا روزہ مطلقاً ناجائز ہے حتیٰ لمن نذره ولا ینعقد نذره، اورایام تشریق کا روزہ متمتع غیر واجدالهدی کے لئے جائز ہے علیٰ أحد القولین ولایجوز علی القول الآخر وهو المشهور عندهم.

اورحنابلہ کے نزدیک عرفہ کا روزہ غیر حاج کے لئے مستحب اور حاج کے لئے غیر مستحب إلا المتمتع والقارن الذین لم یجدا الهدی فیستحبّ لهما، اورعیدین کا مطلقاً ناجائز ہے، اورایام تشریق کا روزہ ناجائز ہے إلا لمن نذر صیام العیدین وأیام التشریق فیلزمه القضاء والکفارة، اورایام تشریق میں متمتع وقارن غیر واجد الہدی کے لئے روزہ رکھنے میں دوروایتیں ہیں والأرجح عندهم الجواز کما جزم به فی الروض المربّع ونیل المآرب.

اور مالکیہ کے نزدیک عرفہ کا روزہ غیر حاج کے لئے مستحب اور حاج کے لئے مکروہ ہے والمتمتع الذی لم یجد

الهدی فیستحبّ له، اورعیدین کا روزہ مطلقاً ناجائز ہے،اورایام تشریق کا روزہ متمتع غیرواجدالہدی کے لئے جائز ہے اور بقیہ کے لئے ناجائز، اوراگرنذر کا روزہ ہوتو پہلے دودن مطلقاً ناجائز ہےاوراخیر کے دن جائز ہے۔ والسلام۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

شب ۱۸ شعبان المعظم ۱۳۹۲ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

آدمی ساٹھ برس تک نماز پڑھتا ہے الخ اس حدیث کی تحقیق

سوال:

فضائل نماز عکسی (ص۲۷) پرایک حدیث منقول ہے اس کے متعلق تحقیق مطلوب ہے۔

فضائل کے الفاظ یہ ہیں:

اورایک حدیث میں ارشادنبوی ﷺ ہے کہ آدمی ساٹھ برس تک نماز پڑھتا ہے مگرایک نماز بھی قبول نہیں ہوتی کہ کبھی رکوع اچھی طرح کرتا ہے تو سجدہ پورانہیں کرتا،سجدہ کرتا ہے تو رکوع پورانہیں کرتا۔

سوال یہ ہے کہ صحاح ستہ میں سے کس کتاب میں یہ حدیث ہے؟ حدیث کی کون سی قسم ہے؟اس کے روات کون کون صحابی ہیں؟

جواب:

حدیث مذکور ترغیب وترہیب تصنیف للامام المنذری (ص۹۲/۱) میں ہے۔

ولفظه: عن أبی هريرةؓ عن النبی ﷺ قال: إن الرجل ليصلّی ستّين سنةً وما تقبل له صلاة لعلّه يتمّ الركوع ولا يتمّ السجود ويتمّ السجود ولا يتمّ الركوع. رواه أبو القاسم الأصبهانی وينظر سنده .اه.

ترغیب مطبوعہ مصر ۱۳۲۴ھ، یہ حدیث صحاح ستہ اور مسانید مشہورہ میں نہیں ہے اور ساری احادیث کچھ صحاح ستہ میں منحصر نہیں ہیں، نیز یہ حدیث فضائل کے متعلق ہے اور فضائل میں علماء حدیث احمد بن حنبل وغیرہ نے تساہل روا رکھا ہے، امام منذری جوفن حدیث کے امام ہیں انھوں نے اس حدیث کو اپنی کتاب میں نقل فرمایا ہے۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ بحکم حضرت شیخ مدظلہ

۲۳ شعبان ۱۳۹۲ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

پیر دابنے اور پنکھا جھلنے کی تحقیق

لا تتمارضوا فتمرضوا الخ کہاں ہے؟

سوال: حضرت مخدوم ومطاع السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

(۱): میں نے حضرت والا کی آپ بیتی کے حصۂ چہارم میں حضرت مدنی کے سلسلے میں یہ پڑھا کہ حضرت بلالؓ نے جماعت کو پنکھا جھلا اور پیر دابنے کے سلسلے میں بھی ایک کا آپ ذکر فرمارہے ہیں، مجھے ان کے حوالوں کی ضرورت ہے۔

حضرت نے کلکتہ میں ایک موقع پر جب میں پیر دابنے لگا تو مسکرا کر فرمایا کہ قبلہ حکیم صاحب! پہلے یہ بتایئے کہ رسول اللہ ﷺ نے بدن دبوایا ہے؟ میں نے شوخی کی اور عرض کیا کہ یہ معالجہ ہے جس کی تلقین حضرت رسول اللہ ﷺ سے ثابت ہے، حضرت ہنس کر چپ ہوگئے اور میں پیر دابنے لگا، آج آپ بیتی (ص۹۹/۴) پر حدیث کا ذکر پڑھ کر وہ واقعہ تازہ ہوگیا، ازراہِ ذرّہ نوازی حدیث کا حوالہ لکھوا کر روانہ فرمائیں؟

(۲): اور آپ بیتی نمبر۵ (ص۴۵) پر حدیث **'لا تتمارضوا فتمرضوا'** منقول ہے یہ حدیث کی کس کتاب میں ہے؟

محمد زمان الحسینی از کلکتہ

۲۲ شعبان ۱۳۹۲ھ

مولوی یونس صاحب! ان دونوں حدیثوں کے متعلق کوئی چیز آپ کے علم میں ہو تو لکھ دیں، تیسری حدیث تو مشہور ہے، غالباً مقاصد حسنہ میں ہے۔ حضرت شیخ مدظلہ

جواب: المخدوم المکرّم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

(۱): پیر دبوانے کی کوئی مرفوع روایت تو یاد نہیں ہے، ایک موقوف روایت منقول ہے: **روی السلفی عن ابن عباسؓ اعتلّ أبی فعاده علیؓ فوجدنی أضبط رجلیه فأخذهما من یدی وجلس موضعی وقال: أنا أحقّ بعمّی منک، إن کان الله عزّوجلّ قد توفّیٰ رسوله ﷺ وعمّی حمزةؓ فقدأبقیٰ لی العبّاسؓ وعمّ الرجل صنو أبیه وبرّه به برّه بأبیه، أللهم هب لعمّی عافیتک وارفع له درجتک واجعله عندک فی علّیّین. کذا فی الزرقانی شرح المواهب (ص۳/۲۸۳).**

البتہ ایک روایت میں پشت کا دبوانا منقول ہے اس سے پیر کا دبوانا بھی قیاساً ثابت ہوجائیگا۔

قال الطبرانی فی المعجم الصغیر (ص۴۵):حدثنا إبراهیم بن یوسف البزّاز البغدادی ثنا عبد الرحمان بن یونس الرقی ثنا أبوالقاسم بن أبی الزنادعن هشام بن سعد عن زید بن أسلم عن أبیه عن عمرؓ قال: دخلت علی النبی ﷺ وغلام له حبشی یغمز ظهره، فقلت ما شأنک؟ یا رسول الله ! فقال: إن الناقة اقتحمت بی. قال الطبرانی: لم یروه عن زیدبن أسلم إلا هشام بن سعد ولا عن هشام بن سعد إلا أبوالقاسم بن أبی الزناد وتفرّد به عبد الرحمٰن بن یونس. انتهیٰ.

قلت: عبد الرحمٰن بن یونس الرقی هو عبدالرحمٰن بن یونس بن محمد أبو محمد الرقی ذکره الخطیب فی تاریخه (ص۲۶۹/۱۰) ونقل عن الدار قطنی أنه قال: لا بأس به وقال الذهبی فی المیزان: صدوق، والحدیث عزاه الهیثمی فی مجمع الزوائد (ص۹۶/۵) إلی الطبرانی فی الأوسط والبزار قال: ورجاله رجال الصحیح خلا عبد الله بن زید بن أسلم، وقد وثّقه أبو حاتم وغیره وضعّفه ابن معین وغیره. اه.

(**فائدہ**) قال البخاری فی التاریخ الکبیر (ص۱۶۵/۱): قال إبراهیم بن طهمان عن عباد بن إسحاق عن أبیه عن ثابت بن عبد الله بن الزبیر عن سعد بن أبی وقاصؓ : رأیتنی مع النبی ﷺ فی ماء من السماء وإنی لأدلک ظهره وأغسله. اه.

(۲): حضرت بلالؓ کا صبح کی نماز میں صحابہ کو پنکھا کرنا تو بندہ کو نہیں ملا، البتہ صحابہؓ کا مسجد میں خود پنکھا کرنا ایک روایت میں منقول ہے، اور چونکہ حضرات صحابہؓ میں غایت درجہ ایثار تھا اس لئے اگر خود کرتے ہونگے تو اپنے دوسرے ساتھیوں کو تو ضرور کرتے ہونگے۔

قال ابن عدی فی الکامل: حدثنا علی بن محمد بن سلیمان الحلبی ثنا محمد بن یزید المستملی ثنا شبابة عن أیوب بن سیار عن ابن المنکدر عن جابر عن أبی بکر عن بلال رضی الله عنهم قال : أذّنت فی غدلة باردة فخرج النبی ﷺ فلم یر أحداً فی المسجد، فقال: أین الناس؟ قلت منعهم البرد، قال: أللهم اذهب عنهم البرد، فرأیتهم یتروّحون. وأخرجه الطبرانی من طریق أیوب بن سیار وقال الهیثمی (ص۲۴۱/۲): أیوب متروک، قلت: أیوب بن سیار ضعیف واهٍ، قال ابن معین لیس بشیئ، وسئل عنه ابن المدینی فقال: ذاک عندنا غیر ثقة لا یکتب حدیثه، وقال السعدی: غیر ثقة، وقال النسائی: متروک، وقال عمرو بن علی: أحادیثه منکرة، منکر الحدیث جداً، وقال النسائی:

ليس بثقة ولا يكتب حديثه وكا ن من الكذّابين، وقال ابن عدى: ليست أحاديثه بالمنكرة جداً إلا أن الضعف بيّن علٰى رواياته، وقال أبو حاتم: ضعيف الحديث، وقال ابن حبان: كان يقلب الأسانيد ويرفع المراسيل، وقال الذهبى فى الميزان (ص ۳۴/۱): فيه المستملى وليس بثقة، اه.

قلت: لم ينفرد به المستملى فقد تابعه عبد الله بن محمد بن زكريا عن سعيد بن يحيى عن أيوب بن سيار عند أبى نعيم فى دلا ئل النبوة (ص ۱۶۶)، قال: حدثنا عبد الله بن محمد بن جعفر قال: ثنا عبد الله بن محمد بن زكريا قال: ثنا سعيد بن يحيى قال: ثنا أيوب بن سيار عن محمد بن المنكدر عن جابرؓ عن بلالؓ قال : أذّنت الصبح فى ليلة باردة فلم يأت أحد ثم أذّنت فلم يأت أحد، فقال النبى ﷺ ما شأنهم ؟ يا بلال ! قال: قلت : كبد هم البرد بأبى أنت وأمى، فقال: أللهم اكسر عنهم البرد، قال بلال: فلقد رأيتهم يتروّحون فى السبحة أو الصبح يعنى با لسبحة صلوة الضحى، وهكذا فى النسخة المطبوعة من الدّلائل ليس فيه ذكر أبى بكرؓ بين جابرؓ وبلالؓ، لكن نقله السيوطى فى الخصائص الكبرٰى(ص ۷۳/۲) بذكر أبى بكرؓ وعزاه إلى ابن عدى وأبى نعيم والبيهقى، وقال الحافظ فى اللسان بعد نقل قول الذهبى المتقدم: ولم ينفرد به المستملى فقد تابعه داود بن مهران عن أيوب وعنه العقيلى إلا أنه لم يذكر أبا بكرؓ فى الإسناد، كذا فى نسخة، ثم رأيته فى نسخة معتمدة مذكور فيه ثم قال العقيلى: ليس لهذا الحديث أصل ولا يتابع عليه وليس بمحفوظ لا سنده ولامتنه، انتهى.

(۳): حديث لا تتمارضوا فتمرضوا ولا تحفِروا قبوركم فتموتوا، ذكره ابن أبى حاتم فى العلل عن ابن عباسؓ وقال عن أبيه: إ نه منكر، وأسنده الديلمى من جهة أبى حاتم الرازى حدثنا عاصم بن إبراهيم عن المنذر بن النعمان عن وهب بن قيس به، وعلى كل حال فلا يصحّ، كذا فى المقاصد الحسنة (ص ۴۵۹).

بندہ محمد یونس عفی عنہ

۲۸ رشعبان المعظم ۱۳۹۲ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

بئر اریس میں انگوٹھی کا گرنا

حضرات صحابہؓ کی تعداد کتنی تھی؟

محترم المقام حضرت الاستاذ **أطال الله ظلّكم ونفعنا بعلومكم**

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سوال (۱):

شمائل ترمذی میں لکھا ہے کہ حضور ﷺ کی انگوٹھی بئر اریس میں حضرت معیقیبؓ کے ہاتھ سے گری ہے لیکن مشہور یہ ہے کہ حضرت عثمان غنیؓ سے گری ہے، اس میں صحیح ومحقق کیا ہے؟ اور دفع تعارض کی کیا صورت ہے؟

سوال (۲):

حضرات صحابہؓ کی تعداد کتنی تھی؟ مجھے یہ معلوم تھا کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار تھی لیکن ایک صاحب کہتے ہیں کہ چار لاکھ تھی۔

سید محمد غیاث الدین الہ آبادی ۸ رمضان ۱۳۹۲ھ

جواب: عزیزم سلمہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

(۱): انگوٹھی مبارک علی القول المشہور حضرت عثمانؓ کے ہاتھ سے گری ہے **وقد وقع ذالک فی صحیح البخاری (ص ۸۷۲) عن ابن عمرؓ قال: لبس الخاتم بعد النبی ﷺ أبوبكرؓ ثم عمرؓ ثم عثمانؓ حتى وقع من عثمانؓ فی بئر أريس.** اور صحیح مسلم وشمائل ترمذی وغیرہما میں حضرت معیقیبؓ کے ہاتھ سے گرنا مذکور ہے، حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ **وهذا يدلّ على أن نسبته إلى عثمانؓ مجازيةٌ أو بالعكس، كذا فی حاشية البخاری عن الفتح۔**

(۲): صحابہؓ کی تعداد میں ایک قول تو وہی ہے جو تم نے لکھا ہے، اور دوسرا قول ایک لاکھ چودہ ہزار کا ہے۔ **قال أبو زرعة الرازی: قبض النبی ﷺ عن مأة ألف وأربعة عشر ألفاً من الصحابةؓ. كذا فی الباعث الحثيث (ص ۱۰۱)** اور بعض نے محض حجۃ الوداع میں ایک لاکھ تیس ہزار تعداد بتائی ہے۔

چار لاکھ کا کوئی قول بندہ کے علم میں نہیں ہے، واللہ اعلم۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ ۱۱ رمضان ۱۳۹۲ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

دوصحابی کا گریبان بند نہ کرنا

مخدومی ومکرمی زیدت معالیکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سوال:

بندہ نے کہیں دیکھا ہے یا سنا ہے کہ دوصحابی آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور وہ دونوں باپ بیٹے تھے، دونوں نے آنحضرت ﷺ کو اس حال میں دیکھا کہ آنحضرت ﷺ کا گریبان کھلا ہوا تھا، اس کے بعد ان دونوں صحابیوں نے پوری زندگی گرمی وسردی میں اپنا گریبان بند نہیں کیا، اس روایت کا متن مع حوالہ تحریر فرمائیں۔

محمد عتیق ۱۸ شوال ۱۳۹۲ھ

جواب:

عزیزم سلّمہٗ بعد سلام مسنون

حدیث مذکور ابوداؤد میں ہے۔ (ص۵/۵۲) **حدثنا النفيلي وأحمد بن يونس قالا: نا زهير نا عروة بن عبد الله قال ابن نفيل ابن قشير أبو مهل الجعفي نا معاوية بن قرّة نا أبي قال: أتيت رسول الله ﷺ في رهط من مزينة فبايعناه وإن قميصه لمطلق الأزرار، قال: فبايعناه ثم أدخلت يدي في جيب قميصه فمسست الخاتم. قال عروة فما رأيت معاوية ولا ابنه قط إلا مطلقي أزرارهما في شتاء ولا حرّ ولا يزرّان أزرارهما أبداً. وأخرجه أحمد في مسنده (ص۳/۴۳۴)عن حسن الأشيب وأبي النضر قال: نا زهير بإسناده.**

محمد يونس عفي عنه

۲۰ شوال ۱۳۹۲ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

سبق المهاجرون الناس بأربعين خريفاً الخ کی تحقیق

سوال:

جمع الفوائد میں (ص۲/۲۳۶) ایک حدیث ہے **مسلمة بن مخلد سبق المهاجرون الناس بأربعين خريفاً يتنعمون فيها والناس محبوسون للحساب ثم تكون المأة الثانية مأة خريف للكبير. فيه عبد الرحمٰن بن مالك السناني، اه، ثم تكون المأة الثانية الخ** کا کیا مطلب ہے؟

جواب:

بندہ کے خیال میں یہ لفظ محرّف ہے جو دوسری کتب کی مراجعت سے معلوم ہوسکتا ہے۔

چنانچہ اس کے بعد **مجمع الزوائد للحافظ الهيثمي** کی طرف مراجعت کی تو یہی ثابت ہوا، **ولفظه** (ص۱۰/۱۵) **عن مسلمة بن مخلدؓ أن رسول الله ﷺ قال: سبق المهاجرون الناس بسبعين خريفاً يتنعّمون فيها والناس محبوسون للحساب ثم تكون الزمرة الثانية مأة خريف. رواه الطبراني وفيه عبدالرحمٰن بن مالك السبائي ولم أعرفه، هكذا وقع في مجمع الزوائد بسبعين خريفاً خلاف ما في جمع الفوائد بلفظ بأربعين خريفاً.**

وما في جمع الفوائد هو الصواب، فقد وقع كذالك في الجامع الصغير للسيوطي، والظاهر أن ما في نسخ مجمع الزوائد من سهو الكاتب فإن جمع الفوائد مأخوذ من مجمع الزوائد وغيره من الصحاح الستّة كما صرح به مؤلّفه، وكذا نقل المناوي في فيض القدير (ص۴/۹۳) **كلام الهيثمي في عبدالرحمٰن بن مالك السبائي ولم يذكر الاختلاف في لفظ الأربعين والسبعين وكذا لم يذكر العزيزي في السراج المنير وكذا في الجامع الصغير بلفظ ثم تكون الزمرة الثانية مأة خريف.**

قال المناوي في فيض القدير: أالله أعلم بمراد رسول الله ﷺ في ذالك، اه، أي في معنىٰ تلك الجملة، وقال الحفني في حاشية السراج المنير (ص۲/۳۱۰) **: هذه الجملة لم يطلع المحدثون على معناها، فالله أعلم بمراد رسوله بذالك. اه.**

بندہ کے ناقص خیال میں حدیث پاک کا مطلب یہ ہے کہ حضرات مہاجرین تو عام لوگوں سے چالیس سال قبل جنت میں فروکش ہو چکے ہوں گے اور لوگ حساب وکتاب میں مشغول ہوں گے، اب مہاجرین کے بعد دوسری جماعت کا حساب وکتاب سو سال کی مدت میں پورا ہوگا۔ **والله أعلم بمراد حبيبه صلى الله عليه وسلم.**

بندہ محمد یونس عفی عنہ

۲۱ شوال ۱۳۹۲ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

وبالأسماء الثمانية المكتوبة الخ کہاں ہے اور کیا مراد ہے؟

مرشدی ومولائی حضرۃ المحترم دامت برکاتکم وفیوضکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سوال:

حضرت حکیم الامت مجدد الملت مولانا اشرف علی تھانوی نے مناجات مقبول میں دعاؤں کے سلسلے میں ایک دعاء **وبالأسماء الثمانية المكتوبة على قرن الشمس** شامل کی ہے مگر ان آٹھ ناموں کا کہیں ذکر نہیں فرمایا کہ یہ کون کون نام ہیں، بظاہر جو اللہ تعالیٰ کے ۹۹ اسماء حسنیٰ ہیں ان ہی میں سے یہ نام ہونگے، اگر جناب والا کو اس بارے میں تحقیق ہو تو مطلع فرمائیں کہ یہ آٹھ نام کون کون سے ہیں؟ یا ان مقطعات میں سے ہیں جن کا علم پوشیدہ رکھا گیا ہے اور سوائے اللہ کے کسی کو معلوم نہیں؟

خادم حسام الدین غفرلہ دہلی درخط حضرت شیخ مدظلہ

جواب:

المخدوم المکرم زادت مکارمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جملہ مذکورہ اسی طرح ملا علی قاری نے الحزب الاعظم حزب سادس کے اوائل میں بھی ذکر فرمایا، مگر کسی مترجم وغیرہ نے بندہ کے علم میں اسکی نشاندہی نہیں کی ہے۔

البتہ مناجات مقبول مطبوعہ اسرار کریمی پریس الہ آباد (ص۲۷) کے حاشیہ پر مولانا سراج الحق مچھلی شہری ثم الہ آبادی نے لکھا ہے۔ **وهى كما أظنّ المتكلّم الحيّ العليم القدير المريد الخالق السميع البصير.**

والله أعلم.اه. بندہ محمد یونس عفی عنہ

۲۵ شوال ۱۳۹۲ھ

************OOO************

دردِ سر کے موقع پر حضرت اسماءؓ کا عمل مبارک

سوال: عزیزم مولوی یونس سلمہ

ایک حدیث میں یہ ہے کہ حضرت اسماءؓ کے سر میں اگر درد ہوتا تو سر پر ہاتھ رکھ کر فرماتی تھیں کہ: یا اللہ! مجھ سے کیا گناہ ہوا، یہ میرے کسی رسالہ میں ہے مگر اس وقت مل نہیں رہا ہے، اسکا حوالہ لکھیں۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ

جواب: مخدومنا المحترم دامت برکاتکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

وہ حدیث درمنثور میں علامہ سیوطی نے لکھی ہے۔

فرماتے ہیں (ص۱۰/۶): **وأخرج ابن سعد عن ابن أبي مليكة أن أسماء بنت أبي بكر الصديقؓ كانت تصدع فتضع يدها على رأسها وتقول بذنبي، وما يغفره الله أكثر.** بندہ محمد یونس عفی عنہ

۱۷ ذی الحجہ ۱۳۹۲ھ

◇◇◇◇◇◇◇◇◇◇◇○○○◇◇◇◇◇◇◇◇◇◇◇

علامہ قسطلانی کی تاریخ پیدائش

سوال:

علامہ قسطلانی کی پیدائش مقدمۂ لامع (ص۱۳۰) میں ۲۲ ذی قعدہ ۸۵۱ھ لکھا ہے، اسی صفحہ پر شاہ عبدالعزیز کی بستان المحدثین سے ۲۱ ذی قعدہ لکھا ہے، دونوں میں کونسا صحیح ہے؟

جواب:

صحیح وہی ہے جو شاہ عبدالعزیز کے حوالہ سے لکھا گیا ہے، **قال الشوكاني في البدر الطالع (ص۱۰۲/۱): أحمد بن محمد القسطلاني ولد في ثاني عشر ذي القعدة سنة إحدىٰ وخمسين وثمان ماة، وهكذا نقله الزرقاني في شرح المواهب (ص۳/۱) عن الضوء اللامع للسخاوي شيخ القسطلاني،** اورظاہر ہے کہ قسطلانی کے استاد کو قسطلانی کا حال زیادہ معلوم ہوگا۔ محمد یونس عفی عنہ

یکم محرم ۱۳۹۳ھ

◇◇◇◇◇◇◇◇◇◇◇○○○◇◇◇◇◇◇◇◇◇◇◇

پیارے حبیب ﷺ کے وسیلہ سے حضرت آدمؑ کا دعا کرنا

سوال:

ایک مسئلہ دریافت ہے کہ میں نے ایک جید عالم سے سنا کہ حضرت آدمؑ نے جب یہ دعا کی کہ اے اللہ تو میری خطا کو اپنے حبیب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے وسیلہ سے بخش دے، دعا قبول ہوگئی، اللہ جل جلالہ نے فرمایا تم ان کا نام کیسے جانتے ہو؟ حضرت آدمؑ نے عرض کیا کہ جب میرے اندر روح پھونکی گئی تو لوح محفوظ میں **لا إله إلا الله محمّد رسول الله**

لکھا ہوا دیکھا۔

میں نے تقریر میں اسے بیان کیا تو ایک اہل حدیث نے انکار کیا کہ یہ حدیث نہیں ہے، اس کا حوالہ کہاں ہے؟

احقر محمد عبدالقیوم مظاہری

آمدہ خط بر حضرت شیخ مدظلہ

بندہ تو مراجعتِ کتب سے معذور ہے، آپ کا خط اپنے مدرسہ کے موجودہ شیخ الحدیث مولانا محمد یونس صاحب کی خدمت میں بھیج رہا ہوں، وہ جواب لکھ کر روانہ کرینگے۔

حضرت شیخ (محمد زکریا) مدظلہ

جواب:

حدیث مذکور علامہ سیوطی نے **کفایۃ اللبیب** (ص۶/۱) میں لکھی ہے، فرماتے ہیں: **أخرج الحاکم (ص۲/۶۱۵) والبیهقی والطبرانی فی الصغیر (ص۲/۸۳) وأبو نعیم وابن عساکر عن عمر بن الخطابؓ قال: قال رسول الله ﷺ: لما اقترف آدم الخطیئة قال: یا رب! بحقّ محمّد لما غفرت لی، قال: وکیف عرفت محمداً؟ قال: لأنک لما خلقتنی بیدک ونفخت فیّ من روحک رفعت رأسی فرأیت علی قوائم العرش مکتوباً لاإله إلا الله محمّد رسول الله، فعلمت أنک لم تضف إلی اسمک إلا أحبّ الخلق إلیک، قال: صدقت یا آدم! لولا محمد ما خلقتک.اه.**

اس کے بعد یہ حدیث معجم صغیر للطبرانی میں مع السند والمتن ملی، **ولفظه (ص۲۰۶ و ۲/۸۲) حدثنا محمد بن داود بن أسلم الصدفی المصری ثنا أحمد بن سعید المدنی الفهری ثنا عبد الله بن إسماعیل المدنی عن عبد الرحمٰن بن زید بن أسلم عن أبیه عن جدّه عن عمر بن الخطابؓ قال: قال رسول الله ﷺ: لما أذنب آدم الذنب الذی أذنبه رفع رأسه إلی العرش فقال: أسئلک بحقّ محمد ألا غفرت لی، فأوحی الله إلیه: ما محمد؟ ومن محمد؟ فقال: تبارک اسمک لما خلقتنی رفعت رأسی إلی عرشک فإذا فیه مکتوب 'لا إله إلا الله محمد رسول الله' فعلمت أنه لیس أحد أعظم عندک قدراً ممّن جعلت اسمه مع اسمک، فأوحی الله عز وجل إلیه: یا آدم! إنه آخر النبیین من ذریتک و إنّ أمته آخر الأمم من ذریتک ولولاه یا آدم ما خلقتک.**

قال الطبرانی: لا یروی إلا بهذا الإسناد وتفرّد به أحمد بن سعید، انتهی. وقال القسطلانی فی

المواهب (ص ۶۲/۱ شرح): رواه البيهقي في دلا ئله من حديث عبد الرحمٰن بن زيد بن أسلم وقال: تفرد به عبد الرحمٰن، رواه الحاكم وصحّحه، اه.

قلت: عبد الرحمٰن بن زيد بن أسلم ضعيف، وقال الذهبي: إنه موضوع وعبد الرحمٰن بن زيد بن أسلم واهٍ وعبد الله بن مسلم لا أدري من ذا.

وأخرجه الحاكم في المستدرک (ص۱۱۵/۲) من طريق محمد بن إسحاق بن راهويه قال: ثنا أبو الحارث عبد الله بن مسلم الفهري ثنا إسماعيل بن مسلمة أنبأنا عبد الرحمٰن بن زيد إلى آخره، وعلم بذاک أنه وقع في إسناد الطبراني سقط وهو من الكاتب.

محمد یونس عفی عنہ

۲۴ محرم ۱۳۹۳ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

حضور اکرم ﷺ کی معراج جسمانی یا منامی؟

سوال: محترم المقام جناب شیخ الحدیث صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گذارش خدمت عالی میں یہ ہے کہ احقر کی نگاہ سے ایک کتاب گذری جس کا نام ہے 'فہم قرآن' مؤلفہ جناب مولانا سعید احمد ایم اے فاضل دیوبند۔

اس میں ایک مثال دیتے ہوئے انھوں نے یہ جملے لکھے ہیں:

''اسی طرح حدیث معراج میں جو یہ آتا ہے کہ آنحضرت ﷺ رؤیت باری سے مشرف ہوئے تو حضرت عائشہؓ نے اس کی صحت سے انکار کر دیا اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: **لا تدرکه الأبصار** . تو اس آیت شریفہ کو پڑھ کر یہ پتہ چلا کہ جب قرآن یہ ثبوت دے رہا ہے تو درست ہے''۔

مگر پریشانی یوں ہوئی کہ آج تک یہی سنتے چلے آئے تھے کہ حضور اقدس ﷺ کو دیدار الٰہی ہوا، اس پریشانی کو دور کرنے کے لئے ایک عالم صاحب سے ملاقات کی اور ان کو یہ کتاب دکھلائی تو وہ تسلی تو کیا کرتے اور ایک آگے کی پکڑائی، فرمایا کہ میاں! حضرت عائشہؓ تو جسمانی معراج کی بھی قائل نہیں، بس اب اور پریشانی میں اضافہ ہوا اور سوچا کہ خدا خیر کرے کہ یہ باتیں آج ہی سننے میں آرہی ہیں ورنہ بڑے بڑے علماء نے جب معراج کو اپنی تقریروں میں بیان کیا تو یہی بتایا کہ جسمانی معراج ہوئی مگر صرف ایک دفعہ، اور منامی معراج بہت سی دفعہ اور دیدار الٰہی بھی ہوا ہے۔

تو اب حضرت جی سے درخواست ہے کے جواب باصواب عنایت فرمائیں، اس کتاب کا حوالہ بھی عنایت فرمائیں جس میں معراج جسمانی کا ثبوت ملتا ہے، اور حضرت عائشہ کی طرف جو منسوب ہے واقعی انکار کیا ہے۔

احقر عبدالحق غفرلہ کرتپور بجنور

جواب: (از حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب)

عنایت فرمائم بعد سلام مسنون

یہ ناکارہ اپنے امراض کی کثرت بالخصوص آنکھوں کی معذوری کی وجہ سے علمی خطوط کے جواب سے معذور ہے، مگر ایسی چیزوں سے الجھن میں نہ پڑنا چاہئے، ایسی چیزوں میں صحابہ کرام ائمہ مجتہدین وغیرہم میں اختلاف ہوتے ہی رہے ہیں، اس کے لئے آپ کا جی چاہے تو اس ناکارہ کا رسالہ 'اختلاف الائمۃ' مطبوعہ کتب خانہ اشاعت العلوم محلہ مفتی سہارنپور سے منگوا کر ملاحظہ کرلیں۔

آپ کا خط مدرسہ کے شیخ الحدیث کے پاس بھیج رہا ہوں وہ اس کا جواب براہ راست لکھ کر بھیج دیں گے، والسلام۔

حضرت اقدس شیخ الحدیث صاحب مدفیوضہم

بقلم حبیب اللہ ۷ صفر ۱۳۹۳ھ

جواب:

حضور اقدس ﷺ نے لیلۃ المعراج میں آیا اللہ رب العزت کو دیکھا ہے یا نہیں؟

اس میں صحابہؓ ہی کے دور سے اختلاف چلا آرہا ہے، حضرت عائشہؓ وغیرہ منکر ہیں اور حضرت ابن عباسؓ وغیرہ اس کے قائل ہیں، اور یہی حضرت انسؓ عکرمہ حسن بصری وغیرہ کا مذہب ہے بلکہ حسن بصری تو اس پر قسم کھاتے تھے، حضرت ابن عمرؓ نے اس مسئلہ میں حضرت ابن عباسؓ سے مراجعت کی تو فرمایا کہ حضور اقدس ﷺ نے اللہ تعالی کو دیکھا ہے۔

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی وغیرہ تمام صوفیہ کی بھی یہی رائے ہے، محدثین میں سے امام احمد محمد بن اسحاق بن خزیمۃ محمد بن اسماعیل تیمی قاضی عیاض امام نووی وغیرہ اسی کے قائل ہیں، امام ابوالحسن اشعری امام المتکلمین سے بھی منقول ہے۔

اور حضرت عائشہ کا انکار کسی دلیل خاص کی بنا پر نہیں ہے بلکہ دلائل عامہ کی بنا پر ہے جیسے آیت **لا تدرکه الأبصار.**

مگر اس کا جواب یہ ہے کہ ادراک سے احاطہ کی نفی کرنی مقصود ہے، اور یہ بدیہی امر ہے کہ اللہ تعالی کا احاطہ محال ہے، اور بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ کو لیلۃ المعراج میں رؤیت باری دل کی آنکھوں سے ہوئی اور حضرت ابن عباسؓ سے مسلم وغیرہ میں 'رآہ بفوادہ' وارد بھی ہے اور حضرت عائشہؓ سر کی آنکھ سے دیکھنے کا انکار کرتی ہیں۔

(۲) اور حضرت عائشہؓ سے جو معراج جسمانی کا انکار نقل کیا جاتا ہے اولاً تو اس کے ثبوت میں کلام ہے اس لئے کہ اس کی سند میں جہالت ہے۔ **قال ابن إسحاق: حدثني بعض آل أبي بكر عن عائشةؓ أم المؤمنين أنها كانت تقول: ما فقد جسد رسول الله ﷺ ولكن الله تعالى أسرى بروحه.** قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ یہ اثر ثابت نہیں ہے اور ابن دحیہ وغیرہ نے تو اس کو موضوع تک کہا ہے۔ اور اگر تسلیم بھی کرلیں تو پھر اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت عائشہؓ اس وقت بہت چھوٹی تھیں جبکہ معراج ہوئی ہے، کچھ بات کسی طرح سنی سنائی ہو اور پوری بات بچپن ہونے کی وجہ سے محفوظ نہ رہی ہو، اگر معراج جسمانی نہ ہوتی تو کفار اس قدر شوروشغب کیوں کرتے، خواب میں تو آدمی نہ معلوم کہاں کہاں سیر کرآتا ہے۔

حضور اقدس ﷺ کی معراج جسمانی تو علماء کے یہاں اس قدر مشہور ہے کہ اس کے کسی حوالہ لکھنے کی ضرورت ہی نہیں ہے، ابن جریر طبری، ابن حبان، امام بیہقی، ابن حزم، قاضی عیاض وغیرہ نے تصریح فرمائی ہے کہ آپ ﷺ کو معراج جسمانی ہوئی، اسی طرح سے حافظ ابن کثیر و حافظ ابن حجر بھی فرماتے ہیں۔ روح المعانی، تفسیر ابن کثیر شفاء القاضی عیاض نسیم الریاض، شرح المواہب وغیرہ میں اس کی تصریح دیکھی جاسکتی ہے، اور اس کی قدرے تفصیل تنویر السراج تالیف حضرت اقدس حکیم الامت تھانوی نور اللہ مرقدہ میں بھی ملے گی، ملاحظہ ہو (۶۴)۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

۷ صفر ۱۳۹۳ھ

***

من استطاع منكم ...إلّا وعليه إمام الخ
من خرج من بيته مجاهداً الخ
صلوا خمسكم وصوموا شهركم الخ
من أحيا سنّتي بعد ما أميت الخ

سوال:

چند احادیث کی تخریج کی ضرورت ہے جو حسب ذیل ہیں:

(۱) **من استطاع منكم أن لا ينام نوماً ولا يصبح صبحاً إلا وعليه إمام فليفعل. اخرجه ابن عساكر عن أبي سعيدؓ وابن عمرؓ.** کیاابن عساکر کے علاوہ بھی کسی نے تخریج کی ہے؟ اورابن عساکر سے ان کی کون سی کتاب مراد ہے؟

(۲) **من خرج من بيته مجاهداً وأصلح ذات البين وأطاع الإمام فنومه ويقظته حسنة ومن خرج وأفسد في الأرض ولم يطع الإمام فلم يرجع كفافاً.**

(۳) **صلّوا خمسكم وصوموا شهرَكم وأدّوا زكاة أموالكم وأطيعوا ذا أمركم تدخلوا جنّة ربّكم.**

(۴) **من أحيا سنّتي بعد ما أميتت فله أجر مأة شهيد.**

(مولانا علی میاں صاحب مدظلہ)

جواب:

حدیث (۱): ابن عساکر کی تخریج کے علاوہ میرے علم میں اور کوئی نہیں ہے، علامہ علی متقی نے منتخب کنز العمال میں بھی صرف ابن عساکر ہی کی طرف منسوب کیا ہے، ملاحظہ ہو (ص۲/۱۴۹) برہامش مسند احمد۔

علامہ سیوطی جب بھی جامع صغیر یا جامع کبیر میں ابن عساکر کی طرف علی الاطلاق نسبت کرتے ہیں تو اس سے مراد تاریخ ابن عساکر ہوا کرتی ہے **كما صرّح به في المقدمة**، انھیں کا اتباع علی متقی نے کنز العمال اور منتخبِ کنز العمال میں کیا ہے جو ترتیب وتہذیب ہے جامع کبیر کی۔

حدیث (۲): ان الفاظ مذکورہ کے ساتھ تو اب تک نہیں ملی، ہاں اس کے معنی بلفظ قریب مروی ہیں، **أخرجه أبوداود (۳/۴۱۵) في الجهاد في باب في من يغزو يلتمس الدنيا والنسائي في الجهاد في فضل النفقة في سبيل الله عز وجل (ص۲/۶۶) وأحمد والحاكم والبيهقي عن معاذ بن جبلؓ عن رسول اللهﷺ أنه قال: الغزو غزوان، فأما من ابتغىٰ وجه الله تعالى وأطاع الإمام وأنفق الكريمة وياسر الشريك واجتنب الفساد فإن نومه ونبهه أجر كله، وأمامن غزا فخراً ورياءً وسمعةً وعصى الإمام وأفسد في الأرض فإنه لم يرجع بالكفاف.**

وهذا الحديث صححه الحاكم وأقرّه الذهبي. وأخرجه مالك موقوفاً عن معاذ بن جبلؓ. قال ابن عبد البر: روى عن معاذ بن جبلؓ مرفوعاً بسند حسن. اه. قلت: يريد ما مرّ من تخريج أبي داود

وغیرہ.

حدیث (۳): کی تخریج احمد (ص۲۵۱/۵)، ترمذی (ص۷۸/۱)، ابن حبان والحاکم (ص۹/۱) والدارقطنی (۲۸۶) وغیرہم نے حضرت ابوامامۃ الباہلیؓ سے کی ہے۔

حدیث (۴): **لم أقف علیه باللفظ المذکور فی السوال، وذکره المنذری فی الترغیب (ص۲۳/۱) بلفظ قریب منه فی الترغیب فی اتباع الکتاب والسنّة قال: وعن ابن عباسؓ عن النبی ﷺ قال: من تمسّک بسنّتی عند فسادأمّتی فله أجر مأة شهید. رواه البیهقی من روایة الحسن بن قتیبة ورواه الطبرانی من حدیث أبی هریرةؓ بإسناد لا بأس به إلا أنه قال: فله أجر شهید. اه.**

قلت: والحسن بن قتیبة ضعّفه الأکثر وقال ابن عدی: أرجو أنه لا بأس به. والله أعلم.

بندہ محمد یونس عفی عنہ

۹ صفر ۱۳۹۳ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

مقدمۂ مسلم اور مقدمۂ حدیث سے متعلق چند سوالات

سوال:

محترمی ومکرمی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ مزاج گرامی بعافیت ہونگے، گذارش یہ ہے کہ امسال احقر کے سپرد مسلم شریف ہے، اسلئے چند باتیں دریافت طلب ہیں۔

(۱) امام مسلم نے ابتداء مقدمہ میں فرمایا ہے: **فإنّک یرحمک الله بتوفیق خالقک ذکرتَ أنّک هممتَ الخ** اس میں مخاطب کون ہے؟ نووی اور فتح الملہم میں تلاش کیا نہیں ملا، امام مسلم نے اپنے جن شاگرد کو خطاب فرمایا ہے ان کا نام اور پورا تعارف تحریر فرمائیں۔

(۲) جناب نے بھی غالباً مسلم شریف حضرت مولانا منظور احمد (سہارن پوری) مدظلہ سے پڑھی ہوگی، لہذا سلسلہ سند بھی تحریر فرمائیں۔

(۳) ابوداؤد شریف کے مقدمہ میں **أخبرنا الإمام الحافظ أبوبکر أحمد بن علی الخ** میں **أخبرنا** کے قائل

کون بزرگ ہیں؟ اگر معلوم ہوتو تحریر فرمائیں۔

(۴) مسلم شریف کے مطالعہ کے لئے اپنے مفید تجربات تحریر فرمائیں۔

(۵) نیز یہ بھی تحریر فرمایئے کہ شروع سند میں حدّثنا یا اخبرنا سے پہلے وبہ قال کہنا چاہئے یا نہ کہنا چاہیے؟ مظاہر علوم میں تو غالباً نہ کہنے کا معمول ہے، اور بظاہر یہ سمجھ میں آتا ہے کہ ہر جگہ کہنا چاہئے کیوں کہ اگر نہیں کہتے تو بظاہر ابہام ہوتا ہے کہ ہم سے بیان کیا جو کہ غلط ہے، لہذا جو رائے ہو مدلل تحریر فرمائیں۔

(مولانا) منظور احمد مدرسہ جامع العلوم کانپور

۱۲ ذی القعدہ ۱۳۸۷ھ

مکرم ومحترم زادت معالیکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جواب (۱):

یرحمک اللہ کا خطاب کس کو ہے؟ شروح مسلم مثل شرح نووی وفتح الملہم وشرح سنوسی وغیرہ میں کہیں بھی نہیں ہے اور باوجود تتبع کے اب تک نظر سے نہیں گزرا، لیکن بندہ کا گمان یہ ہے کہ ابوالفضل احمد بن سلمہ کو خطاب ہے جو امام مسلم کے رفیق وتلمیذ خاص ہیں۔

اضافہ : پھر ایک طویل مدت کے بعد تاریخ بغداد میں اس کی صراحت مل گئی، **فإنه قال فی ترجمة أحمد بن سلمة(ص ۱۸۶/۴) : رافق مسلم بن الحجاج فی رحلته إلی قتيبة بن سعيد وفی رحلته الثانية إلی البصرة وكتب بانتخابه علی الشيوخ ثم جمع له مسلم الصحيح فی كتابه، اه.**

جواب (۲):

حضرت مولانا منظور احمد نے حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سے اور انہوں نے مولانا محمد مظہر صاحب سے اور انہوں نے مولانا مملوک العلی صاحب سے اور انہوں نے مولانا رشید الدین خان صاحب سے اور انہوں نے شاہ عبدالعزیز صاحب سے اور انہوں نے شاہ ولی اللہ صاحب نور اللہ مراقدھم سے پڑھی ہے، باقی سند رسالہ عجالہ نافعہ وغیرہ میں لکھی ہوئی ہے، اور حضرت مولانا خلیل احمد صاحب کی اور بھی سندیں ہیں جو مقدمۂ بذل میں طبع ہو چکی ہیں نیز مقدمۂ اوجز میں بھی مذکور ہیں۔

جواب (۳):

سنن امام ابوداؤد میں **أخبرنا الإمام الحافظ أبوبكر أحمد بن علی بن ثابت الخطيب البغدادی.** ہماری

سندِ ولی اللہی میں ابراہیم بن محمد بن المنصور الکرخی اور مفلح بن احمد بن محمد الدومی کا مقولہ ہے، یہی دونوں حضرات خطیب سے روایت کرتے ہیں اور ہم لوگوں تک سلسلہ سند انھیں دونوں حضرات سے پہنچتا ہے جیسا کہ پوری سند عجالہ نافعہ وغیرہ میں مذکور ہے، اس کے علاوہ اور بھی اسانید ہیں جس میں خطیب کا واسطہ نہیں ہے جوالیانع الجنی وغیرہ سے معلوم ہوسکتی ہے۔

جواب (۴):

مسلم شریف میں فن روایۃ الحدیث اور فن درایۃ الحدیث دونوں ہی مذکور ہیں۔

امام مسلم نے مقدمہ میں فن درایۃ الحدیث یعنی اصول حدیث پر کلام کیا ہے لہذا اسکے لئے اصول حدیث کی کتابوں سے مدد لی جائے مثلا **الکفایۃ للخطیب، علوم الحدیث للحاکم، فتح المغیث للسخاوی، تدریب الراوی للسیوطی، وشرح النخبۃلابن حجر وغیرھا،** نووی نے شرح مسلم میں بقدر ضرورت اصولی مسائل بیان فرمائے ہیں، فتح الملہم میں بھی ایک معتد بہ حصہ ہے لیکن بہت سے مواقع پر شرح نووی سے بھی کم ہے۔

مقدمہ ختم ہونیکے بعد فن روایۃ الحدیث شروع ہوتا ہے، روایت میں سند ومتن دونوں قابل توجہ ہیں۔

دور حاضر میں اسانید پر کلام کا سلسلہ نہیں رہا لیکن اگر کوئی دیکھنا چاہے تو شرح نووی میں بقدر کفایت ضبطِ اسماء وتحقیقِ رجال موجود ہے، اس کے آگے کتبِ رجال دیکھی جائیں، نیز جو احادیث ایسی ہوں جو فتح الباری وغیرہ میں ہیں ان کا حال وہاں سے معلوم ہوسکتا ہے۔

رہ گیا متنِ حدیث اس پر آج کل کلام کا دستور ہے، متن پر اصولی کلام بھی ہوتا ہے اور فقہی لغوی بھی صرفی بھی، اصولی کلام کا تعلق محدثین سے بھی ہے اور متکلمین سے بھی، محدثین متن کے علل وغیرہ سے بحث کرتے ہیں اس لئے کتبِ علل کے مطالعہ کی ضرورت ہے، اس وقت صرف علل ابن ابی حاتم بندہ کی نظر سے گزری ہے، اگر کوئی اور کتاب کتبِ علل میں سے میسر آسکے تو اسکا مطالعہ فرمائیں مثلاً علل دارقطنی علل کبریٰ للترمذی علل خلال وغیرہ۔

متکلمین صرف ان احادیث سے کلام کرتے ہیں جس کا تعلق اسماء وصفات سے ہے، نووی نے بھی اس پر قدرے روشنی ڈالی ہے لیکن مستقل کلام کتب الاسماء والصفات میں ہوتا ہے ان میں سے صرف کتاب الاسماء والصفات للبیہقی دستیاب ہوئی ہے، اس کے علاوہ مشکل الحدیث لابن فورک بھی ملتی ہے اور مشکل الآثار للطحاوی میں کافی ذخیرہ مل جائے گا، حافظ ابن حجر وعلامہ عینی وغیرہ نے شروح بخاری میں شرح وبسط سے کلام کیا ہے، فتاویٰ شیخ الاسلام ابن تیمیہ میں استواء علی العرش ونزول الباری وغیرہ پر نہایت مبسوط کلام ہے لیکن اس سے اشاعرہ دست بگریباں ہیں۔

فقہی حیثیت سے حنفیہ کے لئے زیادہ بہتر فتح الملہم ہے لیکن اسی مقدار پر اکتفانہ کیا جائے بلکہ شرح عینی للبخاری واوجز

وبذل وفتح الباری کا مطالعہ بغور کیا جائے، اور اعلم المتأخرین مولانا انور شاہ کی تقاریر بھی بہت ہی زیادہ ضروری ومعتد بہ ہیں، لغوی وصرفی کلام بھی ان کتابوں میں موجود ہے، مزید تحقیق کے لئے کتب متن کا مطالعہ فرمائیں۔

جواب (۵):

ہمارے یہاں **بہ حدثنا یا به أخبرنا** کہنے کا دستور ہے، اور بظاہر راجح یہی معلوم ہوتا ہے کہ کہنا چاہئے اس لئے کہ شیخ سند اول اول بیان کرتا ہے اس کے بعد اسی سند سے تمام کتاب روایت کرتا ہے لہذا انقطاع کے وہم سے بچنے کے لئے کہنا چاہئے، بلکہ بظاہر نہ کہنا معلق روایت کی حیثیت رکھتا ہے، حافظ عراقی الفیہ میں لکھتے ہیں:

والنسخ التی بإسناد قط تجدیده فی کل متن أحوط

والأغلب البدؤ به ویذکر ما بعده مع به والأکثر

قال السخاوی (ص۲۹۵) **والنسخ والأجزاء التی متونها بإسناد واحد فقط کنسخة همام بن منبه عن أبی هریرةؓ: تجدیدالإسناد فی کل متن فیها أحوط کما یفصّله بعض أهل الحدیث، ولکن الأغلب أی الأکثر فی صنیعهم البدؤ بالإسناد فی أولها وفی أول کل مجلس من سماعها، ویذکر ما بعده من الأحادیث مع قوله فی کل حدیث فی الأول هنا 'وبه' أی وبالإسناد السابق أو السند ونحو ذلک، اه بحذف.**

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک کتاب کی روایات بمنزلہ ایک نسخہ کے ہیں، لہذا احوط تو اعادۂ سند ہوا، لیکن اکثریوں کہا جاتا ہے کہ **وبه** سے شروع کرتے ہیں اور یہ سند سابق مذکور کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

وعبارة القسطلانی فی مقدمة شرح البخاری (ص۹۳/۲): **وإذا قرأ إسناد شیخه المحدّث أول الشروع وانتهی عطف علیه بقوله فی أول الذی یلیه 'وبه قال حدثنا' لیکون کأنه أسنده إلی صاحبه فی کل حدیث، اه. وعلی ذلک عمل القسطلانی وکثیر من المحدّثین، ومن المتأخّرین عبد الغنی النابلسی، وقال الخطیب البغدادی فی الکفایة** (ص۲۱۴): **لأصحاب الحدیث نسخ مشهورة کل نسخة منها تشتمل علی أحادیث کثیرة یذکر الراوی إسناد النسخة فی المتن الأول منها ثم یقول فیما بعده 'وبإسناده' إلی آخرها. اھ۔**

بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

هل ترون قبلتی ههنا الخ کہاں ہے؟

سوال:

محترمی زیدمجدکم السلام علیکم

ایک علمی اشکال جسکا تعلق حدیث پر دقت نظر اور وسعت مطالعہ سے ہے پیش خدمت ہے، جواب باصواب جلد ہی عنایت فرمائیں اشدّ ضرورت ہے۔

بخاری (ص۵۹) پر 'باب عظة الإمام الناس فی إتمام الصلوة وذکر القبلة' کے تحت ایک حدیث مذکور ہے، **قال: هل ترون قبلتی ههنا فوالله ما یخفیٰ علیّ خشوعکم ولا رکوعکم، إنی لأراکم من وراء ظهری.** علامہ ابن حجر نے اس کی تصریح کرتے ہوئے (ص۱/۳۴۷) پر **باب علامات النبوة** کا حوالہ دیا اور علامہ عینی نے یہی حوالہ (ص۱/۳۳۳) پر دیا ہے لیکن بخاری کی طرف مراجعت کرنے سے **باب علامات النبوة** کے تحت حدیث بالا نہیں ملی، اسی طرح **کما أراکم** کے بعد **من أمامی** نکال کر تحریر فرمایا **وصرّح به فی روایة أخریٰ کما سیاتی** یہ دوسری روایت آئندہ صفحات پر نہ مل سکی۔

نیز آئندہ ایسے علمی اشکالات کے لئے کوئی بات بار خاطر نہ ہو تو آپ کی ذرہ نوازی وکرم فرمائی اور بے حد افضال وعنایات کا معاملہ سمجھا جائیگا۔ فقط والسلام۔

(مولانا) احتشام احمد
مہتمم مدرسہ رحیمیہ مدینۃ العلوم
جامع مسجد قاضی پاڑہ بجنور

جواب: عزیز مکرم سلمہ اللہ تعالیٰ وعلیکم السلام

تمہارا خط کل پہونچا لیکن میری طبیعت آج کل خراب چل رہی ہے اس لئے زیادہ تتبع کی ہمت نہیں ہے۔

حافظ ابن حجر کو حوالہ میں سہو واقع ہو گیا ہے، امام بخاری نے باب مذکور میں دو حدیثیں ذکر کی ہیں، اول حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث، اور ثانی حضرت انسؓ کی حدیث، حضرت ابو ہریرہؓ کی یہ حدیث بخاری شریف میں صرف دو جگہ ہے، اولاً اس باب میں اور ثانی **باب الخشوع فی الصلوة** میں (ص۱۰۲)، صرف انہیں دو جگہوں کا حوالہ علامہ عینی نے عنوان **ذکر تعدد موضعه ومن أخرجه غیره** کے تحت اجمالاً دیا ہے، فرماتے ہیں: **أخرجه البخاری أیضاً ههنا عن إسماعیل عن مالک، وأخرجه مسلم أیضاً فی الصلوة عن قتیبة عن مالک ،اھ. ههنا** سے مراد کتاب الصلوۃ ہے، یہاں پر تو امام بخاری نے بطریق عبداللہ بن یوسف عن مالک تخریج کی ہے اور باب الخشوع میں بطریق اسماعیل بن

ابی اویس عن مالک کی ہے۔

اورصرف انہیں دوجگہوں کا حوالہ اصحاب الاطراف نے دیا ہے، **قال النابلسی فی ذخائر المواریث (ص۱۰۵ / ۴) حدیث: هل ترون قبلتی ههنا فوالله ما یخفٰی علیّ رکوعکم ولا سجودکم إنّی لأراکم من واء ظهری (خ) فی الصلوة عن عبد الله بن یوسف وعن إسماعیل (م) فیه عن قتیبة (ط) فی الصلوة عن أبی الزناد اه.** (خ) بخاری کی علامت ہے اور (م) مسلم کی اور (ط) مؤطا امام مالک کی۔

حضرت انس بن مالکؓ کی حدیث بخاری میں صرف تین جگہ ہے، اول تو اسی باب میں **حدثنا یحیی بن صالح قال حدثنا فلیح بن سلیمان عن هلال بن علی عن أنس بن مالکؓ قال: صلّٰی بنا النبی ﷺ صلوة ثم رقی المنبر فقال: فی الصلوة وفی الرکوع إنّی لأراکم من ورائی کما أراکم.** اور دوسری جگہ **باب الخشوع** (ص۱۰۲) میں **حدثنا محمد بن بشار حدثنا غندر حدثنا شعبة قال: سمعت قتادة عن أنس بن مالکؓ عن النبی ﷺ قال: أقیموا الرکوع والسجود فوالله إنّی لأراکم من بعدی، وربما قال: من بعد ظهری إذا رکعتم وإذا سجدتم. وهذا الحدیث أخرجه مسلم عن محمد بن المثنی ومحمد بن بشار عن غندر به.** اور تیسری جگہ **کتاب الأیمان والنذور** (ص۹۸۳) **باب کیف کان یمین النبی ﷺ** میں **حدثنا إسحاق أخبرنا حبان ثنا همام ثنا قتادة حدثنا أنس بن مالکؓ أنه سمع النبی ﷺ یقول: أتمّوا الرکوع والسجود فوالذی نفسی بیده إنّی لأراکم من بعد ظهری إذا ما رکعتم وإذا ما سجدتم.**

اور حدیث اول یعنی یحیی بن صالح کے طریق والی روایت کے بارے میں المزّی اطراف (ص۴۲۳ / ۱) میں لکھتے ہیں: **أخرجه البخاری فی الصلوة عن یحیی بن صالح وعن محمد بن سنان کلاهما عن فلیح بن سلیمان، وفی الرقاق عن إبراهیم بن المنذر عن محمد بن فلیح عن أبیه.** اور علامہ عینی نے بھی حافظ مزّی کی اتباع میں یہی لکھ دیا لیکن محمد بن سنان اور ابراہیم بن المنذر کے الفاظ اس لفظ مذکور سے الگ ہیں۔

محمد بن سنان کا لفظ یہ ہے **عن أنس بن مالکؓ قال: صلی لنا النبی ﷺ ثم رقی المنبر فأشار بیدیه قِبل قبلة المسجد ثم قال: لقد رأیت الآن منذ صلیت لکم الصلوة الجنة والنار ممثّلتین فی قبلة هذا الجدار فلم أر کالیوم فی الخیر والشر ثلاثاً.** اور اسکے قریب ہی کتاب الرقاق کا لفظ ہے۔ اور بظاہر یہ حدیث اور ہے اسی لئے حافظ خلف واسطی نے اسکو اپنے اطراف میں الگ ذکر فرمایا ہے اور لفظ اول کو الگ، جیسا کہ خود حافظ مزّی نے حاشیہ اطراف میں لکھا ہے: **قال الحافظ ابن حجر فی النکات الظراف: الذی یظهر أن الصواب معه**

أی مع خلف لاشتمال کلّ من السیاقین علی مالم یشتمل الآخر . لیکن صحیح مسلم کے دیکھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دونوں ایک ہی حدیث کے دو الگ الگ ٹکڑے ہیں۔ واللہ اعلم۔

امامی کا لفظ بھی سر دست بخاری میں نہیں ملا، مسلم میں **فإنّی أراکم أمامی ومن خلفی** وارد ہے۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

بلال ہجری ہے یا ہلال ہجری؟

ابن حاتم یا ابن ابی حاتم؟

(خط بنام حضرت اقدس شیخ الحدیث صاحب مدظلہ)

سوال (۱) :

حضرت والا کی کتاب فضائل نماز (ص ۳۴) مطبوعہ سہارنپور میں فائدہ کے اندر ایک نام بلال ہجری ہے اور دوسری جگہ کی مطبوعہ میں ہلال ہے، کونسا صحیح ہے؟

سوال (۲):

(ص ۷۰) پر حضرت جابرؓ کی روایت کے حوالوں میں ایک جگہ ابن حاتم ہے، مولانا عبداللہ دہلوی جو آپ کے تلمیذ ہیں اور حدیث میں اچھی واقفیت ہے کہتے ہیں کہ ابی کا لفظ کاتب سے چھوٹ گیا۔

جواب: عنایت فرمائم بعد سلام مسنون

آپ کا خط مع جوابی لفافے کے اپنے مخلص دوست مولانا محمد یونس صاحب شیخ الحدیث مظاہر علوم کے پاس بھیج رہا ہوں وہ اسکا جواب لکھ کر بھیجیں گے، آئندہ حدیث کے متعلق جو سوال کرنا ہو انھیں سے مراجعت کریں۔

حضرت اقدس شیخ الحدیث صاحب مدفیوضہم

بقلم حبیب اللہ ۱۱ ربیع الاول ۱۳۹۳ھ

مکرم ومحترم زید مجدکم السلام علیکم

جواب (۱) : بظاہر صحیح ہلال ہجری ہے، اس لئے کہ یہ مضمون تفسیر ابن کثیر سے ماخوذ ہے، اور اس میں اسی طرح

احقاب کی تفسیر میں مذکور ہے : **ولفظه قال ابن جرير عن ابن حميد عن مهران عن سفيان الثوری عن عمار الدهنی عن سالم بن أبی الجعد قال: قال علی بن أبی طالبؓ لهلال الهجری: ما تجدون الحقب فی كتاب الله المنزّل؟ قال: نجده ثمانين سنةً كل سنة اثنا عشر شهراً كل شهر ثلثون يوماً كل يوم ألف سنةٍ.**

جواب (۲): صحیح ابن ابی حاتم ہے، بظاہر لفظ ابی کاتب سے چھوٹ گیا جیسا کہ مولانا عبداللہ صاحب نے بتایا۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

شب دوشنبہ ۱۲ ربیع الاول ۱۳۹۳ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

دونوں ہاتھوں سے مصافحہ کرنا

سوال: مکرمی مخلصی جناب مولانا صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امابعد! دوہاتھ سے مصافحہ کرنے کی صحیح حدیث سے خادم کو مطلع فرمائیے گا، اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو اجر عظیم عطا فرمائے گا، جوابی کارڈ ارسال ہے۔

فقط خادم خان محمد از بہادرگڑھ ضلع میرٹھ

۲۸/۴/۷۳ء

جواب: مکرم ومحترم زید مجدکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مصافحہ ہاتھ سے ہاتھ ملانے کا نام ہے، یہ دونوں ہاتھ سے بھی ہوسکتا اور ایک ہاتھ سے بھی۔

جولوگ ایک ہاتھ سے مصافحہ کرنے کو سنّت بتاتے ہیں وہی کوئی ایسی صحیح حدیث پیش کردیں جس میں ایک ہاتھ کا صراحۃً ذکر ہو، اور اتنا بھی کافی نہیں بلکہ وہ یہ بھی ثابت کردیں کہ دوہاتھ سے مصافحہ کی ممانعت وارد ہوئی ہو، بدون ان دونوں امر کے انکامدّعا بھی ثابت نہیں ہوسکتا ہے۔

اور اگر آپ کو دوہاتھ سے مصافحہ کرنے کے متعلق صحیح حدیث کی تلاش ہے تو لیجئے سنئے۔

بخاری شریف (ص ۹۲۶) پر حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے، فرماتے ہیں: **علّمنی النبی ﷺ وكفّی بين كفّيه التشهّد كما يعلّمنی السورة من القرآن.**

اس میں صاف طور سے یہ وارد ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی دونوں ہتھیلیوں کے بیچ میں ابن مسعودؓ کی ہتھیلی تھی، اور یہ

بہت ہی بعید ہے کہ حضور اکرم ﷺ تو دونوں ہاتھ سے مصافحہ کریں اور ابن مسعودؓ کا ایک ہی ہاتھ ہو، اس لئے ظاہر ہے کہ ابن مسعودؓ کے بھی دونوں ہی ہاتھ لگے ہوں گے۔

اور اگر مان بھی لیا جائے کہ ابن مسعودؓ کا ایک ہی ہاتھ لگا تھا تو پھر ظاہر ہے کہ راجح وہی فعل ہوگا جو حضور اقدس ﷺ نے کیا ہو۔

اور اگر راجح ومرجوح کا سوال نہ کریں تو پھر دونوں فعل کا جواز معلوم ہوتا ہے، ایک کا حضور اقدس ﷺ کی حدیث فعلی سے اور دوسرے کا آپ کی حدیث تقریری سے، لیکن ظاہر ہے کہ ہر دو فعل اگرچہ جائز ہیں پھر بھی وہ فعل جو نبی اکرم ﷺ نے خود کیا ہے اس کو زیادہ رجحان ہوگا، واللہ اعلم۔

اور یہ گمان کرنا کہ یہ مصافحہ نہیں تھا سخت نادانی ہے، امام بخاری نے اس حدیث سے مصافحہ ثابت کیا ہے اور یہ بھی نقل کیا ہے **'صافح حماد بن زید ابنَ المبارک بکلتا یدیه'** جس سے معلوم ہوتا ہے کہ سلف کا بھی طریق یہی تھا، واللہ اعلم۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

۷ ربیع الثانی ۱۳۹۳ھ بروز جمعہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

می سے دیلمی مراد ہے؟

سوال:

حدیث **من صلّیٰ قفا الإمام فله بكل صلاة مأة حسنة ومن صلّیٰ عن يمين الإمام فله بكل صلاةخمس وسبعون حسنة ومن صلّیٰ عن يسار الإمام فله بكل صلاة خمسون حسنة** کو ابن عراق نے تنزیہ الشریعہ (ص ۱۲۰/۲) میں نقل کیا ہے اور می کی علامت لگائی ہے، می سے کیا مراد ہے؟

سائل مولانا عبداللہ صاحب دہلوی

جواب:

می دیلمی کی علامت ہے۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

ألا! رحیٰ الإسلام دائرة الخ کی تحقیق

سوال : مکرم محترم مولانا الحاج محمد یونس صاحب مدفیوضکم بعد سلام مسنون

مولانا سعید خان صاحب نے ایک حدیث کی تحقیق فرمائی ہے، میں تو ہندستان میں بھی یہ بیگار آپ ہی سے لیا کرتا تھا اور یہاں تو اور کوئی ذریعۂ تحقیق نہیں ہے۔

حدیث یہ ہے: **قال رسول اللہ ﷺ: ألا ! رحیٰ الإسلام دائرة فدوروا مع الإسلام حیث دار، ألا! إن السلطان والقرآن وفی روایة الکتاب سیفترقان فلا تفارقوا القرآن، ألا فإنه سیولّیٰ علیکم الأمراء یحبون لأنفسهم ما لا یرضون لکم، إن أطعتموهم أضلّوکم و إن خالفتموهم قتلوکم، قالوا: ماذا نفعل؟ یا رسول الله ! قال: کونوا کأصحاب عیسیٰ علیه الصلاة والسلام نشروا بالمناشیر وحملوا علی الخشب، فوالذی نفس محمد بیده لموتة فی طاعة الله خیر من حیاة فی معصیة الله.**

آمدہ در مکتوب حضرت شیخ مدظلہ

از مدینہ منورہ علی صاحبہا الصلاۃ والسلام

جواب: سندی وملاذی ادام اللہ ظلّکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حدیث مذکور مع اس کی تخریج کے بایں الفاظ ملی ہے۔

عن معاذ بن جبلؓ قال: سمعت رسول الله ﷺ یقول: خذوا العطاء ما دام عطاء فإذا صار رشوةً علی الدین فلا تأخذوه ولستم بتارکیه یمنعکم الفقر والحاجة، ألا! إن رحی الإسلام دائرة فدوروا مع الکتاب حیث دار، ألا! إن الکتاب والسلطان سیفترقان فلا تفارقوا الکتاب، ألا! إنه سیکون علیکم أمراء یقضون لأنفسهم ما لا یقضون لکم، فإذا عصیتموهم قتلوکم و إن أطعتموهم أضلّوکم قالوا: یا رسول الله! کیف نصنع؟ قال: کما صنع أصحاب عیسی بن مریمؑ نشرو ا بالمناشیر وحملوا علی الخشب، موت فی طاعة الله خیر من حیاة فی معصیة الله. رواه الطبرانی فی الکبیر(ص۲۰/۹۰ رقم۱۷۲) ویزید بن مرثد لم یسمع من معاذؓ، والوضین بن عطاء وثّقه ابن حبان وغیره، وبقیة رجاله ثقات، کذا فی مجمع الزوائد (ص۵/۲۲۸). وأخرجه إسحاق بن راهویه بلفظ

ألا! إن رحى الإيمان دائرة فدوروا مع الكتاب حيث يدور، ذكره السيوطى فى الخصائص الكبرىٰ (ص ۲/۱۵۴) ولم يذكر حال الإسناد وليس فى رواية إسحا ق قوله 'يقضون لأ نفسهم ما لا يقضون لكم'.

وأخرجه الطبرانى فى الصغير (ص ۱/۲۶۴) قال: حدثنا الفضل بن محمد بن القاسم أبو الليث النحوى العسكرى ثنا الهثيم بن خارجة ثنا عبد الله بن عبد الرحمن بن يزيد بن جابر سمعت الوضين بن عطاء يحدّث عن يزيد بن مرثد عن معاذ بن جبلؓ عن النبى ﷺ قال: خذوا العطاء ما دام عطاءً فإذا صار رشوةً على الدين فلا تأخذوه ولستم بتاركيه يمنعكم الفقر والحاجة، ألا! إن رحا بنى مرح قد دارت وقد قتل بنو مرح، ألا! إن رحى الإسلام دائرة فدوروا مع الكتاب حيث دار، ألا! إن الكتاب والسلطان سيفترقان فلا تفارقوا الكتاب، ألا! إنه سيكون أمراء يقضون لكم فإن أطعتموهم أضلّوكم وإن عصيتموهم قتلوكم، قال: يا رسول الله! فكيف نصنع؟ قال: كما صنع أصحاب عيسىٰ ابن مريم نشروا بالمناشير وحملوا على الخشب، موت فى طاعة الله خير من حياة فى معصية الله.

وأخرجه أبو نعيم فى الحلية (ص ۵/۱۲۵) عن الطبرانى عن عبدالله بن أحمد عن الهيثم وقال: ورواه إسحاق بن راهويه عن سويد بن عبدالله بن عبدالرحمن عن يزيد من دون الوضين، انتهىٰ.

وللحديث شاهد من حديث أبى موسىٰ الأنصارى أخرجه ابن مندة فى معجم الصحابة من طريق الدارمى عن محمد بن يزيد البزار عن السرى بن عبدالله السلمى عن حاتم بن ربيعة وعبدالله بن عبدالله هو أبو أوس كلا هما عن نافع بن سهيل بن مالك حدثنا أبو موسىٰ الأنصارىؓ صاحب رسول الله ﷺ كان من خيار أصحاب النبى ﷺ قال: إنا لقاعدون عند النبى ﷺ فقال: ألا! إن رحى الإيمان دائرة فدوروا مع رحى القرآن حيث دار. الحديث. قال عبيدالله بن واصل الراوى عن الدارمى: ذكرته لمحمد بن إسماعيل البخارى، فأنكره ولم يعرف أبا موسىٰ الأنصارى ولاحاتم بن ربيعة كذا فى الإصابة فى ترجمة الصحابى وراجعه.

بندہ محمد یونس عفی عنہ

۳۰ رجب ۱۳۹۳ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

العلماء ورثة الأنبياء کی صحت کس درجہ کی ہے؟

سوال:

العلماء ورثۃ الانبیاء ثابت ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو کس درجۂ صحت پر ہے؟ اور کسی نے اس پر کلام بھی کیا ہے یا نہیں؟

(مولانا) سعادت علی قاسمی از الہ آباد

۵۱ شعبان ۱۳۹۳ھ

جواب:

حدیث مذکور امام احمد، ابو داؤد، ترمذی، ابن ماجہ، ابن حبان، حاکم، بیہقی نے حضرت ابو الدرداءؓ سے مرفوعاً روایت کیا ہے، ابن حبان وحاکم نے تصحیح کی ہے اور حمزہ کنانی نے تحسین کی، اور بعض حضرات نے تضعیف کی ہے اس لئے کہ اسکی سند میں اضطراب ہے، لیکن سخاوی فرماتے ہیں: **له شواهد يتقوّىٰ بها. اه.**

احقر محمد یونس عفی عنہ

۲۳ شعبان ۱۳۹۳ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

روایت میں خلید صحیح ہے یا خالد؟

ہدایہ یا بدایہ؟

سوال (۱):

حکایات صحابہ مطبوعہ تحیوی کتب خانہ عکسی میں (ص ۴۳۴/۱۳) کا پہلا لفظ خلید ہے، یہ صحیح ہے یا خالد صحیح ہے؟

سوال (۲):

(ص ۵۱) کی آخری سطر میں ہدایہ وغیرہ کا حوالہ ہے، میرے خیال میں یہ بدایہ بالباء الموحدہ ہے، کیوں کہ ہدایہ فقہ کی کتاب ہے اس میں تو یہ نہیں ہے۔ محمد حمید اللہ ندوی

جواب (۱):

حکایات صحابہ میں (ص ۴۳۴/۱۳) پر خلید طبع ہوا ہے اور یہی درست ہے، اسی طرح محمد بن نصر المروزی کی قیام

اللیل (ص ۵۹) میں ہے اور حکایات صحابہ میں وہیں سے لیا گیا ہے۔

اور خلید نام کے متعدد روات ہیں جیسے خلید بن حسان، خلید بن حوثرہ العنبری، خلید بن سعد السلامانی، خلید بن عبداللہ العصری، خلید الشوری وغیرہم، اور بظاہر قیام اللیل میں جن کا اثر منقول ہے وہ خلید بن سعد السلامانی ہیں انکا ذکر ثقات ابن حبان میں ہے۔

قال ابن حبان: خلید بن سعد مولیٰ أبی الدرداءؓ عداده فی أهل الشام یروی عن أبی الدرداءؓ روی عنه طلحة بن نافع وکان یسکن ببیت المقدس، وفی اللسان روی أبو عوانة فی صحیحه من حدیث عبدالرحمٰن بن یزید بن جابر قال: کان خلید بن سعد رجلاً قارئاً حسن الصوت وکانوا یجتمعون فی بیت أم الدرداءؓ فتأمره أم الدرداءؓ فیقرأ علیهم وله ذکر فی حلیة الأولیاء لأبی نعیم بالعبادة .اه. اس آخری عبارت سے میرے خیال کی تائید ہوتی ہے، باقی روات کے متعلق اس قسم کا جملہ میزان ولسان وتقریب وغیرہ میں نہیں ہے۔

جواب (۲):

صحیح بدایہ بالباء الموحدۃ ہے اور اس سے حافظ ابن کثیر کی تاریخ **البدایة والنهایة** مراد ہے۔

حکایاتِ صحابہ کے اس جگہ کے اکثر آثار وہیں سے ماخوذ ہیں۔ فقط

محمد یونس عفی عنہ

۲۸ شعبان ۱۳۹۳ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

سوال: یہ احادیث کن کتابوں میں ہیں؟

اعمل لدنیاک کأنک تعیش الخ

النظافة من الإیمان

الدنیا جیفة وطالبها کلاب کہاں ہیں؟

(مولانا) سعید خان صاحب کھیڑوی ثم المدنی

جواب:

(۱) حدیث اول تو بلفظہ نہیں ملی لیکن اس کے معنیٰ ایک حدیث کے ذیل میں کنز العمال اور منتخب کنز العمال (ص۱۴۰/۶) وغیرہ میں موجود ہے، پوری حدیث عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ سے حسب ذیل الفاظ سے مروی ہے، **إن هذا الدين متين فأوغل فيه برفق ولا تبغض إلى نفسك عبادة ربك فإن المنبت لا سفراً قطع ولا ظهراً أبقىٰ فاعمل عمل امرئ يظنّ أن لن يموت أبداً واحذر حذر من يخشىٰ أن يموت غداً. رواه البيهقي في شعب الإيمان و السنن الكبير (ص ۱۹/۳) والعسكري في الأمثال وسنده ضعيف، وفي لفظٍ يظنّ أنه يموت هرماً.** اور امام ابن المبارک نے کتاب الزھد میں (ص۴۶۹) موقوفاً روایت کیا ہے۔

اس کے بعد مناوی کی فیض القدیر کی مراجعت کی تو اس سے معلوم ہوا کہ حدیث مسئول حدیث نہیں ہے بلکہ بعض لوگوں نے حدیث مذکور کی شرح میں فرمایا ہے (ص۲/۱۲): **اعمل عمل من وفى نسخة امرئ يظنّ أن لا يموت أبداً واحذر حذر امرئ يخشىٰ أن يموت غداً أى قريباً جداً ولم يرد به حقيقة الغد، والمراد تقديم أمر الآخرة وأعمالها حذر الفوت بالموت على عمل الدنيا وتاخير أمر الدنيا كراهة الاشتغال بها على عمل الآخرة.**

وأما ما فهمه البعض أن المراد اعمل لدنياك كأنك تعيش أبداً واعمل لآخرتك كأنك تموت غداً ويكون المراد الحثّ على عمارة الدنيا لينتفع من يجئ بعد والحث على عمل الآخرة فغير مرضى، لأن الغالب على أوامر الشارع ونواهيه الندب إلى الزهد في الدنيا والتقلّل من متعلّقاتها والوعيد على البناء وغيره، و إنما مراده أن الإنسان إذا عمل أنه يعيش أبداً قلّ حرصه وعمله أنّ ما يريده لن يفوته تحصيله بترک الحرص عليه والمبادرة إليه فإنه يقول: إن فاتني اليوم أدركته غداً فإني أعيش أبداً ويكون أمره بعمل الآخرة على ظاهره . اه .

اور یہ حدیث ضعیف ہے، سیوطی نے جامع صغیر میں اس کے ضعف کی علامت لگائی۔ مناوی فرماتے ہیں: **لأن فيه ضعيفاً ومجهولاً، انتهىٰ.**

اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ دنیا کے معاملہ میں بہت زیادہ کوشش نہ کرے، جیسے کسی کو یہ معلوم ہو کہ اسے ہمیشہ رہنا ہے تو وہ آج کا کام کل پر ڈالتا رہے گا، بخلاف آخرت کے کہ اس میں خوب فکر کرنی چاہیے جیسے کسی کو آج ہی کا دن عمل کے واسطے ہے اور کل تو اسے حاضری دینی ہے تو وہ پوری کوشش کرے گا۔

پھر بہت دنوں کے بعد جب حافظ ابن حجر کی المطالب العالیہ چھپ کر آئی تو اس میں (ص۲۷۲/۳) عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ کا قول بروایتِ حارث بن ابی اسامہ ان الفاظ میں ملا : **أحرز لدنياك كأنك تعيش أبداً واعمل لآخرتك كأنك تموت غداً. وقال بعض الفضلاء في حاشية المقاصد الحسنة (ص۱۹۲) رواه ابن أبي الدنيا بلفظ 'احرث'، وإسناده مجهول ولا أصل له في المرفوع، وقول عبد الله بن عمروؓ رواه ابن قتيبة في غريب الحديث (ص۱۸/۱) بلفظ "احرث". انتهىٰ.**

(۲) حدیث ثانی بھی بلفظہ کہیں نہیں ملی، البتہ ایک حدیث اسکے قریب قریب ملتی ہے جس کو دیلمی نے بحوالہ طبرانی ابن مسعودؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے۔

قال السخاوي: عزى الديلمي إلى الطبراني عن ابن مسعودؓ مرفوعاً والنظافة تدعو إلى الإيمان.اه. وقال العراقي في تخريج الإحياء (ص۱۱۱/۱): وهو للطبراني في الأوسط بسند ضعيف جداً، اه.

وقال الهيثمي في مجمع الزوائد (ص۱۳۲/۵): روى الطبراني في الأوسط عن عائشةؓ قالت: قال رسول اللهﷺ : الإسلام نظيف فتنظّفوا فإنه لا يدخل الجنة إلا نظيف. وفيه نعيم بن مورع وهو ضعيف، قلت: هذا الحديث رواه ابن حبان في الضعفاء والطبراني في الأوسط والدار قطني في الأفواد من حديث نعيم بن مورع عن هشام بن عروة عن أبيه عن عائشةؓ به مرفوعاً.

ونعيم قال النسائي: ليس بثقة، وقال ابن عدي: يسرق الأحاديث وعامة ما يرويه غير محفوظ، وقال الحاكم وأبو سعيد النقاش: روى عن هشام أحاديث موضوعة، وقال أبو نعيم: روى عن هشام مناكير، قال الحافظ في اللسان: وذكره ابن حبان في الثقات وكأنه خرجه فذكره في الضعفاء وقال: يروى عن الثقات العجائب لا يجوز الاحتجاج به بحال، فقد قال البخاري: حديثه غير محفوظ إلا عن أبي معشر وذكره العقيلي في الضعفاء ونقل عن البخاري أنه قال: منكر الحديث.

(۳) اور حدیث ثالث بھی بلفظہ باوجود کثیر تتبع کے نہیں ملی لیکن اس کے معنیٰ احادیث میں ملتے ہیں جو کنز العمال اور منتخب کنز العمال وغیرہ میں مذکور ہیں۔

عن عليؓ قال: الدنيا جيفة فمن أرادها فليصبر على مخالطة الكلاب. أبو الشيخ، منتخب (ص۱۹۲/۱)، أوحى الله إلى داود: يا داود! مثل الدنيا كمثل جيفة اجتمعت عليها الكلاب

یجرّونها أفتحبّ أن تکون کلباً مثلهم فتجرّ معهم؟ یا داود! طیب الطعام ولین اللباس والصیت فی الناس وفی الآخرة الجنة لا تجتمع أبداً. الدیلمی عن علیؓ، منتخب (ص۱۸۶/۱)۔

اس کے بعد سیوطی کی کتاب **الدرر المنثورة** میں حدیث مسئول پر کلام ملا، فرماتے ہیں (ص۸۶): **الدنیا جیفة والناس کلابها. أبو الشیخ فی تفسیره عن علیؓ موقوفاً الدنیا جیفة فمن أرادها فلیصبر علی مخالطة الکلاب، وأخرج الدیلمی عن علیؓ مرفوعاً أوحی الله إلی داود. الخ.**

علامہ سیوطی نے بھی وہی دونوں حدیثیں ذکر فرمائی ہیں جو بندہ نے ذکر کی ہیں اور حاصل یہ ہے کہ حدیث بلفظہ تو موجود نہیں ہے ہاں بمعناہ ملتی ہے۔ واللہ اعلم۔

علامہ شعرانی نے طبقات میں حضرت علیؓ کا مقولہ نقل کیا ہے جس کا ترجمہ حضرت شیخ مدظلہ نے تاریخ مشائخ چشت (ص۱۲۰) میں نقل کیا ہے۔ **وهو هذا:**

فرمایا کرتے تھے کہ دنیا مردار ہے اور اس کے چاہنے والے کتے ہیں، لہٰذا جو اس دنیا سے لینا چاہے وہ کتوں کے ساتھ ملا جلا کرے۔ علامہ شعرانی نے اس مقولہ کی شرح کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اس سے مراد وہ چیزیں ہیں جو حاجات ضروریہ سے زائد ہوں اور جو چیزیں حاجت اور ضرورت کی ہیں وہ اس میں داخل نہیں۔ انتہیٰ۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

ثم رجع ومحجن فی مجلسه الخ کی تخریج

سوال:

أخرج مالک فی الموطا والبخاری فی الأدب المفرد والنسائی وابن خزیمة والحاکم عن محجنؓ أنه کان جالساً مع رسول الله ﷺ فأذّن بالصلاة، فقام النبی ﷺ ثم رجع ومحجن فی مجلسه. الحدیث. اصابه (ص۶/۴۷)۔

یہ حدیث مستدرک اور ادب مفرد اور اوجز کے کس باب اور کس صفحہ پر ہے؟

(مولانا) عبداللہ دہلوی

جواب:

حدیث مسئول مدت ہوئی میں نے اصابہ میں دیکھی تھی اور اس میں ادب مفرد کا حوالہ دیکھا، لیکن مجھے یہ روایت الادب

المفرد میں نہیں ملی، حاکم نے کتاب الصلوۃ میں (ص۲۴۴/۱) اور امام مالک نے اعادۃ الصلاۃ مع الامام کے عنوان کے تحت ذکر فرمائی ہے، اوجز (ص۱۴/۲) دیکھئے۔

میرا خیال ہے کہ ہماری نظر چوک گئی بعد میں دوبارہ پھر دیکھا پھر بھی نہیں ملی، یا نسخہ ناقص ہے اور ممکن ہے کہ حافظ ابن حجر کو عزو الحدیث میں سہو ہو گیا ہو۔ والسلام۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

۱۱ ذی الحجہ ۱۳۹۳ھ

حضور ﷺ کا پورے موئے مبارک کا منڈوانا
شب براءت میں جنت البقیع میں جانا
عبداللہ بن جابر صحابی کتنے ہیں؟

سوال (۱):

حضور ﷺ نے سوائے حجۃ الوداع کے موئے مبارک پورے منڈوائے ہیں کہ نہیں؟

سوال (۲):

پندرہویں شبِ شعبان میں آپ ﷺ کا جنۃ البقیع میں تشریف لیجانا برائے ایصال ثواب واستغفار صحیح حدیث میں وارد ہے؟ آیا آپ ﷺ نے اسکی ترغیب صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو دی یا نہیں؟ اور آپ ﷺ کے بعد صحابہ کرامؓ کا کیا معمول رہا؟

سوال (۳):

عبداللہ بن جابرؓ رواتِ حدیث میں سے ہیں یا نہیں؟ سن وفات بھی مسطور فرمائیں۔ یہ بھی تحریر فرمائیں کہ عبداللہ بن جابر نام کے کتنے صحابی ہیں؟

مولوی مشتاق احمد صاحب فیض آبادی مقیم شیرکوٹ بجنور

جواب (۱):

آنحضرت ﷺ کا جس طرح حجۃ الوداع میں حلق رأس فرمانا وارد ہے اسی طرح عمرات میں حلق رأس فرمانا وارد ہے۔

پہلا عمرہ عمرۂ حدیبیہ ہے اس میں حلق فرمایا، بخاری شریف میں (ص۴۶۰، ۶۰۱، ۶۱۰) حضرت ابن عمرؓ کی روایت ہے:

خرجنا مع رسول الله ﷺ فحال كفار قريش دون البيت فنحر النبى ﷺ هديه وحلق رأسه. الحديث. وفى لفظ البخارى حلق رسول الله ﷺ وقصر أصحابه.

بخاری شریف (ص۳۴۲) ہی میں ابن عباسؓ کی روایت ہے: **قد أحصر رسول الله ﷺ فحلق رأسه وجامع نسائه ونحر هديه حتىٰ اعتمر عاماً قابلاً.** اسی طرح صلح حدیبیہ کی طویل حدیث میں ہے: **فلما فرغ من قضيّة الكتاب قال رسول الله ﷺ لأصحابه: قوموا فانحروا ثم احلقوا، قال: فوالله ما قام منهم رجل حتىٰ قال ذالك ثلاث مرات، فلما لم يقم منهم أحد دخل على أم سلمةؓ فذكر لها ما لقى من الناس، فقالت أم سلمةؓ : يا نبى الله! أتحبّ ذاك؟ اخرج ثم لا تكلّم أحداً منهم كلمة حتىٰ تنحر بدنك وتدعو حالقك فيحلقك، فخرج فلم يكلّم أحداً منهم حتىٰ فعل ذالك نحر بدنه ودعا حالقه فحلقه، فلما رأوا ذالك قاموا فنحروا وجعل يحلق بعضهم بعضاً حتىٰ كاد بعضهم يقتل بعضاً غمّاً. الحديث. أخرجه البخارى** (ص۳۸۰)**عن المسور بن مخرمة.** صحابہ دونوں طرح کے تھے بعض نے حلق کیا اور بعض نے قصر جیسا کہ اس روایت اور ابن عمرؓ کی روایۃ سابقہ کے جمع کرنے سے معلوم ہوتا ہے یعنی جمع کا مقتضی ہے۔

اسی طرح دوسرا عمرہ عمرۃ القضاء ہے، اس میں بھی حلق فرمایا جیسا کہ ابن سعد نے لکھا ہے (ص۱۲۲/۲): **فنحر عند المروة وحلق هناك وكذلك فعل المسلمون.** زرقانی فرماتے ہیں (ص۲۵۹/۳): **ذكر صاحب الأمتاع أنه حلق معمر بن عبد الله العدوى،** اھ۔

یہ جو ابن سعد نے لکھا ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے عمرۃ القضاء میں حلق فرمایا ہے یہ اپنے شیخ محمد بن عمر بن واقد الواقدی کے اتباع میں لکھا ہے اور ان دونوں کا اتباع بعد کے مؤرخین ومحدثین نے کیا ہے جیسے قسطلانی وزرقانی وغیرہ۔

اسی طرح عمرۂ جعرانہ میں بھی حلق رأس فرمانا بعض روایات میں وارد ہے، **قال الحافظ ابن حجر فى الفتح** (ص۴۵۱/۳): **أخرج الحاكم فى الإكليل فى آخر قصة غزوة حنين أن الذى حلق راسه ﷺ فى عمرته التى اعتمرها فى الجعرّانة أبو هند عبد بنى بياضة، وكذا ذكره فى الإصابة فى ترجمة أبى هند، وهذا الذى ذكره الحاكم تبعه صاحب التاريخ الخميس، فقال: طاف وسعى وحلق رأسه وحالقه أبو هند.** اھ۔ لیکن حافظ ابن حجر کو اس کے ثبوت میں تردّد ہے **كما يظهر من الفتح.**

اگر یہ مان لیا جائے کہ حضور اقدس ﷺ نے عمرۃ القضاء اور عمرۃ الجعرانہ دونوں میں حلق فرمایا ہے تو ایک اشکال ہوتا ہے کہ مسلم شریف (ص۴۰۸) میں حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے **أن معاوية بن أبى سفيان أخبره قال:**

قصرت عن رأس رسول الله ﷺ بمشقص وهو على المروة أو رأيته يقصر عنه وهو على المروة.

اس روایت کو حجۃ الوداع اور عمرۃ الحدیبیہ پر بدو وجہ حمل نہیں کر سکتے، ایک تو اس وجہ سے کہ احادیث صحیحہ میں حجۃ الوداع اور عمرۃ الحدیبیہ میں حلق فرمانا ثابت ہے، اور دوسرے اس وجہ سے کہ حجۃ الوداع میں منیٰ میں حلق فرمایا اور مروہ پر حلق یا قصر کا کوئی احتمال ہی نہیں ہے، اسلئے کہ حضور اقدس ﷺ علی التحقیق قارن تھے، اور عمرۃ الحدیبیہ میں حدیبیہ میں حلق فرمایا مکہ میں داخل ہی نہیں ہوئے، اور تیسرے اس وجہ سے بھی کہ حضرت معاویہؓ اس وقت تک مسلمان ہی نہیں ہوئے تھے۔

اب عمرۃ القضاء پر محمول ہے یا عمرۂ جعرانہ پر، مگر دونوں پر حمل کرنے میں اشکال ہے، کیونکہ حضور ﷺ نے دونوں موقعہ پر اصحاب السّیر کی رائے پر حلق فرمایا ہے اس لئے بعض محققین کی رائے ہے کہ حضرت معاویہؓ کو وہم ہو گیا اور انہیں واقعہ یاد نہیں رہا، اور اگر مان لیا جائے کہ انہیں واقعہ یاد رہا تو پھر یہ ممکن ہے کہ اول حضور ﷺ نے دونوں میں سے کسی ایک میں قصر کر لیا ہو اس لئے کہ حلاّق موجود نہیں تھا پھر جب حلاّق آ گیا تو پھر حلق بھی فرمالیا اس لئے کہ حلق قصر سے افضل ہے۔

اس کے بعد یہ بات بھی قابل توجہ ہے کہ بظاہر عمرۃ القضاء پر حمل درست نہیں، اس لئے کہ حضرت معاویہؓ مسلمۃ الفتح میں سے ہیں اور عمرۃ القضاء ۷ھ میں واقع ہوا، اسی لئے اکثر محققین جیسے امام نووی، محبّ طبری، ابن القیم، ابن کثیر وغیرہم کی رائے ہے کہ یہ عمرۃ الجعرانہ کا واقعہ ہے۔

لیکن حافظ ابن عساکر نے تاریخ دمشق میں لکھا ہے کہ حضرت معاویہؓ عمرۃ القضاء اور عمرۃ الجعرانہ کے مابین مسلمان ہو گئے تھے لیکن اپنے والدین کے خوف سے اسلام ظاہر نہیں کرتے تھے، اس صورت میں ممکن ہے کہ حدیث معاویہؓ کو عمرۃ القضاء پر حمل کیا جائے، مگر اس پر اشکال یہ ہے کہ روایات میں تصریح ہے کہ جب حضور اقدس ﷺ عمرۃ القضاء کے لئے تشریف لے گئے تو کفار مکہ غیظ وغضب میں مکہ سے باہر نکل گئے، تو اب سوال یہ ہے کہ حضرت معاویہؓ کہاں رہ گئے تھے کہ حضور اقدس ﷺ کے بالوں کو قصر کرتے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ممکن ہے کہ کہیں پوشیدہ ہو گئے ہوں، واللہ اعلم۔

(**فائدہ**): آنحضرت ﷺ سے پورے سر کا حلق کرانا سوائے حج وعمرہ کے کہیں ثابت نہیں **كما صرّح به الإمام النووي**، اس لئے اکثر علماء کی رائے ہے کہ بال رکھنا افضل ہے۔ اور علامہ کرمانی نے لکھا ہے کہ حضرات صحابہ حج وعمرہ اور ضرورت کے علاوہ پورے سر کا حلق نہیں فرماتے تھے، البتہ ابوداود شریف (ص ۱۵۲) وغیرہ میں حضرت علیؓ سے سارے سر کا حلق منقول ہے۔

جواب (۲):

یہ سوال تو عجیب وغریب ہے کہ حد نہیں۔

کیا تمام احکام شرعیہ احادیث صحیحہ ہی سے ثابت ہیں؟ اور کیا احادیث حسنہ سے احکام کا ثبوت نہیں ہوتا ہے؟

بلکہ جہاں تک میرا خیال ہے کہ بیشتر احکام کا ثبوت احادیث حسنہ ہی سے ہے، **وقد صرّح بذالک البغوی فی ما أنذکر**، اور پھر یہ مسئلہ تو فضائل سے متعلق ہے اور فضائل میں احادیث ضعیفہ سے بھی استدلال جائز ہے۔

امام احمدؒ فرماتے ہیں: **إذا روینا عن رسول اللہ ﷺ فی الحلال والحرام والسنن والأحکام تشدّدنا فی الأسانید، وإذا روینا عن النبی ﷺ فی فضائل الأعمال وما لا یضع حکماً ولا یرفعه تساهلنا فی الأسانید.** یہی مضمون سفیان ثوری، سفیان بن عیینہ، ابوزکریا العنبری اور دیگر ائمہ فن سے منقول ہے **رواه عنهم الخطیب فی الکفایة** (ص۱۳۴)۔

اب سنئے! شعبان وصوم شعبان کے فضائل اور لیلۂ نصفِ شعبان کے فضائل روایات میں وارد ہیں **کما ذکرها المنذری فی ترغیبه.** اس طرح آپ کا پندرہویں شعبان کی رات میں بقیع تشریف لیجانا بھی بعض روایات میں ثابت ہے، چنانچہ مسند احمد، ابن ابی شیبہ، ترمذی وبیہقی وابن ماجہ وغیرہ نے حضرت عائشہؓ سے نقل کیا ہے:

فقدت رسول اللہ ﷺ لیلةً، فإذا هو بالبقیع، فقال: أکنت تخافین أن یحیف اللہ علیک ورسوله، قلت: یا رسول اللہ! إنی ظننت أنک أتیت بعض نسائک، فقال: إن اللہ تعالیٰ ینزل لیلة النصف من شعبان إلی السماء الدنیا فیغفر للأکثر من عدد شعر غنم کلب. قال الترمذی: غریب لا نعرفه إلا من هذا الوجه من حدیث الحجاج بن أرطاة عن یحیی عن عروة عن عائشةؓ، وسمعت محمداً یضعّف هذا الحدیث وقال: یحییٰ لم یسمع من عروة والحجاج لم یسمع من یحییٰ. اه. وهو مسلّم فی الثانی، وأما سماع یحیی عن عروة فنفاه أیضاً أبو زرعة وأبو حاتم فیما ظنّه وأثبته ابن معین، والمثبت مقدّم علی النافی، وقول الترمذی لا نعرفه إلا من هذا الوجه تقصیر، فقد جاء من ثلاثة أوجه غیره کما بیّنه العراقی، قال الزرقانی: وبالجملة فبعضها یعضد بعضاً فیرتقی إلی الحسن لغیره، ولذا قال ابن رجب: إنه أمثل ما ورد فی فضل لیلة النصف من شعبان.

میرا خیال ہے کہ پندرہویں شعبان کی رات کو قبرستان جانے کی سند یہی حدیث ہے، اور چونکہ فضائل میں احادیث ضعیفہ پر بھی عمل ہوتا چلا آیا ہے اس لیے کوئی اشکال نہیں ہے، صحابہ کرامؓ کو قبرستان جانے کی ترغیب دینا منقول نہیں ہے اور اس وقت صحابہ کا معمول معلوم نہ ہوسکا کہ کیا تھا۔ واللہ اعلم۔

جواب (۳):

عبداللہ بن جابر نامی دوصحابی ہیں، ایک عبداللہ بن جابر الانصاری البیاضی، بخاری وابن حبان نے ان کوصحابہ میں شمار کیا ہے، دوسرے عبداللہ بن جابر العبدی ہیں جو وفد عبدالقیس میں آئے تھے، وفات دونوں کی معلوم نہیں، دونوں کا حال اصابہ میں دیکھئے، ان دونوں کے علاوہ عبداللہ بن جابر کوئی صحابی نہیں ہے، واللہ اعلم۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

شب دوشنبہ ۱۹ ذی الحجہ ۱۳۹۳ھ

کیا حضور اقدس ﷺ کے حضور اعمال کی پیشی ہوتی ہے؟

جواب:

صراحۃً تو یہ کسی روایت میں نہیں ملا کہ دوشنبہ اور پنج شنبہ کو حضور اقدس ﷺ کے سامنے اعمال پیش ہوتے ہیں، ہاں بعض روایات میں اعمال کی پیشی کا ذکر حضور اقدس ﷺ کے سامنے ملتا ہے۔

البتہ اللہ تعالیٰ کے سامنے یوم الاثنین ویوم الخمیس میں اعمال کی پیشی کا ذکر ترمذی شریف (ص ۹۳) میں حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث میں وارد ہے۔

اور علامہ سیوطی نے شرح الصدور (ص ۱۱۰) میں ایک روایت نقل کی ہے جس میں انبیاء کے سامنے اعمال کی پیشی کا ذکر ہے۔ **قال السیوطی: أخرج الحکیم الترمذی فی نوادره من حدیث عبدالغفور بن عبدالعزیز عن أبیه عن جده قال: قال رسول الله ﷺ تعرض الأعمال یوم الإثنین ویوم الخمیس علی الله تعالیٰ وتعرض علی الأنبیاء وعلی الآباء والأمهات یوم الجمعة فیفرحون بحسناتهم وتزداد وجوههم بیاضاً وإشراقاً فاتقوا الله ولا تؤذوا موتاکم .اه.**

اور ابن المبارک نے کتاب الزہد میں ایک مرسل روایت نقل کی ہے جس میں حضور اقدس ﷺ کے سامنے اعمال کی پیشی صبح وشام مذکور ہے۔

قال (ص ۲۴): أخبرنا رجل من الأنصار عن المنهال بن عمرو أنه سمع سعید بن المسیب یقول: لیس من یوم إلا یعرض فیه علی النبی ﷺ أمّته غدوة وعشیة فیعرفهم بسیماهم وأعمالهم فلذالک یشهد علیهم، یقول الله تبارک وتعالیٰ فکیف إذاجئنا من کل أمة بشهید وجئنابک علی هؤلاء

شهيداً. ابن المبارک نے اس حدیث پر **باب فی عرض عمل الأحياء على الأموات** کا ترجمہ قائم کیا ہے، یہ حدیث ابن الحاج نے کتاب المدخل میں اور قرطبی نے تذکرہ میں نقل کی ہے لیکن یہ ایک ضعیف السند اثر ہے، اس لئے کہ ابن المبارک کے استاذ مبہم ہیں اور نیز یہ سعید بن المسیب کا اثر ہے مرفوع نہیں۔

علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ دونوں میں کوئی تعارض نہیں ہے، ممکن ہے کہ حضور اکرم ﷺ کے سامنے جمعہ کے دن بھی پیشی ہوتی ہو جس طرح دیگر انبیاءؑ کے سامنے پیشی ہوتی ہے، اور مزید برآں یہ کہ خاص طور سے آپ کے سامنے روزانہ صبح وشام بھی پیشی ہوتی ہوگی، ابن المسیب کا اثر اور قرطبی کا کلام حافظ ابن کثیر نے بھی اپنی تفسیر میں نقل کیا ہے، دیکھیں ابن کثیر (ص ۴۹۹/۱)، اس وقت اس سے زیادہ کچھ نہ مل سکا۔ محمد یونس عفی عنہ

۲۲ ذی الحجہ ۱۳۹۳ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

لو كنت متخذاً خليلًا الخ اور حدیث مواخاة علیؓ کیسی ہے؟

سوال:

خادم کے زیر مطالعہ فجر الاسلام تالیف احمد امین ہے، جس میں وہ (ص ۲۱۳) اسباب وضعِ احادیث پر نشاندہی کرتے ہوئے شرح ابن ابی الحدید سے نقل کرتے ہیں: **فلما رأت البكريّة ماصنعت الشيعة وضعت لصاحبها أحاديث فی مقابلة هذه الأحاديث نحو لو كنت متخذاً خليلاً الخ فإنهم وضعوا فی مقابلة حديث الإخاء. الخ**. ان دونوں حدیثوں کے بارے میں کچھ خادم کو تشفی نہیں ہے کہ یہ موضوع ہوں۔

اگر وقت اجازت دے تو تحقیق سے نوازا جائے۔ از گلاب حسین

جواب:

حدیث **لو كنت متخذاً من أمتی خليلاً لا تّخذت أبا بكر** متفق علیہ ہے اور متعدد صحابہ سے مروی ہے۔ حضرت ابوسعید خدریؓ سے صحیح بخاری (ص ۶۷) و مسلم (ص ۲۷۲) و ترمذی میں، حضرت ابن عباسؓ سے بخاری (ص ۵۱۶) میں، حضرت ابن مسعودؓ سے مسلم و ترمذی میں، حضرت ابن زبیرؓ سے صحیح بخاری میں، اور ابو ہریرہؓ سے ترمذی میں، حضرت عائشہؓ اور ابن عمرؓ اور ابو واقد لیثیؓ سے طبرانی میں۔

علامہ سیوطی نے لکھا ہے کہ یہ حدیث متواتر ہے اور دس سے زیادہ صحابہ سے نقل فرمایا ہے، جو شخص اس کو موضوع کہتا ہے وہ اسلام و اہل اسلام کا دشمن ہے یا جاہل محض ہے۔

البتہ حدیث المواخاۃ کوابن تیمیہ نے موضوع کہاہے، عراقی کہتے ہیں **کلما ورد فی أخوّته أی علیؓ فضعیف لا یصحّ منه شیء** . حافظ ابن کثیر فرماتے ہیں: **فی صحته نظر.**

اس میں تو کوئی تردد نہیں کہ حدیث المواخاۃ متکلم فیہ ہے اس لئے کہ اسکا مدار جمیع بن عمیر پر ہے، اسی کے طریق سے ترمذی وحاکم نے روایت کیا ہے اور جمیع بن عمیر ضعیف راوی ہے، ابن حبان کہتے ہیں: **رافضی یضع الحدیث، وقال ابن عدی: عامّة ما یرویه لایتابع علیه. والله أعلم**

احقر محمد یونس عفی عنہ

۲ محرم ۱۳۹۴ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

امام کو لقمہ دینے سے متعلق کوئی کتاب ؟

کل عشبة نابتة فی الأرض الخ حدیث ہے؟

حضرت ابو ہریرہؓ کے کوہِ طور پر جانے کی حدیث

إنّ لنفسک علیک حقًّا کہاں ہے؟

انتخاب الترغیب پر تبصرہ

سوال: چند دریافت طلب باتیں پیش خدمت ہیں:

(۱) امام کو لقمہ دینے کے متعلق عربی اردو میں کسی نے کوئی مستقل رسالہ لکھا ہے؟ اگر لکھا تو اس کا نام اور مصنف کا نام تحریر فرمائیں، حاشیہ ہدایہ (ص ۶۳۲) کے اخیر میں ایک رسالہ **القول الأشرف فی الفتح عن المصحف** کا نام ذکر کیا گیا ہے، کیا وہ اسی موضوع پر ہے؟ مؤلفہ مولانا عبدالحی صاحب۔

(۲) **کل عشبة نابتة فی الأرض فیها حکمة ثابت.** کیا یہ حدیث ہے؟ ذوق تو اس کو حدیث تسلیم نہیں کرتا مگر فیصلہ بغیر مراجعت وتحقیق کے کیسے کیا جاسکتا ہے۔

(۳) ایک حدیث میں ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ کوہِ طور پر زیارت کے لئے گئے تھے جب وہ لوٹے تو حضرت بصرہ بن ابی بصرہ غفاریؓ نے فرمایا کے اگر جاتے وقت مجھے معلوم ہو جاتا تو میں تم کو ہرگز نہ جانے دیتا، میں نے کہیں پر نسائی کے حوالہ سے دیکھی تھی مگر نسائی میں نہیں ملی، براہ کرم حوالہ تحریر فرمائیے۔

(۴) **إن لنفسک علیک حقاً الخ** کا حوالہ۔

خدا کرے آپ ہر طرح بخیر ہوں۔

نوٹ :۔ انتخاب الترغیب پر آپ کے تاثرات اور مفصل تبصرے کا انتظار ہے۔ والسلام۔

محمد عبداللہ طارق دہلوی

جواب:

(۱) امام کو لقمہ دینے کے متعلق مولانا عبدالحی صاحبؒ کے دو رسالے ہیں **ایک قوت المغتذین بفتح المقتدین** جو عربی میں ہے، اور دوسرا **هداية المعتدين فی فتح المقتدين** جو اردو میں ہے۔

ان دونوں رسالوں کا ذکر مولانا موصوف نے مقدمہ تعلیق الممجد میں اپنی تالیفات کے ضمن میں کیا ہے۔

اور رسالہ **القول الأشرف فی الفتح عن المصحف** کا موضوع تو قرآن دیکھ کر لقمہ دینے کے متعلق ہے جیسا کہ نام ہی سے ظاہر ہوتا ہے۔

(۲) **كل عشبة نابتة** حدیث نہیں ہے، صحاح و مسانید تو بڑی چیزیں ہیں اس کا ذکر تو موضوعات میں بھی نہیں ہے۔ یہ کسی حکیم کا قول ہے، اپنے پاس موجودہ کتابوں میں اس کے متعلق کچھ نظر سے نہیں گذرا مگر معنی صحیح ہے، تمام مخلوقاتِ خداوندی میں حکیمِ مطلق کی حکمت پوشیدہ ہے ورنہ نعوذ باللہ لازم آئیگا کہ فعل الباری لغو و بے حکمت ہو حالانکہ مشہور ہے **فعل الحكيم لايخلو عن الحكمة. انتهىٰ. فكيف بالحكيم المطلق.**

(۳) یہ حدیث امام مالک نے موطا میں **ماجاء فی الساعة التی فی يوم الجمعة** اور امام نسائی نے (ص ۲۱۰) **ذكر الساعة التي يستجاب فيها الدعاء يوم الجمعة** کے تحت روایت فرمائی ہے۔ (کذا فی المشکوٰۃ ص ۱۲۰)

(۴) حدیث **إن لنفسک علیک حقاً** حضرت عبداللہ بن عمرو العاصؓ سے بخاری وغیرہ میں مروی ہے۔

بخاری (ص ۱۵۴) پر ہے **إن لنفسک حقاً** اور (ص ۲۶۵) پر ہے **إن لنفسک وأهلک عليک حقاً** اور مسلم میں (ص ۳۶۶) **فإن لعينيک حظاً ولأهلک حظاً** ہے اور (ص ۳۶۷) پر **ولنفسک حق** ہے۔

ملاحظہ انتخاب الترغیب بالاستیعاب تو نہیں دیکھ سکا لیکن جہاں سے دیکھا پسند آئی، خصوصاً منکرین حدیث پر جو تردید کی گئی ہے وہ بہت ہی اچھے انداز میں ہے، اللہ تعالیٰ قبول فرمائے، پھر کسی وقت بعض معروضات پیش کرونگا بشرطیکہ فرصت ہو جائے اور طبیعت حاضر ہو، دعاؤں کا سخت محتاج ہوں ہر طرح کی عافیت کے لئے دعا فرماتے رہیں۔ والسلام

احقر محمد یونس عفی عنہ ۲۰ صفر ۱۳۹۴ھ

حدیث لما عقر ثمود الناقة الخ مسلم شریف میں ہے یا نہیں؟

سوال:

تاریخ مکہ للأزرقی میں ایک حدیث ہے **حدثنی جدی قال: حدثنی مسلم بن خالد قال: حدثنا ابن خثیم قال: حدثنا أبو الزبیر عن جابر بن عبداللہؓ أنّ النبیﷺ قال: لما عقر ثمود الناقة وأخذتهم الصیحة فأهلکتهم إلا رجل واحد منهم کان فی حرم الله فلما خرج منه أصابه ما أصاب قومه، قیل: من هو؟ یارسول الله! قال: أبو رغال.** الفاظ اسی قسم کے ہیں علامہ تقی الدین الفاسی نے شفاء الغرام میں اس حدیث کو مسلم اور مسند احمد اور صحیح ابن حبان کی طرف منسوب کیا ہے۔

مسند میں (ص۲۹۶/۳) میں ہے، مسلم شریف میں سعی بلیغ کے باوجود نہ مل سکی، ذخائر المواریث میں مسند جابرؓ پوری دیکھ لی اس میں بھی نہیں ہے، تاریخ مکہ پر ایک اور کتاب ہے جس میں مسلم شریف کا حوالہ دیا گیا ہے، الروض الانف میں سہیلی نے جامع معمر بن راشد کی طرف منسوب کیا ہے، اور اس مفہوم کی روایت حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ سے ابو داود کی کتاب الخراج کے آخر میں موجود ہے۔

اب سوال یہ ہے کہ یہ حدیث مسلم شریف میں ہے یا نہیں؟

(مولانا) برکت اللہ تھانوی (ضلع تھانہ)

جواب:

حدیث جابرؓ صحاح ستہ میں نہیں ہے، امام احمد نے (ص۲۹۶/۳) میں تخریج کی ہے، اسی طرح حاکم نے مستدرک میں (ص۳۲۰) **کلاهما من طریق عبد الرزاق عن معمر عن عبد الله بن عثمان بن خثیم، قال الحاکم: صحیح الإسناد، وأقرّه الذهبی، وقال الحافظ بن کثیر فی تفسیره (ص۲۲۷/۲) بعد تخریجه عن المسند: هذا الحدیث لیس فی شیء من الکتب الستّة وهو علی شرط مسلم وکذا قال فی تاریخه.** (ص۱۳۷/۱)۔

حاکم کا اس کو مستدرک میں ذکر کرنا خود اس بات کا قرینہ ہے کہ یہ حدیث صحیحین میں نہیں ہے گو حاکم کو اس میں اوہام بھی ہوتے ہیں مگر ذہبی کا سکوت کرنا اس کا موید ہے، اور اس کے بعد حافظ ابن کثیر کا صاف صاف یہ کہہ دینا کہ یہ روایت کتب ستہ میں نہیں ہے اس کی دلیل واضح ہے، کیونکہ ناقدِ فن کی نفی حجت ہوتی ہے۔

میرے علم میں تو مسلم شریف میں ابو رغال کا نام تک نہیں مذکور ہے، اسوقت میرے پاس درمنثور نہیں ہے اگر مل جائے

تو سورۂ اعراف کی تفسیر دیکھ لیں، مخارجِ حدیث زیادہ سے زیادہ مل جائیں گے، والسلام

احقر محمد یونس عفی عنہ

۱۱ ربیع الاول ۱۳۹۴ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ

سوال:

مجھ کو آپ نہیں جانتے لیکن مجھ کو ایک ثقہ روای کی معرفت معلوم ہے کہ آپ شیخ الحدیث نہیں بلکہ ابوالحدیث ہیں، کچھ عرصہ ہوا یہاں بدعتیوں کے مکتب پر مبارک پور کے شیخ الحدیث عبدالعزیز صاحب کی تشریف آوری ہوئی، دورانِ میلاد فرما گئے کہ رسول اکرم ﷺ کا سایہ نہیں تھا، میں نے ثبوت طلب کیا تو دیڑھ دو ماہ کے بعد خط آیا کہ شفاء قاضی عیاض میں حدیث ہے کہ حضور ﷺ کا سایہ نہیں تھا، یہ الفاظ انہیں کی تحریر کے ہیں، اب میرے لئے بڑی مشکل ہے کہ وہ کتاب میں نے پڑھی نہیں ہے، نہ ہی وہ حدیث میری نظر سے گذری ہے، میں اس کی نوعیت کے بارے میں کیا اندازہ لگا سکتا ہوں۔

اب یہاں آپ کی راہنمائی کی ضرورت ہے برائے کرم اس سلسلے میں آپ جو میری مدد کر سکتے ہوں دریغ نہ کریں۔

جواب:

ابھی ابھی آپ کا کارڈ ملا، حضور اقدس ﷺ کے متعلق مشہور تو یہی ہے کہ قد اقدس کا سایہ نہ تھا اور واقعی قاضی عیاض نے شفا میں لکھا ہے کہ **ذكر أن رسول الله لا يرىٰ ظلّ شخصه في شمس ولا قمر لأنه كان نوراً.** ملا علی قاری اس کی شرح میں فرماتے ہیں کہ **نقله الحلبي عن ابن سبع وقال الخفاجي رواه صاحب الوفاء عن ابن عباس رضي الله عنهما،** لیکن کسی نے اس کی سند نقل نہیں کی اور سند ہی پر دارومدار ہے، محض کسی عالم کا اس قسم کی بات کا بے سند نقل کرنا جس کا تعلق نقل و روایت سے ہو کافی نہیں ہے جب تک کہ سند نہ ذکر کی جائے۔

مسند احمد جس کا درجہ ابن تیمیہ کی رائے میں ابوداود کے برابر بلکہ افضل ہے اس میں ایک حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نقل ہے، اس میں قد انور کے سایہ کا ذکر ہے، **قال (ص ۶/۶۱): حدثنا يونس ثنا حماد عن ثابت عن شميسة عن عائشةؓ أن بعيراً لصفية اعتلّ وعند زينب فضل ظهر من الإبل، فقال**

رسول الله ﷺ لزينب: إن بعير صفية اعتلّ فلو أنک أعطيتها بعيراً، قالت: أنا أعطي تلک اليهودية؟ فتركها فغضب رسول الله ﷺ شهرين أو ثلاثاً حتى رفعت سريرها وظنت أنه لا يرضىٰ عنها، قالت: فإذا أنا بظلّه يوماً بنصف النهار فدخل رسول الله ﷺ فأعادت سريرها.

بندہ ضعیف کہتا ہے کہ اس حدیث کے رجال معروف ہیں، شمیسہ کے بارے میں حافظ نے کہا ہے مقبولة، اس لئے اگر کہا جائے کہ یہ سند حسن ہے تو بجا ہوگا۔ فقط والسلام

بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

افتح الطعام بالملح واختم به کی تحقیق

یا محمد! قم فادخل الجنة الخ کی تحقیق

سوال (۱):

حدیثِ ذیل کے بارے میں تحقیق مطلوب ہے، ذرہ نوازی کا امیدوار ہوں۔

عن أبي هريرةؓ قال: قال رسول الله ﷺ: يا أباهريرة! افتح الطعام بالملح واختم به فإن فيه أماناً من سبعين آفة أقلّها جذام. أو كما قال عليه الصلوة والسلام.

اس کتاب کے اوپر ہی لکھا ہے کہ اکثر احادیث موضوع ہیں، کتاب کا نام نیز مؤلف کا نام پھٹ گیا ہے، اب آیا نمکین وشیرینی کے اجتماع کے وقت طریقۂ طعام مسنون کیا ہے؟

سوال (۲):

دوسری حدیث یہ تھی إذا كان يوم القيامة نادىٰ منادٍ: يا محمد! قم فادخل الجنة بغير حساب، فيقوم كل من اسمه محمد يتوهّم أن النداء له، فكرامة محمد ﷺ لايمنعون. سيرة الحلبي (ص۹۹/۱)

آیا اس حدیث کو بیان کرنا کیسا ہے؟ کس درجہ کی حدیث پاک ہے؟ اور کیا حکم ہے؟

جواب (۱):

یہ حدیث مجھے اب تک حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے نہیں ملی، لیکن اسی کے قریب ایک روایت حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا: يا علي! عليک بالملح فإنه شفاء من سبعين داءً أقلّها الجذام

والبرص والجنون. رواه ابن الجوزی فی الموضوعات وقال: لا یصحّ. والمتهم به عبد الله بن أحمد بن عامر أو أبوه فإنهما یرویان عن أهل البیت نسخة کلهاباطلة. وتعقّبه السیوطی فی اللآلی بأن عند البیهقی فی الشعب عن علیؓ موقوفاً: من ابتدأ غذاء ه بالملح أذهب الله عنه سبعین نوعاً من البلاء. وعند ابن مندة فی أخبار أصبهان من حدیث سعد بن معاذؓ مرفوعاً: استفتحوا طعامکم بالملح فوالذی نفسی بیده أنه لیرد ثلاثاً وسبعین من البلاء أو قال من الداء. قلت: فی حدیث علیؓ الموقوف جویر وهو متروک روی عنه عیسیٰ بن أشعث وهو مجهول. وفی حدیث سعد بن معاذؓ إبراهیم بن حبان بن حکیم بن علقمة بن سعد بن معاذ الأوسی ، قال: قال ابن عدی: أحادیثه موضوعة ولم أعرف حبان بن حکیم ولا حکیم بن علقمة. شامی نے ابتداء بالملح والاختتام به کو مستحب لکھا ہے لیکن استحباب ثبوتِ حدیث پر موقوف ہے۔

پھراس کے بعدایک حدیث تمہارے مقصد کے موافق مل گئی عن علیؓ قال: قال رسول الله ﷺ: إذا أکلت فابدأبالملح فإن الملح شفاء سبعین داء، أولها الجنون والجذام والبرص ووجع الأضراس ووجع الحلق ووجع البطن. رواه الحارث بن أبی أسامة عن عبد الرحیم بن واقد عن حماد بن عمرو عن السری بن خالد وهم ضعفاء. (مطالب عالیة وهامشها ص۲/۳۱۵)

جواب (۲):

ابوالمحاسن عبدالرزاق بن محمد الطبسی نے روایت کیا ہے قال السیوطی فی اللآلی (ص۱/۱۰۵): قال أبو المحاسن عبد الرزاق بن محمد الطبسی فی الأربعین أنبأنا أبوعبد الله محمد بن الفضل الفراوی أنبأنا أبو سعید محمد بن علی بن الخشاب الصوفی أنبأنا أبو عمرو أحمد بن أبی القرآنی سمعت أبا الحسن محمد بن یحیی بن محمدالخطیب یقول: سمعت جدی محمد بن سهل بن إسحاق الزیفی یقول: أخبرنا أبی یرفع الحدیث إلی النبی ﷺ أنه قال: إذا کان یوم القیامة نادیٰ منادٍ یا محمد! قم فادخل الجنة بغیر حساب فیقوم کل من اسمه محمد فیتوهّم أن النداء له فلکرامة محمد ﷺ لا یمنعون. قال السیوطی: هذا معضل سقط عنه عدة رجال. انتهی.

حدیث مذکور مجھے اور کہیں نہیں ملی۔

میرا خیال ہے کہ یہ حدیث موضوع ہے،اس کے بعد تنزیہ الشریعۃ (ص۲۲۶) پر نظر پڑی اس کے مصنف نے نقل کر

کے لکھا ہے: **قال بعض أشياخي: هذا حديث موضوع بلا شک**، واللہ اعلم۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

حکایاتِ صحابہ سے متعلق چند دریافت طلب امور

سوال:

(۱) حکایاتِ صحابہ (ص ۸۳ سطر ۲۰) 'غیب کا جاننے والا تیرے علاوہ اور شخص ہے' یہاں 'شخص' کی جگہ 'کوئی' مناسب معلوم ہوتا ہے، کیونکہ مراد حق تعالیٰ شانہ کی ذات اقدس ہے۔

(۲) حکایاتِ صحابہ (ص ۱۰۷ سطر ۱۶) 'حضرت عمرؓ کو اس کا تحمل' یہاں عبداللہ بن عمرؓ ہوگا جیسا کہ عبارت سے ظاہر ہوتا ہے۔

(۳) ایضاً (ص ۱۳۷ سطر ۱۲) '**واخلفني**' مگر الاذکار للنووی (ص ۱۴۶) اور حصن حصین (ص ۱۴۸) میں '**واخلف لي**' بصلۃ لام ہے۔

حکیم مصباح الدین جامعی
ربانی بک ڈپو دہلی

جواب:

(۱) اس لفظ کے متعلق براہ راست حضرت مدظلہ ہی سے اگر استفسار ہو جاتا تو اچھا تھا مگر اب تو حضرت تشریف لے جا چکے، کیونکہ اس لفظ کے باری تعالیٰ پر اطلاق کرنے میں اختلاف ہے جیسا کہ حضرت قطب الاقطاب شیخ عبدالقادر جیلانی نے غنیۃ الطالبین میں نقل فرمایا ہے، اور شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ کی رائے میں امام بخاری کے نزدیک لفظ شخص کا اطلاق حضرت باری تعالیٰ پر جائز ہے، حضرت اقدس مدظلہ نے بظاہر تو لفظ منقول کی پابندی فرمائی ہے، اور اسی لئے آگے علام الغیوب کا لفظ بڑھا دیا تاکہ خلافِ مقصود کا ایہام نہ ہو۔

(۲) ابن کا لفظ کاتب سے چھوٹ گیا ہے صحیح ابن عمرؓ ہے۔

(۳) حدیث میں دونوں طرح وارد ہے، صحیح مسلم وغیرہ میں '**واخلف لي**' ہے لام کے صلہ کے ساتھ اور '**واخلفني**' نون کے ساتھ مسند احمد میں ہے۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

۲۰ ذی القعدۃ ۱۳۹۴ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

ظہر کے قبل کی چار رکعتوں کا ثواب

سوال:

فضائل نماز میں ایک جگہ لکھا ہے کہ ظہر کی نماز سے پہلے چار رکعتوں کا ثواب ایسا ہے جیسا کہ تہجد کی چار رکعتوں کا، ایک جگہ پھر یہ لکھا ہے کہ ظہر سے پہلے چار رکعتیں تہجد کی چار رکعتوں کے برابر شمار ہوتی ہیں۔

یہ چار رکعات کونسی ہیں؟ چاشت کی یا ظہر کی چار سنن قبلیہ۔

غلام قادر حنفی لکھنؤ

جواب:

ظہر سے پہلے جن چار رکعتوں کا ذکر ان دونوں حدیثوں میں وارد ہے وہ بظاہر ظہر کی سنن قبلیہ کی رکعاتِ اربعہ ہیں۔ حافظ منذری محدث (ص۱۰۳/۱) اور حافظ نورالدین الہیثمی محدث (ص۲۲۱/۲) وغیرہما کی یہی رائے ہے، **وھو رأی مجدالدین أبی البرکات ابن تیمیة (نیل ص۱۶/۳) إذ ذکرہ کلّھم فی بیان سنّة الظھر.** واللہ اعلم۔

فائدہ: حدیث اول سنن سعید بن منصور اور معجم طبرانی میں ہے اور حدیث ثانی ترمذی کتاب التفسیر میں ہے۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

یا علی لاتنم قبل أن تأتی بخمسة أشیاء الخ کی تخریج

باسمہ سبحانہ

مکرم محترم مولانا یونس صاحب ومولانا الحاج مفتی محمود صاحب مدفیوضکم

بعد سلام مسنون

سوال:

یہاں حج کے زمانے میں جیسا کہ مفتی محمود صاحب اور مولوی عاقل وغیرہ کو خوب معلوم ہے علوم کی اشاعت خوب ہوتی ہے، اشتہارات ورسائل وغیرہ خوب تقسیم ہوتے ہیں، اسی وجہ سے منجملہ دوسری وجوہ کے حکومت کو تنگیاں بھی کرنی پڑتی ہیں، آج کل ایک اشتہار کی بہت زیادہ تشہیر ہورہی ہے جو اس خط کی پشت پر ہے، نہ تو یہ معلوم کہ کس نے چھاپا مگر ہر دوکان ہر دفتر میں مختلف لوگ تقسیم کرتے رہتے ہیں اور مقامی لوگ چونکہ اردو سے واقف نہیں اس لئے وہ یا تو پھاڑ دیتے ہیں یا کسی

کے پاس تحقیق کیلئے بھیجتے ہیں، مجھ سے پوچھا گیا تھا میں نے کہدیا کہ حدیث مجھے معلوم نہیں البتہ میں اپنے دوستوں کو سہارنپور بھیج دوں گا وہ اس کے متعلق تحقیق کر کے لکھیں گے، اصل اشتہار تو بہت لمبا چوڑا تھا اسکے لئے تو پورا لفافہ چاہئے تھا اس لئے میں نے صرف حدیث کو نقل کرالیا۔ فقط والسلام حضرت شیخ الحدیث صاحب دامت فیوضہم

بقلم حبیب اللہ ۱۶ دسمبر ۷۴ء

وہ حدیث یہ ہے: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قال رسول الله ﷺ: يا علي! لا تنم قبل أن تأتي بخمسة أشياء وهي قراءة القرآن كله والتصدّق بأربعة الاف درهمٍ وزيارة الكعبة و حفظ مكانك في الجنة و إرضاء الخصوم، فقال علي كرم الله وجهه: كيف ذلك يا رسول الله ؟ فقال رسول الله ﷺ: أما تعلم أنك إذا قرأت 'قل هو الله أحد' ثلاث مرات فقد قرأت القرآن كلّه، و إذا قرأت 'لا إله إلا الله وحده لاشريك له له الملك وله الحمد يحيي ويميت وهو على كل شئ قدير' عشر مرات فقد حفظت مكانك في الجنة، و إذا قلت 'أستغفر الله العظيم الذى لا إله إلّاهوالحي القيوم وأتوب إليه' فقد أرضيت الخصوم، وكل من يكتب هذا الحديث الشريف بخطّ يده ونقله من بلد إلى بلد بنى الله له قصراً في الجنة، ومن كان فقيراً أغناه الله ومن كان مديوناً وكتبها قضى الله دينه.

جواب: مخدومی ومکرمی سیدی وسندی ادام اللہ ظلال برکاتکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

گرامی نامہ باعث راحتِ دل وسکونِ قلب ہوا، حضرت والا کا ان دور افتادہ ناکارہ غلاموں کا یاد فرمانا بڑی عنایت کی بات ہے، **أبقاكم الله تعالىٰ برغد عيش.**

حدیث مذکور نہ تو پہلے دیکھنا یاد ہے اور نہ بعد میں تلاش کرنے سے ملی، حضرت اقدس مفتی محمود صاحب مدظلہ سے سوال کیا تو فرمایا کہ میرے پاس بھی یہ سوال کہیں سے آیا تھا اس حدیث کے متعلق اور باوجود تتبع بالغ کے نہیں ملی۔

دعاؤں کی درخواست ہے اور روضۂ اطہر **على ساكنها أزكى الصلوات وأعطر التسليمات ونوامي البركات ألف آلاف مرّات** پر صلوۃ وسلام خادمانہ پیش فرما کر دعا وتوجہ کی درخواست فرمادیں، والسلام۔

احقر محمد یونس عفی عنہ شب سہ شنبہ ۲۲ ذی الحجہ ۱۳۹۴ھ

ثلاثة لا تردّ دعوتهم الخ کے لفظ کی تحقیق

محترم المقام حضرت مولانا یونس صاحب زید مجدہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ضروری گذارش ہے کہ ایک حدیث کی مجھے تلاش ہے، ترمذی کے حوالے سے متعدد کتابوں میں لکھی ہے مگر مجھے ترمذی میں نہیں ملی۔

عن أبی هريرةؓ مرفوعاً: ثلاثة لا تردّ دعوتهم، الصائم حتیٰ یفطر والإمام العادل ودعوة المظلوم الحديث. براہ کرم تحریر فرمائیے کہ کس باب میں ہے؟

نیز خط کشیدہ لفظ **حتی یفطر** ہے **یا حین یفطر**؟

مسند احمد اور سنن ابن ماجہ میں **حتّٰی** ہے، مگر ترمذی کے الفاظ معلوم کرنے ہیں۔

آپ کے پاس یقیناً شروح بھی ہونگی، اختلافِ نسخ کا بھی علم ہو سکے تو ایک گتھی سلجھ جائے۔

حضرت شیخ مدظلہ نے فضائل رمضان میں حدیث ۶ پر یہ حدیث ترغیب سے **نقل** کی ہے اور اسمیں **حتّٰی نقل** کیا ہے حالانکہ میرے پیش **نظر** تمام نسخوں میں **حین** ہے۔

تحریر فرمائیں کہ آپکے ترغیب کے نسخے میں کیا الفاظ ہیں؟ یہ حدیث ترغیب میں چار جگہ ہے، یہاں ہمیں صرف ان الفاظ سے بحث ہے جو الصوم میں **نقل** ہوئے ہیں۔

آپ کا چھوٹا بھائی محمد عبداللہ

حضرت نظام الدین نئی دہلی نمبر ۱۳

جواب: مکرم محترم زید مجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ابھی ابھی میں سفر سے آیا تو آپ کا کارڈ ملا۔

حدیثِ مذکور صاحب مشکوٰۃ نے (ص ۱۹۵) بحوالۂ ترمذی **نقل** کی ہے اور اس کے الفاظ بھی **حین یفطر** ہی ہیں۔

ملا علی قاری نے (ص ۲/۶۴۴) لفظ **حین** کی کوئی تشریح نہیں کی لیکن سیاق کلام سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ لفظ **حین** ہی ان کے سامنے ہے، امام ترمذی نے یہ حدیث ابواب القیامہ میں **باب صفة الجنة ونعيمها** (ص ۲/۷۵) میں ایک حدیث کے ضمن میں ذکر فرمائی ہے اس میں بھی **حین** ہی ہے، ترمذی کی کوئی شرح میرے پاس نہیں ہے جس سے اختلاف روایات کا علم ہو۔

علامہ سیوطی نے یہ حدیث جامع صغیر میں ذکر فرمائی ہے، مناوی (ص۳/۳۲۴) نے شرح میں اختلافِ نسخ نقل کیا ہے کہ **حین** ہے یا **حتی**، لیکن سیوطی نے اس حدیث کو مسند احمد، ترمذی اور ابن ماجہ کی طرف منسوب کیا ہے اور مسند احمد (ص۲/۴۴۵) و (ص۲/۳۰۵) وابن ماجہ (ص۱۲۶) میں جیسا کہ آپ نے لکھا ہے **حتی یفطر** ہے، اس لئے اس سے اختلافِ نسخ ترمذی پر استدلال ممکن نہیں، احقر نے بھی مسند احمد میں دوجگہ (ص۲/۳۰۵) و (ص۲/۴۴۵) اور ابن ماجہ (ص۱۲۶) اور مسند طیالسی (ص۳۳۷) میں **بطریق سعد الطائی عن أبی المدلة عن أبی هریرة**ؓ لفظ **حتّٰی یفطر** ہی دیکھا ہے، اور میرا ذوق یہ ہے کہ ابن خزیمہ وابن حبان کے الفاظ بھی یہی ہیں اور اسی طریق مذکور سے، اور قرینہ یہ ہے کہ ابن حبان (ص۲/۱۶۷) نے دعاءِ مظلوم کا ذکر اسی سند سے کیا ہے اور یہی سند ابن خزیمہ وابن حبان کی شرط پر ہوسکتی ہے بخلاف ترمذی کی سند کے، ترمذی نے **بطریق حمزة الزیات عن زیاد الطائی عن أبی هریرة**ؓ روایت کی ہے۔

میرا خیال ہے کہ **حتّٰی أوحین** کا اختلاف من قبیل اختلاف الروات ہے، ایک لفظ مطلقا صائم کی دعاء کی قبولیت پر دلالت کرتا ہے اور دوسرا لفظ وقتِ افطار کو خاص کرتا ہے، بعض روایات قبولیتِ دعاء عند الافطار کے متعلق وارد ہیں وہ لفظ **حین** کی تائید کرتی ہیں، لیکن منذری نے مسند بزار کا جو لفظ نقل کیا ہے اس سے وجدانی طور پر معلوم ہوتا ہے کہ اس حدیث میں **حتی یفطر** ہی ہے، مسند بزار کے الفاظ حسب ذیل ہیں: **ثلاثة حقّ علی الله أن لا یردّ لهم دعوة الصائم حتّٰی یفطر والمظلوم حتّٰی ینتصر والمسافر حتّٰی یرجع.** ظاہر ہے کہ مقصد یہ ہے کہ مسافر ومظلوم کی دعا سفر میں اور مظلومیت کے باقی رہنے کی صورت میں مقبول ہوتی ہے، اسی طرح جملہ اولی کا مطلب بھی یہی ہوگا کہ جب تک روزہ سے ہوتا ہے اس کی دعا مقبول ہوتی ہے۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

۱۱ محرم ۱۳۹۵ھ

مشکوۃ المصابیح کی ایک روایت کی تحقیق

محترم المقام مولانا بھائی محمد یونس صاحب زید مجدہم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خدا کرے مزاج گرامی بخیر ہو، مجھے مشکوۃ المصابیح میں ایک روایت کی تلاش ہے، بہشتی زیور میں ایک جگہ ایک حدیث کی تشریح میں لمعات کا حوالہ ہے اس سے امید ہے کہ وہ حدیث مشکوۃ میں ضرور ہے مگر ملی نہیں اس لئے براہِ کرم اس کی نشاندہی فرمائیے، حدیث ہے حضرت ابوطلحہؓ کے مہمانوں کا واقعہ، جسمیں یہ ہے کہ ان کی بیوی نے بچوں کو بہلا پھسلا کر سلا دیا اور مہمانوں کو کھانا کھلایا۔

دوسری ایک بات یہ دریافت طلب ہے کہ مولوی راشد صاحب سے مجھے معلوم ہوا کہ آپ نے ایک بار طلبہ سے کہا تھا کہ فلاں حدیث مشکوۃ میں ہے اور جو تلاش کردے اسے انعام ملے گا اور یہ بھی کہا تھا کہ سوائے مفتی مظفر حسین صاحب مدظلہ کے چاہے کسی سے مدد لے سکتے ہو، اگر یہ واقعہ ذہن میں آجائے تو تحریر فرمایئے کہ وہ کون سی حدیث تھی؟ اور مشکوۃ کے کس باب میں ہے؟ یہ بات محض ایک علمی چٹکلے کے طور پر دریافت کررہا ہوں امید کہ آپ بعافیت ہوں گے۔

والسلام (مولانا) محمد عبداللہ طارق

۱۵ فروری ۱۹۷۵ء

جواب: باسمہ سبحانہ

مکرمی زادت مکارمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کل آپ کا کارڈ ملا تھا، اس وقت تو روایت ذہن میں نہ آئی، مولوی راشد سلمہٗ سے کہلوادیا تھا کہ روایت نہیں ملی، آج پھر اٹھایا تو بفضل اللہ مل گئی، حضرت ابوطلحہؓ کا قصہ مشکوۃ شریف جامع المناقب کی فصل ثالث میں ہے (ص ۵۸۰)، صاحب مشکوۃ نے بحوالۂ بخاری ومسلم نقل فرمایا ہے لیکن الفاظ مسلم کے نقل فرمائے ہیں، ابوطلحہؓ کے نام کی تعیین مسلم ہی میں ہے۔

اور راشد سلمہ نے جس حدیث کا تذکرہ کیا تھا وہ حدیث **أخّروهن من حيث أخّرهن الله** ہے، صاحب مشکوۃ نے کتاب الرقاق کی فصل ثالث (ص ۴۴۴) میں بحوالۂ رزین عبدری **أخّروا النساء حيث أخّرهن الله** کے الفاظ سے نقل فرمایا ہے۔

والسلام محمد یونس عفی عنہ

۷ صفر ۱۳۹۵ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

کیا تنعیم سے عمرہ کرنا بدعت ہے؟

(مکتوب گرامی حضرت اقدس شیخ الحدیث صاحب مدظلہ)

عزیز گرامی قدر مولوی یونس صاحب سلمہٗ شیخ الحدیث مظاہر علوم

بعد سلام مسنون

اس ناکارہ کے سفری حالات تو عزیزان طلحہ نصیر سے وقتاً فوقتاً معلوم ہوتے ہی رہتے ہوں گے، یہ ناکارہ ۱۵ ذی الحجہ کی

شام کو مکہ مکرمہ سے چل کر رات کو بدر میں ڈاکٹر اسماعیل کے یہاں قیام کیا کہ وہ وہاں ملازم ہیں اور پیر کی صبح کو مدینہ منورہ پہنچ گیا، بدر میں قیام کی زیادہ مصلحت یہ بھی تھی کہ مدینہ منورہ صبح کو پہنچ جائیں گے اور ہجوم نہیں ملے گا مگر یہ غرض تو پوری نہ ہوئی، اس مرتبہ ہندوستان کے قیام میں طبیعت بہت ہی زیادہ خراب رہی، یہاں پہنچنے کے بعد تو بحمد اللہ تعالیٰ جملہ امراض میں کمی ہے اور سکون کا تو پوچھنا ہی کیا

اگر فردوس بر روئے زمین است

ہمین است وہمین است وہمین است

ہجوم کا حال تو مدینہ پاک میں بھی اب تک ایسا ہے کہ کوئی نماز مسجد کے اندر نہ ہوسکی بلکہ مدرسہ شرعیہ ہی میں پڑھ رہا ہوں کہ صفیں بہت آگے تک چلی جاتی ہیں، روضہ اقدس پر بھی صرف ایک ہی مرتبہ حاضری ہوئی وہ بھی ایک ثلث رات کے قریب سپاہیوں کے پہرے میں کہ شیخ الاغوات اور شرطیوں کے افسر سے ایک صاحب نے کہدیا کہ وہ کئی دن سے آیا ہوا ہے مگر ہجوم کیوجہ سے نہیں آسکتا، انہوں نے ایک تہائی رات تک تو پولیس کے ذریعہ سے حرم شریف کو خالی کردیا کہ حج کے زمانہ میں ہجوم کا نکالنا بہت مشکل ہوجاتا ہے اور پھر میرے پاس بلانے کو آدمی بھیجا میں نے اس طرح جانے سے انکار کردیا مگر ان لوگوں کی طرف سے بھی اصرار ہوا اور جو واسطہ تھے ان کی طرف سے بھی، اس لئے گیا تو مگر شرمندگی ہوئی کہ یوں مُشار بالبنان بن کر جانے کو جی نہیں چاہتا تھا اس واسطے جلد ہی آگیا، اس وقت میں اور صرف میرے رفقاء تھے اور کوئی نہیں تھا۔

لکھنا تو کیا تھا نہ معلوم کا ہے میں لگ گیا، یہاں کے روحانی برکات کو تو اہل قلوب جانیں مگر اس ناپاک سگ دنیا کیلئے تو مادی فتوحات کا جو زور یہاں ہوتا ہے کہ مطہرہ، افریقہ، ہندی احباب حج کے بعد عمروں کیلئے بھی کثرت سے آتے رہتے ہیں، اور مجھے اپنے متعلق استدراج کا بہت فکر رہتا ہے، اس کے علاوہ پڑھنے پڑھانے کا سلسلہ اگرچہ یہاں نہیں ہے مگر کوئی علمی ترقی کرنا چاہے تو اس کا میدان ضرور ہے، ہر جگہ سے علماء آتے رہتے ہیں اور مختلف اشکالات کرتے رہتے ہیں یہ ہر سال ہوتا ہے، تم جیسے دوستوں کو دق بھی کرتا رہتا ہوں۔

آج کل مفتی اعظم پاکستان مفتی محمود صاحب آئے ہوئے ہیں، ان کا اشکال یہ ہے کہ اہل حدیث تنعیم کے عمرے کو بدعت کہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ کا عمرہ تو مجبوری کا تھا ورنہ کسی دوسرے سے مکہ سے تنعیم عمرہ کا احرام باندھنے کیلے جانا ثابت نہیں، حتی کہ حضرت عبدالرحمٰنؓ تو حضرت عائشہؓ کے ساتھ تھے احرام نہیں باندھا، یہاں نہ تو کتابیں ہیں اور نہ کوئی اس کیلئے فارغ، مدرسہ میں بھی آج کل تعطیل ہورہی ہے، طحاوی نے تو جہاں تک یاد ہے مستقل **باب عمرة**

التنعیم باندھا ہے اس کو بھی دیکھیں اور بھی کسی جگہ آثار سے اور حدیث مشہور تقریری ملجائے تو کیا ہی پوچھنا۔

رات مولوی اظہار نے بتایا کہ میری حجۃ الوداع مطبوعہ بیروت کے (ص۱۸۴) پر بخاری کے حوالہ سے یہ تو موجود ہے، **قال النبی ﷺ: أفرغتما؟ قالت: نعم.** میرے خیال میں تو تصریح ہے مگر مفتی محمود صاحب نے اس کو تصریح نہ مانا، اس لئے کسی روایت میں تنعیم سے عمرہ لانے کی تصریح آثارِ صحابہ ہی سے چاہے ہو ضرور لکھ کر بھیج دیں۔

اپنی آنکھوں اور صحت کی معذوری سے بہت ہی قلق ہو رہا ہے کہ یہاں سارا دن کھانے پینے اور سونے میں گذر جاتا ہے، اور تعجب کی بات یہ ہے کہ مکی مدنی لوگ تو کم سوتے ہیں مگر یہ جو لوگ آفاقی حج وعمرہ کیلئے آویں ان کیلئے صبح کی نماز کے بعد دو تین گھنٹے سونا اور ایک دو گھنٹے ناشتہ میں خرچ کرنا بہت ضروری ہے اتنے میں ظہر کا وقت ہو ہی جاتا ہے اور ظہر کے بعد قیلولہ کرنا تو ضرور ہے ہی۔

حضرت ناظم صاحب کی خدمت میں سلام کے بعد دعا کی درخواست بھی کر دینا اور یہ بھی کہہ دیں کہ ناکارہ آپ کی صحت وقوت کیلئے بہت اہتمام سے دعا کرتا رہتا ہے کہ مدرسہ کو آپ کے وجود کی بہت ضرورت ہے، یہ ناکارہ تم سب دوستوں کیلئے اور مدرسہ کیلئے بہت اہتمام سے دعائیں کرتا رہتا ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے میرے حضرت کے اس باغ کو ہر نوع کے مکارہ سے محفوظ فرما کر ہر قسم کی ترقیات سے نوازے، آج کل طبیعت کچھ بہت ہی گھبرا رہی ہے ؎

باغ میں لگتا نہیں صحرا سے گھبراتا ہے دل کس جگہ لیجائیں یارب ایسے دیوانے کو ہم

ہندوستان کے تصور سے بھی جی گھبراتا ہے اس لئے کہ کوئی دینی یا علمی کام تو وہاں ہے نہیں جو میری دل بستگی کے سبب تھے، ڈاک کا انبار روز افزوں جو تضییعِ اوقات کا سبب ہے، مدینہ پاک میں جی تو بہت لگ رہا ہے اور ڈاک سے بھی فی الجملہ امن ہے اسلئے کہ یہاں خط لکھنے والوں کو ڈیڑھ دو روپے خرچ کرنے پڑتے ہیں، مگر کوئی علمی کام تو یہاں ہے نہیں اور اس کا اب قلق بھی نہیں رہا، اللہ تعالیٰ کے فضل سے جتنا ہو گیا وہی مالک کا احسان ہے اور اس کے فضل سے کافی ہے، ضعف دماغ اور ضعف بدن اور اعذار کی وجہ سے عبادات تو ہوتی نہیں ورنہ اس کا میدان تو بڑا اچھا ہے، ضعف دماغ کی وجہ سے قرآن پاک نماز میں پڑھا نہیں جاتا، ضعفِ بدن کیوجہ سے بغیر سہارے بیٹھا نہیں جاتا اور ٹانگوں کیوجہ سے حرم نبوی تک جو میری دیوار ہی کے قریب ہے حاضری نہیں ہوتی، ہجوم خوب ہے اسلئے میرے جانے کے واسطے چار آدمیوں کی ضرورت ہے اسلئے پہنچنا مشکل ہے چلنے کے قابل ہوتا ایک آدمی کے سہارے جب چاہتا پہنچ جاتا۔

مولانا عبدالحلیم صاحب دو ہفتے ہوئے مکہ سے آگئے ہیں قیام میرے قریب ہی ایک مبلّغ کے مکان پر ہے جن کے ساتھ

مکہ سے آئے تھے، صبح کو ہندی دس بجے کے قریب میرے پاس تشریف لاتے ہیں ہندی ساڑھے گیارہ بجے میں بھی حرم کیلئے اٹھ جاتا ہوں اور وہ بھی تشریف لیجاتے ہیں، عشاء کے بعد کا کھانا مستقل ہمارے ساتھ ہے اسلئے کہ دن میں تو ہمارے یہاں دسترخوان ہے نہیں، میرے خصوصی احباب رات ہی کے دسترخوان پر مدعو ہوتے ہیں کوئی کبھی کبھی کوئی مستقل، ہفتہ عشرہ میں واپسی کا ارادہ کررہے ہیں کہ بمبئی کے بھائی عبدالکریم وغیرہ جو میرے ساتھ آئے تھے اور مولانا بھی اسی میں تھے وہ بھی ہفتہ عشرہ میں واپسی کا ارادہ کررہے ہیں۔

معلوم نہیں عزیزم شاہد کی تقریر بخاری کا وقت تمہیں مل رہا ہے یا نہیں؟ ان چیزوں کو تم مولوی عاقل سلمان مل کر میری زندگی میں پوری کرادو تو اچھا ہے کہ طباعت کی آسانی ہے بعد میں دشوار ہے، فقط۔ والسلام

حضرت شیخ الحدیث مدظلہم بقلم حبیب اللہ

(از حبیب اللہ بعد سلام مسنون درخواست دعاء) ۱۶ جنوری ۷۵ء

جواب: باسمہ تعالیٰ

سیدی ومولائی ادام اللہ ظلال فیوضکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کافی عرصہ ہوگیا کہ حضرت والا کا مفصل گرامی نامہ باعث سرفرازی ہوا تھا، فوری جواب تو اسلئے نہیں لکھا کہ تلاش کرنا تھا اور تلاش کرنے پر جب کچھ نہ ملا تو روزانہ سوچتا کہ آج لکھوں کل لکھوں تا آنکہ بیحد تاخیر ہوگئی جس کی معافی کی درخواست ہے۔

کافی جدوجہد کے بعد کوئی روایت نہیں ملی نہ تو تقریری اور نہ ہی کسی صحابی کا اثر۔

اس زمانہ کے غیر مقلدین اصل میں ابن القیم کے مقلد ہیں انہوں نے زادالمعاد (ص ۱۷۸/۱) میں لکھا ہے جس کو حافظ ابن حجر نے ملخص کرکے لکھا ہے کہ : **لم ينقل أنه ﷺ اعتمر مدة إقامته بمكة قبل الهجرة ولا اعتمر بعد الهجرة إلا داخلاً إلى مكة، ولم يعتمر قطّ خارجاً من مكة إلى الحلّ ثم يدخل مكة لعمرة كما يفعل الناس اليوم ولا ثبت عن أحد من الصحابة أنه فعل في حياته إلا عائشةؓ.**

لیکن حافظ ابن حجر فرماتے ہیں (ص ۴/۳۵۵) **وبعد أن فعلته عائشةؓ بأمره دلّ على مشروعيّته.**

حضرات محدثین امام بخاری وامام ترمذی وغیرہ نے مستقل عمرۂ تنعیم کا ترجمہ منعقد فرمایا ہے اور امام دارمی

(ص ۲۳۷) نے باب المیقات فی العمرۃ میں حضرت محرش کعبی کی روایۃ عمرۂ جعرانہ والی اور حضرت عائشہؓ کی روایۃ عمرۂ تنعیم والی ذکر فرمائی ہے، یہ سب اس بات کی مؤید ہیں کہ عمرۂ تنعیم میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

اور یہ خیال کرنا کہ یہ باہر سے آنے والوں کیلئے میقات ہے بے دلیل ہے، اسلئے کہ اگر جعرانہ والی روایت میں صورتِ واقعہ کو دیکھ کر یہ کہہ دیا جائے تو عمرۂ تنعیم والی روایت دیکھ کر اس کا الٹا بھی کہا جا سکتا ہے۔

اگر عمرۂ تنعیم **بدعت** ہوتا تو ائمہ حدیث اس کا باب کیوں منعقد کرتے، اور یہ کہنا کہ حضرت عائشہؓ نے عذر کی بنا پر کیا تھا صحیح ہے لیکن حضرت عائشہؓ تو بعد میں بھی جب حج کرتی تھیں تو حج کے بعد مکہ سے باہر جاتی تھیں اور احرام باندھ کر آ کر عمرہ کرتی تھیں۔

چنانچہ مؤطا میں حضرت عائشہؓ کی باندی مرجانہ سے روایت ہے: **كانت عائشةؓ تعتمر بعد الحجّ من مكة في ذي الحجة ثم تركت بعد ذلك فكانت تخرج قبل هلال المحرم حتى تأتي الجحفة فتقيم بها حتى ترى الهلال فإذا رأت الهلال أهلّت بعمرة. قال الشيخ في الأوجز : ولعلّ ذالك لتحصيل الفصل بين الحجّ والعمرة امتثالاً لأمر أمير المومنين كما سيأتي قريباً في باب العمرة افصلوا بين حجكم وعمرتكم فإن ذلك أتمّ لحجّ أحدكم ولعمرته أن يعتمر في غير أشهر الحج. ١ه.**

حضرت عائشہؓ کو اگر عذر تھا تو حضور اکرم ﷺ کے ساتھ جب حج کیا تھا اس وقت تھا ہمیشہ نہیں تھا، بعد میں حضرت عائشہؓ کا مکہ سے نکل کر عمرہ کا احرام باندھ کر مکہ آ کر عمرہ کرنا جواز کی دلیل ہے۔ **وكفى بها قدوة.**

اور اگر کوئی یہ کہے کہ حضرت عائشہؓ بعد میں اس لئے عمرہ کرتی تھیں کہ انہوں نے حضور اکرم ﷺ کے زمانہ میں اسی طرح عمرہ کیا تھا اور ان حضرات صحابہؓ کا دستور یہ تھا کہ جس حال پر حضور اکرم ﷺ سے جدا ہوئے یہ چاہتے تھے کہ ساری زندگی اسی حال پر گزار دیں، تو اس کا جواب یہ ہے کہ بات صحیح ہے مگر حضرت عائشہؓ نے آپ کے بقول تنعیم سے عمرہ عذر کی وجہ سے کیا تھا گویا بلا عذر جائز نہیں اس لئے کہ **بدعت** ہے تو اگر **بدعت** ہوتا تو حضرت عائشہؓ بعد میں بلا عذر عمرۂ تنعیم کیوں کرتیں؟ اس کے علاوہ اور کوئی چیز نہیں ملی۔

حضرت مفتی محمود حسن صاحب سے بھی پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ میں نے اسے بہت تلاش کیا لیکن کہیں کوئی روایت یا اثر نہیں ملا۔

تقریر بخاری شریف کے جو اجزاء میرے پاس تھے میں نے سب دیکھ لئے ہیں اور بہت پہلے دیکھ کر رکھ دیئے تھے اور وہ مولوی شاہد سلمہٗ کے پاس پہنچ بھی گئے۔

کوتاہیوں کی معافی کی درخواست ہے اور حضرت! نالائقی کے باوجود یہ خیال رہتا ہے کہ حضرت ہی ملجأ وماویٰ ہیں دعاء صلاح وفلاح دارین کی درخواست ہے، روضۂ اطہر **علی ساکنها ألف ألف صلوة وتحية** پر غلامانہ صلوۃ وسلام پیش فرما کر دعا کی درخواست کردیں۔

وصلوة اللّٰه أزكاها شذىٰ ثم أنماها نماءً يتصل
تنزل دوماً على خير الورىٰ مبدأ الكل غياث المرتمل

محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

شہادت اور روایت کا فرق

سوال: حضرت المکرّم دامت برکاتہم سلام مسنون نیاز مقرون

عرض ہے کہ آنحضرت کو ایک تکلیف دے رہا ہوں امید ہے کہ زحمت فرما کر ممنون فرمادیں گے۔

فتح الملہم کے مقدمہ میں (ص ۱۲۱) شہادت اور خبر کے فرق میں سیوطی (ص ۲۲۲) کا یہ قول نقل کیا ہے کہ **السابع، من كذب في حديث ردّ جميع حديثه السابق بخلاف من تبيّن شهادته للزور في مرّة لاينتقض ماشهدبه قبل ذالك**. حضرت شیخ الحدیث مولانا فخر الدینؒ نے یہ فرمایا تھا کہ کاذب کی روایت کے بارے میں یہ قول سیوطی کا ہے جمہور کا نہیں، بلکہ جمہور کے یہاں ماقبل الکذب والی روایتیں قابل قبول ہوں گی اور مابعد الکذب مردود ہے جو شاہد کے بارے میں ہے اور کتاب کا حوالہ بھی فرمایا تھا، مجھ کو وہ حوالہ والی کتاب کا نام محفوظ نہیں رہا۔

اب آپ سے دو باتیں معلوم کرنی ہیں، ایک یہ کہ آپ کو یہ کتاب معلوم ہو تو اسکا نام یا اگر زحمت نہ ہو تو وہ عبارت نقل فرمادیں۔

دوسرے یہ کہ آپ کی تحقیق وہی ہے جو سیوطی نے تحریر فرمائی ہے یا جیسے حضرت الاستاذ فخر الدین نے فرمائی تھی۔

امید ہے کہ کرم فرما کر تفصیل سے جواب عطا فرما کر اس الجھن کو دور فرمادیں گے کیوں کہ سیوطی کی ساری تحقیق ایسی نہیں ہے کہ اس کو بلا تحقیق قبول کرلیا جائے، **اللآلی المصنوعة في الأحاديث الموضوعة** وغیرہ شاہد ہیں، جواب اور دعا کا طالب، تکلیف دہی کی معافی کا خواستگار۔

نابکار محمد کمال ابن بلال محلّہ گلہاری متصل سفید مسجد دیوبند ۹۵/۱۱/۲۵ھ

جواب: عزیز مکرم سلمکم اللہ تعالیٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کئی دن ہوئے تمہارا کارڈ آیا تھا لیکن کچھ تو مشغولی اور کچھ اپنے دیگر اعذار فوری جواب سے مانع رہے امید ہے کہ اسکا خیال نہ کروگے۔

علامہ سیوطیؒ نے جو فرق روایت وشہادت میں بیان فرمایا ہے اس میں وہ منفرد نہیں ہیں، ان سے پہلے امام ابوالمظفر السمعانی بھی یہی لکھ آئے ہیں۔ **قال السمعاني: من كذب في خبر واحد وجب إسقاط ماتقدّم من حديثه.** سمعانی کا یہ قول ابن الصلاح، عراقی، ابن کثیر وغیرہ نے بغیر کسی نقد کے نقل کیا ہے جس سے یہی نکلتا ہے کہ یہ حضرات بھی انہیں کے ہم خیال ہیں، امام احمد وغیرہ کی یہی رائے معلوم ہوتی ہے۔

قال أبو عبد الرحمن عبيد الله بن أحمد الحلبي: سألت أحمد بن حنبل عن محدث كذب في حديث واحد ثم تاب ورجع؟ قال: توبته فيما بينه وبين الله تعالىٰ ولا يكتب حديثه أبداً. كذا نقله الخطيب (ص ۱۱۷)، ولا يكتب حديثه أبداً کا اطلاق وعموم ماقبل ومابعد دونوں کو شامل ہے۔

و قال عبد العزيز بن أبي رزمة: قال عبد الله بن المبارك: مِن عقوبة الكذّاب أن يردّ عليه صدقه. وقال رافع بن أشرس: كان يقال إن من عقوبة الكذّاب أن لا يقبل صدقه. نقله الخطيب.

یہ اطلاق بھی ماقبل ومابعد دونوں کو شامل ہے، اگر تفصیل دیکھنی ہو تو فتح المغیث (ص ۳۱۳) دیکھ لو۔

حضرت مولانا فخر الدین نور اللہ مرقدہ نے کس کتاب کا حوالہ دیا تھا یہ مجھے معلوم نہیں ہے، احقر کی کیا رائے ہوتی لیکن سیوطی ہی کے قول مختار کی طرف رجحان ہے، اس لئے کہ مسئلہ کی بنیاد احتمال پر ہے جب ایک حدیث میں کذب کی وجہ سے مابعد کی روایات میں کذب کا احتمال آ گیا تو یہی احتمال ماقبل کی روایات میں بھی پیدا ہو گیا۔ والسلام

بندہ محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

الدین النصیحة الخ کی تشریح

سوال:

بخاری شریف (ص ۱۳/۱) **باب قول النبي ﷺ الدين النصيحة، لله ولرسوله ولأئمة المسلمين وعامّتهم وقوله تعالى ﴿إذا نصحوا لله ورسوله﴾**

اس حدیث کی مختصر سی تشریح فرما کر اگر جلد روانہ فرمائیں تو عین نوازش ہوگی۔

جواب :

نصیحت کہتے ہیں خیر خواہی کرنے کو، یہی مشہور ہے اور غالباً اسی وجہ سے تمہیں اشکال پیش آیا ہوگا کہ اللہ تعالی کی خیر خواہی کوئی کیسے کرسکتا ہے؟ اللہ تعالیٰ تو دوسروں کی خیر خواہی فرماتے ہیں۔

لیکن عزیز من! یہ مرادی ترجمہ ہے اصل میں نصیحت ماخوذ ہے **نصحت العسل** سے جبکہ شہد کو صاف کرلیا جائے، اس سے معلوم ہوا کہ نصیحت کے مفہوم میں اخلاص داخل ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ **نصحت الثوب با لمنصحة** سے ماخوذ ہے یعنی کپڑے کے شگاف کو سوئی سے رفو کرلینا، اس سے معلوم ہوا کہ نصیحت کے مفہوم میں اصلاح داخل ہے۔

اور امام خطابی فرماتے ہیں کہ: **النصيحة كلمة جامعة معناها حيازة الحظّ للمنصوح له.** یعنی نصیحت ایک جامع کلمہ ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ جس کی نصیحت کی جائے اس کے سارے حصے اور حق کو پورے طور پر اس کو ادا کیا جائے۔

اب حدیث پاک کا یہ مطلب ہوا کہ دین یہ ہے کہ آدمی اللہ تعالی کے لئے اخلاص کرے اور اس کے سارے حقوق کو ادا کرے اس کی ذات وصفات کا اقرار کرے اس کے احکام کی بجا آوری کرے، اور جناب رسول اللہ ﷺ کے حقوق کو ادا کرے اخلاص وصدق دل سے آپ پر ایمان لائے آپکی اطاعت کرے آپ کی وفات کے بعد آپ کے لائے ہوئے دین کی حفاظت وحمایت کرے اور آپ کی سنتوں کو اختیار کرے اور دین میں اگر لوگوں کی جہالت ونفسانیت کی بناء پر کوئی خرابی داخل ہوگئی ہو جیسے بدعات ورسوم تو دین کی اصلاح کرے اور اس کو بدعات ورسوم سے پاک کرے، اور ائمۃ المسلمین یعنی اسلامی حکام کے ساتھ اخلاص کرے ان کے حقوق کو ادا کرے اور ان کی حمایت کرے اور اگر کوئی اس میں خرابی ہو تو ان کو نرمی سے باخبر کر کے اصلاح کرے، اور عام مسلمانوں کے حقوق کو ادا کرے اور ان کی اصلاح کی فکر کرے۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

یکم ربیع الثانی ۱۳۹۶ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

کرجل الجراد کی تشبیہ کا تعلق

سوال:

ترغیب اور مجمع الزوائد میں زمزم کے بیان میں طبرانی کی روایت ابن عباس ؓ لکھی ہے اس میں ہے:

شرّ ماء على وجه الأرض ماء بوادى برهوت بقبّة بحضرموت كرجل الجراد تصبح تتدفّق

وتمسی لا بَلال فیها.

اس میں **کرجل الجراد** کی تشبیہ کا تعلق کس سے ہے؟ اور **تصبح** اور **تتدفّق** کس کی صفت ہے؟ جامع صغیر کی شرح فیض القدیر میں اس کی شرح دی ہے مگر ان دوسوالوں کا حل نہیں ملتا۔

کیا یہ معنی درست ہوسکتے ہیں کہ **رجل الجراد** سے مراد ٹڈی دَل یعنی ان کا جھرمٹ اور **تصبح** الخ کا تعلق پانی سے ہو یعنی یہ پانی ٹڈی دَل کی طرح صبح کو خوب زور سے آتا ہے اور شام کو ذرا تری بھی نہیں رہتی، مگر اس پر ایک اشکال تو یہ ہے کہ **تصبح تتدفّق** مونث کے صیغے ہیں دوسرے ضحاک مفسر کی رائے میں سورۂ حج کی آیت ﴿**وبئر معطلة وقصر مشید**﴾ کا مصداق یہی کنواں ہے، اگر یہ صحیح ہے تو وہ کنواں تو بالکل بیکار اور خشک ہوگا، نیز پانی نکلنا بے معنی ہے، بہرحال کوئی صاف اور قابل قبول توجیہ لکھئے گا، منقول ہو تو بہت ہی اچھا ہے۔ والسلام محمد عبداللہ طارق دہلوی

۱۸ مارچ ۷۶ء

جواب:

اس حدیث کو حضرت ابن عباسؓ سے طبرانی وابن حبان نے روایت فرمایا ہے، اس حدیث کے معنی کے لئے کتب غریب کی مراجعت کی لیکن کوئی بات نہیں ملی۔

میرے ناقص خیال میں **رجل الجراد** سے مقصود کثرت میں تشبیہ ہے کیونکہ رجل الجراد، جراد کثیر پر بولا جاتا ہے، **کمافی حدیث الصحیحین: بینماأیوبُ یغتسل عریاناً إذ خرّعلیه رجل من جراد. وکمافی قول ابن عباسؓ: دخل مکة رجل من جراد. أخرجه أبوعبید فی الغریب.** اور **تصبح و تمسی** کی ضمیر ماء کی طرف راجع ہے بتاویل العین یعنی حال بول کر محل مراد ہے، اور عین مؤنث استعمال ہوتا ہے اور مقصد یہ ہے کہ وادی برہوت میں جو کنواں ہے وہ سب سے بدترین کنواں ہے، اس میں صبح کو تو خوب پانی ہوتا ہے اور شام کو خالی ہوجاتا ہے، جیسے ٹڈی دل کہ آتا ہے تو بہت مگر تھوڑی دیر میں وہاں سے اڑ جاتا ہے، باقی نہیں رہتا ہے، غالباً مفسر ضحاک نے جو تفسیر کی ہے وہ عام حالات کے لحاظ سے کی ہے یعنی صبح کو تو پانی ہوتا ہے مگر وہ ایسا نہیں ہے کہ اس پر قناعت کی جاسکے پھر شام تک خشک ہوجاتا ہے ایسا کنواں معطل ہی ہے۔

ایقاظ ماء سے مراد کنواں اسلئے لیا گیا ہے کہ اکثر حضرات برہوت کی تفسیر کنواں ہی سے کرتے ہیں اور عربی محاورہ میں کنواں پر چشمہ کا اطلاق ہوتا ہے اور ماء بول کر بھی چشمہ مراد لیتے ہیں۔ واللہ اعلم۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ یکم ربیع الثانی ۱۳۹۶ھ

حدیث لا تغزیٰ بعد الیوم کا مطلب

اس حدیث کو امام احمد (ص۴۱۲ / ۳) و (ص۳۴۳ / ۴)، ترمذی (ص۱۹۴ / ۱) وابن حبان وابن سعد (ص۱۴۵ / ۲) ودارقطنی نے بطریق زکریابن أبی زائدة عن عامر الشعبی عن الحارث بن مالک بن البرصاءؓ روایت کیا ہے۔ قال: سمعت رسول الله ﷺ یقول یوم فتح مكة : لاتُغزیٰ هذه بعد ها أبداً إلیٰ یوم القيامة.

قال الترمذی: هذا حديث حسن صحيح . وكذا صحّحه ابن حبان.

بعض کی رائے یہ ہے کہ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ مکہ دارالکفر نہیں بن جائے گا یعنی اس کے سکان کافر نہیں ہو جائیں گے تاکہ کفر پر ان سے قتال کیا جائے۔ قال أبو موسیٰ المدینی وتبعه ابن الأثير: أی لا تعود دار كفر تُغزیٰ عليه. ایک دوسری حدیث میں لا تغزیٰ قریش بعد هذا اليوم ہے۔ ابن سعد وابن اثیر نے اسکی یہی توجیہ کی ہے:

قال ابن سعد (ص۱۳۷ / ۲) قال رسول الله ﷺ : لا تُغزیٰ قريش بعد هذا اليوم إلی يوم القيامة يعنی علی الكفر. ابن اثیر فرماتے ہیں (ص۱۶۰ / ۳): أی لا تعود دار كفر حتیٰ تُغزیٰ علی الكفر، ونظيره قوله ﷺ: لا يُقتل قريشیّ صبراً بعد اليوم أی لايرتدّ فيقتل صبراً علی ردّته.

دوسرا مطلب یہ ہے کہ کفار مکہ مکرمہ پر چڑھائی نہیں کریں گے، اسلام کے دعوے داروں کی چڑھائی کی نفی نہیں ہے۔

قال أبو موسیٰ : ويحتمل أن يراد أن الكفار لا يغزونها أبداً فإن المسلمين قد غزوها مرّات.

میرے ذہن میں اسکا ایک مطلب یہ بھی ہے کہ صورۃً یہ جملہ خبریہ ہو اور معنیٰ کے اعتبار سے انشائیہ ہو اور مقصد کعبہ پر چڑھائی کرنے کی ممانعت ہو، بعد میں یہ احتمال حافظ عراقی کے کلام میں بھی مل گیا۔ واللہ اعلم۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

************○○○************

الناس شركاء فی الثلاث الخ کی تخریج
کلّ بنی آدم خطّاء میں آدم اور انبیاء داخل ہیں؟

مربی المحترم جناب اباجان سلام مسنون بعد سلام وآداب کے بندہ عرض رساں ہے کہ

سوال (۱):

الناس شركاء فی الثلاث الماء والنار والكلأ .الحديث یہ حدیث شریف کس کتاب کی ہے؟

سوال (۲):

عن أنس ؓ **قال: قال رسول الله** ﷺ: **كلّ بنى آدم خطّاء و خير الخطّائين التوّابون.** اس حدیث میں دو باتیں عرض ہیں اول **كل بنى آدم** میں حضرت آدمؑ داخل ہیں یا نہیں؟ دوم انبیاءؑ داخل ہیں یا نہیں؟

جواب سے نوازیں عین کرم ہوگا۔

طالب دعاء بندہ پذیرالدین

جواب: عزیزم سلمہ سلام مسنون

(۱) یہ حدیث امام ابوداود وابن ماجہ نے حضرت ابن عباسؓ سے مرفوعاً روایت کیا ہے اس کے الفاظ **المسلمون شركاء فى ثلاث** ہیں۔

(۲) حدیث ثانی احمد، ترمذی وابن ماجہ نے حضرت انسؓ سے روایت کیا ہے، **خطّاء** صیغۂ مبالغہ ہے جو عام انسانوں کی شان ہے اس میں حضرت آدمؑ اور دیگر انبیاءؑ داخل نہیں ہیں۔ واللہ اعلم۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

۲۱ جمادی الثانی ۱۳۹۶ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

فإذا سمع تعليم الصبيان الخ کی تخریج

يا أبا ذرّ لأن تغدو فتعلم آية الخ کی تخریج

طلب العلم فريضة الخ میں مسلمة کہاں ہے؟

سوال: مکرمی جناب مولانا صاحب زید مجدکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعد سلام مسنون امید ہے کہ مزاج گرامی بخیر ہونگے۔

دیگر عرض یہ کہ مندرجہ ذیل احادیث کا ثبوت کتب احادیث سے ثابت ہے؟ برائے کرم جواب دیکر ممنون ومشکور فرمائیں۔

(۱) إن الله يريد العذاب بأهل الأرض فإذا سمع تعليم الصبيان(القرآن) صرف عنهم العذاب. الحديث.

(۲) باب من العلم يتعلّمه أحب إلينا من ألف ركعة. الحديث.

(۳) طلب العلم فريضة على كل مسلم ومسلمة .اس حدیث میں **مسلمة** کا لفظ ثابت ہے؟ اگر ہے تو کتاب کا نام ازراہ کرم تحریر فرمائیں، نیز اوپر والی دونوں حدیثیں کتاب سے ثابت ہیں یا نہیں؟ جو ہیں تو برائے مہربانی کتاب کا نام اور صفحہ کا حوالہ دیکر تسلی فرمائیں شکریہ ہوگا اگر دونوں حدیث نہ ہوں اور عربی مقولہ ہو تو اسکا بھی خلاصہ ضرور کریں۔

فقط

احقر ابراہیم آدم بڑی مسجد سارود ضلع بھروچ گجرات

جواب:

مکرمی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

(۱) حدیث **إن الله يريد العذاب الخ** مجھے کہیں نہیں ملی۔

(۲) حدیث **باب من العلم يتعلّمه أحب إلينا من ألف ركعة تطوع. أخرجه ابن عبد البر في الجامع عن أبي هريرةؓ وأبي ذرؓ موقوفاً وأخرج ابن ماجه عن أبي ذرؓ قال: قال رسول الله ﷺ: يا أبا ذر! لأن تغدو فتعلّم آيةً من كتاب الله خيرٌ لك من أن تصلي مأة ركعة ولأن تغدو فتعلّم باباً من العلم يعمل به أو لم يعمل خيرٌ من أن تصلي ألف ركعة. قال المنذري: إسناده حسن. قلت : فيه نظر.**

(۳) حدیث **طلب العلم فريضة على كل مسلم** ابن ماجہ وغیرہ نے تخریج کی ہے اس میں **مسلمة** کی زیادتی ثابت نہیں ہے، جیسا کہ علامہ سخاوی وغیرہ نے تصریح کی ہے، لیکن معنی درست ہیں، فرائض وواجبات کا علم حاصل کرنا ہر شخص پر فرض ہے مرد ہو یا عورت۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

۲۱ جمادی الثانی ۱۳۹۶ھ

أحاديث النهى عن الخصاء والترغيب فى تزويج الولود

سوال:

حضرت شیخ مدظلہ نے فرمایا تھا کہ خصاء کی ممانعت اور تزویج ولود کی ترغیب پر کچھ روایات جمع کردو۔ اس پر مندرجہ ذیل روایات جمع کی گئیں۔

أحاديث النهى عن الخصاء

الحديث (۱): عن عبد الله بن مسعودؓ قال: كنا نغزو مع رسول الله ﷺ ليس معنا نساء، فقلنا ألا نختصى؟ فنهانا عن ذالک، ثم رخّص لنا أن نستمتع، فكان أحدنا ينكح المرأة بالثوب إلى أجل، ثم قرأ عبد اللهؓ "يٰايّها الذين آمنوا لا تحرّموا طيبات ما أحلّ الله لكم". متفق عليه، مشكوة (ص ۲۷۳)، بخارى (ص ۷۵۹).

الحديث (۲): عن أبى هريرةؓ قال: أتيت رسول الله ﷺ فقلت: يا رسول الله! إنى رجل شابّ وإنى أخاف علىٰ نفسى العنتَ ولا أجد ما أتزوّج به النساء فأذن لى أن أختصى، قال: فسكت عنى ثم قلت مثل ذالک، فسكت عنى ثم قلت له مثل ذالک، فقال رسول الله ﷺ: يا أبا هريرة! قد جفّ القلم بما أنت لاق فاختص على ذالک أو دع. أخرجه البيهقى (ص ۷۹) وأخرجه البخارى (ص ۷۵۹) دون قوله "فأذن لى أن أختصى"، وترجم عليه "ما يكره من التبتل والخصاء"، وترجم عليه البيهقى "باب النهى عن التبتل والاخصاء".

اولاً حدیث کے پورے الفاظ نقل کردوں، اسکے بعد خصائل کے متعلق کچھ عرض کروں۔

حسان بن عطية عن أبي كبشة السلولي قال: سمعت عبد الله بن عمروؓ يقول: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أربعون خصلةً أعلاهن منيحة العنز ما من عامل يعمل بخصلة منها رجاء ثوابها و تصديق موعودها إلا أدخله الله بها الجنة، قال حسان: فعددنا ما دون منيحة العنز من ردّ السلام و تشميت العاطس و إماطة الأذىٰ عن الطريق و نحوه فما استطعنا أن نبلغ خمس عشرة خصلةً. رواه البخاري في الهبة (ص۳۵۸) **وأبوداود في الزكوة** (۳/۶۰ بذل).

یہ حدیث بخاری وابوداؤد نے ایک ہی سند سے تخریج فرمائی ہے اور حسان بن عطیہ کے بیان سے معلوم ہوگیا کہ ان خصال کی تحقیق کرنے کی کوشش تبع تابعین ہی کے دور میں کی گئی لیکن وہ حضرات بھی پورے چالیس تو کیا پندرہ تک بھی جمع نہ کرسکے، لیکن بعد کے بعض علماء نے ان خصال کو جمع فرمایا ہے۔

قال ابن بطال: و ليس قول حسان مانعاً أن يستطيعها غيره، قال: وقد بلغني عن بعض أهل عصرنا أنه طلبها في الأحاديث فوجدها تبلغ أزيد من أربعين خصلةً.

فمنها: إن رجلاً سأل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن عمل يدخله الجنة فذكر له أشياء ثم قال: والمنحة والفيء على ذى الرحم القاطع، فان لم تُطق فأطعم الجائع واكس العريان واسق الظمآن، فهذه ثلاث خصال أعلاهن المنحة وليس الفيء منها لأنها أفضل من المنحة والسلام، ففى الحديث من قال: السلام عليک كتب له عشر حسنات، ومن زاد "ورحمة الله" كتب له عشرون، ومن زاد "وبركاته" كتب له ثلاثون، وتشميت العاطس للحديث و هو ثلاث تثبت لک الودّ فى صدر أخيک، أحدها تشميت العاطس و إماطة الأذىٰ عن الطريق و إعانة الصانع والصنعة للأخرق و إعطاء صلة الحبل و إعطاء شسع النعل وأن تونس الوحشان أى تلقاه بما يونسه من القول الجميل أو تبلغه من أرض الفلا ة إلى مكان الأنس وكشف الكربة، قال عليه الصلاة والسلام: من كشف كربةً عن أخيه كشف الله عنه كربةً يوم القيامة، وكون المرء فى حاجة أخيه، وستر المسلم للحديث والله فى عون العبد ما دام العبد فى عون أخيه ولمن ستر مسلماً ستره الله يوم القيامة، والتفسيح فى المجلس، وإدخال السرور على المسلم، ونصر المظلوم، والأخذ على يد الظالم انصر أخاک ظالماً أو مظلوماً، والدلالة على الخير قال ﷺ: والدال على الخير كفاعله، والأمر بالمعروف، و الإصلاح بين الناس، والقول الطيب يرد به المسكين قال تعالىٰ: قول معروف، وفى الحديث: اتقوا النار ولو بشقّ تمرة فإن لم تجد فبكلمة طيبة، وأن تفرغ من دلوک فى إناء المستقى، وغرس المسلم وزرعه قال عليه الصلوة والسلام: ما من مسلم يغرس غرساً أو يزرع زرعاً فيأكل منه طير أو إنسان أوبهيمة إلا كان له صدقة، والهدية إلى الجار قال عليه الصلوة والسلام: لا تحقرنّ إحداكن لجارتها ولو فرسن شاة، والشفاعة للمسلم، ورحمة عزيز ذلّ، وغنى افتقر وعالم بين جهّال، ارحموا ثلاثة: غنى قوم افتقر وعزيز قوم ذلّ وعالماً تلعّب به الجهّال، وعيادة المريض للحديث: عائد المريض على مخارف الجنة، والردّ على من يغتاب قال ﷺ: من حمىٰ مؤمناً من منافق يغتابه بعث الله إليه ملكاً يوم القيامة يحمى لحمه من النار، ومصافحة المسلم قال ﷺ: لا يصافح مسلم مسلماً فتزول يده من يده حتى يغفر لهما، والتحابّ فى الله، والتجالس فى الله، والتزاور فى الله، والتباذل فى الله قال ﷺ: قال الله تعالىٰ: وجبت محبّتى لأهل هذه الأعمال الصالحة،

وعون الرجل الرجل فی دابّته یحمل علیها أویرفع علیها متاعه صدقة، روی ذلک عن رسول الله صلی الله علیه وسلم. انتهی.

خلاصہ کے طور وہ خصال اربعین نمبروار حسب ذیل ہیں۔

(۱) منیحہ دودھ کا جانور دودھ پینے کے لئے دینا (۲) اطعام جائع بھوکے کو کھانا کھلانا (۳) **کسوة العریان** ننگے کو کپڑا پہنانا (۴) **سقی الظمأن** پیاسے کو پانی پلانا (۵) سلام (۶) **تشمیت** یعنی چھینک پر الحمدللہ کہنے والے کے جواب پر یرحمک اللہ کہنا (۷) **إماطة الأذیٰ عن الطریق** تکلیف دہ چیز کو راستہ سے ہٹا دینا (۸) **إعانة الصانع** کسی کاریگر کی مدد کرنا (۹) **الصنعة للأخرق** یعنی کام سے ناواقف کا کام کردینا (۱۰) **إعطاء صلة الحبل** رسّی کا عطیہ دینا یعنی اگر کسی کو باندھنے کیلئے رسّی کی ضرورت ہو تو اسے رسی دیدینا (۱۱) **إعطاء شسع النعل** جوتے کا تسمہ دینا (۱۲) **إیناس الوحشان** یعنی گھبرائے ہوئے کو انس پہونچانا (۱۳) **کشف الکربة** (۱۴) **کون المرء فی حاجة أخیه** (۱۵) **ستر المسلم** کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرنا (۱۶) **التفسیح فی المجلس** آنے والے کیلئے مجلس میں جگہ دیدینا (۱۷) **إدخال السرور علی المسلم** (۱۸) **نصر المظلوم** (۱۹) **الأخذ علی ید الظالم** ظالم کو ظلم سے روکنا (۲۰) **الدلالة علی الخیر** بھلائی کی طرف رہنمائی کرنا (۲۱) **أمر بالمعروف** (۲۲) **إصلاح بین الناس** (۲۳) **القول الطیب یردّ به المسکین** یعنی اگر مسکین کچھ مانگے اور کسی وجہ سے اسکی مدد نہ کرسکتا ہو تو شیریں کلامی سے اسکو واپس کرنا (۲۴) **إفراغ فی دلو المستقی** پانی بھرنے والے کے برتن میں پانی بھر دینا (۲۵) **غرس المسلم** (۲۶) **زرعه** یعنی اگر مسلمان کا کوئی درخت ہو یا کھیتی ہو اور اس میں کوئی چرند پرند کھالے تو یہ صدقہ ہے (۲۷) **الهدیة إلی الجار** (۲۸) **الشفاعة للمسلم** (۲۹) **رحمة عزیز ذلّ** (۳۰) **وغنی افتقر** (۳۱) **عالم بین جهّال** (۳۲) **عیادة المریض** (۳۳) **الرد علی من یغتاب** غیبت کرنے والے کی بات کو رد کردینا یعنی اسکی غیبت کو تسلیم نہ کرنا (۳۴) **مصافحة المسلم** (۳۵) **التحابّ فی الله** (۳۶) **التجالس فی الله** اللہ تعالی کیلئے ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھنا (۳۷) **التزاور فی الله** اللہ کی رضا کیلئے ایک دوسرے کی زیارت وملاقات کرنا (۳۸) **التباذل فی الله** یعنی اللہ تعالی کی رضا کیلئے اس میں ایک دوسرے پر خرچ کرنا (۳۹) **عون الرجل فی دابّة یحمل علیه متاعه** (۴۰) **أو یحمله علیه** یعنی کسی کا سامان اپنی سواری پر لادلینا یا خود اسکو سوار کرلینا۔

حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے ابن بطال کا کلام مختصراً ملخصاً ذکر فرمایا ہے اور خصال مذکورہ میں سے بیس خصال مختصراً ذکر کی ہیں جو درج کیجاتی ہیں۔

إعانة الصانع، والصنعة للأخرق، وإعطاء شسع النعل، والستر على المسلم، والذبّ عن عرضه، وإدخال السرور عليه، والتفسّح فى المجلس، والدلالة على الخير، والكلام الطيّب، والغرس، والزرع، والشفاعة، وعيادة المريض، والمصافحة، والمحبّة فى الله والبغض لأجله، والمجالسة لله، والتزاور، والنصح، والرحمة، وكلها فى الأحاديث الصحيحة.

لیکن علامہ ابن المنیر ،علامہ کرمانی اور حافظ ابن حجر عسقلانی ،علامہ عینی وعلامہ قسطلانی وغیرہم نے ابن بطال کے ذکر کردہ امور کے مرادِ نبوی ہونے میں شک کا اظہار کیا ہے۔

کرمانی (۱۱/۵۳) فرماتے ہیں۔ **أقول: هذا الكلام رجم بالغيب لاحتمال أن يكون المراد غير المذكورات من سائر الأعمال الخيرية، ثم أنه من أين عرف أن هذه أدنىٰ من منيحة العنز لجواز أن يكون مثلها أو أعلىٰ منها، ثم فيه تحكّم حيث جعل السلام منه و لم يجعل ردّ السلام منه، مع أنه صرّح فى هذا الحديث الذى نحن فيه به، وكذا جعل الأمربالمعروف منه بخلاف النهى عن المنكر، وفيه أيضا تكرار لدخول الأخير وهو الأربعون تحت ما تقدّم، فتأمل. انتهى.**

علامہ عینی (ص۶/۳۱۹) نے کرمانی کا پورا تعقب واعتراض ذکر فرمایا ہے اور کوئی نقد وجرح نہیں کی ہے،علامہ قسطلانی (ص۵/۴۸۲) فرماتے ہیں: **قال ابن بطال: ما أبهمها عليه الصلوة والسلام إلا لمعنىً هو أنفع من ذكرها، وذلك والله أعلم خشية أن يكون التعيين والترغيب فيها مزهداً فى غيرها من أبواب الخير، وقول حسان فما استطعنا ليس بمانع أن يوجد غيرها ثم عدّد خصالاً كثيرةً تعقّبه ابن المنير فى بعضها، فقال: التعداد سهل ولكن الشرط صعب وهو أن يكون كل ما عدّده من الخصال دون منيحة العنز، ولايتحقّق فيما عدّده ابن بطال بل هو منعكس، وذلك أن من جملة ما عدّده نصرة المظلوم والذبّ عنه ولو بالنفس وهذا أفضل من المنيحة العنز، والأحسن فى هذا أن لا يعدّ لأن النبى صلى الله عليه وسلم أبهمه، وما أبهمه الرسول صلى الله عليه وسلم كيف يتعلق الأمل ببيانه من غيره، مع أن الحكمة فى إبهامه أن لا يحتقرشئ من وجوه البرّ وإن قلّ. انتهى.**

حافظ ابن حجر کا خیال یہ ہے کہ وہ خصال اربعین جو منیحۃ العنز سے کم ہیں شمار کیجا سکتی ہیں لیکن جو تفصیلی امور ابن بطال نے ذکر کئے ہیں محل اشکال ہیں، **قال الحافظ (ص۱۰/۶): قلت: وإنما أردت بما ذكرته منها**

تقريب الخمس عشرة التى عدّها حسان بن عطية وهى إنشاء الله تعالىٰ لا تخرج عما ذكرته، ومع ذلك فأنا موافق لابن بطال فى إمكان تتبع أربعين خصلةً من خصال الخير أعلاها منيحة العنز وموافق لابن المنير فى ردّ كثيرمما ذكره ابن بطال بما هوظاهرأنه فوق المنيحة. انتهى.

لیکن حافظ ابن حجر نے ان کو اپنی طرف سے شمار نہیں فرمایا، البتہ ان کے کلام سے یہ بات معلوم ہوگئی کہ جو خصال انہوں نے ذکر فرمائی ہیں انہیں میں وہ پندرہ خصال داخل ہیں جنہیں حسان بن عطیہ نے تلاش کیا تھا۔ واللہ اعلم۔

ایمان کے شعبے

(۲) اولاً حدیث پاک کے الفاظ نقل کرتا ہوں اسکے بعد شعب ایمانیہ کے متعلق کچھ عرض کرونگا۔

عن أبى هريرةؓ قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الإيمان بضع وسبعون أو بضع وستون شعبةً فأفضلها قول لا إله إلا الله وأدناها إماطة الأذىٰ عن الطريق والحياء شعبة من الإيمان. رواه مسلم (ص ۱/۱۴۷)۔

اس میں روایات میں اختلاف ہے کہ لفظ حدیث **بضع وستون** ہیں یا **بضع وسبعون**، بخاری شریف میں تو **بضع وستون** ہے اور مسلم شریف کی بعض روایات میں **بضع وسبعون** ہے، اسی طرح ابوداؤد وترمذی ونسائی میں بھی ہے۔ امام بیہقی اور ابن صلاح کی رائے پر **بضع وستون** مقدم ہے **لكونه الأقل المتيقن**، لیکن امام ابن حبان، ابوعبداللہ الحلیمی، قاضی عیاض، امام نووی وغیرہ نے **بضع وسبعون** کو راجح کہا ہے، **فإن القليل لا ينفى الكثيرولأن الحكم لمن حفظ الزيادة جازماً بها.**

یہ شعب جن کی طرف اس حدیث مقدس میں اشارہ فرمایا ہے اس روایت کے کسی طریق میں یکجائی طور پر ذکر نہیں کئے گئے ہیں، اسی لئے بعض ائمہ نے یہی پسند فرمایا ہے کہ ان کو شمار نہ کیا جائے، اور بعض ائمہ نے شمار کیا ہے، امام ابن حبان بھی انہیں حضرات میں سے ہیں فرماتے ہیں (ص ۱/۲۱۹):

تتبّعت معنى هذا الحديث مدةً وعددت الطاعات فإذا هى تزيد على هذا العدد شيئاً كثيراً فرجعت إلى السنن فعددت كل طاعة عدّها رسول الله صلى الله عليه وسلم من الإيمان فإذا هى تنقص عن البضع والسبعين، فرجعت إلى كتاب الله تعالىٰ فقرأته بالتدبر وعددت كل طاعة عدّها الله تعالى من الإيمان فإذا هى تنقص عن البضع والسبعين فضممت الكتاب إلى السنن وأسقطت المعاد فإذا كلّ شئ عدّده الله ورسوله من الإيمان تسع وسبعون شعبةً لا تزيد عليها و

لا تنقص، فعلمت أن مراد النبی صلی اللہ علیه وسلم هذا الکتاب والسنن. انتهی.

لیکن ابن حبان نے اپنی صحیح المسمّٰی بالانواع والتقاسیم میں بس اتنا ہی ذکر فرمایا، آگے تفصیل سے ان شعب ایمانیہ کو ذکر نہیں فرمایا، بلکہ ان شعب کو ایک مستقل کتاب میں تفصیل سے ذکر فرمایا ہے، فرماتے ہیں:

فذکرت هذه المسئلة بکمالها بذکر شعبة شعبة فی کتاب "وصف الإیمان وشعبه" اگر یہ کتاب مل جاتی تو بہت آسانی سے ان شعب کی تفصیل ابن حبان کی رائے کے موافق دیکھی جاسکتی، مگر یہ کتاب حافظ ابن حجر کو بھی نہیں ملی۔ علامہ کازرونی، قاضی بیضاوی، علامہ کرمانی (۱/۸۵) وغیرہ نے اپنی اپنی سمجھ کے موافق ان شعب کو جمع فرمایا ہے اور ہر ایک کا طرز الگ ہے، حافظ ابن حجر کا کلام بہت مختصر اور واضح ہے اسلئے اسی کو نقل کیا جاتا ہے۔

فرماتے ہیں (۱/۵۸): **وقد لخّصت مما أوردوه ما أذکره، وهو أن هذه الشعب تتفرّع عن أعمال القلب وأعمال اللسان وأعمال البدن، فأعمال القلب فیه المعتقدات والنیات، وتشتمل علی أربع وعشرین خصلةً، الإیمان باللہ ویدخل فیه الإیمان بذاته وصفاته وتوحیده بأنه لیس کمثله شئ و اعتقاد حدوث ما دونه، والإیمان بملائکته وکتبه ورسله والقدر خیره وشره، والإیمان بالیوم الآخر ویدخل فیه المسئلة فی القبر، والبعث، والنشور، والحساب، والمیزان، والصراط، والجنة، والنار، ومحبة اللہ، والحب فی اللہ، والبغض فیه، و محبة النبی صلی اللہ علیه وسلم، واعتقاد تعظیمه، ویدخل فیه الصلاة علیه واتباع سنته، والإخلاص ویدخل فیه ترک الریاء والنفاق، والتوبة، والخوف، والرجاء، والشکر، والوفاء، والصبر، والرضاء بالقضاء، والتوکل، والرحمة، والتواضع ویدخل فیه توقیر الکبیر ورحمة الصغیر، و ترک الکبر والعجب، وترک الحسد، وترک الحقد، وترک الغضب.**

وأعمال اللسان وتشتمل علی سبع خصال: التلفظ بالتوحید، وتلاوة القرآن، وتعلّم العلم، وتعلیمه، والدعاء، والذکر ویدخل فیه الاستغفار، واجتناب اللغو.

وأعمال البدن و تشتمل علی ثمان وثلثین خصلةً.

منها: ما یختصّ بالأعیان، وهی خمس عشرة خصلة: التطهیر حساً وحکماً وتدخل فیه اجتناب النجاسات، وستر العورة، والصلاة فرضاً ونفلاً، والزکاة کذلک، وفکّ الرقاب،

والجود و يدخل فيه إطعام الطعام و إكرام الضيف، والصيام فرضاً ونفلاً، والحج، والعمرة كذلك، والطواف، والاعتكاف، والتماس ليلة القدر، والفرار بالدين ويدخل فيه الهجرة من دار الشرك، والوفاء بالنذر، والتحرّى فى الأيمان، وأداء الكفارات.

ومنها ما يتعلق بالاتباع، وهى ستّ خصال: التعفّف بالنكاح، والقيام بحقوق العيال، وبرّ الوالدين وفيه اجتناب العقوق، وتربية الأولاد، وصلة الرحم، وطاعة السادة، والرفق بالعبيد.

ومنها ما يتعلق بالعامة، وهى سبع عشرة خصلةً: القيام بالأمرة مع العدل، و متابعة الجماعة، وطاعة أولى الأمر، والإصلاح بين الناس ويدخل فيه قتال الخوارج والبغاة، والمعاونة على البرّ ويدخل فيه الأمر بالمعروف والنهى عن المنكر، وإقامة الحدود، والجهاد ومنه المرابطة، وأداء الأمانة ومنه أداء الخمس، والقرض مع وفائه، وإكرام الجار، وحسن المعاملة وفيه جميع المال من حلّه، وإنفاق المال فى حقه ومنه ترك التبذير وا لإسراف، وردّ السلام، وتشميت العاطس، وكفّ الأذىٰ عن الناس، واجتناب اللهو، وإماطة الأذىٰ عن الطريق.

فهذه تسع وستون خصلةً، ويمكن عدّها تسعاً وسبعين خصلةً باعتبار إفراد ما ضمّ بعضه إلى بعض مما ذكر، والله أعلم. انتهى.

حافظ سیوطی نے النقایہ میں حافظ ابن حجر کے اتباع میں شعب کو مختصراً ذکر فرمایا ہے اور سیوطی سے ملا علی قاری نے مرقاۃ (ص ۶۲/۱) میں نقل فرمایا اور سیوطی نے اتمام الدرایہ میں ان کے دلائل بھی جمع فرمائے ہیں۔

شیخ الاسلام زکریا انصاری نے تحفۃ القاری (ص ۲۱۳/۱) میں ۷۷ شعبے الگ تحریر فرمائے ہیں، مختصر ہونے کی وجہ سے انہیں بھی نقل کیا جاتا ہے۔

قال: وبيان عدد شعبه على رواية بضع وسبعون أن التصديق يرجع إلى أعمال القلب والإقرار وإلى أعمال البدن.

فالأول يتشعّب إلى ثلاثين شعبةً، الإيمان بالله تعالىٰ واعتقاد حدوث ماسواه، و الإيمان بملائكته، والإيمان بكتبه، و الإيمان برسله، و الإيمان بالقدر خيره وشرّه، والإيمان باليوم الآخر، والوثوق بوعد الجنة والخلود فيها، واليقين بوعيد النار وعذابها، ومحبّة الله تعالىٰ، والحبّ والبغض فى الله، ومحبّة النبى صلى الله عليه وسلم، والاخلاص، والتوبة، والخوف،

والرجاء، وترک الیأس والقنوط، والشکر، والوفاء بالعهد، والصبر، والتواضع، والرحمة، والرضا بالقضاء، والتوکل، وترک العجب، وترک الحسد، وترک الحقد، وترک الغضب، وترک الغشّ، وترک حبّ الدنیا.

والثانی یتشعّب إلی سبع شعب، التلفظ بالتوحید، وتلاوة القران، وتعلّم العلم، وتعلیمه، والدعاء، والذکر، واجتناب اللغو.

والثالث یتشعّب إلی أربعین شعبةً، وهی علی ثلاثة أنواع.

الأول ما یختصّ بالأعیان وهو ستّ عشرة شعبةً التطهیر، و إقامة الصلاة، وأداء الزکاة، والصوم، والحج، والاعتکاف، والفرار بالدین، والوفاء بالنذر، والتحرّی فی الأیمان، وأداء الکفارة، وستر العورة، وذبح الضحایا، والجود، وفکّ الرقاب، والصدق فی المعاملات، والشهادة بالحق.

والثانی ما یختصّ بالاتباع وهی ستّ شعب، التعفّف بالنکاح، والقیام بحقوق العیال، وبرّ الوالدین، وتربیة الأولاد، وصلة الرحم، وطاعة الموالی.

والثالث ما یختص بالعامّة وهی ثمان عشرة شعبةً، القیام بالأمرة، ومتابعة الجماعة، وطاعة أولی الأمر، وا لإصلاح بین الناس، والمعاونة علی البرّ، والأمر بالمعروف، وإقامة الحدود، والجهاد، وأداء الأمانة، والقرض مع وفائه، وإکرام الجار، وحسن المعاملة، و إنفاق المال فی حقّه، وردّ السلام، وتشمیت العاطس، وکفّ الضرر عن الناس، واجتناب اللهو، وإماطة الأذیٰ عن الطریق.

قال: فهذه سبع وسبعون شعبةً وإن دخل فی بعضها زیادة کدخول الإیمان بصفات الله تعالیٰ فی الإیمان به وکدخول الصدقة فی الزکاة والعمرة فی الحج والحیاء فی جنس المعاملة وإلی الزیادة أشار بقوله والحیاء شعبة من الإیمان. انتهیٰ.

لیکن یہ تمام تر بیانات ظنی ہیں، یہی وجہ ہے کہ ان شعب کے شمار کرنے والوں میں ان کی تفصیلات ذکر کرنے میں اختلاف ہوا ہے، علامہ محمد بن علان الصدیقی الشافعی ریاض الصالحین کی شرح (ص ۱/۳۴۸) میں حافظ ابن حجر کا کلام نقل فرمانے کے بعد لکھتے ہیں:

قال الحافظ السيوطي في حاشية سنن أبي داود : وبعد أن رجّح رواية بضع وسبعون وأنه لا يلتفت إلى الشک فإن غيره من الثقات قد جزم بأنه بضع وسبعون ورواية من جزم أولىٰ، قال: ومقصود الحديث أن الأعمال الشرعيّة تسمّىٰ إيماناً و إنها منحصرة في ذلک العدد غير أن الشرع لم يعيّن ذلک العدد لنا ولافصّله، وقد تكلّف بعض المتأخرين ذلک فتصفّح خصال الشريعة وعدّدها حتّى انتهىٰ بها في زعمه إلى ذلک العدد ولا يصحّ له ذلک، لأنه يمكن الزيادة على ماذكره والنقصان منه ببيان التداخل، والصحيح ماصار إليه أبو سليمان الخطابي وغيره أنها منحصرة في علم الله تعالىٰ وعلم رسوله صلى الله عليه وسلم وموجودة في الشريعة مفصلة فيها، غير أن الشرع لم يوقّفنا على أشخاص تلک الأبواب ولاعيّن لنا عددها ولا كيفية انقسامها وذلک لا يضرّنا في علمنا بتفاصيل ما كلّفنا به من شريعتنا ولا في عملنا إذكل مفصّل مبيّن في جملة الشريعة، فما أمرنا بالعمل به عملنا و ما نهينا عنه انتهينا و إن لم نحط بحصر أعداد ذلک. انتهى.

و قال القاضي عياض: تكلّف جماعة حصر هذه الشعب بطريق الاجتهاد وفي الحكم بكون ذلک هو المراد صعوبة ولا يقدح عدم معرفة حصر ذلک على التفصيل في الإيمان. اهـ.

شیخ عبدالحق محدث دہلوی کا رجحان بھی شرح مشکوٰۃ میں عدم تفصیل ہی کی طرف ہے۔

احقر کا خیال یہ ہے کہ یہ تو ایک مسلّم حقیقت ہے کہ جب خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے خود ہی ان کی تفاصیل بیان نہیں فرمائیں تو حقیقت تک رسائی کا کیا سوال پیدا ہوتا ہے، لیکن اسکے باوجود اس میں کیا اشکال ہے کہ ان امور کو جمع کر دیا جائے جن پر کتاب وسنت میں ایمان کا اطلاق کیا گیا ہے تاکہ کسی راغب فی الآخرۃ کیلئے مشعل راہ ہو اور اسکے بعد بھی یہ شمار ایک ظنی اور اجتہادی امر ہوگا۔

حافظ ابن حجر نے جو تفصیلات ان شعب کے متعلق ذکر فرمائی ہیں وہ کافی مفید ہیں، اور حافظ ابن حجر کا نام ان کے ماخوذ من القرآن والحدیث ہونے کے لئے ایک بہت بڑی ضمانت ہے، اور ملا علی قاری نے کہا ہے جیسا کہ اوپر لکھا جاچکا کہ علامہ سیوطی نے اتمام الدرایہ میں ان کے دلائل بھی جمع فرمائے ہیں۔ واللہ الموفق۔

احقر محمد یونس عفی عنہ

یوم پنجشنبہ یکم جمادی الاولی ۱۳۹۷ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

مشکوۃ میں سمعت اُبیّاً ہے یا سمعت أبِی؟

کتاب الفتن میں باب الفضائل والمناقب وغیرہ کیسے؟

إذا سمعتم بجبلٍ زال.. اور تحسینِ اخلاق کے امر میں تعارض

سند مشکوٰۃ شریف

سیدی ومولائی قبلہ حضرت استاذ محترم صاحب **زیدت معالیکم**

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بصد آداب خدمت اقدس میں عرض ہے کہ مشکوٰۃ شریف میں مختلف مقامات پر کچھ خلجان ہوگیا ہے، ملاقات پر پوچھنے کا ارادہ کیا مگر آنجناب کی بے پناہ شفقت کے باوجود بھی رعب وہیبت کی وجہ سے ہمت نہیں ہوئی اس لئے تحریری طور سے پوچھ رہا ہوں۔

سوال(۱):

مشکوٰۃ شریف (ص۱۱۵) پر ایک روایت **عن عبداللہ بن أبی بکر قال: سمعت أبیاً یقول: کنا ننصرف فی رمضان من القیام فنستعجل الخدم بالطعام مخافة فوت السحور، وفی أخریٰ مخافة الفجر** ہے، مشکوٰۃ شریف میں اس کی تخریج موطا سے کی گئی ہے۔ مگر موطا (ص۴۱) میں **سمعت أبی** واقع ہوا ہے۔

اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ یہ روایت موطا کی ہے یا اور کسی کتاب کی؟ اگر موطا ہی کی ہے تو مشکوٰۃ شریف اور موطا میں کھلا تعارض ہے، علاوہ ازیں مشکوٰۃ شریف میں **سمعت ابیاً** صحیح نہیں معلوم ہوتا ہے کیونکہ **إکمال فی أسماء الرجال للمؤلف** میں حضرت ابیؓ کا انتقال ۱۹ھ لکھا ہے اور عبداللہ بن ابی بکر کی پیدائش بعد میں ہوئی ہے اس لئے کہ ان کا انتقال ۱۳۵ھ میں ہوا ہے اور کل عمر ستر برس لکھی ہے، مگر شراح مشکوٰۃ ملا علی قاری وغیرہ حضرات اس پر سکوت کررہے ہیں جس کی وجہ سے یہ خیال ہوتا ہے کہ یہ عبداللہ بن ابی بکر کوئی اور ہیں۔

سوال(۲):

مشکوٰۃ شریف (ص۴۶۱) پر مؤلف نے کتاب الفتن کا عنوان منعقد کیا ہے مگر اس میں باب الفضائل والمناقب اور معجزات وکرامات وغیرہ بھی ذکر کئے ہیں، حالانکہ یہ ابواب اعتقادات کے قبیل سے ہیں نہ کہ فتن کے قبیل سے اور محشی نے مناسبت کی نفی فرمادی ہے، اگر آپ کوئی مناسب توجیہ تحریر فرمادیں تو بہتر ہو۔

سوال (۳):

مشکوٰۃ شریف (ص۴۴) پر ایک روایت ہے **قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إذا سمعتم بجبل زال عن مكانه فصدّقوه و إذا سمعتم برجل تغيّر عن خلقه فلا تصدّقوا به فإنه يصير إلى ما جبل عليه. رواه احمد.**

یہ روایت بظاہر ان روایات ونصوص کے خلاف ہے جس میں تحسین اخلاق کا حکم آیا ہے نیز حضرات مشائخ وصوفیہ کا دارومدار ہی تبدیلِ اخلاق پر ہے اور تبدیل اخلاق کا مشاہدہ بھی ہے تو پھر اس حدیث کا کیا مطلب ہے؟

سوال (۴):

مشکوٰۃ شریف کی سند آپ نے اگرچہ احقر کو زبانی بتادی تھی اور مجھے یاد بھی ہے مگر دلی تمنا یہ ہے کہ آپ کے دست مبارک سے لکھی ہوئی مل جائے تو بہتر ہے۔

والسلام مع الوف الاحترام

خادم وسیم احمد مدرسہ اشرف العلوم گنگوہ ضلع سہارنپور

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

عزیز گرامی قدر سلمہ اللہ تعالیٰ وبارک فیہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

تمہارا مفصل خط ملا، تمہاری علمی مشغولیت سے جی خوش ہوا، **أللهم زد فزد.**

جواب (۱):

عن عبدالله بن أبي بكر قال: سمعت أبياً الخ اسی طرح مشکوٰۃ شریف کے قدیم وجدید نسخوں میں ہے، اور شارحینِ مشکوٰۃ جیسے صاحبِ مرقاۃ (ص۱۷۵/۱) مظاہر حق اور اشعۃ اللمعات (ص۵۴۸/۱) نے بھی اسی طرح ذکر فرمایا ہے اور تنقیح الرواۃ میں بھی اسی طرح ہے۔

اور یہ غلط ہے، اس لئے کہ راویِ اثر عبداللہ بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم انصاری ہیں اور ان کی ملاقات حضرت ابی بن کعبؓ سے ثابت نہیں ہے، اس لئے کہ صاحب مشکوٰۃ کے بیان کے موافق عبداللہ بن ابی بکر بن حزم کی وفات

۱۳۵ھ ہجری میں ہوئی ہے جب کہ ان کی عمر ستر سال کی تھی اس لحاظ سے ان کی پیدائش ۵۶ھ میں ہوئی ہے، اور حضرت ابی بن کعبؓ کی وفات صاحب مشکوٰۃ وغیرہ کے بیان پر ۱۹ھ میں ہوئی ہے، اس لحاظ سے عبداللہ بن ابی بکر کی ولادت اور ابی بن کعبؓ کی وفات میں چھیالیس سال کا فصل ہے، اور ایک قول ابی بن کعبؓ کی وفات میں ۳۲ھ کا ہے تو اٹھائیس سال کا فرق ہوا اور انقطاع کا احتمال بھی نہیں ہے اس لئے کہ عبداللہ بن ابی بکر نے سماع کی تصریح کی ہے۔

غالباً اسی خلجان کو دیکھ کر شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے اشعۃ اللمعات میں عبداللہ کو ابن ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ قرار دیا ہے مگر یہ بھی صحیح نہیں ہے، اس لئے کہ امام مالک یہ روایت عبداللہ بن ابی بکر سے بلاواسطہ نقل کرتے ہیں اور عبداللہ بن ابی بکر صدیق کی وفات خلافت صدیقی میں شوال ۱۱ھ میں ہوئی ہے اور اس وقت تک امام مالک کی ولادت بھی نہیں ہوئی تھی اس لئے کہ ان کی ولادت میں ۹۰/۹۳/۹۴/۹۵ ہجری مختلف اقوال ہیں، ان میں سے مشہور قول ۹۳ کا ہے، اسی کو حافظ ذہبی وغیرہ نے اختیار کیا ہے اس لحاظ سے امام مالک کی ولادت اور عبداللہ بن ابی بکر الصدیقؓ کی وفات میں ۲۸ سال کا فاصلہ ہے، اور امام مالک مدلس بھی نہیں ہیں تاکہ یہ احتمال قائم کیا جاسکے کہ شاید کسی اور سے سنا ہوگا اور تدلیس کی اور عبداللہ بن ابی بکر صدیق سے معنعناً روایت کرلی۔

اس لئے صحیح **عبدالله بن أبی بکر أنه قال: سمعت أبی** ہے جیسا کہ موطا امام مالک کے تمام نسخوں میں ہے، اسی طرح امام بغوی نے شرح السنۃ (ص ۱۲۵/۴) میں اور بیہقی نے سنن کبریٰ (ص ۴۹۷/۲) میں امام مالک کی سند سے روایت فرمایا، اور حافظ ابن حجر لکھتے ہیں (ص ۳۹/۵) : **روی مالک عن عبدالله بن أبی بکر عن أبیه قال: ننصرف الخ**، اور لمعات کے ناصیہ پر مشکوٰۃ کا جو نسخہ چھپا ہے اس میں موطا کے موافق **سمعت أبی** ہے، معلوم نہیں طابع کو کسی نسخہ میں اسی طرح ملا، یا ان کی اپنی تصحیح ہے، بہرحال فی نفسہ **عن عبدالله بن أبی بکر قال: سمعت أبی** ہی صحیح ہے۔ اور راوی حدیث عبداللہ بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم الانصاری ہیں اپنے والد ابوبکر بن حزم سے روایت کرتے ہیں۔

جواب (۲):

یہ جو تم نے اشکال کیا ہے صاحبِ مشکوٰۃ نے کتاب الفتن میں فضائل ومناقب اور اور معجزات وکرامات کے ابواب ذکر فرمائے ہیں حالانکہ ان کا فتن سے کوئی تعلق نہیں ہے، یہ قدیم اشکال ہے محشی نے شیخ عبدالحق کی لمعات سے نقل فرمایا ہے اسی طرح شیخ عبدالحق نے اشعۃ اللمعات میں (ص ۲۷۵/۴) پر یہ اشکال ذکر کیا ہے۔

لیکن میرے خیال میں کوئی اشکال نہیں ہے، صاحب مشکوٰۃ نے کتاب الفتن میں وہ تمام مضامین اور روایات ذکر فرمائی ہیں جن کا آخر زمانے سے تعلق ہے اور جو کچھ فناء عالم کے بعد ہوگا۔

اسی لئے فتن ملاحم اشراطِ ساعۃ دجال نزول عیسیٰ نفخ صور حشر حساب و میزان حوض و شفاعت وغیرہ ابواب کو مسلسل ذکر فرمایا ہے، سب کے بعد جنت واہل جنت **(اللھم اجعلنا من أھلھا)** اور جہنم اور اہل جہنم **(أعاذنا الله منھا)** کے متعلق ابواب ذکر فرمائے ہیں اسلئے کہ یہی آخری ٹھکانا ہے، اور رؤیت باری تعالیٰ چونکہ جنت میں اہل جنت کو حاصل ہوگی اس لئے صفۃ الجنۃ کے بعد متصلا اس کو ذکر فرمایا اور پھر صفت جہنم کو ذکر فرمایا۔

اور چونکہ جنت وجہنم کے بارے میں فرق ضالہ معتزلہ وغیرہ کا خیال ہے کہ اب تک پیدا نہیں کی گئی ہیں بلکہ آئندہ پیدا ہوں گی اس لئے ساتھ ہی ان کی تردید کے لئے **باب خلق الجنة والنار** منعقد فرمادیا، اور جب خلق کا ذکر آ گیا تو اس مناسبت سے **باب بدء الخلق و ذکر الأنبیاء علیھم السلام** منعقد فرمادیا، اور چونکہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام افضل المخلوقات ہیں لہٰذا خاص طور سے ان کا ذکر فرمایا۔

اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ سارے انبیاء ومرسلین کے سردار ہیں اور خاتم المرسلین ہیں اس لئے انبیاء کا ذکر کرنے کے بعد خاص طور سے خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا تذکرہ فرمایا، اور آپ کی سیرتِ مقدسہ کے ابواب منعقد فرمائے، اور آپ کے فضائل، اسماء وصفات، اخلاق وشمائل، بعثت ونزول وحی، علامات نبوت، معراج و معجزات کو ذکر فرمایا، اور معجزات کی مناسبت سے کرامات کا باب منعقد فرما کر آخر میں ایک باب ایسا بھی ذکر فرمادیا جس میں آپ ﷺ کی وفات حسرت آیات سے متعلق روایات جمع فرمائیں۔

اور جب آپ کے فضائل ومناقب کا تذکرہ فرما چکے ہیں تو آپ کے خاندان قبیلہ قریش کے مناقب ذکر فرمائے اور اسی ضمن میں دوسرے قبائل کا تذکرہ فرمایا، اور چونکہ صحابہ کرامؓ آپ ﷺ ہی کی سیرت وکردار کا ایک زریں باب تھے، اس لئے آپ ﷺ کے مناقب وفضائل ذکر کرنے کے بعد صحابہؓ کے فضائل ذکر فرمائے، پہلے تو ایک عام باب مناقب الصحابہ منعقد فرمایا اور پھر خاص افراد وجماعات سے متعلق خصوصی ابواب منعقد فرمائے اور آخر میں ایک باب جامع المناقب ذکر فرمایا جس میں مختلف صحابہ کرامؓ کے متعلق جو خصوصی فضائل وارد ہیں انکو اختصار کی نیت سے یکجا ذکر فرمادیا، اور پھر اخیر میں اہل بدر کے ناموں کو امام بخاری کے اتباع میں ذکر فرمایا، اس لئے کہ اہل بدر کی صحابہؓ میں ایک خاص شان ہے۔

محقق دوّانی مشائخ حدیث سے نقل کرتے ہیں کہ بخاری شریف میں جہاں اسماء اہل بدر آتے ہیں وہاں دعاء

مقبول ہوتی ہے۔

اس کے بعد کچھ خاص علاقوں یمن وشام کے فضائل نقل فرمائے اوراویس قرنی چونکہ یمنی ہیں اور خاص طور سے ان کی فضیلت حدیث میں وارد ہے اس لئے ان کی بھی فضیلت ذکر فرمادی۔

اورآخر میں مطلقاً اس امت سے متعلق احادیث ذکر فرمادیں جس سے امت کی فضیلت وثواب خاص وغیرہ نکلتی ہیں اور **باب ثواب هذه الأمة** کاباب منعقد فرمایا اور یہ حقیقۃً **رجوع من النهاية إلى البداية** ہے اس لئے کہ حدیث نیت سے کتاب کی ابتداء کی تھی اور نیت ہی پر گویا ختم فرمادیا کیونکہ ثواب کا دارومدار نیت ہی پر ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

جواب(۳):

یہ حدیث امام احمد نے بطریق زہری حضرت ابوالدرداءؓ سے روایت فرمائی ہے، اور یہ سند منقطع ہے، زہری نے حضرت ابوالدرداءؓ کا زمانہ نہیں پایا، حضرت ابوالدرداءؓ کی وفات حضرت عثمانؓ کے زمانہ خلافت میں ہوئی ہے۔

قال سعيد بن عبدالعزيز: مات في خلافة عثمانؓ لسنتين بقيتا من خلافته، وقال الواقدي وغير واحد: ماتَ سنة اثنتين وثلاثين، وقال عمروبن علي الفلاس عن بعض ولده: ماتَ قبل عثمانؓ بسنة.

ایک شاذ قول یہ بھی ہے کہ جنگ صفین کے بعد وفات پائی ہے لیکن حافظ ابن عبدالبر نے اس کی تردید کی ہے فرماتے ہیں: **والأصحّ عند أهل الحديث أنه توفّي في خلافة عثمانؓ.**

اور **محمد بن مسلم بن شهاب الزهري** کی ولادت اس کے تقریباً اٹھارہ انیس سال بعد ہوئی ہے، **قال أبوداود يقولون: إن مولده سنة خمسين، وقال خليفة: ولد سنة إحدى وخمسين، وقال يحيىٰ بن بكير: سنة ستّ، وقال الواقدي: سنة ثمان،** بہرحال اول قول پر تو کم فاصلہ ہے اور بعد کے اقوال پر فاصلہ بڑھتا ہی جاتا ہے۔

اور باقی رجال سند ثقہ اور رجال صحیح میں سے ہیں، **قال الهيثمي: رجاله رجال الصحيح إلا أن الزهري لم يدرك أباالدرداءؓ، وقال السخاوي و تبعه العجلوني في كشف الخفاء (ص۲۵۵/۱) وخالف نفسه فقال مرة (ص۸۷/۱): رواه أحمد بسند صحيح وفيه نظر.**

علامہ شمس الدین سخاوی نے **المقاصد الحسنة** میں (ص۱۳۱) بعض شواہد مرفوع وموقوف ذکر فرمائے ہیں،

قال: منها مافي الأمثال للعسكرى من حديث أبي هريرةؓ مرفوعاً أن تغيّر الخُلق كتغيّر الخَلق إنك لا تستطيع أن تغيّر خُلقه حتى تغيّر خَلقه.

ومنها مافي المعجم الكبير للطبرانى من حديث عبدالله بن ربيعة قال: كنا عند ابن مسعودؓ فذكر القوم رجلاً فذكروا من خُلقه فقال ابن مسعودؓ: أرأيتم لوقطعتم رأسه أكنتم تستطيعون أن تعيدوه؟ قالوا: لا، قال: فيده؟ قالوا: لا، قال: فرجله؟ قالوا: لا، قال: فإنكم لن تستطيوا أن تغيّروا خُلقه حتى تغيّروا خَلقه.

لیکن اس پر تم نے جو اشکال ذکر کیا ہے وارد ہوتا ہے اور یہ مشہور اشکال ہے، اور اسی بنا پر ہمارے زمانہ کے بعض محدثین (**ناصر الدين ألباني في سلسلة الأحاديث الضعيفة ص ۱۶۷**) نے مسند احمد کی روایت پر نکارت کا حکم لگا دیا ہے۔

مگر شواہد کے ہوتے ہوئے یہ حکم مشکل ہے، حقیقت یہ ہے کہ اخلاق کی درستی و تحسین اور ان کی اصلاح شریعت مطہرہ میں مطلوب ہے اور یہ حکم ہے کہ **حسّن خُلقك** لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اس جوہر اور طبیعت کو بدل دو جس کو خداوند قدوس نے پیدا کیا ہے، بلکہ اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ اپنی طبیعت کو شریعت مقدسہ کے تابع کردو اور اخلاق محمدی **على صاحبها ألف ألف صلاة وتحيّة** کی پیروی کرو اس لئے کہ امور شریعت اختیاری ہیں، لہٰذا عبد مختار سے ان کا مطالبہ ہے اب خواہ طبیعت لگے یا نہ لگے بہر حال پابندی کرنی ہے۔

البتہ یہ بات ضروری ہے کہ مسلسل طبیعت کے خلاف کرنے سے منازعتِ نفس کمزور پڑ جاتی ہے اور بعض وقت بالکل مضمحل ہو جاتی ہے حتی کہ یہ خیال ہونے لگتا ہے کہ طبیعت بدل گئی حالانکہ طبیعت نہیں بدلتی بلکہ اس کی مخالفت کرنے کی وجہ سے اس کا تقاضا ضعیف ہو گیا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ مجاہدات سے اضمحلال ہو جاتا ہے بالکلیہ تبدیلی نہیں ہوتی ہے، یوں کہہ لو کہ تعدیل ہو جاتی ہے، اور جن ائمہ فن نے تبدیلی کی تصریح فرمائی ہے جیسے امام غزالی (ص ۳/۴۸) وغیرہ انہوں نے ہی یہ بھی تصریح کی ہے کہ بالکلیہ قلع قمع نہیں ہوتا ہے، اور بعض اوقات بعض ملکات وقویٰ کا امالہ ہو جاتا ہے۔

مثلاً اگر کسی میں غصہ زیادہ ہو اور جا بجا غصہ ہوتا ہو اور وہ اپنی طبیعت پر لگام لگائے اور بے جا غصہ پر اس کو روکے تو رفتہ رفتہ اس کا رخ ادھر سے ہٹ جائے گا لیکن ختم نہیں ہوگا بلکہ خلاف شرع امر دیکھ کر اس کا ظہور ہوگا، یہی وجہ ہے کہ جن بعض صوفیہ کی طبیعت میں فطرتاً تیزی ہوتی ہے وہ بے جا تو ظاہر نہیں ہوتی لیکن خلاف شرع امر پر ظاہر ہو جاتی

ہے، اور اگر کہیں بالکل ہی ازالہ ہوجائے تو قدرتِ الٰہیہ کے پیش نظر اس کا انکار نہیں کیا جاسکتا بلکہ ہوجاتا ہے مگر یہ شاذ صورت ہے جو حدیث کے خلاف نہیں ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ مجاہدات سے رذائل کا اضمحلال ہوجاتا ہے خلافِ شرع ان کا ظہور نہیں ہوتا، اور بعض وقت ازالہ ہوتا ہے ازالہ نہیں، اور بعض شاذ صورتوں میں ازالہ ہی ہوجاتا ہو تو عجیب نہیں ہے۔

خلق حسن کے متعلق ابن جریر طبری وابن بطال وغیرہ نے یہ اختلاف نقل کیا ہے کہ فطری ہے یا کسبی؟

بعض کی رائے ہے کہ فطری ہے، فریق اول کا استدلال ابن مسعودؓ کی حدیث مرفوع: **إن اللہ تعالیٰ قسم بینکم أخلاقکم کما قسم بینکم أرزاقکم. الحدیث، رواہ أحمد** (ص۳۸۷/۱) **والبخاری فی الأدب المفرد والحاکم** (ص۱۶۵/۴) **وصحّحہ وأقرّہ الذہبی.** اور اس جیسی احادیث سے ہے۔

اور فریق ثانی کا استدلال حدیث معاذؓ: **کان آخر ما أوصانی بہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین وضعت رجلی فی الغرز أن قال: یا معاذ أحسن خُلقک للناس. رواہ مالک.** اور اس قسم کی روایات سے ہے، لیکن بعض روایات سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حسن اخلاق فطری بھی ہے اور کسبی بھی۔

حضرت اشجّ عصری کی حدیث میں ہے کہ جب وہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت عالی میں اپنے وفد کے ساتھ حاضر ہوئے تو سارے اہل وفد اسی حال میں خدمت میں حاضر ہوگئے اور اشج عصری نے سفر کا لباس تبدیل کیا اور صاف ستھرے لباس پہن کر اطمینان سے حاضر ہوئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: **إن فیک لخصلتین یحبّہما اللہ، الحلم والأناۃ.** انہوں نے عرض کیا: **یا رسول اللہ! قدیماً کانا فیّ أو حدیثاً؟** آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: **قدیماً**، اشج بولے: **الحمدللہ الذی جبلنی علی خلقین یحبہما.**

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں (ص۶۸/۱۳) اشج کے سوال میں قدیم وحدیث کر کے پوچھنا اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا اس پر سکوت فرمانا اس بات کی دلیل ہے کہ اخلاق بعض جبلّی ہوتے ہیں اور بعض کسبی۔

اس تفصیل کو سامنے رکھ کر یہ کہا جاسکتا ہے کہ جہاں تحسینِ اخلاق کا حکم دیا گیا ہے وہ کسبی اخلاق مراد ہیں، اور جہاں یہ فرمایا گیا ہے کہ وہ مقسوم اور فطری ہیں اور ان میں تغیر نہیں ہوتا اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کا کلی خاتمہ نہیں کیا جاسکتا لیکن مجاہدات وریاضات سے ان کی تعدیل واصلاح ہوجاتی ہے۔ واللہ اعلم۔

اس کے بعد ملا علی قاری کا کلام دیکھا، انہوں نے حدیث مسئول کے تحت یہ بحث چھیڑی ہے اور تقریباً وہی باتیں لکھی ہیں جو احقر نے سطور گذشتہ میں عرض کی ہیں، کتاب چونکہ تمہارے پاس ہے اس لئے خود ہی دیکھ لینا، ہمارے

حضرت الشیخ نے بھی اوجز المسالک کی جلد سادس میں (ص ۱۸۰/۶) اس مضمون پر کلام فرمایا ہے۔

جواب(۴):

احقر نے مشکوۃ شریف حضرت الاستاذ العلامۃ المحدث مولانا امیر احمد صاحب نوراللہ مرقدہ متوفی ۱۳۸۴ھ سے پڑھی ہے، اورانہوں نے حضرت استاذی مولانا منظور احمد صاحب سہارنپوری متوفی ۱۳۸۸ھ سے، اورانہوں نے حضرت اقدس استاذ الکل مولانا السید عبداللطیف صاحب نوراللہ مرقدہ سے، **وهو يروى عن عمّه مولانا ثابت على پورقاضوى و مولانا عنايت الٰهى مهتمم الجامعة عن كليهما قراءةً و عن المحدث الجليل مولانا خليل أحمد السهارنفورى إجازةً، وهؤلاء كلهم يروون عن مولانا محمد مظهر النانوتوى عن أستاذ العلماء مولانا مملوك العلى النانوتوى عن مولانا رشيدالدين خان البخارى الدهلوى عن العلامة الشاه عبدالعزيز عن أبيه حكيم الأمة وناطق الدورة أحمد المدعو بالشاه ولى الله بن مولانا الشاه عبدالرحيم الدهلوى عن الشيخ أبى طاهر الكردى عن أبيه الشيخ إبراهيم الكردى عن الشيخ أحمد القشاشى عن الشيخ أحمد بن عبدالقدوس الشناوى عن السيد غضنفر بن محمد بن السيد جعفر النهروالى عن الشيخ محمد سعيدالمعروف بمير كلان الذى كان فى وقته شيخ مكة المكرمة عن السيد نسيم الدين ميرك شاه عن أبيه السيد جمال الدين عطاء الله بن السيد غياث الدين فضل الله بن السيد عبدالرحمن عن عمّه الطودالشامخ السيد أصيل الدين عبدالله بن عبدالرحمن بن عبداللطيف بن جلال الدين يحيىٰ الشيرازى الحسينى عن مسند وقته و محدّث عصره الشيخ شرف الدين عبدالرحيم بن عبدالكريم الجرهى الصديقى عن علامة عصره إمام الدين على بن مبارك شاه الساوجى الصديقى عن مؤلف الكتاب الشيخ ولى الدين محمد بن عبدالله بن الخطيب التبريزى.**

شاہ ولی اللہ سے آخر تک سند حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کی کتاب عجالۃ نافعہ سے لی گئی ہے، اور آخری حصہ کچھ قابل تحقیق ہے، اگر عجالہ نافعہ کی شرح فوائد جامعہ حاصل ہوجائے تو سہولت سے سب تحقیق ہوجائے گی، پاکستان میں چھپ چکی ہے۔

احقر محمد یونس عفی عنہ شب شنبہ ۳ جمادی الاولی ۱۳۹۷ھ

✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧○○○✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧

حضور ﷺ کا ام حرامؓ کے یہاں آرام کیوں؟

سوال:

صحیح بخاری **أبواب الاستیذان** میں پوری اور **باب رکوب البحر، باب فضل من یصرع فی سبیل اللہ** اور **باب غزوۃ المرأۃ فی البحر، باب ماقیل فی قتال الروم** میں ادھوری روایت **بعضھا عن أنسؓ وبعضھاعنہ عن أم حرامؓ بنت ملحان** ہے، جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بحری غزوے کی بشارت اور ام حرامؓ کی اس میں شرکت کی بشارت دی۔

اس روایت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ام حرامؓ سے جس طرح کا معاملہ ہے یہ تو محرمیت کو متقاضی ہے مگر محرمیت ثابت نہیں ہوتی، ابن عبدالبر وغیرہ نے رضاعی رشتہ ثابت کیا ہے مگر اس پر جو اعتراضات ہیں وہ اس دعوے کو ختم کردیتے ہیں، حافظ ابن حجر فتح (۱۱/۶۳) نے عاجز ہوکر اسے آپ ﷺ کی خصوصیت قرار دی ہے مگر یہ جواب پوچ ہے، کوئی جاندار جواب آپ کے علم میں ہو تو رہنمائی فرمائیں۔

(مولانا) عبداللہ دہلوی

جواب:

آپ نے تو دونوں جوابوں کو بالکل ہی بے وزن سمجھ لیا، اب اس کے علاوہ اور کونسا جواب دیا جائے، یہ تو مسلّم امر ہے کہ اسلام نے مرد وعورت کے تعلقات میں حد بندی فرمادی ہے، ایک بیوی کو چھوڑ کر باقی سب سے پردہ ہے، گو اس کی نوعیت مختلف ہے، آدمی کو اپنی محارم نسبیہ کو ایک مخصوص حد میں دیکھنے و ملنے کی اجازت ہے اور غیر محارم میں بالکل ہی تنگی ہے۔

اب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ام حرامؓ کے مکان پر تشریف لے جانا اور ان کے یہاں آرام فرمانا اور ان کا آپ کے سر کے بالوں کا تفتیش کرنا کسی جائز ہی شکل پر ہوسکتا ہے، ظاہر ہے یا تو رضاعی رابطہ تھا جیسا کہ حافظ ابن عبدالبر وغیرہ حضرات کی رائے ہے، اور اس پر جو دمیاطی وغیرہ کو اشکال پیش آیا ہے وہ صورت رضاعت متعین کرلینے کی وجہ سے، اگر یہ کہا جائے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے والد ماجد عبداللہ کی طرف سے رضاعت کا تعلق ہو اور اس کا معلوم نہ ہونا مضر نہیں کہ صورت کیا تھی تو کیا حرج ہے۔

اور سب سے احسن جواب خصوصیت ہی کا معلوم ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ نے جناب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خاص خصائص سے نوازا تھا جیسے چار سے زائد عورتوں سے نکاح اور بلا مہر کے نکاح فرمانا، سونے سے وضو کا نہ ٹوٹنا

وغیرہ ،تو اگر یہ بھی ایک خصوصیت ہوتو کیا استبعاب ہے، اوروجہ خصوصیت آپ کا معصوم ہونا ہے، بہت سے ائمہ کا اسی طرف رجحان ہے، **نقله القاضي أبوبكر بن العربي وحكاه العلامة سراج الدين بن الملقن عن بعض مشائخه وأقرّه و تابعهم الحافظ ابن حجر ثم العلامة السيوطي.** اور قاضی عیاض کا انکار ضعیف ہے یہ حدیث خود اس کی ایک دلیل ہے۔

دوسری دلیل حضرت ربیع بنت معوذؓ کے بستر پر بیٹھنا ہے جو بخاری شریف میں وارد ہے، ربیع بنت معوذؓ اپنے شاگرد خالد بن ذکوان سے فرماتی ہیں: **جاء النبي ﷺ فدخل حين بني عليّ فجلس على فراشي كمجلسك مني**، نیز آپ ﷺ کا اپنے قرین کے بارے میں ارشاد ہے **ولكن الله أعانني عليه فأسلم فلا يأمرني إلابخير. رواه مسلم.** ہاں اگر تفلیۃ الراس کسی راوی کا وہم ہوتا تو پھر سب اشکال حل تھا کیونکہ پھر یہ کہنا آسان ہوتا کہ وہاں اور کوئی ہوگا اور تفلیۃ کو بالوں کے چھونے پر محمول کرلیا جائے گو اس میں بُعد ہے مگر اس صورت میں اشکال ختم ہوجائے گا۔ واللہ اعلم۔

بندہ محمد یونس عفی عنہ

شب دوشنبہ ۶ جمادی الاولیٰ ۱۳۹۷ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

عمامہ پہن کر نماز پڑھانے کا ثواب

سوال:

ایک ضروی امر دریافت طلب ہے، یہاں ایک صاحب جو ہمارے مدرسہ کی جامع مسجد میں نماز جمعہ ادا کرتے ہیں امام صاحب کو بلا عمامہ نماز پڑھاتے دیکھ کر خفا ہوگئے اور فرمایا کہ صحیح حدیث میں ہے کہ اس نماز جمعہ کا ثواب ستر گنا زیادہ ملتا ہے جو عمامہ کے ساتھ پڑھی جائے بغیر عمامہ والی نماز جمعہ سے۔

جامع مسجد کے امام صاحب مفتی ہیں دارالعلوم سے فراغت کے بعد فتوی کا نصاب بھی پورا کر چکے ہیں ان کا خیال ہے کہ ستر گنا ثواب والی حدیث بے اصل ہے، ایک دوسرے عالم جو بڑی صلاحیت والے حضرت شاہ صاحب کشمیری کے شاگرد اور مولانا حبیب الرحمٰن صاحب اعظمی کے دوستوں میں ہیں ان کی رائے ہے کہ یہ حدیث حسن ہے۔

ملا علی قاری نے مرقاۃ (ص ۸/۲۵۰) میں ان روایات کا ذکر کیا ہے فرماتے ہیں:

وروى الديلمي والقضاعي في مسند الفردوس عن عليّ كرم الله وجهه مرفوعاً :العمائم تيجان العرب والاحتباء حيطانها وجلوس المؤمن في المسجد رباط. وروى الديلمي عن ابن عباسؓ بلفظ: العمائم تيجان العرب فإذا وضعوا العمائم وضعوا عزهم، وروى الباوردي عن ركانةؓ بلفظ: العمامة على القلنسوة فصل مابيننا و بين المشركين يعطى يوم القيامة بكل كورة يدورها على رأسه نوراً، وروى ابن عساكر عن ابن عمرؓ مرفوعاً :صلاة تطوع أو فريضة بعمامة تعدل خمساً وعشرين صلاةً بلا عمامة، وجمعة بعمامة تعدل سبعين جمعةً بلا عمامة.

اسی طرح مرقاۃ (ص۲۳۹/۲) میں ہے وروى أنه عليه الصلوٰة والسلام قال: صلاة بعمامة أفضل من سبعين صلوةً بغيرعمامة .كذا نقله ابن حجرعن ابن الرفعة.قال ابن الديبع :صلاة بخاتم تعدل سبعين بغير خاتم موضوع كما قال شيخنا عن شيخه. وكذا ما أورده الديلمي من حديث ابن عمرؓ مرفوعاً صلاة بعمامة تعدل خمساً و عشرين صلاة، و جمعة بعمامة تعدل سبعين جمعة. و من حديث أنسؓ مرفوعاً :الصلاة في العمامة بعشرة آلاف حسنة. قال المنوفي :فذلک كله باطل نقله الخطابي. والله أعلم بالصواب.

امداد الفتاوی مطبوعہ تالیفات اولیاء دیوبند میں (ص۳۹۱ تا ۳۹۴) تک عمامہ کی بحث ہے، امداد کی عبارت سے اندازہ ہوتا ہے کہ ملاعلی قاری نے جو روایات ذکر فرمائی ہیں ان سے ستر گنا ثواب ثابت ہوتا ہے اور یہ صحیح ہے، اور اپنے بہت سے اکابر علماء کو جو عمل بالسنۃ کے شائق ہیں بغیر عمامہ کے جمعہ اور دیگر نمازیں پڑھتے دیکھا ہے۔

آپ کے نزدیک فریقین میں سے کس کی بات راجح ہے؟ ازروئے جرح احادیث مذکورہ کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے؟ مسند الفردوس محققین محدثین کے نزدیک کس درجہ کی کتاب ہے؟

علامہ عینی، حافظ ابن حجر، قسطلانی، شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کے کلام میں عمامہ کی بحث ہو تو نشاندہی فرمائیں، میرے پاس درمختار، شامی، زیلعی علی الکنز، طحطاوی علی الدر میں عمامہ کا مستحبات صلوۃ میں ہونا نہیں ملا۔

(مولوی) ابوالبرکات (صاحب)

مدرس جامع العلوم کانپور

جواب:

تمہارے سوالات تجزیہ سے چار امور پر مشتمل ہیں (۱) احادیث عمامہ کی تحقیق (۲) فریقین کی رائے میں موازنہ (۳) مسند الفردوس کا مقام (۴) بحث عمامہ کہاں ملے گی، ان میں سے جن امور کا احقر کو علم ہے وہ عرض کرتا ہوں۔

(۱) **حدیث اول** حدیث علیؓ: العمائم تیجان العرب والاحتباء حیطانها وجلوس المؤمن فی المسجد رباط. ذکره السیوطی فی الجامع الصغیر و عزاه للقضاعی فی مسند الشهاب والدیلمی فی مسند الفردوس، قال المناوی فی فیض القدیر: قال السخاوی: سنده ضعیف أی و ذلک لأن فیه حنظلة السدوسی، قال الذهبی: ترکه القطان وضعفه النسائی، ورواه أیضاً أبونعیم وعنه تلقّاه الدیلمی، فلوعزاه المصنف للأصل لکان أولیٰ. انتهی.

قلت: قال السخاوی فی المقاصد (ص ۲۹۱): أخرجه الدیلمی من جهة أبی نعیم ثم من جهة ابن عباسؓ به مرفوعاً، وهو کذلک عند القضاعی من حدیث علیؓ مرفوعاً أیضاً، لکن أخرجه البهیقی عن الزهری من قوله ولفظه: العمائم تیجان العرب والحبوة حیطان العرب والاضطجاع فی المسجد رباط المؤمنین، وذکر أحادیث ستأتی و وهاها.

قلت: ویمکن أن یکون الحدیث قول علیؓ رفعه بعض الرواة وهماً، قال ابن هشام فی السیرة(ص۲۶۵): حدثنی بعض أهل العلم أن علی بن أبی طالبؓ قال: العمائم تیجان العرب وکانت سیماء الملئکة عمائم بیضاً قد أرخوها علی ظهورهم إلا جبریل فإنه کانت علیه عمامة صفراء.

حدیث دوم حدیث ابن عباسؓ: العمائم تیجان العرب فإذا وضعوا العمائم وضعوا عزّهم. عزاه السخاوی فی المقاصد (ص ۲۹۱) والسیوطی فی الجامع الصغیر للدیلمی ورمز له السیوطی بالضعف وأشار السخاوی إلی وهائه، وقال المناوی فی فیض القدیر (ص ۳۹۲/۴): لفظ روایة الدیلمی فیما وقفت علیه من نسخ قدیمة مصححة بخط ابن حجر وغیره: فإذا وضعوا العمائم وضع الله عزّهم، وفیه عتاب بن حرب قال الذهبی: قال الفلاس: ضعیف جداً، و من ثم جزم السخاوی بضعف سنده، ورواه عنه أیضاًابن السنی، قال الزین العراقی: فیه

عبیدالله بن حمید ضعیف، انتهی، وهو أبوالخطاب قال البخاری: منکر الحدیث ونقل ابن القطان الفاسی عن البخاری قال: من قلت فیه :منکرالحدیث، لا تحلّ الروایة عنه.

(تنبیه) وقع فی فیض القدیر عبدالله بن حمید وهو من سهو الناسخ أو الطابع والصواب ماقدمته .

قال السخاوی: وفی لفظ عنده ای الدیلمی :العمائم وقار المؤمن وعزّ العرب فإذا وضعت العرب عمائمها فقد خلعت عزّها. وقال المناوی فی الفیض فی شرح حدیث ابن عباسؓ: ثم خرّج أی الدیلمی من طریق آخر: العمائم وقار للمؤمنین وعزّ للعرب فإذا وضعت العرب عمائمها فقد خلعت عزّتها. اهـ. ولم أقف علی سنده ولکن أشار السخاوی إلی وهائه.

حدیث سوم حدیث رکانہؓ مرفوعاً : العمامة علی القلنسوة فصل ما بیننا و بین المشرکین یعطی یوم القیامة بکل کورة یدورها علی رأسه نوراً . عزاه السیوطی للباوردی ورمز بضعفه ولم أقف علی سنده، وظنّی أن الحدیث غیر ثابت.

حدیث چهارم حدیث ابن عمرؓ مرفوعاً: صلاة تطوع أو فریضة بعمامة تعدل خمساً وعشرین درجةً بلا عمامة وجمعة بعمامة تعدل سبعین جمعةً بلا عمامة. ذکره السیوطی فی الجامع الصغیر وعزاه لابن عساکر.

قلت وأخرجه ابن النجار من طریق محمد بن مهدی المروزی أنبأنا أبو بشر بن سیار الرقی حدثنا العباس بن کثیر الرقی عن یزید بن أبی حبیب قال: قال لی مهدی بن میمون: دخلت علی سالم بن عبدلله بن عمرؓ وهو یعتمّ فقال: یا بنی! أحبّ العمامة، یابنی! اعتمّ تجمّل وتکرّم وتوقّر ولا یراک الشیطان إلا ولّی هارباً، إنی سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول: صلاة بعمامة تعدل خمساً وعشرین صلاةً بغیر عمامة، وجمعة بعمامة تعدل سبعین جمعةً بغیر عمامة، إن الملٰئکة یشهدون الجمعة معتمّین ولا یزالون یصلّون علی أصحاب العمائم حتی تغرب الشمس. قال الحافظ ابن حجر فی لسان المیزان (ص ۳/۲۴۴): هذا حدیث موضوع ولم أر للعباس بن کثیر فی 'الغرباء' لابن یونس ولا فی ذیله لابن الطحان ذکراً ، وأما أبوبشر بن سیار فلم یذکره أبوأحمد الحاکم فی الکنٰی، وما عرفت محمد بن مهدی المروزی ولا

مهدی بن میمون الراوی عن سالم ولیس هوالبصری المخرج له فی الصحیحین وذلک یکنّیٰ أبا یحییٰ، ولاأدری ممن الآفة؟ ونقله السیوطی فی ذیل اللآلی (ص ۱۱۰) وأقرّه وتبعه ابن عراق فی تنزیه الشریعة (ص ۲/۱۲۴)، ثم ذکر السیوطی أنه أخرجه ابن عساکر فی تاریخه من طریق عیسی بن یونس والدیلمی من طریق سفیان ابن زیاد المخرمی کلاهما عن العباس بن کثیر به، ثم ذهل السیوطی فأورده فی الجامع الصغیر من روایة ابن عساکر عن ابن عمرؓ، وتعقّبه المناوی فی شرحه (۴/۲۲۵) بأن ابن حجر قال: إنه موضوع، ونقله عنه السخاوی فی المقاصد (ص ۲۶۳) وارتضاه، وقال السخاوی فی موضع آخر (ص ۲۹۱): لا یثبت، ونقل الملا علی القاری فی موضوعاته الکبری (ص ۴۵) عن العلامة علی بن محمد المالکی المنوفی المصری أنه قال: هذا حدیث باطل، وتعقّبه القاری بأن السیوطی أورده فی الجامع الصغیر مع التزامه بأنه لا یذکر فیه الموضوع.

قلت: هذا تعصّب بارد فکم للسیوطی هذه المناقضات والأوهام. والله الموفق.

حدیث پنجم پر جو کچھ تم نے مرقاۃ سے نقل کیا ہے وہ ساری تفصیل ابن الدیبع نے **تمییز الطیب** میں ذکر فرمائی اور اس کے متعلق کسی بات کے ذکر کرنے کی ضرورت ہی نہیں، خود ملا علی قاری نے اخیر میں علامہ منوفی سے سب کا باطل ہونا نقل کیا ہے، اسی طرح علامہ سخاوی نے المقاصد الحسنۃ میں (ص ۲۶۳) سب کو موضوع کہا ہے، اور ابن الدیبع کی کتاب **تمییز الطیب** المقاصد الحسنہ ہی کا مختصر ہے، تو یہ سارے ائمہ سخاوی، ابن الدیبع، منوفی ان روایتوں کو باطل کہتے ہیں۔

تجزیہ کے بعد یہ کلام جو تم نے نقل کیا ہے چار حدیثوں پر مشتمل ہے۔ اول **صلاة بعمامة أفضل عن سبعین صلاة بغیر عمامة** یہ حدیث بایں الفاظ میرے علم میں نہیں ہے، اور نہ ہی سخاوی نے مقاصد میں اسے ذکر فرمایا ہے۔ اور دوسری حدیث **صلاة بخاتم تعدل سبعین بغیر خاتم، قال الحافظ ابن حجر: موضوع ونقله السخاوی (ص ۲۶۳) وارتضاه وتبعهما المنوفی وعلی القاری فی موضوعاته (ص ۴۵)**. اور تیسری حدیث وہی ابن عمرؓ کی جو نمبر چار پر ابھی گذری ہے اور چوتھی حضرت انسؓ کی حدیث ہے **الصلاة فی العمامة تعدل عشرة آلاف حسنة**. حافظ سخاوی فرماتے ہیں کہ **موضوع** اور علامہ منوفی کہتے ہیں کہ باطل ہے۔ **و تبعهما علیّ القاری فی موضوعاته.**

حدیث ششم حدیثِ جابرؓ : ركعتان بعمامة أفضل من سبعين بغيرها. عزاه السخاوى فى المقاصد (ص ۲۹۱) والسيوطى فى الجامع الصغير إلى الديلمى فى مسند الفردوس، قال المناوى فى فيض القدير (ص۴/۳۷): ورواه عنه أى عن جابرؓ أيضا! أبو نعيم وعنه تلقّاه الديلمى فلو عزاه إلى الأصل لكان أولىٰ، ثم إن فيه طارق بن عبد الرحمن أورده الذهبى فى الضعفاء وقال: قال النسائى ليس بقوى عن محمد بن عجلان، ذكره البخارى فى الضعفاء، وقال الحاكم: سئ الحفظ، ومن ثم قال السخاوى: هذا الحديث لا يثبت. انتهى. وأشار السخاوى إلى وهائه.

ونقل بعض المحققين وهو العلامة ناصر الدين الألبانى عن الحافظ ابن رجب أنه قال فى شرح الترمذى: سئل أبوعبد الله يعنى ا لإمام أحمد بن حنبل عن شيخ نصيبى يقال له محمد بن نعيم قيل له: روى شيئاً عن سهيل عن أبيه عن أبى هريرةؓ عن النبى صلى الله عليه وسلم صلاة بعمامة أفضل من سبعين صلاة بغير عمامة، فقال : هذا كذّاب هذا باطل. انتهى.

علامہ سخاوی نے مذکورہ بالا طرق اور اس کے علاوہ مزید ذکر فرمانے کے بعد لکھا ہے: وبعضه أوهىٰ من بعض. اھ.

احقر کا خیال بھی یہی ہے کہ اگر **صلوة بالعمامة** کی اتنی فضیلت واہمیت تھی تو جس طرح صلوۃِ جماعت صف اول وغیرہ دیگر امور کے فضائل صحابہؓ سے اسانید صحیحہ سے نقل کئے گئے ہیں یہ امور بھی اسی طرح نقل ہوتے۔

ایک اور روایت اس مسئلے میں نقل کی جاتی ہے اس کو نقل کر کے اس کی حقیقت بتا دینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

أخرج الطبرانى عن أبى الدرداءؓ قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن الله و ملائكته يصلّون على أصحاب العمائم يوم الجمعة. قال الهيثمى (ص۱/۱۷۶): فيه أيوب بن مدرک قال ابن معين: إنه كذّاب. اهـ.

ویسے بعض روایات سے یہ ضرور معلوم ہوتا ہے کہ جمعہ کی نماز عمامہ پہن کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھی ہے۔ فأخرج مسلم (ص ۴۴۰) عن عمرو بن حريثؓ قال: كأنى أنظر إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم على المنبر وعليه عمامة سوداء قد أرخىٰ طرفيها بين كتفيه. وأخرجه أبوداود (ص۱/۵۱) والنسائى (ص۲/۲۹۹) والترمذى فى الشمائل وابن ماجه (ص۷۹، ۲۰۸،

۲۶۴) وترجم علیه ابن ماجه (ص ۷۹) "باب ما جاء فی الخطبة یوم الجمعة" اور جب خطبہ عمامہ سوداء کے ساتھ دیا گیا تو ظاہر ہے کہ نماز بھی اسی طرح پڑھی گئی۔

(۲) دوسری بات تم نے جو پوچھی ہے اگر اس سے مراد فضیلتِ عمامہ کی روایات میں جو آپ کے یہاں اختلاف ہوا ہے اس میں سے ایک کی رائے کی ترجیح مقصود ہے تو یہ بات تو ماقبل کی تفصیلات سے معلوم ہوگئی۔

احقر کی رائے میں یہ سب روایات ضعیف بلکہ واہی ہیں۔ حدیث چہارم وششم کو تو ائمہ فن نے باطل قرار دیا ہے اور باقی روایات اس درجہ کی نہیں ہیں کہ ان کے مل جانے سے قوت پیدا ہو جائے۔

اور اگر تمہاری مراد اپنے اکابر کے عمل میں محاکمہ ہے تو عزیز من! یہ میرا کام نہیں ہے، احقر تو ان حضرات کا خوشہ چین ہے، ہاں میں اپنے ذوق سے یہ کہہ سکتا ہوں کہ چونکہ صلوۃ فی العمامہ کی فضیلت کی روایات واہی ہیں اس لئے اس کو کوئی فضیلت کا کام سمجھ کر کرنا تو بہت مشکل ہے، **ثبّت العرش ثم انقش.**

اور اگر اس نیت سے عمامہ باندھا جائے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے متعدد مواقع پر عمامہ کا باندھنا ثابت ہے اور آپ نے عمامہ پہن کر خطبہ دیا ہے اور یہ آپ کا لباس ہے تو یہ ایک امر مستحسن ہوگا اور قرب کا سبب بنے گا۔

(۳) تیسری بات تم نے یہ پوچھی ہے کہ مسند الفردوس کا محدثین کے یہاں کیا مقام ہے؟

اس کا جو مقام احقر کے خیال میں ہے وہ یہ ہے کہ اس کی سب روایتوں کو باطل وموضوع نہیں کہہ سکتے ہیں، ہمارے حضرت اقدس شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے اپنے رسالہ **فیما یجب حفظه للناظر** میں طبقۂ رابعہ میں شمار فرمایا ہے، جس کی تمام روایات پر ضعف کا حکم لگایا جائے گا، اور حضرت اقدس شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے حجۃ اللہ البالغہ میں بھی طبقۂ رابعہ میں لیا ہے اور فرماتے ہیں کہ: **أصلح هذه الطبقة ما كان ضعيفاً محتملاً وأسوأها ما كان موضوعاً مقلوباً شديد النكارة وهذه الطبقة مادّة كتاب الموضوعات لابن الجوزی.**

(۴) اس کے متعلق نہ تو پہلے سے اہتمام کیا اور نہ اس وقت کوئی خاص مقام مستحضر ہے، شمائل ترمذی کی شرح جمع الوسائل میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے عمامہ کے تذکرہ میں کچھ مل جائے گا، اسی طرح فتح الباری، عمدۃ القاری (ص ۲۳۲/۱۰) قسطلانی (ص ۲۶۸/۱۰) **کتاب اللباس** میں **باب العمائم** کے ذیل میں دیکھ لو۔

ان کتابوں میں نفس عمامہ سے متعلق روایات ہیں، عمامہ پہن کر نماز پڑھنے کی کوئی روایت نہیں ہے صرف ایک روایت سے بظاہر معلوم ہوتا ہے **کما تقدم**، اسی طرح قسطلانی نے **المواهب اللدنية** میں اور زرقانی نے اس

کی شرح میں (ص۴ تا ۱۲/۵) متعدد روایات ذکر فرمائی ہیں۔حضرت شیخ کی تالیفات میں خصائل نبوی میں مختصر کلام عمامہ کے متعلق ہے اور اوجز المسالک میں یہ بحث کہیں نہیں دیکھی۔ واللہ اعلم۔

تنبیہ: عمامۂ سوداء کی تین روایتیں ہیں، ایک حضرت جابرؓ کی مسلم (ص۴۳۹) ابوداؤد (ص۵۱/۵) نسائی (ص۲۹۹/۲) ابن ماجہ (ص۲۰۸ و۲۶۴) میں ہے۔اور دوسری روایت عمرو بن حریثؓ کی مسلم، ابوداؤد، شمائل ترمذی، نسائی (ص۲۹۹/۲)، ابن ماجہ (ص۷۹ و۲۰۸) میں ہے۔اور تیسری روایت ابن عمرؓ کی ابن ماجہ (ص۲۶۴) میں ہے۔

محمد یونس عفی عنہ

۶ جمادی الاول ۱۳۹۷ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

سفر ہجرت کی ابتداء دوپہر کو ہوئی یا رات کو

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سوال: مخدومی المطاع حضرت الاستاذ شیخ الحدیث (مولانا محمد زکریا) صاحب دام مجدہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بہت روز سے ایک سوال کرنا چاہ رہا ہوں مگر اب تک نوبت نہیں آئی، اس مرتبہ جسارت کر رہا ہوں اگر سہولت سے جواب ممکن ہو تو مشرف فرمائیں۔

تاریخی روایات سے سفر ہجرت کی ابتداء رات کے وقت معلوم ہوتی ہے جس کے ساتھ ہی یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنے بستر مبارک پر لٹا دیا تھا اور امانتیں ان کے حوالہ فرما دی تھیں وغیرہ وغیرہ۔

لیکن صحیح بخاری کی روایت سے مترشح ہوتا ہے کہ سفر کی ابتداء دوپہر کو ہوئی تھی اور حضرت اسماء وغیرہ نے سامان سفر تیار کیا اور اپنے نطاق کے دو حصے کر کے توشہ دان کا منہ بند کیا تھا وغیرہ وغیرہ۔

مجھے تو شبہ ہوتا ہے کہ تاریخی روایات کا بیان شیعوں کی اختراع ہے اور صحیح بخاری کا بیان زیادہ صحیح ہے۔

آپ کا اس سلسلہ میں کیا خیال ہے؟ (مولانا) عمر احمد عثمانی

۲۰ رجون ۱۹۷۶ء

اس پر حضرت اقدس مدظلہ العالی نے یہ تحریر فرمایا کہ مولانا یونس صاحب اس خط کا جواب تحریر فرما کر میرے پاس بھیج دیں۔ اور یہ بھی تحریر فرمایا کہ میرے خیال میں کوئی تعارض نہیں ایک سفر کی ابتداء رات کو ہے اور دوسرے سفر کی ابتداء غار ثور سے ہے۔ انتہی۔

جواب: از احقر محمد یونس عفا اللہ عنہ وستر عیوبہ ورزقہ حبہ وحلاوۃ الایمان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

احقر کا خیال یہ ہے کہ اس کا سمجھنا روایات کے الفاظ پر موقوف ہے اس لئے اولاً روایات ذکر کرتا ہوں پھر تعارض کے متعلق عرض کروں گا۔

(۱) أخرج البخاری (ص ۵۵۳) من طریق ابن شهاب عن عروة عن عائشةؓ قالت: بینما نحن یوماً جلوس فی بیت أبی بکرؓ فی نحر الظهیرة قال قائل لأبی بکر: هذا رسول الله ﷺ متقنعاً فی ساعة لم یکن یأتینا فیها، فقال أبو بکرؓ: فداء له أبی وأمی والله ما جاء به فی هذه الساعة إلا أمر، قالت: فجاء رسول الله ﷺ فاستأذن فأذن له فدخل فقال النبی ﷺ لأبی بکرؓ: أخرج من عندک، فقال أبوبکرؓ: إنما هم أهلک بأبی أنت یا رسول الله! قال: فإنی قد أذن لی فی الخروج، فقال أبوبکرؓ: الصحابة؟ بأبی أنت یا رسول الله! قال رسول الله ﷺ: نعم، قال أبوبکرؓ: فخذ بأبی أنت یا رسول الله إحدیٰ راحلتیّ هاتین، قال رسول الله ﷺ بالثمن، قالت عائشةؓ: فجهّزناهما أحث الجهاز وصنعنا لهما سفرة فی جراب، فقطعت أسماء بنت أبی بکرؓ قطعة من نطاقها فربطت به علی فم الجراب فبذلک سمّیت ذات النطاق، قالت: ثم لحق رسول الله ﷺ وأبو بکر بغار جبل ثور، فکمنا فیه ثلاث لیال. الحدیث. وأخرجه أحمد (ص ۲۹۸/۶) من هذا الوجه.

(۲) وأخرج عبد الرزاق فی مصنفه (ص ۳۸۹/۵) وأحمد فی مسنده (ص ۳۴۸/۱) فقال: ثنا معمر قال: وأخبرنی عثمان الجزری أن مقسماً مولی ابن عباسؓ أخبره عن ابن عباسؓ فی قوله ﴿وإذ یمکر بک الذین کفروا لیثبتوک﴾ قال: تشاورت قریش لیلة بمکة فقال بعضهم: إذا أصبح فأثبتوه بالوثاق یریدون النبی صلی الله علیه وسلم، وقال بعضهم: بل اقتلوه،

وقال بعضهم: بل أخرجوه، فاطلع الله نبيه على ذلك، فبات عليٌّ علىٰ فراش النبى صلى الله عليه وسلم تلك الليلة وخرج النبى صلى الله عليه وسلم، فلما أصبحوا ثاروا إليه، فلما رأوا علياً ؓ ردّ الله مكرهم، فقالوا: أين صاحبك ؟ قال: لا أدرى، فاقتصوا أثره فلما بلغوا الجبل خُلِّطَ عليهم، فصعدوا فى الجبل فمرّوا بالغار، فرأوا على بابه نسج العنكبوت، فقالوا: لو دخل ههنا لم يكن نسج العنكبوت على بابه، فمكث فيه ثلاث ليال. قال الحافظ ابن كثير (ص ۱۸۱/۳) فى تاريخه والحافظ ابن حجر فى الفتح (ص۲۳۷/۸): هذا إسناد حسن، و تبعهما الزرقانى فى شرح المواهب، وقال الهيثمى (ص۲۷/۷) : رواه أحمد والطبرانى وفيه عثمان بن عمرو الجزرى وثّقه ابن حبان وضعّفه غيره وبقية رجاله رجال الصحيح.

(۳) وأخرج البيهقى فى الدلائل (ص ۲۰۱/۲) من طريق إبراهيم بن المنذر حدثنا محمد بن فليح عن موسى بن عقبة عن ابن شهاب الزهرى قال: ومكث رسول الله ﷺ بعد الحج بقية ذى الحجة والمحرم وصفر، ثم إن مشركى مكة اجتمعوا أن يقتلوه أو يخرجوه حين ظنّوا أنه خارج، وعلموا أن الله عزوجل قد جعل له مأوى ومنعة ولأصحابه، وبلغهم إسلام من أسلم ورأوا من يخرج إليهم من المهاجرين فأجمعوا أن يقتلوا رسول الله ﷺ أو يثبتوه، فقال الله عزوجل ﴿وإذ يمكر بك الذين كفروا ليثبتوك أو يقتلوك أو يخرجوك ويمكرون ويمكر الله والله خير الماكرين﴾ وبلغه ﷺ فى ذلك اليوم الذى أتى فيه أبا بكرؓ أنهم مبيّتوه إذا أمسىٰ على فراشه، فخرج رسول الله ﷺ وأبو بكرؓ فى جوف الليل قِبَل الغار غار ثور وهو الغار الذى ذكر الله عزوجل فى الكتاب، وعمد على بن أبى طالبؓ فرقد على فراش رسول الله ﷺ يورّى عنه، وباتت قريش يختلفون ويأتمرون أيّهم يهجم علىٰ صاحب الفراش فيوثقه، فكان ذلك أمرهم حتى أصبحوا، فإذا هم بعلىّ بن أبى طالبؓ، فسألوه عن النبى ﷺ فأخبرهم أنه لا علم له به، فعلموا عند ذلك أنه قد خرج فارّاً منهم، فركبوا فى كل وجه يطلبونه. وهذه الرواية نقلها الحافظ ابن حجر (ص۱۳۷/۸) عن مغازى موسى بن عقبة، وقد صرّح البيهقى بأن مغازى موسى بن عقبة أصحّ المغازى. وقد أخرج البخارى فى المغازى (ص۵۷۳) بهذا الإسناد طرفاً من قصة بدر.

(۴) وأخرج البيهقي (ص ۲۰۰/۲) من طريق ابن لهيعة عن أبي الأسود عن عروة بن الزبير قال: فمكث رسول الله ﷺ بعد الحجّ بقية ذي الحجة والمحرم وصفر، ثم إن مشركي قريش أجمعوا أمرهم ومكرهم على أن يأخذوا رسول الله ﷺ فإما أن يقتلوه وإما ان يحبسوه وإما أن يخرجوه وإما أن يوثقوه، فأخبره الله عزوجل بمكرهم ﴿وإذ يمكر بك الذين كفروا﴾ الاية. فخرج رسول الله ﷺ وأبو بكرؓ من تحت الليل قِبَل الغار بثور وعمد على رضي الله عنه فرقد على فراش رسول الله ﷺ يورّى عنه العيون.

(۵) وأخرج البيهقي (ص ۲۰۹/۲) من طريق عفان بن مسلم قال: حدثنا السرى بن يحيىٰ قال: حدثنا محمد بن سيرين قال: ذكر رجال على عهد عمرؓ فكأنهم فضّلوا عمرؓ على أبي بكرؓ، فلما بلغ ذلك عمرؓ قال: والله لليلة من أبي بكر خير من آل عمر وليوم من أبي بكر خير من آل عمر، لقد خرج رسول الله ﷺ ليلة انطلق إلى الغار ومعه أبوبكرؓ، فجعل يمشي ساعة بين يديه وساعة خلفه، حتى فطن له رسول الله ﷺ فقال: يا أبا بكر مالك تمشي ساعة بين يديّ وساعة خلفي؟ فقال: يا رسول الله! أذكر الطلب فأمشي خلفك ثم أذكر الرصد فأمشي بين يديك، قال: يا أبا بكر لو كان شيء لأحببتَ أن يكون بك دوني؟ قال: نعم والذي بعثك بالحق، فلما انتهيا إلى الغار قال أبو بكر رضي الله عنه: مكانك يا رسول الله! حتى أستبرئ لك الغار، فدخل فاستبراه حتى إذا كان في أعلاه ذكر أنه لم يستبرئ الحجرة، فقال: مكانك يا رسول الله! حتى أستبرى الحجرة، فدخل فاستبرأ ثم قال انزل يا رسول الله، فنزل، فقال عمرؓ: والذي نفسي بيده لتلك الليلة خير من آل عمر. قلت رجاله ثقات ولكنه منقطع.

ان تمام روایات میں یہ تصریح ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے مکان مبارک سے رات میں نکلے، صرف حضرت عائشہ کی روایت سے جو سب سے اول میں ذکر کی گئی ہے بظاہر دن میں نکلنا معلوم ہوتا ہے۔

علامہ زرقانی کی رائے یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر سے نکل کر رات ہی رات غار ثور تشریف لے گئے اور وہاں چھپ گئے، اور دو پہر کو وہاں سے نکل کر حضرت صدیق اکبر کے پاس تشریف لائے، پھر آپ اور ابوبکر صدیقؓ غار ثور کی طرف چلے۔

وعبارته روى أحمد بإسناد حسن تشاورت قريش. الحديث. وفيه فاطلع الله نبيه على ذلك فبات عليٌّ عليٰ فراشه، وخرج النبي ﷺ حتى لحق بالغار أي غار ثور كما في رواية ابن هشام وغيره، فأفاد أنه توارىٰ فيه حتى أتى أبا بكرٌ منه في نحر الظهيرة ثم خرج إليه هو وأبو بكرٌ ثانياً. وبهذا علم الجواب عن قوله في الثور لم أقف على ما صنع من حين خروجه إلى أن جاء إلى أبي بكرٌ في نحر الظهيرة. ووقع في البيضاوي: فبيّت علياً عليٰ مضجعه وخرج مع أبي بكرٌ إلى الغار، وفي سيرة الدمياطي أنه ذهب تلك الليلة إلى بيت أبي بكرٌ فكان فيه إلى الليلة أي المقبلة ثم خرج هو وأبو بكرٌ إلى جبل ثور. انتهى.

وفيه أن الثابت في الصحيح أنه عليه الصلوة والسلام أتىٰ أبا بكرٌ في نحر الظهيرة، وفي رواية أحمد جعل انتهاء خروجه بعد أن بيّت علياً على فراشه لحوقه بالغار فيفيد ما قلنا. انتهى.

میرے خیال میں یہ صورتِ جمع بہت ہی مشکل ہے۔

اول تو اس وجہ سے کہ جب مشرکین آپ کے قتل کی نیت سے آپ ﷺ کے دروازے پر جمع تھے تو آپ مکہ سے نکل کر پھر دوبارہ کیوں تشریف لاتے؟ اس میں تو بہت ہی شدید خطرہ تھا اور جو احتیاطی تدابیر آپ نے اس سفر میں اختیار فرمائیں کہ رات میں نکلے غار ثور میں تین راتیں پوشیدہ رہے، مدینہ کا عام راستہ چھوڑ کر ساحل کا راستہ اختیار فرمایا، دوپہر کے وقت غار سے نکل کر حضرت ابوبکرؓ کے مکان پر تشریف لے جانا ان سب کے خلاف ہے۔

اور ثانیاً اس وجہ سے مشکل ہے کہ عام اربابِ سیر رات میں آپ کے مکان سے نکل جانے کے بعد آپ کے ساتھ صدیق ابوبکرؓ کا غار ثور تک ساتھ ہونا ذکر کرتے ہیں، عروہ، زہری، ابن سیرین کی روایات میں اس کی تصریح گذر چکی ہے، صرف ابن عباسؓ کی روایت کو اصل بنا کر باقی روایت کو نظر انداز کر دینا سمجھ میں نہیں آتا جب کہ اس میں اجمال کا امکان قوی ہے۔

احقر کے خیال میں بخاری کی روایت دن میں نکلنے پر صراحۃً دلالت نہیں کرتی ہے، اور دوسری روایات میں رات میں نکلنا مصرّح ہے اور اس وقت کی مصلحت کا مقتضی بھی تھا، اس لئے جمع کی صورت یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پہلے صدیق اکبرؓ کے مکان پر تشریف لے گئے اور ہجرت کی اطلاع فرمادی، اس کے بعد آپ مکان تشریف لائے اور رات میں مکان سے نکلے، حضرت صدیق اکبرؓ نے کوئی جگہ طے فرمالی ہوگی، دونوں حضرات وہاں سے غار ثور تشریف لے گئے، اور یہ تفصیل زہری کی روایت میں جو نمبر تین پر گذر چکی ہے جس کو امام بیہقی نے بروایت موسیٰ بن

عقبہ نقل فرمایا ہے مصرّح ہے۔

زہری کے الفاظ یہ ہیں: **وبلغه صلى الله عليه وسلم في ذلك اليوم الذى أتىٰ فيه أبا بكرؓ أنهم مبيّتوه إذا أمسىٰ على فراشه، فخرج رسول الله صلى الله عليه وسلم وأبو بكرؓ في جوف الليل قِبَل الغار.** زہری کی اس روایت میں کوئی راوی شیعہ نہیں ہے، اس کی پوری سند کو امام بخاری نے صحیح بخاری کی کتاب المغازی میں ذکر فرمایا ہے۔ اس لئے سند کی حیثیت سے اس میں کوئی کلام بھی نہیں ہے۔

ابن سعد (ص ۲۳۸) کی رائے یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دوپہر میں حضرت ابوبکرؓ کے یہاں تشریف لے گئے اور پھر اپنے مکان تشریف لائے، رات میں حضرت ابوبکرؓ کے یہاں تشریف لے گئے اور بقیہ رات اور اگلے دن انہیں کے یہاں رہے اور آئندہ رات میں غار ثور کی طرف چلے۔

لیکن اس پر اشکال ہے کہ مشرکین مکہ کو جب آپ کے چلے جانے کا علم ہوا تو آپ کی تلاش میں نکل کھڑے ہوئے اور یہ بعید ہے کہ اگلی ہی رات میں مشرکین خاموش ہو جائیں اور آپ ابوبکرؓ کے مکان سے اطمینان سے نکل جائیں۔

ابن اسحاق کی روایت میں ہے کہ حضرت اسماءؓ فرماتی ہیں: **فلما خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم وأبو بكرؓ أتانا نفر من قريش فيهم أبو جهل فوقف على باب أبي بكرؓ فخرجت إليهم، فقالوا: أين أبوك يا بنت أبي بكر؟ قلت لهم: لا أدرى والله أين أبي، فرفع أبو جهل يده وكان فاحشاً خبيثا فلطم خدى لطمة طرح منها قرطي. الحديث.**

جب مشرکین تلاش میں ابوبکر صدیقؓ کے گھر گئے تو پھر یہ بہت بعید ہے کہ حضرت اقدس صلی اللہ علیہ وسلم وہاں ہوں اور اگلی رات میں روانگی ہو، لیکن یہ بھی امکان ہے کہ اگلے دن آئے ہوں، **وفضل الله على رسوله صلوات الله وتسليماته عليه أكثر من ذلك فلا ننكره نظراً إلى ذلك**، واللہ اعلم بالصواب۔

محمد یونس عفی عنہ

اواخر رجب ۱۳۹۷ھ

◆◆◆◆◆◆◆◆◆◆◆◆○○○◆◆◆◆◆◆◆◆◆◆◆◆

آپریشن کے مریض نماز کس طرح پڑھیں؟
کیا کوئی جنّ صحابی یا تابعی جسم انسانی میں حلول کرسکتا ہے؟
اگراس کوکسی انسان نے دیکھا اس کی فضیلت کیا ہے؟

(آمدہ درمکتوب حضرت شیخ ؒ)

سوال (۱):

ہسپتال میں جن مریضوں کا آپریشن وغیرہ ہوتا ہے اور کپڑے وغیرہ بھی پاک نہیں رہتے، وہ مریض چاہے علماء و خواص ہی ہوں نماز کا اہتمام نہیں کرسکتے اس لئے نماز موقوف کردیتے ہیں اور صحت کے بعد ادا کرتے ہیں، یہ اپنی جگہ درست ہے۔

لیکن مجھے یہ خیال آتا ہے کہ ایسی مدت میں وہ **تشبّہ بالمصلّین** کرتے رہیں تو بہتر ہو، وہ فاقد الطہورین جیسے ہیں، اس لئے میں نے دوایک حضرات کو ایسا کرنا بتلایا، آنجناب سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کیونکہ یہ تو میرا اپنا رجحان ہے، ممکن ہے درست نہ ہو۔

سوال (۲):

بعض جنات جسم انسانی میں حلول کرکے آتے ہیں، بعض دفعہ وہ تابعی یا صحابی ہونے کا بھی دعوی یا اظہار کرتے ہیں۔ ایسی صورت میں دیکھنے والے کو کیا کوئی فضیلت حاصل ہوجاتی ہے؟

اور اگر وہ بغیر حلول کئے متشکل ہوں تب تو کہا جائے گا کہ انہیں متشکل دیکھا۔ ورنہ حلول کی صورت میں انہیں دیکھنا نہیں پایا گیا۔ اس صورت میں اس انسان مُلاقی کا کیا حکم ہوسکتا ہے؟ اور اس انسان کا کیا ہونا چاہئے جس کے جسم میں یہ حلول کئے ہوئے ہیں۔

آکام المرجان میں نے دیکھنی چاہی مگر وہ یہاں دستیاب نہیں، شاید اس میں اس قسم کی بحث ہو۔

(مولانا) حامد میاں
جامعہ مدنیہ کریم پارک راوی روڈ لاہور

جواب (۱):

احقر کے خیال میں جولوگ ہسپتال میں ہوتے ہیں اور آپریشن وغیرہ کی وجہ سے ان کے کپڑے اور بدن پاک نہیں رہتے ہیں وہ **فاقد الطهورين** کے حکم میں نہیں ہیں، کیونکہ **فاقد الطهورين** کی دوصورتیں ہیں:

ایک حقیقی یعنی حقیقتاً دونوں میں سے کسی **ایک** پر قدرت نہ ہو مثلاً کوئی ایسے مکان میں محبوس ہو جس کی دیواریں اور زمین سب ناپاک ہوں، اور پاک مٹی نکالنے کی کوئی چیز پاس موجود نہ ہو اور پانی بھی نہ ہو۔

دوسری صورت یہ ہے کہ آدمی مرض کی وجہ سے استعمال طہورین پر قدرت نہ رکھتا ہو، جس کا آپریشن ہوتا ہے وہ احد الطہورین پر عامۃً قادر ہوتا ہے، لیکن بدن اور کپڑوں کے ناپاک ہونے کی وجہ سے اس کے حق میں ان کا استعمال مفید نہیں ہوتا۔ بظاہر ایسا شخص صاحبِ عذرِ مسلسل کے حکم میں ہے، **والعلم عند الله.**

جواب (۲):

جمہور محدثین کے نزدیک صحابی وہ مسلمان ہے جس نے بحالتِ ایمان حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک لحظہ (سکنڈ) بھی دیکھا ہو یا آپ ﷺ کی صحبت پائی ہو اور پھر ایمان پر اس کی وفات ہوئی ہو۔

اور صحبت کے معلوم ہونے کی حافظ ابن الصلاح امام نووی حافظ عراقی نے چار صورتیں لکھی ہیں۔

اول تواتر، ثانی استفاضہ (شہرت)، ثالث کسی صحابی کا یہ ارشاد کہ فلاں صحابی ہیں، رابع خود مدعیِ صحبت کا قول بشرطیکہ اس مدعی کی عدالت پہلے سے ثابت ہو۔

بدرالدین الزرکشی اور حافظ ابن حجر (ص ۱۱۷) کی رائے میں اگر تابعی کسی کا صحابی ہونا بیان کرے تو اس سے بھی صحبت ثابت ہو جائیگی، صورت رابعہ میں ابوالحسن بن القطان کے نزدیک صحبت ثابت نہ ہوگی، لیکن حافظ ابوبکر الخطیب البغدادی (ص ۶۷) سیف الدین الآمدی، حافظ ابن حجر، محقق ابن الہمام، محقق ابن امیر الحاج الحلبی (ص ۲/۲۶۲) وغیرہ حضرات ثبوت کے قائل ہیں جو ابن الصلاح وغیرہ کی رائے ہے۔

البتہ اس صورت میں دو امر ضروری ہیں، اول تو یہ کہ اس صورت میں کوئی قطعی حکم نہیں لگایا جا سکتا ہے، **قال الخطيب: وقد يحكم بأنه صحابي إذا كان ثقة أميناً مقبول القول إذا قال: صحبت النبي صلى الله عليه وسلم وكثر لقائي له فيُحكم بأنه صحابيّ في الظاهر لموضع عدالته وقبول خبره وان لم يقطع بذلك. وقال الآمدي في الأحكام: فلو قال من عاصره "أنا صحابيّ" مع إسلامه وعدالته فالظاهر صدقه. وقال ابن الهمام في التحرير وتبعه تلميذه ابن امير الحاج في شرحه**

(ص ۲۶۲/۲): إذا قال المعاصر للنبی صلی الله علیه وسلم العدل "أنا صحابیّ" قبل علی الظهور لأن الظاهر أن وازع عدالته تمنعه من الکذب لا علی القطع لاحتمال قصد الشرف بدعویٰ رتبة شریفة لنفسه.

اور دوسرا امر ضروری یہ ہے کہ یہ دعوی اسی وقت معتبر ہوگا جب کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے سو سال گذر جانے کے بعد نہ ہو۔

حافظ زین الدین العراقی نے **التقیید والإیضاح** میں (ص ۳۰۰) اور حافظ ابن حجر نے **مقدمة الإصابة** میں (ص ۱/۶) علامہ سخاوی نے **شرح الألفیة** (ص ۳/۹۷) میں علامہ سیوطی نے **تدریب الراوی** (ص ۴۰۰) اور **الحاوی للفتاوی** (ص ۲/۹۸) میں اور ابن امیر الحاج الحلبی نے **شرح التحریر** (ص ۲/۲۶۲) میں اس کی تصریح کی ہے، اس لئے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی وفات کے قریب ارشاد فرمایا تھا کہ اس وقت جو لوگ زندہ ہیں وہ سو سال کے بعد زندہ نہیں رہیں گے۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل فرماتے ہیں: **أرأیتکم لیلتکم هذه فإن علیٰ رأس مأة سنة منها لا یبقیٰ ممن هو الیوم علیها أحد. رواه البخاری ومسلم.** اور حضرت جابرؓ فرماتے ہیں: **سمعت النبی صلی الله علیه وسلم قبل أن یموت بشهر أقسم بالله ما علی الأرض من نفس منفوسة الیوم یأتی علیها مأة سنة وهی حیّة یومئذ. رواه مسلم** (ص ۳۱۰)۔

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں: **ولهذه النکتة لم تصدّق الأئمة أحداً ادّعیٰ الصحبة بعد الغایة المذکورة، وقد ادّعاها جماعة فکذّبوا وکان آخرهم رتن الهندی لأن الظاهر کذبهم فی دعواهم. انتهی.**

اسی طرح سرباتک الہندی، معمر بن بریک، قیس بن تمیم المعروف بالاشج، نسطور الرومی، مکلبہ بن ملکان ابوالحباب وغیرہ نے صحبت کے دعوے کئے اور ائمہ فن نے ان کی تکذیب کی۔

حافظ شمس الدین الذہبی نے رتن الہندی کی اخبار میں ایک رسالہ **کسر وثن رتن** نامی تحریر فرمایا اور اس کی طرف منسوب روایات پر نقد وتبصرہ کرتے ہوئے آخر میں لکھتے ہیں: **وقد اتفق أهل الحدیث علی أن آخر من رأی النبی صلی الله علیه وسلم موتاً أبو الطفیل عامر بن واثلةؓ، وثبت فی الصحیح أن النبی صلی الله علیه وسلم قال قبل موته بشهر أو نحوه: أرأیتکم لیلتکم هذه فإنه علی رأس مأة سنة**

منها لا يبقىٰ على وجه الأرض ممن هو اليوم عليها أحد. فانقطع المقال فماذا بعد الحق إلا الضلال.

اب اگر کوئی جن مدت مذکور کے گذر جانے کے بعد صحبت نبوی کا دعوی کرے تو وہ بھی تسلیم نہیں کیا جائے گا، انسانوں کی طرح جنات بھی اس قاعدہ میں داخل ہیں، اسی لئے حافظ ابن حجر (ص ۲/۲۱۵) وغیرہ شراح حدیث نے **مَن** کے عموم سے حضرت عیسیٰ وخضر علیہما السلام اور ابلیس لعین کا استثناء ذکر کیا ہے، اور جنات کا عمومی استثناء ذکر نہیں کیا ہے۔

اور سرق وخرقاء کے قصوں سے اس پر کوئی اشکال نہیں ہوتا ہے، کیونکہ حضرت عمر بن عبدالعزیز کا ان کی نماز جنازہ پڑھنا وارد ہے اور عمر بن عبدالعزیز کی وفات رجب ۱۰۱ھ میں ہوئی ہے۔

لیکن ہمارے حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہ نے اپنے رسالہ **النوادر** میں جو واقعات **نقل** کئے ہیں وہ بہت بعد کے ہیں۔ اب اگر ان واقعات کی سند صحیح ہے اور اس جنات نے سچ کہا ہے تو یہ کہا جائے گا کہ ابن عمرؓ و جابرؓ کی حدیثیں انسان کے متعلق ہیں اور جنات اس سے خارج ہیں، لیکن یہ کوئی قطعی امر نہیں ہے۔

وأخرج الطبرانی فی المعجم الکبیر من طریق عثمان بن صالح قال: حدثنی عمرو الجنّی قال: کنت عند النبی صلی الله علیه وسلم فقرأ سورة النجم فسجد وسجدت معه. وأخرج ابن عندی من وجه آخر عن عثمان بن صالح قال رأیت عمرو بن طلق الجنّی فقلت له: هل رأیت رسول الله صلی الله علیه وسلم؟ فقال: نعم وبایعته وأسلمت وصلّیت خلفه الصبح فقرأ سورة الحج فسجد فیها سجدتین.

علامہ نورالدین الہیثمی (ص ۲/۲۸۵) پہلی حدیث **نقل** کرنے کے بعد تردد کا اظہار کرتے ہیں، فرماتے ہیں: **فی إسناده من لا یعرف وعثمان بن صالح لا أراه ادرک أحداً من الصحابةؓ.** حافظ ابن حجر نے دونوں حدیثیں **نقل** کی ہیں، اور فرماتے ہیں (ص ۴/۲۸۹): **عثمان المذکور مات سنة تسع عشرة ومائتین، فإن کان الجنی الذی حدّثه بذلک صدّق، فیحمل الحدیث رأس مائة سنة الذی فی الصحیح علی الأنس بخلاف الجن. انتهی.**

اب اس کے بعد اصل سوال کا جواب عرض ہے۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم جس طرح انسانوں کی طرف مبعوث ہوئے تھے ایسے ہی جنات کی طرف بھی، جن

انسانوں کو آپ کی صحبت نصیب ہوئی جیسے وہ آپ کے صحابی ہیں ایسے ہی جن جنات نے آپ کی صحبت پائی وہ بھی آپ کے صحابی ہوں گے۔

اسی لئے حافظ ابوموسیٰ المدینی وغیرہ نے جنات صحابہ کا اپنی کتابوں میں تذکرہ کیا ہے، اور ابن الاثیر الجزری کا ان پر اعتراض کرنا اور ان کی صحبت کا انکار بے دلیل ہے، حافظ ابن حجر وغیرہ نے اس کو رد کیا ہے۔

اب جس طرح انسان صحابی کی ملاقات سے مابعد کے لوگ تابعی ہو جاتے ہیں بظاہر جنات صحابی کا بھی یہی حکم ہے۔

اور اگر کوئی جن انسان کے بدن میں حلول کر لے تو آیا اس کو دیکھنے والا تابعی کہلا سکتا ہے؟ محل تأمل ہے۔ گو ثبوتِ تابعیت کے لئے جس طرح تابعی کا صحابی کو دیکھنا کافی ہے اسی طرح صحابی کا تابعی کو دیکھنا کافی ہے، **کما صرّح به السخاوی (ص ۱۱۴ / ۳)**.

وجہ تامل یہ ہے کہ صورت اول تو بہر حال مفقود ہے اور صورت ثانی بھی نہیں ہے اس لئے کہ جن نے اس انسان کو اپنی حالت میں نہیں دیکھا ہے، مگر فی الجملہ دیکھنا پایا گیا اس لئے مطلق نفی بھی مشکل ہے، اور جس کے جسم میں حلول کیا ہے بظاہر اس کا حال اقوی ہے، اس سلسلے میں کوئی تصریح معلوم نہیں ہو سکی، جو کچھ لکھا گیا ہے اپنا خیال ہے **جعل الصواب له رفیقاً**.

اخیر میں یہ جاننا بھی ضروری ہے کہ وفات نبوی کے ایک صدی گذر جانے کے بعد جن جنات نے صحبت کے دعوے کئے ہیں ان کی ملاقات سے بصورتِ صدق برکت حاصل ہوگی، مگر تابعیت کی وہ خصوصیت وشرف جس کے متعلق فرمان نبوی **خیر أمّتی قرنی ثم الذین یلونهم ثم الذین یلونهم** وارد ہے احقر کے خیال میں حاصل نہ ہوگا، اس لئے کہ یہ فضیلت قرن کے متعلق ارشاد فرمائی گئی ہے اور قرن کا اطلاق ایک محدود زمانہ پر ہوتا ہے جس کی تعیین میں دس سے لے کر ایک سو بیس تک نوّے کو نکال کر گیارہ اقوال ہیں۔

اور بہت سے اہل لغت کہتے ہیں کہ قرن ایک زمانہ کے ان متقارب لوگوں پر اطلاق کیا جاتا ہے جو کسی مقصود امر میں شریک ہوں۔

بہر حال ہر دو تفسیر کے لحاظ سے قرن صحابہ و تابعین و تبع تابعین ختم ہو چکا ہے۔

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں (ص ۸/۶): **والمراد بقرن النبی صلی الله علیه وسلم فی هذا الحدیث أی حدیث "خیر أمّتی قرنی" قرن الصحابة، وقد سبق (فی البخاری) فی صفة النبی صلی الله**

علیه وسلم قوله "وبعثت فی خیر قرون آدم" وفی روایة بریدةؓ عند أحمد "خیر هذه الأمة القرن الذین بعثت فیهم" وقد ظهر أن الذی بین البعثة وآخرمن مات من الصحابة مائة سنة وعشرون سنةً أو دونها أو فوقها بقلیل علی الاختلاف فی وفاة أبی الطفیل. و إن اعتبر ذلک من بعد وفاته صلی الله علیه وسلم فیکون مائة سنة أو تسعین او سبعاً و تسعین.

وأما قرن التابعین فان اعتبر من سنة مائة کان نحو سبعین أو ثمانین، وأما الذین بعدهم فان اعتبر منها کان نحواً من خمسین، واتفقوا أن آخر من کان من أتباع التابعین ممّن یقبل قوله من عاش إلی حدود العشرین ومائتین. وفی هذا الرقت ظهرت البدع ظهوراً فاشیاً، وأطلقت المعتزلة ألسنتها ورفعت الفلاسفة رؤسها وظهر قوله صلی الله علیه وسلم ثم یفشوا الکذب ظهوراً بیّناً حتی یشمل الأقوال والأفعال والمعتقدات، والله المستعان.

وقال الشیخ عبد الحق فی اللمعات نقلاًعن السیوطی فقرنه صلی الله علیه وسلم هم الصحابةؓ وکانت مدتهم من البعث إلی آخبر من مات منهم مائة وعشرون سنة، وقرن التابعین من سنة مائة إلی نحو سبعین، وقرن أتباع التابعین من ثَمّ إلی حدود العشرین ومائتین، وفی هذا الوقت ظهرت البدع ظهوراً فاشیاً وأطلقت المعتزلة ألسنتهم ورفعت الفلاسفة رؤسهم وتغیّرت الأحوال ولم یزل الأمر فی نقص إلی الآن وظهر مصداق قوله صلی الله علیه وسلم ثم یفشو الکذب، انتهی. واللہ اعلم بالصواب۔

احقر محمد یونس عفی عنہ

۳ شعبان المعظم ۱۳۹۷ھ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

سألتنی زماماً من نار الخ کی تخریج

سوال:

حدیثِ ذیل الترغیب والترھیب میں ترہیب من الغلول کی آخری سے پہلی حدیث ہے، مصنف نے مراسیل ابی داؤد کا حوالہ دیا ہے، مگر تلاش بسیار کے باوجود مراسیل میں نہیں ملی۔

براہ کرم اس کی نشاندہی فرمائیں اور اس کے علاوہ بھی اس کا کوئی مخرج ہو تو تحریر فرمائیں۔

حدیث یہ ہے: **عن یزید بن معاویةؓ أنه کتب إلی أهل البصرة سلام علیکم أما بعد ! فإن رجلاً سأل رسول الله صلی الله علیه وسلم زماماً من شعر من مغنم، فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم: سألتنی زماماً من نار لم یکن لک أن تسألنیه ولم یکن لی أن أعطیه.**

(مولوی) محمد عبداللہ طارق دہلوی

۲۱ مئی ۱۹۷۷ء

جواب:

احقر نے بھی یزید بن معاویہؓ کی یہ مرسل روایت مراسیل کے نسخۂ مجردہ میں تلاش کی، مکرر تقلیب اوراق کے بعد بھی نظر نہیں آئی، خیال یہ ہے کہ اس کا منشاء اختلاف نسخ ہے، امام منذری نے مراسیل کا حوالہ دیا ہے اور حافظ ابن حجر نے تہذیب التہذیب میں اس کی طرف اشارہ کیا ہے، اور یزید کو مراسیل کے رجال میں شمار کیا ہے لیکن حافظ ابوالحجاج المزی نے تہذیب الکمال میں یزید کو رجال المراسیل میں نہیں لیا ہے، جیسا کہ حافظ ابن حجر کے کلام سے معلوم ہوتا ہے، اور اس کے علاوہ کہیں اور اس روایت کا ہونا مستحضر نہیں ہے۔

محمد یونس عفی عنہ

۲۶/رج ۱/۱۳۹۷ھ

اضافہ: أخرج هذا الحدیث فی الأمالی للمحاملی عن أبی ذرؓ وفی الأموال لابن زنجویه وفی السیر لأبی إسحاق الفزاری عن الحسن البصری مرسلاً. (ازمرتب)

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

عربی زبان کی فضیلت پر کچھ روایتیں

(مکتوب حضرت شیخ الحدیث صاحب دامت برکاتہم)

عزیزانم مولویان یونس وعاقل وسلمان سَلَّمَہُم بعد سلام مسنون

میں پہلے بھی کم ازکم دوخطوں میں لکھ چکا ہوں کہ اس سال ہندوستان کی آخری شب میں عربی کی فضیلت پر ایک رسالہ خواب میں لکھنا شروع کیا تھا، میں تو خواب لکھوا رہا تھا مگر مجھ پر یہ اعتراض ہے کہ ایک ایک چیز دس خطوں میں لکھی جاتی ہے۔

مگر یہاں آنے کے بعد کچھ تو مشغولی کچھ بیماری اور دونوں سے بڑھ کر یہ کہ کتابیں نہیں ملتیں۔

عزیزم محمد بنوری نے کراچی سے کچھ حدیثیں لکھ کر بھیجی ہیں اور لآلی سے اس پر انکار بھی۔

اس کے متعلق ایک تو یہ لکھنا ہے کہ لآلی میں صرف انکار ہی ہے یا اختلاف بھی، نیز **اللآلی المصنوعة** کے ساتھ تعقبات علی الموضوعات ہے، اس میں بھی دیکھنا ہے کہ ان پر تعقب کیا ہے یا نہیں۔

حدیث (۱): **عن ابن عباس رضی الله عنهما مرفوعاً: أحبّ العرب لثلاث لأنی عربیّ والقرآن عربیّ وکلام أهل الجنة عربیّ. در منثور (ص ۳/۴) وأخرجه العقیلی وقال: منکر لا أصل له، کما فی فیض القدیر (ص ۱۷۹/۱).**

یہ روایت مشکوۃ (ص ۵۵۳) میں بھی ہے **رواه البیهقی فی شعب الإیمان** اس میں یہ بھی دیکھنا ہے کہ در منثور میں یہ لفظ مفرد ہے اور مشکوۃ میں جمع 'أحبّوا' ہے۔

حدیث (۲): **عن أبی هریرةؓ مرفوعاً أنا عربیّ والقرآن عربیّ وکلام أهل الجنة عربیّ. درمنثور (ص ۳/۴).**

حدیث (۳): **عن جابرؓ أن رسول الله صلی الله علیه وسلم تلا ﴿قرآناً عربیاً﴾ ثم قال: ألهِم إسمٰعیل هذا اللسان العربی إلهاماً.** (حوالہ بالا)

حدیث (۴): **عن ابن عمرؓ مرفوعاً: کلام أهل الجنة بالعربیة وکلام أهل السماء وکلام أهل الموقف بالعربیة بین یدی الله. موضوع آفته عثمان، کما فی اللآلی المصنوعة (ص ۲/۱۵۱)**

حدیث (۵): **عن ابن عمرؓ مرفوعاً: من أحسن منكم أن يتكلّم بالعربية فلا يتكلمنّ بالفارسية فإنه يورث النفاق. قال الذهبي: عمر كذّبه ابن معين وتركه الجماعة.** (حوالہ بالا) اس کو مستدرک حاکم میں بھی دیکھ لیں۔

حدیث (۶): **عن أنسؓ مرفوعاً: من تكلّم بالفارسية زادت في خسّته ونقصت من مروءته. وتعقّبه الذهبي وقال: إسناده واهٍ بمرة، وقال الدار قطني: تفرّد به طلحة وهو منكر الحديث.** (حوالہ بالا) **واتّهمه غيره بالوضع.** اس حدیث کا مطلب مفتی محمود کے مشورہ سے وضاحت سے لکھیں۔

حدیث (۷): **عن عمرؓ قال: يارسول الله مالك أفصحنا ولم تخرج من بين أظهرنا؟ قال: كان لغة إسمٰعيل قد درست فجاء بها جبريل فحفظنيها فحفظتها. أخرجه ابن عساكر كما في المزهر (ص ۳۵/ ۱).**

حدیث (۸): **عن ابن عباسؓ: إن آدم عليه السلام كان لغته في الجنة العربية فلما عصى سلبه الله العربية فتكلّم بالسريانيّة فلما تاب ردّ الله عليه العربيّة. كذا في المزهر (ص ۳۰/ ۱).**

حدیث (۹): **عن عمرؓ: لا تعلّموا رطانة الأعاجم. كذا في اللآلي (ص ۱۵۱/ ۲).**

حدیث (۱۰): **أن عمرؓ سمع رجلاً يتكلّم بالفارسيّة في الطواف فأخذ بعضديه وقال: ابتغ إلى العربيّة سبيلاً.** (حوالہ بالا)

حدیث (۱۱): **وعنه قال: تعلّموا العربية فإنها تزيد في المروءة.** (حوالہ بالا)

حدیث (۱۲): **عن مقاتل: كلام أهل السماء العربيّة. اهـ مختصراً.** درمنثور (ص ۱۳/ ۶)

حدیث (۱۳): **عن مجاهد: نزل القرآن بلسان قريش وهو كلامهم.** درمنثور (ص ۳/ ۴)

یہ فہرست میں نے اس واسطے بھیجی ہے تاکہ تم دوستوں کو مراجعت میں سہولت ہو۔

ان روایات کے متعلق کوئی توثیق یا تجریح ملے تو اس کا بھی اضافہ کردیں اور بھی کوئی روایت ملے تو جلد لکھیں۔

حضرت شیخ الحدیث حضرت مولانا زکریا صاحب

۲۰/۳/۷۶ء مدینہ طیبہ

جواب: از احقر محمد یونس عفی عنہ

اصل جواب تو بھیج دیا گیا ہے اور اس وقت عجلت میں اس کو نقل نہیں کیا جاسکا البتہ اس کی یادداشتیں تھیں، مناسب معلوم ہوا کہ انہیں یہاں لکھ دیا جائے تاکہ ضیاع سے محفوظ ہو جائیں۔

اولاً روایات مذکورہ فی السوال کے متعلق عرض ہے، اس کے بعد مزید بعض روایات ذکر کی جائیں گی۔

حدیث (۱): **حدیث ابن عباسؓ مرفوعاً: أحبّوا العرب لثلاث لأنی عربیّ والقرآن عربیّ وکلام أهل الجنة عربیّ.**

أخرجه الطبرانی فی الکبیر والأوسط ،والحاکم فی مستدرکه (ص۴/۸۷) وعلوم الحدیث (ص ۱۶۲) لـه، والبیهقی فی الشعب ومناقب الشافعی (ص ۱/۳۳) ، وتمّام فی فوائده، والعقیلی فی الضعفاء ،کلهم من حدیث العلاء بن عمرو الحنفی حدثنا یحیی بن یزید الأشعری عن ابن جریج عن عطاء عن ابن عباسؓ به.

قال الحاکم: هذا حدیث صحیح، وقال الهیثمی (ص ۱۰/۵۲): العلاء بن عمرو الحنفی مجمع علی ضعفه. قلت: وشیخه یحیی بن یزید الأشعری أیضاً ضعیف. وقد تفرّدا به کما قاله الطبرانی والبیهقی. قال ابن أبی حاتم فی العلل: سألت أبی عن هذا الحدیث، فقال: هذا حدیث کذب. وقال العقیلی: حدیث منکر لا أصل له. وأورده ابن الجوزی فی الموضوعات (ص ۲/۴۱). وقال یحییٰ: یروی المقلوبات عن الأثبات فبطل الاحتجاج به.

وتعقّب السیوطی فی اللآلی (ص ۴۴۲) علی ابن الجوزی بما لا یُجدی نفعاً فقال: إنما أورده العقیلی فی ترجمة العلاء بن عمرو علی أنه من مناکیره، وکذا صاحب المیزان، وقال الحافظ ابن حجر فی اللسان: ذکره ابن حبان فی الثقات، وقال صالح جزرة: لا بأس به، وقال أبوحاتم: کتبت عنه وما أعلم إلاخیراً. انتهی.

قلت: لکن الحافظ ابن حجر ذکر الحدیث فی اللسان و ختم کلامه بنقل کلام العقیلی ولم یتعقّبه لشئ ولم یحکم العقیلی بالنکارة فقط بل حکم علیه بأنه لا أصل له، وصرّح الذهبی بأنه موضوع، وحکم علیه أبوحاتم الرازی بأنه کذب، قال السیوطی: وقد تابع یحیی محمد بن الفضل أخرجه الحاکم وتعقّبه الذهبی فی مختصر المستدرک فقال: محمد بن الفضل متّهم

فلا يصلح للمتابعات، قال: وأظن الحديث موضوعاً، قال السيوطي في التعقّبات: والحديث ضعيف لا صحيح ولا موضوع، وقال في اللآلي: وله شاهد فذكر حديث أبي هريرةؓ الذي يأتي بعده.

ونقل العلامة أحمد بن مبارك السجلماسي في الأبريز (ص ۱۰۸) عن شيخه العارف الكبير الشيخ السيّد عبدالعزيز الدباغ أنه ليس بحديث، لم يقله النبي صلى الله عليه وسلم.

حديث (۲): حديث أبي هريرةؓ مرفوعاً: أنا عربيّ الخ. أخرجه الطبراني في معجمه الأوسط من حديث عبدالعزيز بن عمران حدثنا شبل بن العلاء عن أبيه عن جدّه عن أبي هريرةؓ قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أنا عربيّ والقرآن عربيّ ولسان أهل الجنة عربيّ. قال الذهبي في المغني: شبل بن العلاء بن عبدالرحمن قال ابن عدي: له مناكير، وقال الهيثمي (ص ۱۰/۵۳): عبدالعزيز بن عمران متروك، وقال السخاوي في المقاصد (ص ۲۳): هو مع ضعفه أصحّ من حديث ابن عباسؓ، وقال العراقي في محجّة القرب: حديث أبي هريرةؓ أصحّ من حديث ابن عباسؓ، وشبل ابن العلاء احتجّ به ابن حبان في صحيحه وقال: إنه مستقيم الأمر في الحديث، لكن الراوي عنه عبدالعزيز بن عمران الزهري متروك، قاله النسائي وغيره، فلا يصحّ هذا الحديث. انتهى. كذا في تنزيه الشريعة (ص ۲/۳۱)، وهذا الحديث جعله السخاوي والسيوطي شاهداً لحديث ابن عباسؓ.

(**فائد ۵**) هكذا لفظ الحديث أحبّوا بصيغة الجمع في المستدرك وعلوم الحديث ومناقب الشافعي للبيهقي، وكذا نقله الذهبي وابن حجر عن الضعفاء للعقيلي، وكذا نقله الهيثمي في مجمع الزوائد عن المعجم الكبير والأوسط للطبراني وصاحب المشكوة عن شعب البيهقي، وهكذا ذكره العراقي في القرب والسخاوي في المقاصد والسيوطي في اللآلي والتعقّبات، وتفرّد السيوطي في الدر المنثور بإيراده أحبّ باللفظ المفرد.

حديث (۳): حديث جابرؓ: أن رسول الله صلى الله عليه وسلم تلا ﴿قرآناً عربياً لقوم يعلمون﴾ ثم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اُلهم إسمٰعيل هذااللسان إلهاماً.

أخرجه الحاكم في المستدرك (ص ۲/۴۳۹) وقال: صحيح الإسناد، وقال الذهبي: كان

حقه أن يقول على شرط مسلم ولكن مدار الحديث على إبراهيم بن إسحق العقيلي وكان ممن يسرق الحديث. انتهى.

وذكره السيوطي في الجامع الصغير وعزاه إلى الحاكم في المستدرک والبيهقي في الشعب، ونقل شارحه المناوی في فيض القدير (ص ۱۶۱/۲) عن البيهقي الصواب مرسلٌ، قلت: وأخرجه الحاكم في موضع آخر (ص ۳۴۳/۲) من طريق الفضل الشعراني ثنا أبو ثابت محمد بن عبدالله حدثني إبراهيم بن سعد عن سفيان عن جعفر بن محمد عن أبيه عن جابرؓ قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أُلهم إبراهيم الخليل عليه السلام هذا اللسان العربيّ إلهاماً، وقال: هذا حديث غريب صحيح على شرط الشيخين إن كان الفضل بن محمد حفظه متصلاً عن أبي ثابت فقد حدثناه أبو علي الحافظ عن النسائي عن عبيدالله بن سعد الزهري ثنا عمي عن أبيه عن جعفر بن محمد عن أبيه عن رسول الله صلى الله عليه وسلم مرسلاً نحوه.

قلت: ولو صحّ هذا الحديث فالمعنى العربية الفصحى، وإلا فأصل العربية كان قبل ذلک. ففي البخاري (ص ۴۷۵) في حديث ابن عباسؓ في قصّة نقل إبراهيمؑ هاجرؑ و ابنها إسمٰعيلؑ إلى أرض مكة و إتيان جرهم "وشبّ الغلام وتعلّم العربية منهم". قال الحافظ ابن حجر (ص ۲۱۲/۷): فيه إشعار بأن لسان أمه وأبيه لم يكن عربيّاً وفيه تضعيف لقول من روى أنه أول من تكلّم بالعربية.

وقد وقع ذلک من حديث ابن عباسؓ عند الحاكم في المستدرک بلفظ: أول من نطق بالعربيّة إسمٰعيل، وروى الزبير بن بكّار في النسب من حديث عليؓ بإسناد حسن قال: أول من فتق الله لسانه بالعربيّة المبيّنة إسمٰعيل، وبهذا القيد يجمع بين الخبرين فتكون أوليّته في ذلک بحسب الزيادة في البيان لا الأولية المطلقة، فتكون بعد تعلّمه أصل العربية من جرهم ألهمه الله العربيّة الفصيحة المبيّنة فنطق بها.

ويشهد لهذا ما حكاه ابن هشام عن الشرقي بن قطامي أن عربيّة إسمٰعيلؑ كانت أفصح من عربيّة يعرب من قحطان وبقايا حمير وجرهم، ويحتمل أن تكون الأوّليّة في الحديث مقيّدة بالنسبة إلى بقية إخوته من ولد إبراهيمؑ، فإسمٰعيلؑ أول من نطق بالعربية من ولد إبراهيمؑ، قال

ابن دريد في كتاب الوشاح: أول من نطق بالعربيّة يعرب من قحطان ثم إسمٰعيلؑ. انتهى.

حديث (۴): حديث ابن عمرؓ مرفوعاً كلام أهل الجنة بالعربية وكلام أهل السماء بالعربية وكلام أهل الموقف بالعربية، لم أجده في اللآلي ولا فروعه كالتعقّبات وتنزيه الشريعة، وذكره الذهبي في الميزان في ترجمة عثمان بن فائد برواية ابن حبان في الضعفاء، قال الذهبي: هذا موضوع والآفة عثمان.

حديث (۵): حديث ابن عمرؓ مرفوعاً: من أحسن منكم أن يتكلّم بالعربيّة فلا يتكلّمنّ بالفارسية فإنها تورث النفاق. أخرجه الحاكم في المستدرک (ص۴۷ / ۴) من طريق عمر بن هارون عن أسامة بن زيد الليثي عن نافع عن ابن عمرؓ به، قال الذهبي: عمر كذّبه ابن معين وتركه الجماعة، قال المناوي في فيض القدير (ص۶/۳۸): فكان للمصنف أي السيوطي حذفه أي من الجامع الصغير، قال الذهبي في الميزان بعد نقل كلام أئمة الفن في تضعيف عمر بن هارون: كان من أوعية العلم على ضعفه وكثرة مناكيره وما أظنّه ممن يتعمد الباطل. انتهىٰ.

قلت: هذا الحديث منكر بلا شک، فالألسنة كلها من الرب تعالىٰ قال تعالىٰ ﴿واختلاف ألسنتكم وألوانكم﴾.

حديث (۶): حديث أنس بن مالکؓ قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من تكلّم بالفارسية زادت في خسّته ونقصت من مروءته. أخرجه الحاكم من طريق طلحة بن زيد عن الأوزاعي عن يحيىٰ بن أبي كثير عن أنسؓ به، قال الذهبي: ليس بصحيح وإسناده واهٍ بمرة، وذكره الذهبي في الميزان فأشار إلى نكارته.

(**تنبيه**) قوله: زادت في خسّته، هكذا في تذكرة الموضوعات للفتني(ص۱۱۳)، وفي المستدرک زادت في خبثه، ولعله تصحيف وأما زادت في حسبه أو حسنه فمصحّف بلا شک.

حديث (۷): حديث عمرؓ قال: يا رسول الله! مالک أفصحنا ولم تخرج من بين أظهرنا؟ قال: كانت لغة إسمعيل قد درست فجاء بها جبريل فحفظنيها. أخرجه ابن عساكر كذا في المزهر.

قلت: أخرجه الحاكم في علوم الحديث (ص ۱۴۴) من طريق حامد بن أبي حمزة السكرى قال: ثنا علي بن الحسين بن واقد قال: حدثني أبي عن عبدالله بن بريدة عن أبيه عن عمرؓ قال: قلت: يارسول الله! فذكره. قال الحاكم (ص ۱۴۵) : و لهذا الحديث علّة عجيبة، حدثني أبوعبدالله محمد بن العباس الضبّي من أصل كتابه قال: أخبرنا أحمد بن علي بن رزين الفاشاني من أصل كتابه قال: حدثنا علي بن خشرم قال: ثنا علي بن الحسين بن واقد قال: بلغني أن عمرؓ قال: فذكره وحامد بن أبي حمزة السكرى لم أجد له ترجمة.

حدیث (۸): حديث ابن عباسؓ : إن آدم عليه السلام كان لغته في الجنة العربية فلما عصى سلبه الله فتكلّم بالسريانيّة فلما تاب ردّ الله العربية. أخرجه ابن عساكر كذا في المزهر (ص ۳۰/ ۱). ولم أقف على إسناده وظنّي أنه لا أصل له، وفي البلغة في أصول اللغة قال ابن حبيب : كان اللسان الأول الذي نزل به آدمؑ من الجنة عربيًّا إلى أن بعُد العهد وطال فحرّف سريانيًّا، والسريانية تشارك اللغة العربية في أشياء شركة ظاهرة. انتهى.

حدیث (۹، ۱۰، ۱۱): آثار عمرؓ الثلاثة ، لم أقف على أسانيدها، وذكر الشيخ عبدالحق المحدث الدهلوى في شرح سفر السعادة (ص ۵۵۹) الأثرين الأولين (۹، ۱۰) وقال: رواهما البيهقي، الأول في السنن والثاني في الشعب، والأثر الثالث لعمرؓ لم أقف عليه.

حدیث (۱۲، ۱۳): وأثر مقاتل وكذا أثرمجاهد لم أقف عليهما في غير الدر المنثور.

إضافہ

(۱) قال محجن بن عبدالرحمٰن الكوفي: إن النبي صلى الله عليه وسلم خرج على أصحابه وهم يقولون لسلمان: مانسبك؟ فقال: مانسبة رجل خلق من التراب و إلى التراب يعود، إن ثقلت موازيني فما أكرم نسبي و إن خفّت موازيني فما أذلّ نسبي، ثم تلا الآية ﴿فمن ثقلت موازينه﴾ فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ويحك! يا سلمان! أحبّ العرب لثلاث نبيك عربيّ وقرآنك عربيّ ولسانك في الجنة عربيّ .

هكذا أورده البخاري في تاريخه الكبير (ص ۴/۴) تعليقاً.

(۲) عن أبي هريرةؓ قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: والذي نفسي بيده ما

أنزل الله وحياً قط على نبي بينه وبينه إلا بالعربية ثم يكون هو بعد يبلّغه قومه بلسانه.

رواه الطبراني في الأوسط وفيه سليمان بن أرقم متروك، كذا في مجمع الروائد (ص ۱۰۵۳)، وأورده ابن الجوزي في الموضوعات ونقل عن ابن عدي لا يصحّ، سليمان بن أرقم متروك ليس بشئ، وتعقّبه السيوطي في اللآلي (ص ۱۱/۱) بأن الشيخ بدرالدين الزركشي قال في نكته على ابن الصلاح : بين قولنا لم يصحّ وبين قولنا موضوع بون كبير، فإن الوضع إثبات الكذب والاختلاق، وقول لم يصحّ لا يلزم منه إثبات العدم إنما هو إخبار عن عدم الثبوت وفرق بين الأمرين. انتهى.

و سليمان بن أرقم أخرج له أبوداود والنسائي والترمذي، وهو وإن كان متروكاً فلم يتّهم بكذب ولا وضع. انتهى. وقال العراقي في القرب (ص ۱۴) : رواه الطبراني في المعجم الأوسط وقال: حسن رواته كلّهم ثقات. انتهى. كذا في مختصر القرب وليراجع أصل القرب فإن الحكم بكون الحديث حسناً لا يصح، ولذا لم يحكم بحسنه أحد من الهيثمي والسيوطي وابن عراق، والحديث واهي الإسناد فلا وجه لتحسينه.

(۳) عن أبي بكر بن عياش عن الكلبي عن أبي صالح عن ابن عباسؓ قال: كان جبريل عليه السلام يوحي إليه بالعربية وينزل هو إلى كل نبي بلسان قومه.

أخرجه ابن مردويه كذا في اللآلي (ص ۱۱) والدر المنثور (ص ۴/۷۰)، وجعله السيوطي في اللآلي و ابن عراق في تنزيه الشريعة (ص ۱۴۰/۱) شاهداً لحديث أبي هريرةؓ السابق.

قلت: أبوبكر بن عياش سيئ الحفظ والكلبي متّهم فلا يُجدي الاستشهاد شيئاً.

(۴) عن سفيان الثوري قال: لم ينزل وحي إلا بالعربية ثم يترجم كل نبي لقومه بلسانهم، قال: ولسان يوم القيامة سريانيّة ومن دخل الجنة تكلّم بالعربية. أخرجه ابن المنذر وابن أبي حاتم، كذا في الدر المنثور (۴/۷۱).

احقر محمد یونس عفی عنہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖○○○❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

يبعث الله الأيّام يوم القيامة كهيئتها الخ کی تخریج

ينزل البلاء فيعالجه الدعاء کی تخریج

خلق الله العقل فقال له الخ کی تخریج

إن الله تعالىٰ يتجلّى بصور كثيرة الخ کی تخریج

يؤتىٰ بالدنيا فی صورة عجوز شمطاء کی تخریج

سوال: چند احادیث کی تحقیق کرنی ہے، مجھے اپنی جستجو اور کتابوں کی مراجعت سے نہ مل سکی۔ براہ کرم نشاندہی فرمائیں۔

(۱) يبعث الله الأيّام يوم القيامة كهيئتها ويوم الجمعة زهراء منيرة.

(۲) ينزل البلاء فيعالجه الدعاء.

(۳) خلق الله العقل فقال له : أقبِل! فأقبَلَ وقال له: أدبِر! فأدبَرَ ، وقال: هٰذان كتابان من ربّ العٰلمين.

(۴) إن الله تعالىٰ يتجلّى بصور كثيرة فی الموقف.

(۵) يؤتىٰ بالدنيا فی صورة عجوز شمطاء.

عبیداللہ الاسعدی از کانپور

جواب:

(۱) **حدیث اول:** طبرانی، ابن خزیمہ وحاکم (ص ۷۷ ۱/۲) نے روایت کی ہے بطريق الهيثم بن حميد عن أبی معيد حفص بن غيلان عن طاؤس عن أبی موسى الأشعریؓ قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن الله يبعث الأيّام يوم القيامة على هيئتها، ويبعث الجمعة زهراء منيرة أهلها يحفون بها كالعروس تهدى إلى كريمها تضئ لهم يمشون فی ضوء ها، ألوانهم كالثلج

بياضاً وريحهم يسطع كالمسک، يخوضون في جبال الكافور، ينظر إليهم الثقلان، لا يطرقون تعجباً حتى يدخلوا الجنة، لا يخالطهم أحد إلا المؤذّنون.

قال ابن خزيمة: إن صحّ هذا الخبر فإن في النفس من هذا الإسناد شيئاً، وقال الحاكم: هذا حديث شاذّ صحيح الإسناد فإن أبا معيد من الثقات الشاميين الذين يجمع حديثهم، والهيثم بن حميد من أعيان أهل الشام غير أن الشيخين لم يُخرجا عنهما. انتهىٰ. وأقرّه الذهبي وقال الهيثمي (ص ۱۶۵ / ۲): الهيثم بن حميد وحفص بن غيلان قد وثّقهما قوم وضعّفهما آخرون وهما محتجّ بهما. وقال المنذري (ص ۱۳۰ / ۱): إسناده حسن وفي متنه غرابة.

(۲) **حدیث ثانی**: کو بزار وطبرانی وحاکم (ص ۴۹۲/۱) وخطیب (ص ۵۳/۸) نے روایت کیا ہے عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها قالت: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يُغني حذر من قدر، والدعاء ينفع مما نزل و مما لم ينزل، و إن البلاء لينزل فيتلقّاه الدعاء فيعتلجان إلى يوم القيامة.

قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه، وأقرّه المنذري في الترغيب (ص ۲۹۹ / ۱) وتعقّبه الذهبي في مختصر المستدرک بأن راويه زكريا بن منظور الأنصاري مجمع على ضعفه، وقال الهيثمي في مجمع الزوائد (ص ۱۴۶ / ۱) بعد أن عزاه للطبراني في الأوسط والبزار وفيه زكريا بن منظور وثّقه أحمد بن صالح المصري وضعّفه الجمهور وبقية رجاله ثقات. اهـ.

قلت: وله شاهد من حديث أبي هريرةؓ أخرجه البزار بنحو حديث عائشةؓ. قال الهيثمي: وفيه إبراهيم بن خثيم بن عراک وهو متروک.

(۳) **حدیث ثالث**: حافظ ابواحمد بن عدی نے الکامل میں اور امام بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کی ہے عن أبي هريرةؓ مرفوعاً: لما خلق الله العقل قال له: قم! فقام، ثم قال له: أدبر! فأدبر، ثم قال: أقبل! فأقبل، ثم قال له: اقعد! فقعد، فقال ما خلقت خلقاً هو خير منک ولا أحسن منک ولا أكرم منک، بک آخذ وبک أعطي وبک أعرف وبک أعاقب، لک الثواب وعليک العقاب.

وفی إسناده حفص بن عمر قاضی حلب عن الفضل بن عیسی الرقاشی عدّه ابن عدی منکراً، وأشار إلیه الذهبی فی المیزان فأورده فی ترجمة حفص بن عمر وشیخه الفضل بن عیسیٰ، وقال البیهقی فی الشعب: إسناد غیر قوی وهو مشهور من قول الحسن، ثم أخرجه بإسناده.

وأورده ابن الجوزی فی الموضوعات (ص ۱۷۴/۱) وقال: لا یصحّ عن رسول الله صلی الله علیه وسلم، قال یحیی بن معین: الفضل رجل سوء، و قال ابن حبان: حفص بن عمر یروی الموضوعات لایحلّ الاحتجاج به، وأخرجه الدار قطنی فی الأفراد من وجه آخر وفیه سیف بن محمد الکوفی ابن أخت سفیان الثوری، قال ابن الجوزی: وهو کذّاب بالإجماع، وقال السخاوی فی المقاصد الحسنة (ص ۱۱۸): قال ابن تیمیة وتبعه غیره: إنه کذب موضوع باتفاق. انتهی.

وأخرجه العقیلی من حدیث أبی أمامةؓ بنحوه، وفیه سعید بن الفضل القرشی عن عمر بن أبی صالح العتکی وهما مجهولان.

وقد روی الحدیث عن عائشةؓ وغیرها بسطها السیوطی فی اللآلی المصنوعة (ص ۱۲۹/۱)، قال أحمد بن حنبل: هذا الحدیث موضوع لیس له أصل، وقال العقیلی: ولا یثبت فی هذا المتن شیء، وقال ابن حبان: لیس عن رسول الله صلی الله علیه وسلم خبر صحیح فی العقل، وقال ابن تیمیة فی الفرقان (ص ۴۳): والحدیث الذی ذکروه فی العقل کذب موضوع عند أهل المعرفة بالحدیث کما ذکر ذلک أبو حاتم البستی والدارقطنی وابن عدی وغیرهم.

اور هذان کتابان من ربّ العالمین کی زیادتی اس حدیث میں کسی طریق میں بھی نہیں ملی۔

(۴) **حدیث رابع** : متعدد صحابہؓ سے روایت کی گئی ہے، انس بن مالکؓ ، جابر بن عبداللہؓ ، ابو ہریرہؓ، عائشہؓ وغیرہم۔

انس بن مالکؓ کی حدیث خطیب بغدادی نے تاریخ بغداد (ص ۳۸۸/۲۰) میں روایت کی ہے۔

قال: أخبرنا محمد بن أحمد بن رزق حدثنا محمد بن یوسف بن حمدان الهمدانی حدثنا

محمد بن عبيد بن عامر أخبرنا عبد بن حميد الكسي حدثنا عبد الرزاق أخبرنا معمر عن قادة عن انسؓ قال: لما خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم من الغار أخذ أبوبكرؓ بغرزه، فنظر النبي صلى الله عليه وسلم إلى وجهه فقال: يا ابا بكر! ألا أبشّرك؟ قال: بلىٰ فداك أبي وأمي! فقال: إن الله يتجلّى يوم القيامة للخلائق عامّةً ويتجلّى لك يا أبا بكر خاصّةً.

قال الخطيب: هذا الحديث لا أصل له عند ذوى المعرفة بالنقل فيما نعلمه، وقد وضعه محمد بن عبد بن عامر إسناداً ومتناً.

حضرت جابرؓ کی حدیث الحاکم نے المستدرک (۸۷/۳) میں تخریج کی ہے۔

قال: أخبرنا أحمد بن كامل القاضى ثنا يوسف بن محمد رئيس الخياط ثنا محمد بن خالد الختلى ثنا كثير بن هشام الكلابى ثنا جعفر بن برقان عن محمد بن سوقة عن محمد بن المنكدر عن جابر عن عبدالله رضى الله عنهما قال: كنا عند النبى صلى الله عليه وسلم إذ جاءه وفد عبد القيس، فتكلّم بعضهم بكلام لعا فى الكلام، فالتفت النبى صلى الله عليه وسلم إلى أبى بكرؓ وقال: يا أبا بكر! سمعت ما قالوا ؟ قال: نعم، يا رسول الله ! وفهمته، قال: فأجبهم، قال: فأجابهم أبو بكرؓ بجواب وأجاد فى الجواب، فقال رسول الله ﷺ : يا أبا بكر! أعطاك الله الرضوان الأكبر، فقال له بعض القوم: وما الرضوان الأكبر؟ يا رسول الله ! قال: يتجلّى لعباده فى الآخرة عامّةً ويتجلّى لأبى بكر خاصّةً.

وأخرجه أبو نعيم فى الحلية من طريق محمد بن خالد الختلى وقال: هذا حديث ثابت رواه أعلام تفرّد به الختلى عن كثير، وقال الذهبى فى مختصر المستدرک: تفرّد به الختلى وأحسبه وضعه، وأقرّه الحافظ ابن حجر فى اللسان.

وأخرجه الدار قطنى وابن عدى والخطيب (ص ۱۲/۱۹) من وجه آخر، وفيه على بن عبدة التميمى أبوالحسن المكتب، وقيل فى اسمه: على بن الحسن المكتب، وقيل: إنما هو على أبو الحسن واسم أبيه عبدة، قال ابن عدى والخطيب: هذا باطل، وقال الذهبى فى الميزان: هذا أقطع بأنه من وضع هذا الشيخ، وله طرق أخرىٰ لا يخلو واحد منها عن علة قادحة.

اور حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث ابن حبان نے کتاب الضعفاء میں روایت کی ہے بنحو حديث أنسؓ، وفيه

أحمد بن محمد بن عمر بن يونس اليمامي، كذّبه أبوحاتم وابن صاعد، وقال الدار قطني: ضعيف، و قال مرّة: متروك، وذكر الذهبي هذا الحديث في ترجمته في الميزان.

اورحضرت عائشہؓ کی حدیث ابوعبداللہ بن بطّہ نے روایت کی ہے بطريق عبد الله بن واقد حدثنا ابن جريج عن هشام بن عروة عن أبيه عن عائشةؓ أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لأبي بكرؓ: ألا أبشّرك برضوان الأكبر؟ قال: بلىٰ يا رسول الله ! قال: إن الله يتجلّى للناس عامّةً ويتجلّى لك خاصّةً.

وعبد الله بن واقد هو أبو قتادة الخراني، قال البخاري: سكتوا عنه، وقال أيضاً : تركوه، وقال أبوزرعة والدار قطني: ضعيف، وقال أبوحاتم: ذهب حديثه، وقال الجوزجاني: متروك.

واختلف الرويات عن يحيى بن معين فقال في رواية: وعبد الله بن أحمد ليس شئ، وكذا روى الدولابي عن عباس الدوري عن يحيىٰ بن معين، وروى ابن جوصا عن عباس عن يحيىٰ ثقة، وقال مرّة: ليس به بأس كثير الغلط، وقال أحمد بن حنبل: كان أبو قتادة يتحرّى الصدق رأيته يشبه أصحاب الحديث، وقال في موضع آخر: ما به بأس رجل صالح يشبه أهل النسك وربّما أخطأ، وقال ابن حبان: كان أبو قتادة من عبّاد الجزيرة فغفل عن ا لإتقان فوقعت المناكير في أخباره فلا يجوز أن يحتجّ بخبره، ثم ذكر بعض مناكير، فالحاصل أن الرجل صدوق ولكنه يخطئ كثيراً، فالحديث لا يعتمد عليه من أجل خطأه.

اس حدیث کے اور بھی طرق ہیں، ابن الجوزی نے ان تمام طرق کو کتاب الموضوعات میں (ص۳۰۴ سے ۳۰۸ تک) مع تنقید کے ذکر فرمایا ہے۔ ابن عراق الکنانی نے تنزیہ الشریعہ میں (ص۲۷۳/۱) میں حضرت عائشہؓ کے طریق کو حسن قرار دیا ہے، لیکن یہ درست نہیں ہے اس لئے کہ حدیثِ حسن کی دو قسمیں ہیں، حسن لذاتہ، حسن لغیرہ۔

حسن لذاتہ وہ حدیث ہے جس میں حدیثِ صحیح لذاتہ کی تمام شرائط موجود ہوں صرف ضبط میں کمی ہو، حدیث صحیح وہ حدیث ہے جس کا راوی عادل، تامّ الضبط ہو، سند متصل ہو معلول اور شاذ نہ ہو۔

قال الحافظ ابن حجر في نخبة الفكر: وخبر الآحاد بنقل عدل تامّ الضبط متّصل السند غير معلّل ولا شاذّ هو الصحيح لذاته، فإن خفّ الضبط فالحسن لذاته. انتهىٰ مختصراً.

اور حسن لغیرہ وہ حدیث ہے جس کی سند ضعیف ہو لیکن دوسری اسانید وطرق سے مروی ہو جس کے ملانے سے

قوت پیدا ہو جائے اور سندِ ضعیف سے درجہ حسن کو پہنچ جائے۔

حدیثِ مذکور حسن لذاتہ اس لئے نہیں ہے کہ اس کا راوی صرف خفیف الضبط ہی نہیں ہے بلکہ کثیر الغلط ہے **کما تقدّم عن ابن معین**، اور ایسا شخص سیٔ الحفظ والضبط ہوتا ہے، اور حسن لغیرہ بھی نہیں کہہ سکتے ہیں اس لئے کہ ماقبل کے تمام طرق معلول ہیں ائمہ فن نے ان کے بطلان کا حکم لگایا ہے۔

اس مضمون کے لکھنے کے بعد جو دیکھا تو حدیث السوال اور ہے، اس کو تلاش بھی کیا لیکن بایں لفظ کہیں اب تک نہیں ملی، البتہ بخاری و مسلم کی بعض احادیث سے یہ مضمون ثابت ہوتا ہے۔

ابوسعید خدریؓ کی شفاعت کی طویل حدیث میں بخاری میں (ص ۱۱۰۷) میں ہے **فیأتیهم الجبّار فی صورة غیر صورته التی رأوه فیها أول مرة.** اور مسلم (ص ۱۰۲) کی روایت میں اسی حدیث میں ایک مضمون کے بعد یہ لفظ وارد ہے : **أتاهم ربّ العالمین فی أدنیٰ صورة من التی رأوه فیها.** اس کے بعد تجلی ساق اور سجود مومنین مخلصین ذکر کرنے کے بعد یہ عبارت ہے: **ثم یرفعون رؤسهم وقد تحوّل فی صورته التی رأوه فیها أول مرة، فقال: أنا ربکم.**

اس حدیث سے موقف میں حق تعالیٰ کی تین تجلیات کا پتہ چلتا ہے، اور بخاری شریف میں (ص ۱۱۰۶) ابوہریرہؓ کی روایت میں شفاعت کی طویل حدیث میں **فیأتیهم الله عز وجل فیقول : أنا ربکم، فیقولون: هذا مکاننا حتی یأتینا ربنا، فإذا جاء ربنا عرفناه، فیأتیهم الله فی صورته التی یعرفون** آیا ہے، اور اسی حدیث میں مسلم شریف میں (ص ۱۰۰/۱) **فیأتیهم الله فی صور ة غیر صورته التی یعرفون، فیقول: أنا ربکم، فیقولون: نعوذ بالله منک ، هذا مکاننا حتی یأتینا ربنا فإذا جاء ربنا عرفناه، فیأتیهم الله فی صورته التی یعرفون فیقول: أنا ربکم، فیقولون: أنت ربنا. الحدیث** وارد ہوا ہے۔

(۵) **حدیث خامس** : یہ حدیث ابوسعید بن الاعرابی نے کتاب الزہد میں روایت کی ہے، اس کے الفاظ حسب ذیل ہیں: **عن ابن عباسؓ قال: یؤتٰی بالدنیا یوم القیٰمة فی صورة عجوز شمطاء زرقاء أنیابها بادیة مشوه خَلقها تشرف علی الخلائق، فیقال: تعرفون؟ فیقولون: نعوذ بالله من معرفة هذه، فیقال: هذه الدنیا التی تناجزتم علیها، بها تقاطعتم و بها تحاسدتم وتباغضتم واغتررتم، ثم تقذف فی جهنم فتُنادی "أی ربّ! أتباعی وأشیاعی" فیقول الله: الحقوا بها أتباعها وأشیاعها. کذا فی منتخب الکنز (ص ۱۹۴/۱).**

محمد یونس عفی عنہ

وعلی مصر عقبةؓ وعلی الجماعة فضالةؓ کا کیا مطلب؟
مقصوصة، مضرّجة یا مخضوبة کیا صحیح ہے؟

سوال:

اس وقت مختصراً مطلب کی بات عرض کرتا ہوں، جواب سے مطلع فرمایئے، طویل جواب کی مہلت نہ ہو تو وقتی طور پر جو ہو سکے لکھ دیجئے یا املاء کرا دیجئے۔

(۱) ترغیب وترہیب میں **أبواب الجهاد باب الترهيب من أن يموت الإنسان ولم يغز الخ** کی پہلی حدیث **عن أبي عمران الخ** ہے۔ اس میں ہے: **وعلى مصر عقبة بن عامرؓ وعلى الجماعة فضالة بن عبيدؓ**. اس کا مفہوم یہ ہے کہ اہل مصر کی ٹکڑی کے امیر عقبہ بن عامرؓ اور باقی کے فضالہ بن عبیدؓ تھے۔

یا یہ مطلب ہے کہ پورے لشکر کے امیر تو فضالہؓ تھے اور ان میں سے اہل مصر کے امیر عقبہؓ تھے۔

یعنی سوال یہ ہے کہ عقبہؓ فضالہؓ کی امارت میں تھے یا علیحدہ تھے؟

(۲) ترغیب وترہیب میں **الترغيب في الشهادة (أبواب الجهاد)** کی گیارہویں حدیث **عن ابن عباسؓ** میں ایک لفظ **مقصوصة** ہے۔

ترغیب کے متعدد نسخوں میں اسی طرح ہے، ایک نسخہ میں حاشیہ پر ہے **الظاهر مضرّجة** یہ روایت مجمع الزوائد میں ہونی چاہئے تھی مگر نہ جہاد میں ہے نہ مناقب میں، البتہ مناقب میں حضرت ابن عباسؓ ہی سے ایک دوسری طویل روایت میں یہی ٹکڑا آیا ہے، وہاں **مخضوبة** ہے۔

اور حاشیہ میں لکھا ہے کہ **في الأصل مقصوصة** یعنی **مصحّح** نے **مقصوصة** کو بے معنی سمجھ کر **مخضوبة** بنا دیا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ:

(الف) ان میں درست کیا ہے؟ میرا رجحان **مخضوبة** کی طرف ہے لیکن کیا متن میں بدل دیا جائے یا حاشیہ میں تنبیہ کر دیں؟

(ب) یہ روایت اگر آپ کو مجمع الزوائد میں مل جائے تو ذرا جلد وصفحہ لکھئے یا کہیں اور مل سکے تو لکھئے۔

(ج) آپ کے پاس جو نسخہ ہے اس میں یہ لفظ کس طرح ہے؟ اور وہ نسخہ کونسا؟ یعنی مطبع اور سن طباعت کے ساتھ تحریر فرمایئے۔ **جزاك الله تعالىٰ عنّي وعن العلم خيراً**

مولانا عبداللہ دہلوی ۲۴ ستمبر ۱۹۷۷ء

جواب:

(۱) یہ حدیث امام ترمذی نے سورۂ بقرہ کی تفسیر میں (ص ۱۲۱) اسی لفظ سے روایت کی ہے اور مطلب یہ ہے کہ مصری لشکر کے امیر عقبہ بن عامرؓ تھے اور سارے لشکر کے سپہ سالار حضرت فضالہؓ تھے۔

البتہ یہاں ایک بات خاص طور پر قابل ذکر ہے وہ یہ ہے کہ اس روایت کے طرق میں اختلاف ہے کہ حضرت فضالہ مطلقاً امیر لشکر تھے یا لشکر کے کسی خاص حصہ اور مخصوص جماعت کے۔

اسلم ابی عمران کے تلمیذ یزید بن ابی حبیب کے نیچے یہ اختلاف ہوا ہے، عبد بن حمید نے اپنی تفسیر میں اور انہیں سے امام ترمذی نے ابو عاصم النبیل کی روایت سے حیوۃ بن شریح سے جو یزید بن ابی حبیب کے تلمیذ ہیں اس روایت میں **علی أهل مصر عقبة بن عامرؓ وعلی الجماعة فضالة بن عبیدؓ** نقل کیا ہے۔

اور مستدرک حاکم میں (ص ۲/۲۷۵) عبداللہ بن یزید المقری کی روایت میں حیوۃ بن شریح سے **علی أهل مصر عقبة بن عامر الجهنیؓ وعلی أهل الشام فضالة بن عبید الأنصاریؓ** کا لفظ ہے، اسی طرح سے عبداللہ بن یزید المقری سے امام نسائی نے سنن کبریٰ میں اور ابن جریر الطبری نے التفسیر میں روایت کیا ہے۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت فضالہؓ صرف شامی لشکر کے امیر وسالار تھے۔

اور امام ابوداود نے عبداللہ بن وہب کی روایت سے حیوۃ اور ابن لہیعہ سے اسی حدیث میں **وعلی الجماعة عبدالرحمٰن بن خالد بن الولیدؓ** نقل کیا ہے، فضالہؓ یا عقبہ بن عامرؓ کا کوئی ذکر نہیں ہے، لیکن اسی سند سے طبری (ص ۲/۱۱۵) کی روایت میں **وعلی أهل مصر عقبة بن عامرؓ و علی الجماعة عبدالرحمٰن بن خالد بن الولیدؓ** ہے۔

ان سب روایتوں اور اسانید کو سامنے رکھ کر نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ سپہ سالار اعظم تو عبدالرحمٰن بن خالد بن الولیدؓ تھے اور ان کی ماتحتی میں حضرت فضالہؓ لشکر شامی کے اور عقبہ بن عامرؓ لشکر مصری کے سالار تھے۔

اور ترمذی کی روایت سے اگرچہ حضرت فضالہؓ کا سارے لشکر کا امیر ہونا معلوم ہوتا ہے مگر ابوداود کی روایت کو اس کے بالمقابل دو وجہ سے ترجیح ہے۔

اول تو اس لئے کہ نسائی وطبری و حاکم کی روایت میں فضالہؓ کا صرف لشکر شامی کا امیر ہونا مذکور ہے، لہٰذا **الروایات تفسّر بعضها بعضاً** کے قاعدہ کے مطابق ترمذی والی روایت کے اطلاق کو دوسری روایت مقیدہ پر محمول کیا جائے گا۔

اور دوسری وجہ یہ ہے کہ فتوح کے امیر عبدالرحمٰن بن خالد بن الولیدؓ ہی تھے، حافظ ابن حجر فرماتے ہیں: **وأخرج ابن عساكر من طرق كثيرة أنه كان يؤمر على غزو الروم أيام معاويةؓ.** کتبِ رجال اور تاریخ سے اندازہ ہوتا ہے کہ حدیث میں جس غزوہ کا تذکرہ ہے وہ امیر معاویہؓ کے عہد میں پیش آیا۔

عبدالرحمٰن بن خالد بن الولید کی وفات ۴۶ھ میں ہوئی ہے اور امیر معاویہؓ کی وفات ۶۰ھ میں ہوئی ہے۔

(۲) میرے سامنے ترغیب و ترہیب کا وہ نسخہ ہے جو حسین آفندی شرف کے مطبع العامرۃ الشرفیہ میں ۱۳۲۴ھ میں احمد ناجی الجمالی اور محمد امین الخانجی کے خرچ پر چھپا اس میں (ص ۲۴۹) پوری حدیث اس طرح مذکور ہے:

عن ابن عباس رضی الله عنهما قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: رأيت جعفر بن أبي طالب ملكاً يطير في الجنة ذاجناحين يطير منهما حيث شاء مضرّجة قوادمه بالدماء. رواه الطبراني بإسنادين أحدهما حسن. بایں لفظ یہ روایت بحوالہ طبرانی اور کہیں نہیں ملی۔

